معین الادب

معروف بہ

معین الشعراء

اردو زبان کے مروجہ الفاظ کا ایسا لغت جس میں الفاظ کے معنی کے علاوہ ہر لفظ کے
اعداد ملفوظی درج کئے گئے ہیں اور اس لفظ کے متعلق یہ بھی درج ہے کہ وہ کس زبان کا ہے اور
مذکر ہے یا مونث اور اس کے ثبوت میں اساتذۂ ماضی و حال کے کلام سے اس کی تذکیر یا تانیث کا ثبوت پیش کیا ہے

مرتبہ

ادیب بے بہا منشی غلام حسین خان صاحب آفاق بنارسی ملازم قدیم دربار بنارس
تلمیذ جلیل القدر نواب فصاحت جنگ بہادر حضرت جلیل استاد والی دکن خلد آشیاں تلمیذ حضرت امیر مینائی لکھنوی

جسے باخذ حقوق دائمی

منیجر صدیق بک ڈپو لکھنؤ
نے شائع کیا

قیمت بلا جلد چار روپیہ

PRINTED BY UNITED INDIA PRESS L.K.O

حضرت آفاق بنارسی مرحوم و مغفور

از جناب امیر احمد خاں صاحب امیر بنارسی، ہمشیر زادہ حضرت آفاق مرحوم

مراسلۂ ذیل جو کہ حضرت آفاق بنارسی مرحوم کے حالات زندگی پر مشتمل ہو، امیر احمد صاحب بنارسی نے جو کہ مرحوم کے اعزا میں سے ہیں ارسال فرمایا ہے، چونکہ اس سے حضرت آفاق مرحوم کے حالات زندگی اور ادبی کارناموں پر کافی روشنی پڑتی ہے، اس لیئے اس کو بجنسہٖ درج کیا جاتا ہے۔

اسم مبارک آپ کا منشی غلام حسین خاں خلف جناب مولوی میاں[1] جان خاں صاحب مرحوم، وطن قصبۂ رام نگر بنارس اسٹیٹ ہے۔ آپکا آبائی وطن شاعرستان دہلی ہے۔ آپ کے جد ثالث جناب غلام رسول خاں صاحب مرحوم دہلی کی شاہی فوج میں ملازم تھے دہلی کی تباہی کے بعد بنارس تشریف لائے اور محلہ کبیر چورہ بنارس میں سکونت پذیر ہوئے حضرت آفاق مرحوم کے جد ثانی محمد مصطفےٰ خاں صاحب مرحوم ان کے ہمراہ آئے تھے، حضرت آفاق مرحوم کے جد امجد منشی غلام نبی خاں صاحب مرحوم بنارس میں پیدا ہوئے جنکی شادی قصبۂ رام نگر بنارس میں ہوئی۔ حضرت آفاق مرحوم کے والد ابھی تین ہی سال کے تھے کہ آپ کے دادا جناب غلام نبی خاں صاحب کا انتقال ہوگیا۔ آپ کی دادی آپ کے والد بزرگوار کو لیکر رام نگر اپنے میکے چلی آئیں اور یہیں اپنے لخت جگر کو تعلیم و تربیت لائی۔ ابھی مولوی میاں جان خاں صاحب مرحوم کی عمر سات برس کی تھی کہ آپ کے ماموں امیر علی خاں صاحب کا انتقال ہوگیا تین برس کی عمر میں باپ کا سایہ سر سے اٹھا۔ ماموں کے آغوش عاطفت میں آئے لیکن چرخ کینہ جو نے یہ سایہ بھی مرحوم کے سر پر کچھ زیادہ دن تک قائم نہ رہنے دیا۔ امیر علی خاں مرحوم کا بجز مولوی صاحب کوئی وارث نہ تھا۔ پس اس لیے مولوی میاں جان صاحب اپنے ماموں کی جگہ پر باستحقاق وراثت و قدامت سرکار بنارس میں ملازم ہوگئے، اگرچہ محلہ کبیر چورہ بنارس میں دیگر اعزا موجود تھے اور مولوی صاحب کی عمر بھی ابھی بہت کم تھی، لیکن بوجہ ملازمت ننہال رام نگر ہی میں سکونت پذیر ہوئے۔

حضرت آفاق مرحوم بروز پنجشنبہ ۱۴ جمادی الثانی ۱۲۸۶ھ بمقام رام نگر پیدا ہوئے۔ سات برس کی عمر میں آپ کی تعلیم کا آغاز ہوا۔ بعد ختم قرآن مجید آپ نے درسیات کی تکمیل کی۔ آپ کے متعدد اساتذہ میں سے آپ کے والد مرحوم بھی ہیں۔

۱۸۸۹ء میں حضرت آفاق مرحوم سرکار بنارس کے ملازم ہوئے اور حسن لیاقت و کارکردگی کے باعث ۱۹۲۲ء میں سرکار

---

[1] مولوی صاحب مرحوم نے ۲ اکتوبر ۱۹۱۶ء کو رحلت فرمائی۔

عالیہ بنارس کی جانب سے ریاست کی ایک تحصیل کے مختار عام مقرر ہوئے۔ اس وقت سے ۱۹۱۱ء تک ریاست کے مختلف عہدوں پر سرفراز رہ کر کارِ مفوضہ انجام دیتے رہے ۱۹۱۲ء سے ریاست کے صدر مقام (اندرون قلعہ مبارک رام نگر) اکاؤنٹنٹ جنرل آفس میں بعہدۂ جانچ نویس مقرر ہوئے مبلغ چالیس روپیہ ماہوار مشاہرہ پاتے تھے۔

ماہ اکتوبر ۱۹۳۲ء میں سرکار بنارس سے آپ کو مبلغ لعہ ماہوار پنشن عطا ہوئی، جو تا حیات آپ کو برابر ملتی رہی۔ آپ لائق اور نیک نام ملازموں میں شمار کیے جاتے تھے، حضرت آفاق مرحوم[1] خلق و تواضع کا مجسمہ تھے۔ دشمن سے بھی اس اخلاص و خلوص سے ملتے کہ گویا اس شخص کی جانب سے کبھی کوئی بات ظہور میں آئی ہی نہیں۔ سادہ دلی کی یہ کیفیت تھی کہ جسے دشمن سمجھتے، اُس سے بھی کوئی بات پوشیدہ نہ رکھتے تھے۔ مہمان نوازی آپ کے خمیر میں داخل تھی۔ انکساری و خاکساری کی یہ صورت تھی کہ دوسرے کو ہمیشہ اپنے سے بڑا اور ذی عزت جان کر قدر و منزلت کرتے تھے اور ہمیشہ سادی وضع سے رہتے تھے۔

غالباً قدرت نے حضرت آفاق مرحوم کی طینت میں ان کے شاعر خیز آبائی وطن شاہجہاں آباد کی خاک کا کچھ جزو شامل کر دیا تھا کہ آپ اوائل عمر ہی میں شعر موزوں کرنے لگے تھے۔ اس زمانہ میں ایک بزرگ مولوی منگل خاں صاحب مرحوم (جو شعر و سخن کا شغل رکھتے تھے) موجود تھے۔ جب حضرت آفاق مرحوم نے مولوی صاحب موصوف سے تحصیل علم شروع کی تو انھیں کو اپنا کلام بھی دکھلانے لگے۔ ایک روز آفاق مرحوم کے والد بزرگوار کے دوست جناب ضا خاں صاحب مرحوم نائب داروغہ فیل خانہ ریاست بنارس، حضرت آفاق مرحوم کے کمرہ میں چلے گئے، وہاں اتفاق سے آفاق مرحوم کی ایک غزل آپ کے ہاتھ آگئی، پڑھتے ہوئے باہر نکل آئے اور آپ کے والد بزرگوار مولوی میاں جان خاں صاحب سے نہایت جوش اور خلوص سے کہا کہ بھائی صاحبزادے نے ماشاءاللہ طبیعت نہایت اچھی پائی ہے۔ اگر یہ شوق قائم رہ گیا تو انشاءاللہ مرد میدان شاعر ہوگا۔ اس غزل کا یہ مقطع تھا۔

عبث تقدیر کا شکوہ ہے جھنگا   دکھائے جو تمھیں تقدیر دیکھو

تکمیل تعلیم کے بعد حضرت آفاق جب کام سیکھنے کے لیے دفتر جانے لگے تو مولوی اللہ رکھے خاں صاحب مرحوم مشتاق فیض آبادی سے ملنے کا اتفاق ہوا۔ حضرت مشتاق مرحوم حضرت مونس لکھنوی کے شاگرد تھے اور عروض کے ماہر کامل تھے۔ سرکار عالیہ بنارس کی ملازمت کے باعث رام نگر میں رہتے تھے۔ آپ حضرت آفاق نے انھیں سے اصلاح لینی شروع کی، آفاق انھیں کا تجویز کردہ تخلص ہے۔

حضرت آفاق کی شروع ہی سے آرزو تھی کہ براہ راست یا کسی واسطے سے حضرت امیر مینائی لکھنوی رح سے شرف تلمذ حاصل کریں۔ لیکن آپ کی اس آرزو کے پورا ہونے کے پہلے ہی حضرت امیر مینائی رح کا جام حیات لبریز ہو گیا، جب قبلہ جلیل القدر نواب فصاحت جنگ بہادر حضرت جلیل مدظلہ العالی حضرت امیر مینائی رح کے جانشین ہوئے تو آفاق مرحوم نے اپنی دیرینہ آرزو کے

---

[1] حضرت آفاق مرحوم کے بائیں ہاتھ کی چھنگلیاں میں ایک خفیف نشان چھوٹی اُنگلی کا تھا اس وجہ سے آپ گھر اور اہل محلہ میں جھنگا خاں کہے جاتے تھے۔

مطابق حضرت جلیل مدظلہٗ کے تلمذ کا شرف حاصل کیا حضرت جلیل مدظلہٗ کے فیض اصلاح نے آفاق مرحوم کو آفاق میں مشہور کیا
اپنی ایک غزل کے مقطع میں خود اسکا اظہار فرمایا ہے۔ ؎

کجا آفاق ناچیز اور کجا آفاق میں شہرت
جلیل القدر کا صدقہ ہے اُنکی مہربانی ہے

ہندوستان کا شاید ہی کوئی ممتاز گلدستہ ایسا ہوگا جسمیں حضرت آفاق مرحوم کا کلام قدر و منزلت سے شائع نہ ہوتا رہا ہو۔
جس زمانہ میں حضرت آفاق مرحوم کی شاعری کا زمانہ شباب تھا یعنی ۱۹۰۸ء میں آپ کے پنج سالہ بیٹے تجمل حسین خاں
ہوگیا۔ آپ کو اس لڑکے کی وفات کا اس قدر صدمہ ہوا کہ آپ نے یک قلم شاعری ترک کردی اور تقریباً ۱۲ برس تک خاموش
کے بعد دوستوں کے اصرار سے پھر سکوت توڑی، ابھی ایک داغ جگر مٹنے نہ پایا تھا کہ دوسرا داغ اُٹھانا پڑا یعنی (۳۰) دسمبر ۱۹
آپ کے جوان بیٹے (تفضل حسین خاں جس کی تعلیم میں آپ نے اپنی کثیر دولت صرف کی تھی۔ عربی فارسی اور اردو
علاوہ انگریزی کی انٹرنس تک تعلیم دلائی تھی) نے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے داغ مفارقت دیا جو آپ کی پیرانہ سالی کا آخری اور
تھا۔ تفضل کی موت نے دوبارہ حضرت آفاق مرحوم کی شاعری کو پامال کردیا حضرت آفاق نے اس غم جانکاہی کی
گوشہ نشینی اختیار کی۔

آپ کے چھوٹے صاحبزادے اشتیاق احمد خاں کی ولادت اور دوستوں کے شدید اصرار نے پھر آپکو قلم اُٹھانے پر مجبور کیا چنانچہ جاری تھا
حضرت آفاق نے ۷ اکتوبر ۱۹۳۴ء کو اس دنیا سے رحلت فرمائی۔

اس وقت حضرت آفاق مرحوم کا ایک لڑکا اشتیاق احمد خاں نام عمر تخمیناً ۱۳ برس اور تین لڑکیاں یادگار ہیں۔
انکو حضرت آفاق مرحوم کی نیک یادگار بنائے۔

حضرت آفاق مرحوم کی پانچ تالیفات اور تین تصانیف ہیں۔ (۱) دیوان اول شہرۂ آفاق ۱۹۲۵ء میں طبع ہوچکا
ایک ایک حرف حضرت جلیل مدظلہٗ کے ملاحظہ کا شرف حاصل کیے ہوئے ہے۔ بفیض اصلاح حضرت جلیل مدظلہٗ اسم با مسمیٰ
اور آفاق میں اپنی شہرت کا ڈنکا بجائے ہوئے ہے۔

(۲) دیوان دوم مشہور آفاق اگرچہ یہ دیوان ضخامت میں اول سے کم ہے۔ لیکن خصوصیت میں ہم پایہ شہرۂ آفاق
کیوں نہ ہو جبکہ جلیل القدر نواب فصاحت جنگ بہادر حضرت جلیل مدظلہٗ جانشین حضرت امیر مینائی ؒ ایسے ماہر فن اُستاد
شعر ملاحظہ فرما کر "مشہور آفاق" نام تجویز فرمایا۔ مگر افسوس کہ ہنوز چھاپہ خانہ میں جانے کی نوبت آئی تھی کہ حضرت آفاق کا
انتقال ہوگیا، دیوان مذکور بغرض طبع نورانی پریس کندی گڑھ ٹولہ بنارس میں جاچکا ہے

تالیفات ۔۔ (۱) تذکرہ حزیں، شیخ علی حزیں ایران کے بہت بڑے مشہور و معروف شاعر تھے جو بنارس میں مدفون ہیں۔

موقر رسالہ "الناظر" میں شائع ہوا ہے۔

(۲) الاختلاف ۔ اس میں دہلی اور لکھنؤ کے درمیان جن الفاظ کی تذکیر و تانیث میں اختلاف ہیں، انکو جمع کیا ہے اور مستند شعرائے کرام اور اساتذہ کے اشعار سے استناد کیا ہے، یہ رسالہ میرٹھ کے ممتاز گلدستہ "جلوۂ یار" میں شائع ہوا ہے۔

(۳) ماتم تفضل حسین ۔ یہ اُن قطعات تاریخی کا مجموعہ ہے جو اساتذہ و ممتاز شعراء نے حضرت آفاق مرحوم کے جوان بیٹے تفضل حسین خاں کی وفات پر لکھے تھے۔

(۴) سفرنامۂ اجمیر ۔ جسمیں حضرت آفاق مرحوم نے اپنے اجمیر شریف جانے کے حالات و واقعات اور وہاں کی زیارت گاہوں کا ذکر کیا ہے جو ہنوز طبع نہیں ہوا، آپ کے کتب خانہ میں اس سفرنامہ کا مسودہ موجود ہے۔

(۵) ریاض التحقیق موسوم بہ حدیقۃ الصفا ۔ یہ کتاب بطور تاریخ اسلام کے آپ نے لکھی ہے جسمیں خاندان بنو امیہ اور خاندان بنی ہاشم کے نفاق پر کتب تواریخ اسلام مثلاً روضۃ الصفا، روضۃ الاحباب، منہاج النبوۃ، تاریخ طبری، ترجمہ ابن خلدون، قصص العجائب وغیرہ سے استفادہ کر کے تبصرہ فرمایا ہے تاکہ جویندگان حق کو تلاش حق میں دقت نہ ہو اور مختلف کتابوں کا مطالعہ نہ کرنا پڑے ۔ یہ ایک قابل دید کتاب ہے مگر افسوس کہ طبع نہیں ہوئی۔

(۶) معین الشعراء ۔ یہ اُردو کا لغت ہے، اس وقت اردو کے تمام لغتوں میں اپنا ثانی و نظیر نہیں رکھتا جس کا شاہد خود حضرت جلیل القدر نواب فصاحت جنگ بہادر حضرت جلیل ظلہ العالی ایسے استاد کا قطعہ تاریخ ہے۔ ایک مصرع میں فرماتے ہیں۔

" یہ تالیف بھی نسخہ کیمیا بھی "

یہ کتاب صدیق بک ڈپو لکھنؤ میں طبع ہو کر ہدیۂ ناظرین و شائقین ہے ۔ افسوس کہ حضرت آفاق مرحوم کی زندگی میں یہ کتاب زیور طبع سے آراستہ نہ ہوئی ۔ اسکے کچھ اوراق طبع ہو کر ضرور مؤلف کی نظروں سے گزرے۔

حضرت آفاق مرحوم قصبۂ رام نگر بنارس اسٹیٹ میں واحد شخص تھے، جن پر تمام باشندگان رام نگر کو فخر و ناز تھا ۔ آپ نے قصبہ رام نگر میں انجمن ادب قائم کی۔

حضرت آفاق نے اپنے وفات کی یہ تاریخ اپنے قلم سے لکھ کر رکھدی تھی۔

قطعہ

تاب و تواں کے بدلے ہے ضعف و ناتوانی ۔۔۔ آفاق شاعری کو دو آخری نشانی

آثار کہہ رہے ہیں، حالت بتا رہی ہے ۔۔۔ تاریخ موت ہوگی! تاریخ زندگانی

۱۳۵۲ھ

حضرت آفاق بنارسی مصنف معین الشعراء

معین الشعراء

یعنی

اردو زبان کے مروّجہ الفاظ کا ایسا لغت جسمیں الفاظ کے معنی کے علاوہ
ہر لفظ کے اعداد ملفوظی درج کئے گئے ہیں اور اس لفظ کے متعلق یہ بھی درج ہے کہ وہ کس زبان کا ہے
اور مذکر ہے یا مونث اور اسکے ثبوت میں اساتذۂ ماضی و حال کے کلام سے اسکی تذکیر و تانیث کا ثبوت پیش کیا ہے

مرتبہ

ادیب بے ہمتا منشی غلام حسین خان صاحب آفاق بنارسی ملازم قدیم دربار بنارس
تلمیذ جلیل القدر نواب فصاحت جنگ بہادر حضرت جلیل مدظلہٗ استاد والی دکن خلد آشیاں و جانشین حضرت امیر مینائی لکھنوی

جسے باخذ حقوق دائمی
منیجر صدیق بکڈپو لکھنؤ
نے شائع کیا
مطبوعہ یونائیٹڈ انڈیا پریس لکھنؤ

قیمت للعہ — بار اول ایکہزار جلد — قیمت مجلد صہ

باسمہٖ سبحانہٗ

سزاوار حمد حقیقی اس معبود صمد کی ذات عین کمالات ہے جسنے زبان بے زبانی کے ایک سامعہ نواز لہجہ میں جملہ مکونات عالم کو لفظ کن سے مخاطب فرماکر ہر لفظ میں معنویت کی روح پھونکی اور رموز "وعلم الانسان ما لم یعلم" کو منظر عام پر لانیکے لئے ایک پارہ گوشت میں قوت تکلم ودیعت فرماکر اظہار مطالب پر وہ قدرت عطا کی جو سفارت دل تک معز عرصے کے شایان شان تھی۔ اس چشمہ زاینده سے کبھی زہر ہلاہل ٹپکتا اور کبھی شہد فائق، اسی کی صنعت کاملہ کا ایک ادنٰے کرشمہ ہے۔ رفضائے قہر وغضب میں اس سے خشن لہجے میں نکلے ہوئے دلخراش الفاظ اگر خنجر خونریز کا کام کرتے ہیں تو یہ اسکی شان جباری کا ایک نمونہ ہے۔ اور میدان عجز و نیاز میں اسکا لجاجت آگیں لہجہ اگر مخاطب کے پتھر سے دل کو موہ لیتا ہے تو یہ اسی رحیم و کریم کی شان مغفرت کا ایک سبق آموز نظارہ ہے۔

درود نامحدود کے گوہر شاہوار نثار کیے جانے کے لیے وہ ابر کرم رحمت ہے جسکا نام نامی اور اسم گرامی حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہے جسکے سر افتخار پر دست قدرت نے (لولاک لما خلقت الافلاک) کا گراں بہا سہرا باندھا اور عروس رسالت سے ہمکنار فرماکر جلوہ زار (سبحان الذی اسریٰ بعبدہٖ لیلا) میں اپنی حضوری کا شرف بخشا۔

اما بعد۔ بندۂ ہیچمدان سیہ کنندہ اوراق معترف نارسائی و مقر بہ نارسی عبد عاصی **غلام حسین خاں** متخلص بہ آفاق بنارسی تلمیذ جلیل القدر نواب فصاحت جنگ بہادر عالم نبیل و فاضل جلیل حضرت جلیل مدظلہ العالی جانشین حضرت امیر مینائی ارباب دانش وبینش سے سامعہ خراشی کی معذرت کرتے ہوئے اس حقیقت کو بے نقاب کردینا چاہتا ہے کہ وہ جذبہ راسخہ جسنے مجھ سیہ بے بضاعت اور کشتہ الآم ومصائب کو اس دفتر بےمعنی کی ترتیب میں سعی کرنے پر مجبور کیا یہ تھا کہ زبان اردو کی تعمیری داغ بیل برج بھاشا یعنی ہندی کی مرہون منت ہے اسیطرح اردو شاعری کے لیے بھی فارسی شاعری کی خوشہ چینی کا اقرار ایک ناقابل انکار حقیقت ہے۔

نکتہ رس اور باخبر نگاہوں سے یہ بات بھی پردہ راز میں نہیں رہ سکتی کہ فارسی شاعری کو جسنے اردو شاعری کے خط وخال کو چمکا دینے میں نمایاں حصہ لیا ہے عربی شاعری کے سامنے سر انقیاد خم کئے بغیر کوئی چارہ نہیں جسکو صاف لفظوں میں یہ کہنا چاہیے کہ اردو شاعری ایک خانہ زاد کی خانہ زاد ہے۔

ایسی حالت میں اردو شاعر کا اولین و بہترین فرض یہ ہوگا کہ اپنی منزل پر پہونچنے کے لیے صرف مادری زبان اور برج بھاشا ہی کی مزاولت پر اکتفا نہ کرکے فارسی و عربی شعرا کے کارناموں کا بھی مطالعہ کرے اسلیے کہ جسطرح خام اور نامطبوخ غذا سے شکم پری کرنیوالے کا معدہ کی شکایتوں میں مبتلا ہونا ضروری ہے اسیطرح کمال احتیاط و سلیقہ شعاری سے پکایا ہوا کھانا بھی جب تک نمک کی مناسب چاشنی سے لذیذ نہ بنایا جائے ہرگز لذت بخش کام و زباں نہیں ہوسکتا بلکہ بہت ممکن ہے کہ ایک نفاست پسند اور خوش غذا انسان کو گوارا بھی نہو۔

اس نظریہ نے مجھے اس امر پر آمادہ کیا کہ عربی فارسی ترکی سنسکرت ہندی انگریزی وغیرہ کے (غرض وہ تمام زبانیں جن پر اردو ادب کی توسیع کا دارومدار رہا ہے) الفاظ کو جو اردو میں متداول ہیں ایک فرہنگ کی صورت میں جمع کرکے اپنی ناچیز خدمتیں دلدادگان ادب کے حضور میں پیش کردوں شاید آئندہ پیدا ہونے والے اردو شعرا کی گوناگوں مشکلات

یہ سہولتیں پیدا ہو سکیں۔

ہنوز اس خیال کو قوت سے فعل میں لانے کے لئے کوئی مناسب عنوان ہی سوچ رہا شاہد رنگیں مزاج (اردو) کی ترالی ادا اور انوکھی وضع عشوہ گری اور ناز آفرینی اس سے ملبوس ہو کر تذکیر و تانیث کے روپ میں جو واقعی ایک بہت جھگڑے بات بقول حضرت اُستاد مدظلہ ہے سہ

مذکر اور مونث کی ہیں بخشیں

بڑا جھگڑا ہے یہ اردو زباں میں

ہی جو میرے لئے سنگ آمد و سخت آمد کا مصداق تھا کیونکہ اس مسئلہ کا حل ستند اساتذہ کے کلام کی تلاش و تفحص کی تہ میں مضمر تھا اور مجھے کثرت مشاغل اور ناتوانی کی سرکار سے اس قسم کی اجازت ملنے کی امید نہ تھی مگر صرف موفق توفیق رفیق کی رفاقت کے بھروسے پر بلبل شیراز کا یہ شعر سہ

بہر کاری کہ ہمت بستہ گردد

اگر خارے بود گلدستہ گردد

نے قلم اُٹھایا اور یہ طے کر لیا کہ تذکیر و تانیث ہی کی طرح ہر لفظ کے معنی مختلفہ مستند اساتذہ ہی کے کلام سے دیا جاوے و نیز ہر لفظ کا ماخذ بھی ظاہر کر دیا جاوے شعرائے کرام و فصحا سے عظام کے کلام سے ثبوت پیش کیا گیا۔

ن ترتیب تجویز کر لینے کے بعد دفعتاً خیال ہوا کہ ہر لفظ کے ساتھ بقاعدہ عداد ملفوظی بھی لکھے جائیں گو اسکی وقعت مفت کرم داشتن سے زیادہ نہیں ہے کہ تاریخ گو حضرات کی خوشنودی مزاج کا ذریعہ ہو سکے۔

ن جس پر میں نے اس ہدیہ مختصرہ کی بنیاد رکھی یہ ہے ہر لفظ کے لیے سات خانے قائم کئے۔

۱۔ اعداد ملفوظی۔ معنی۔ تذکیر و تانیث۔ تخلص۔ شعر ثبوت۔

سہل آنے کے خیال سے ترتیب الفاظ میں صرف اول ہی حرف کے نہیں سمجھا گیا بلکہ ہر لفظ کے حروف ترکیبی کے مدارج کو دیکھتے ہوئے لکھے گئے۔

اس خیال سے کہ کسی لفظ کی تذکیر و تانیث میں کچھ شبہ احتمال نہ رہ جائے وہی شعر ثبوت میں لائے گئے جنکا قافیہ و ردیف تذکیر و تانیث کو ثابت کر رہا ہے۔

تھوڑے سے الفاظ کے لیے ایسے اشعار نہیں ملے وہاں دو شعر مختلف فصحا کے پیش کرنے کی کوشش کی گئی۔ بعض بعض لفظ کے لیئے دو شعر نہیں دستیاب ہوئے وہاں ایک ہی شعر پر اکتفا کی گئی۔ بعض شعر تذکیر و تانیث کو ثابت نہیں کرتے صرف معنی کا ثبوت دیتے ہیں مگر ایسے شعر گنتی کے چند رہ گئے ہیں۔

یہ کتاب منتہی شعرا کو جو خود مستغنی ہیں اسقدر مفید نہ ہوگی جسقدر کہ مبتدی شعرا یا شہر و اُستاد سے فاصلہ پر رہنے والوں کو مفید ہوگی کیونکہ وہ اسکے زیادہ مستند پائے جاتے ہیں۔

ایسے لفظ اسمیں نہیں لائے گئے ہیں جنکے لئے ثبوت میں شعر نہیں ہیں تاہم اس حقیر مجموعہ میں چھ ہزار سے زیادہ لفظ مکمل کر کے یہ ناچیز ہدیہ موسومہ بہ **معین الشعراء** پیش کیا اور اللہ عز و علا سے دعا ہے کہ اس ناچیز سعی کو قبولیت عام عطا فرمائے۔

آمین ثم آمین۔

اس کامیابی پر اگر میرا ہر بُن مو واسطے شکر کے لیے زبان بن جائے تو بھی اس فرض سے عہدہ برآ نہ ہو سکونگا کہ اس منعم حقیقی نے اپنی توفیق و تائید کی نعمتوں کے ساتھ ساتھ میری مستعار عمر میں اتنی برکت عطا فرمائی کہ میں باوجود اسقام و آلام کے اپنے ارادے میں کامیاب اور دلی خواہش کی انجام دہی سے شادکام و فائز المرام ہوں۔ و الشکر و المنۃ للہ

چلتے چلتے ارباب نقد و نظر کی خدمت عالی میں اسقدر اور گذارش کرنا بہت ضروری سمجھتا ہوں کہ جب انسان کا سہو و نسیاں سے مخمر ہونا مسلمہ ہے تو مجھ ایسا سراپا قصور (نام نہاد انسان) اس کلیہ سے کیونکر مستثنیٰ رہ سکتا ہے لہذا خطا پوش و عطا پاش نگاہوں کا امیدوار ہوں۔

۲۳۔ ستمبر ۱۹۳۳ء

عاصی آفاق بنارسی۔

رام نگر۔ بنارس

M.A.LIBRARY, A.M.U.

U7497

فہرست اُن شعرائے نامدار کی جنکے اشعار ثبوت میں پیش کئے گئے

تخلص	پورا نام معہ پتہ و تلمذ وغیرہ
آباد	مہدی حسین خاں لکھنوی شاگرد ناسخ۔
آتش	خواجہ حیدر علی لکھنوی شاگرد مصحفی سنہ ۱۲۴۸ھ میں وفات پائی
اختر مینائی مدظلہ	عالیجناب مولوی لطیف احمد مینائی مدظلہ خلف اوسط حضرت امیر مینائی
اختر شاہ اودھ	واجد علی شاہ آخری فرمانروا ے لکھنؤ۔
اسیر	تدبیر الدولہ دبیر الملک منشی مظفر علیخاں لکھنوی شاگرد مصحفی رح
افسر	منشی منظور احمد صاحب امروہوی شاگرد شوق قدوائی
اقبال	سید اقبال حسین صاحب تلمیذ فصاحت لکھنوی
اکبر	خان بہادر سید اکبر حسین جج پنشنر الہ آبادی
امانت	سید آغا حسن ساکن گولہ گنج لکھنو۔
امیر مینائی	مفتی منشی امیر احمد مینائی شاگرد اسیر
انشا	سید انشاء اللہ خاں دہلوی۔ متوفی سنہ ۱۲۳۳ ہجری
انیس	میر ببر علی لکھنوی خلف و شاگرد خلیق اور میر حسن کے پوتے۔ سال وفات سنہ ۱۲۹۱ھ
اوج	مرزا دبیر کے صاحبزادے
بحر	شیخ امداد علی لکھنوی شاگرد ناسخ
برق	فتح الدولہ مرزا محمد رضا خاں لکھنوی شاگرد ناسخ
تسلیم	شیخ امیر اللہ لکھنوی شاگرد نسیم دہلوی۔
تعشق	سید مرزا خلف داروغہ محمد مرزا اُنس لکھنوی
جانصاحب	میر یار علی لکھنوی ریختی گو۔
جاہ	نواب سید بنیاد حسین خاں بہادر رئیس کان پور تلمیذ حضرت امیر مینائی رح
جرأت	قلندر بخش دہلوی۔
جلال	حکیم سید ضامن علی لکھنوی شاگرد ہلال و برق لکھنوی
جلیل مدظلہ	جلیل القدر نواب فصاحت جنگ بہادر حضرت قبلہ حافظ جلیل حسن صاحب مدظلہ۔ جانشین حضرت امیر مینائی رح
حالی	خواجہ الطاف حسین مرحوم پانی پتی شاگرد غالب دہلوی۔
حسرت موہانی	مولانا سید فضل الحسن صاحب موہانی۔ بی اے سابق اڈیٹر اردوے معلے علیگڈھ۔
حسن	میر حسن دہلوی۔ مثنوی میر حسن انہیں کی ہے۔
داغ	فصیح الملک نواب مرزا خاں دہلوی (مرحوم) شاگرد ذوق۔
دبیر	مرزا سلامت علی لکھنوی مرثیہ گو۔ سال وفات سنہ ۱۲۹۲ ہجری۔
درد	خواجہ میر درد دہلوی
دل	حکیم ضمیر حسن صاحب شاہجہانپوری شاگرد حضرت امیر مینائی

ذوق	شیخ محمد ابراہیم دہلوی شاگرد شاہ نصیر اور بہادر شاہ ظفر کے اُستاد ۱۲۰۴ھ ہجری میں بمقام کابلی دروازہ - دہلی پیدا ہوئے اور ۲۴ صفر ۱۲۷۱ھ ہجری کو وفات پائی۔
رشک	شیخ علی اوسط لکھنوی - شاگرد ناسخ ۔
رضا	مولانا برکت اللہ مرحوم فرنگی محلی لکھنوی - شاگرد حضرت امیر مینائی ۔
رند	نواب سید محمد خاں لکھنوی - شاگرد آتش ۔
رنگین	سعادت یار خاں دہلوی ریختی گو ۔
ریاض مدظلہ	لسان الملک حضرت سید ریاض حیدر صاحب مدظلہ شاگرد حضرت امیر مینائی رح
الک	مرزا قربان علی بیگ دہلوی شاگرد غالب ۔
سر	شیخ امان علی لکھنوی شاگرد ناسخ ۔
ن	سید فخر الدین حسین دہلوی شاگرد غالب ۔
دا	مرزا محمد رفیع دہلوی ۱۱۲۵ھ ہجری میں پیدا ہوئے اور ۱۱۹۵ھ ہجری میں بمقام لکھنو وفات پائی
وز	سید محمد میر دہلوی - پہلے انکا تخلص میر تھا - جب میر تقی کا تخلص میر مشہور ہو گیا تو انھوں نے اپنا تخلص سوز رکھا - شاہ عالم کے زمانہ میں جب دہلی کی تباہی حد سے گزر گئی تو ۱۱۹۱ھ ہجری میں بلباس فقیرانہ لکھنؤ آئے اور ۱۲۱۳ھ ہجری میں بعمر ۷۰ برس وفات پائی - نواب آصف الدولہ کے اُستاد تھے ۔
ور	شیخ عبد الرزق لکھنوی شاگرد مصحفی ۔
ن	حکیم نواب مرزا لکھنوی مصنف مثنوی زہر عشق وغیرہ ۔
قدوائی	منشی احمد علی صاحب مرحوم ۔
ری	کرامت علیخاں ساکن امرہتہ پور وا ضلع اوناؤ ۔
	میر وزیر علی لکھنوی شاگرد آتش ۔
یائی مدظلہ	عالیجناب مولوی محمد احمد صاحب مینائی مدظلہ خلف اکبر حضرت امیر مینائی رح
-	نواب صفدر علیخاں بہادر از خاندان ریاست رام پور ۔
	سید منظفر حسین لکھنوی مرثیہ گو اُستاد مرزا دبیر ۔
ر	سید محمد طاہر علی فرخ آبادی ۔
ر	سید مقبول حسین لکھنوی ۔
ا	بہادر شاہ سلطنت دہلی کے آخری تاجدار شاگرد ذوق ۔
	نواب دالاجاہ لکھنوی ۔
	مرزا محمد ہادی صاحب لکھنوی ابن مرزا محمد علی آپ میر و غالب کے رنگ کے دلدادہ ہیں اور انہیں کی تقلید کرتے ہیں
	مرزا اسد اللہ خاں دہلوی ۔
	مرزا محمد حسن مرحوم بنارسی شاگرد خاندان مصحفی ۔
	کپتان مقبول الدولہ مرزا مہدی علیخاں بہادر شاگرد ناسخ ۔
	سید غلام حسین بلگرامی شاگرد خاندان ناسخ اور غالب سے بھی مشورہ رہا ہے ۔
	آفتاب الدولہ خواجہ اسد لکھنوی مصنف مثنوی "طلسم الفت" شاگرد خواجہ وزیر ۔

گویا فقیر محمد خاں شاگرد خواجہ وزیر۔

لطف حافظ لطف علیخاں بریلوی

محسن مولوی محمد محسن کاکوروی۔

محشر مرزا کاظم حسین صاحب لکھنوی۔

مسرور شیخ پیر بخش لکھنوی شاگرد مصحفی

مصحفیؒ شیخ غلام ہمدانی امروہوی بعدہٗ لکھنوی

معروف نواب الٰہی بخش خاں دہلوی شاگرد شاہ نصیر

ممنون میر نظام الدین دہلوی۔

منتظر نور الاسلام لکھنوی شاگرد مصحفیؒ

منیر سید اسمٰعیل حسین اکبر آبادی۔ شاگرد ناسخ و رشک

مومن حکیم مومن خاں دہلوی ۱۲۱۵ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۲۶۸ ہجری میں وفات پائی۔

مونس میر نواب لکھنوی مرثیہ گو۔ برادر و شاگرد انیس۔

میر میر تقی دہلوی۔

ناسخ شیخ امام بخش لکھنوی ۱۲۵۴ ہجری مطابق ۱۸۳۹ء میں وفات پائی

ناصر سعادت خاں لکھنوی۔

ناظم نواب یوسف علیخاں والی رام پور نواب کلب علیخاں کے والد و شاگرد غالب۔ اسیر و امیرؒ سے بھی مشورہ رہا

نسیم نواب اصغر علیخاں دہلوی شاگرد مومن۔

گلزار نسیم پنڈت دیا شنکر لکھنوی شاگرد آتش۔

نصیر شاہ نصیر دہلوی۔ ذوق کے استاد۔

نفیس میر خورشید علی خلف و شاگرد انیس۔

نکہت مرزا نیاز علی بیگ دہلوی۔

نواب نواب کلب علیخاں بہادر والی رام پور شاگرد حضرت امیر مینائیؒ۔

نوازش نوازش حسین خاں لکھنوی شاگرد میر سوز۔ مرزا سرور لکھنوی مصنف فسانۂ عجائب انہیں کے شاگرد تھے۔

نوح تاج الشعراء ناخدائے سخن مولانا محمد نوح صاحب جانشین حضرت داغ دہلوی مرحوم رئیس قصبہ نارہ ضلع الٰہ آباد۔

وجاہت مولوی وجاہت حسین جھنجھانوی اسسٹنٹ ایڈیٹر اخبار زمیندار لاہور۔

وزیر خواجہ وزیر لکھنوی شاگرد ناسخ۔

ہلال امیر علیخاں لکھنوی شاگرد ناسخ۔

لفظ	[illegible]	[illegible]	معنے	تذکیر و تانیث	مصنف	شعر ثبوت	
الف	ع	۱۱۱	حروف تہجی کا پہلا حرف	مذکر	اسیر	منشیوں کو مشق ہو کسکے قد دلجو کا	لکھتے ہیں ہر فرد پر پہلے الف اللہ کا
″	″	″	″	مذکر	امیر	میرے دلکے آئینہ میں منہ جو دیکھے برہمن	قشقہ ماتھے کا نظر آئے الف اللہ کا
″	″	″	″	مذکر	تسلیم	وصل و ہجر رہوں یوں اُسکی ذات پاک سے	جسطرح ہو لکھنے پڑھنے میں الف اللہ کا
آب[1]	ف	۳	پانی	مذکر	امیر	احمد پاک کی میں نعت لکھوں کرکے وضو	آب کوثر مجھے ملجائے اگر تھوڑا سا
آب[2]	ف	۳	چمک	مونث	اسیر	موتیوں کی آب ظاہر ہو گئی	چشم تر تجھسے الجھ اہر ہو گئی
آب	ف	۳	تیزی۔کاٹ	مونث	اسیر	مرگئے دیکھکے قاتل ترے رخسار کی آب	آب آئینہ نہیں ہو گئی تلوار کی آب
۰	۰	۰	۰	مونث	تسلیم	مرنے کا بھی مزہ مری تقدیر میں نہ تھا	کیا جلد آب تیغ گلے سے اُتر گئی
آب آتشیں	ف	۷۶۴	شراب	مذکر	آتش	مبارک کشتیاں کرکی ہتان ہندکو ہووے[3]	جہازوں پر فرنگستان سے آب آتشیں آیا
آبادی	ف	۱۸	بستی	مونث	جلیل	چلی جاتی ہے مشق اُنکے ستم کی	بڑھی جاتی ہے آبادی عدم کی
آب بقا	ف	۱۰۶	امرت[4]	مذکر	امیر	روضۂ پاک بھی رتبے میں نہیں عرش سے کم	جو پہونچتا ہو اُسے آب بقا ملتا ہے
آب پاشی	ف	۳۱۶	چھڑکاؤ۔کھیت سینچنا۔	مونث	ناسخ	آبرو ریزی جو غیروں کی ہوئی وقت گریز	آبپاشی ہو گئی میری شہادتگاہ میں

[1] آب بمعنی و رقیق مواد بھی مذکر مستعمل ہے ظفر۔ آبلوں سے پائے مجنوں کے جو ٹپکا آب گرم جلگیا کوئی کوئی خار مغیلاں گل گیا۔ [2] خلاف جمہور کے ایک جگہ آتش نے مذکر بھی لکھا ہے۔ نشہ ہی میں یا الہی میکشوں کو موت دے۔ کیا گہر کی قدر جب آب گہر جاتا رہا۔ مگر دیگر شعرا نے تانیث ہی کے ساتھ لکھا ہے۔ (حضرت امیر مینائی رحم فرماتے ہیں) جوہری کیا ترے دانتوں سے ملاتے اسکو۔ پانی پانی ہوں یہ خود آب گہر کہتی ہی (ناسخ) کہیں دیکھی ہو شاید آبداری تیرے دانتوں کی۔ کہ مارے شرم کے پانی سے ہے آب گہر پتلی (صبا) عیاں جو یار کے دانتوں کی آب و تاب ہوئی۔ غرق بحر فنا موتیوں کی آب ہوئی [3] فصحائے حال اب اسطرح استعمال نہیں کرتے [4] وہ پانی جسکو پیکر حضرت خضر و حضرت ادریس علیہم السلام نے ہمیشہ کی زندگی پائی اور سکندر ناکامیاب رہا یہی پھر آب بقا۔ آب حیات آب خضر آبحیواں بھی اسیکو کہتے ہیں

آتشکدہ	ف	۷۳۰	آتش خانہ جہاں آتش پرست آگ جلاتے ہیں	مذکر	ناظم	پوچھتے کیا ہو تپِ داغِ جگر یوں سمجھو	کہ مرے سینے میں آتشکدہ پنہاں ہوگا
آتشگیر	ف	۹۳۱	دست پناہ چمٹا۔ آگ اٹھانے کا آلہ	مذکر	منتظر	ہمارا لخت دل ہے یا کوئی انگارہ دوزخ	اٹھانے کا جو کرتا قصد آتشگیر جل جاتا
آشنا	ہ	۴۴۲	ماں باپ کی شفقت محبت پیٹ معدہ کچھو سوچ آشنا	مونث	افسر	مقدر کی خرابی سے نہ کام آئی وفا میری	تمھارے واسطے تڑپی ہمیشہ آشنا میری
آثار[۱]	ع	۷۰۲	نشان۔ علامت	مذکر	سودا	ڈرتا ہوں بنجاوے شہر بند تار رونے کا	نظر آتا ہے پھر آنکھوں نہیں کچھ آثار رونے کا
آثار	ع	۷۰۲	اطوار	مذکر	بحر	آشفتہ طبیعت کے آثار نہیں چھپتے	آزار محبت کے بیمار نہیں چھپتے
آجکل[۲]	ہ	۵۴	حیلہ حوالہ ٹال مٹول زمانہ حال یعنی ان دنوں	مونث	سرور	یہاں جان آئی ہے عاشق کی لب پر	وہاں آجتک آجکل ہو رہی ہے
آجیا	ت	۵	بوڑھی ذی عزت خادمہ (دہلی)	مونث	رنگین	نیند آتی نہیں کمبخت دوانی آجیا	اپنی بیتی کوئی کہ آج کہانی آجیا
آخر[۳]	ع	۸۰۱	بالکسر دوم اول کی ضد خاتمہ ختم پچھلا انجام	مذکر	تسلیم	وہ مطلب انہیں لکھنے بیٹھا ہوں خط میں	نہ اول ہے جسکا نہ آخر ہے جسکا
آخرت	ع	۱۲۰۱	بالکسر دوم انجام عقبیٰ وہ عالم جہاں مرنے کے بعد دنیاوی اعمال کا حساب کتاب ہوگا اور جزا سزا ملیگی۔	مونث	نوازش	اے میری گنہ کی شرم ساری	تونے مری آخرت سنواری
آداب[۴]	ع	۸	ادب کی جمع۔ قواعد۔ دستور۔ ادب مجلس و دربار	مذکر	تسلیم	اسکی بزم خاص تک تسلیم پہنچوں کسطرح	مجھکو تو آتا نہیں آداب دربانی ہنوز
			مرتبے کا پاس۔ لحاظ۔ حفظ مراتب۔	مذکر	رشک	بیٹھنے اٹھنے نہیں دیتا ہمیں آداب یار	سجدے رکھتی ہے محبت کی شریعت کی نماز
			خط کے عنوان میں آداب و القاب جو لکھتے ہیں	مذکر	ناصر	وحشت دل تھی مری طرز عبارت سے عیاں	اگر القاب تھا نامے میں تو آداب نہ تھا
آدم	ع	۴۵	انسان۔ پہلا آدمی حضرت آدم علیہ السلام	مذکر	امیر	لذتِ شرم و گنہ تھی کب فرشتوں کو نصیب	یہ مزہ چکھنے کو پیدا آفاق میں آدم ہوا
آدمی	ف	۵۵	انسان۔ نوکر۔ خادم۔ شوہر خاوند۔	مذکر	داغ	لطف دو آرام کا نہیں ملتا	آدمی کام کا نہیں ملتا
آدینہ	ف	۷۰	جمعہ کا دن۔	مذکر	ناسخ	خالی ہے مکتب نہیں لڑکے کریں جو سنگسار	اے جنوں پیدا ہوا ہفتہ میں آدینہ عبث
آذر[۶]	ف	۹۰۱	نام ایک بت تراش کا ہے۔	مذکر	امیر	خدا ایسا بھی ہوتا ہے بنائیں جسکو خود بندے	سمجھتا تو خلیل اللہ یہ آذر کو سمجھاتے
آرام[۷]	ف	۲۴۲	سکھ چین راحت سنسکرت میں آرام چمن باغ کو کہتے ہیں	مذکر	جلیل	لوگ آرام کی خاطر رہے دنیا میں خراب	اور آرام جو پایا گوشۂ مدفن میں ملا
آرام	ف	۲۹۶	بیماری سے صحت پانا۔ اچھا ہونا۔	مذکر	داغ	دل بیمار میں چٹکی لے لو	ابھی آرام ہوا جاتا ہے
آرام جان[۸]	ہ	۵۱۲	(لکھنو) پاندان۔ چشندان۔	مذکر	تسلیم	بھنے جو پان انکا باتوں میں زہر گھولا	اور آگیا جو دشمن آرامجان کھولا
آرائش	ف	۵۱۲	زیبائش۔ سجاوٹ۔ بناؤ۔ زینت۔	مونث	امیر	تصور خال کا آیا تو رونق بڑھ گئی دل کی	نگاہ قیس میں لیلیٰ سے آرائش ہے محمل کی
آرد	ف	۲۰۵	آٹا۔	مذکر	افسر	حضرت آدم سے نسبت آدمی کی رہ گئی	انکو گندم اور اسکو آرد گندم ملا
آرزو	ف	۲۱۴	آس۔ امید۔ مقصد۔ خواہش۔ چاہ۔ اچھا	مونث	جلالی	حسرتیں سب نکل گئیں دل سے	آئی جب دل سے آرزو تیری

[۱] تعب۔ ف۔ بفتح اول بمعنی گرمی۔ بخار (مصحفی) ہوجائیں تبلیوں ہی پہ آنسو تو سے کی بوند۔ گر کام کر گئی تپ دل چشم تر تلک۔ [۲] (نائب بنارسی) وہ دیکھنے آئے گئے تسکیں تھی مرض میں۔ آثار نہ جینے کے شفا میں نظر آئے۔ آثار اردو میں بمعنی چوڑان دیوار کے بھی بولتے ہیں۔ [۳] بمعنی ان دنوں۔ (محسن) لگا دے کوئی برف کی آج کل۔ کہ گرمی بہت پڑتی ہے آجکل۔ (آتش) آتش خدا نے چاہا تو کرتے ہیں آجکل ہندوستاں سے جانب بیت الحرام کوچ۔ بنا چند روز (ناسخ) دنیا تو آجکل سے نہیں کفر زار ہے۔ مثل شرر ازل سے ہیں سنگ شرر کے ساتھ۔ (آتش) آجکل سے سلسلہ مہر و محبت کا نہیں۔ عالم ارواح میں تیرے یار از تھا۔ [۴] (ظفر) ہر کام کے آخر پہ نظر پہلے ہی ڈالی [۵] بیٹھنے اٹھنے نہیں دیتا ہمیں آداب یار۔ سجدے رکھتی ہے محبت کی شریعت کی نماز۔ بمعنی سلام (انیس) آداب بجا لا کے چلا حسرت وفادار۔ [۶] کہا جاتا ہے کہ آذر بت تراش حضرت ابراہیم خلیل اللہ کا باپ یا چچا تھا۔ شمسی سال کا نواں مہینا۔ یعنی آگ (غالب) ہے تنگ سینہ دل اگر آتشکدہ نہو ہے عار دل نفس اگر آذر فشاں نہو۔ [۷] (صفدر) اب چین نہیں سینہ میں دل کو کسی پہلو۔ دزدیدہ نگہ لیگئی آرام ہمارا [۸] لکھنو میں خاصدان دپانداں کو آرامجان بھی کہتے ہیں [۹] (داغ) ہر سخن میں گرچہ سو پہلو بچاتا ہوں مگر۔ آرزو نیں ٹپکی پڑتی ہیں مری تقریر سے۔ [۱۰] (داغ) گذار دی شب وعدہ اسی توقع پر مرے بلانے کو اب آدمی ضرور آیا۔

ه	۲۷۱	آئینہ دار انگوٹھی جسے عورتیں ہاتھ کے انگوٹھے میں پہنتی ہیں	مونث	ریاض	لئے بیٹھے رہو اپنے لئے تم آرسی اپنی	خوشامد غیری منہ دیکھی۔ ہماری دیکھی بھالی کہ
ه	۲۰۷	لکڑی چیرنے کا ایک اوزار۔	مذکر	مونس	ذکر جب چھیڑا جب سر پر ممبر شہ ذیجاہ کے	چل گیا حاسد پہ آرہ سین بسم اللہ کا
ه	۲۰۱	پردہ اوٹ ٹیکن سہارا۔	مونث	امیر	میں وہ وحشی ہوں کہ جب کوچہ جاناں میں گیا	سایہ پوشیدہ ہوا آڑ میں دیوار کی
ت	۱۳	غلام کی ضد جو پابند نہو	مذکر	انشا	کب وہ آزاد بھلا در خور تحسین ہوئے	بھول جو سب کو گئے دین سے بیدین ہوئے
ت	۱۴	فقرا کی ایک قسم	مذکر	صبا	چھوڑ بیٹھا جو تعلق عالم ایجاد کا	سر وچیلا ہوگیا ہے کیا کسی آزاد کا
ت	۲۳	نجات چھٹکارا رہائی	مونث	ناسخ	کیا فقط مجکو غم دنیا سے آزادی ملی	چھٹ گیا تکلیف جینے سے بھی جو دیوانہ ہے
ت	۲۰۹	بیماری۔ دکھ	مذکر	جلیل	دیکھا تھا آپ نے مجھے اتنا تو پوچھتے	کیوں حال زار ہے تجھے آزار کیا ہوا
ت	۳۵۹	امتحان۔ جانچ۔ آزمانا۔	مونث	امیر	آگئے کہنے میں تھی زیست جو ہماری ہمکو	آزمایش ہوئی منظور تمہاری ہمکو
ت	۶۱	امید۔ آسرا۔ خواہش۔ آسا۔	مونث	امیر	ہر گنہگار کو ہے آس الٰہی تیری	عام ہے ہر صفت لا متناہی تیری
ت	۱۳۲	سہولت جسمیں مشکل نہو۔ مشکل کی ضد	مونث	جلال	دم نکلتے وقت دم بھر کو جو آنکلا کوئی	مشکلات جانکنی میں کتنی آسانی ہوئی
ت	۳۷۲	آرام۔ چین۔ راحت۔	مونث	داغ	عدم کے جانے والے سنتے جاؤ	یہ آسایش نہ اس منزل میں ہوگی
ت	۵۱۳	چوکھٹ۔ دہلیز۔ تقطیعاً مکان۔ درگاہ۔	مذکر	ناسخ	پاؤں ہیں بیکار کوچہ یار سے ہیں نامراد	سر بھی ہے کس کام کا وہ آستاں ملتا نہیں
ت	۵۱۷	ایضاً۔	مذکر	امیر	بناؤں فرش پا انداز ہر گام اپنی آنکھوں کو	سر مشتاق ہو اور آستانہ ہو محمد کا
ت	۵۲۱	ہاتھ انگرکھے وغیرہ کا وہ حصہ جسے ہاتھ میں پہنتے ہیں	مونث	امیر	جنوں تک سنا تھا ساتھ جیب و دامن کا	گریباں کو نکلتے دیکھ کر کیوں آستیں نکلی
ه	۲۹۲	آس۔ امید۔	مذکر	امیر	شب غم نہ دیگا کوئی ساتھ میرا	امیر آسرا ہے تو کچھ بیکسی کا
ت	۱۵۲	چرخ۔ آکاش۔	مذکر	ناسخ	خاکساروں سے ہے ہر جا سرکشوں کی سرکشی	وہ زمیں ہے کون جس پر آسماں ہوتا نہیں
بھاکا	۱۱۱	سوار کا گھوڑے یا اونٹ کی پیٹھ پر جھکاؤ [illegible]	مذکر	آتش	کرتا ہے مجھ سے ابلق ایام شوخیاں	پہچانتا ہے خوب یہ آسن سوار کا
ت	۱۰۱۱	سیری۔ [illegible] ذکر کی راحت۔ آرام۔	مونث	آتش	دلکو نہیں اس گوشہ ابرو کے سوا چین	آسودگی ہے سایہ شمشیر میں میری
ت	۶۲	چکی	مونث	اسیر	نہ ٹوٹتا کسی دانے کا دل وہ راحم ہوں	جو آسیا مرے سنگ مزار کی ہوتی
ت	۶۳	سایہ جن بھوت کا	مذکر	منیر	منیر آسیب غم سر سے نہ اترا	بہت سا اسم اعظم پڑھ کے پھونکا
ت	۶۳	صدمہ الم۔ کوفت۔ دشمنی مخالفت۔	مذکر	سودا	نہ پہونچا میر کے اشک گرم سے آسیب مژگاں کو	بہا خاشاک کے سایہ تلے سیلاب آتش کا

دشمن نے اس زلف سیاہ میں میرے سر پہ آرہ چلایا گیا۔ ؎ (کیف) دن کو جو میرے نالے سوا بلند ہوں۔ ڈھونڈھے فلک پہ مہر فلک ابر کی آڑ۔ ؎ (صبا) چھوڑ بیٹھا جو تعلق عالم ایجاد کا۔
ی آزاد کا۔ (داغ) کھو دیا قید قفس اپنی وفاداری نے۔ بلطف صیاد سے ہم رات دن آسودہ ہیں۔ ؎ یہ لفظ مرکب ہے دو آسیا ن سے رحکی کے مانند گردش کرنے والا۔ ؎ خواجہ محمد شرف علی لکھنوی
نے آسن کو مختلف فیہ قرار دیکر خواجہ آتش کا یہ شعر۔ کرتا ہے مجھ سے ابلق ایام شوخیاں۔ پہچانتا نہیں مگر آسن سوار کا۔ مذکر کی سند میں پیش کیا ہے اور مونث کی سند میں ناسخ کا یہ شعر دیا ہے
ہے حدت طبع کی۔ دیکھو تیزی میں ہے محتاج آسن آپکی۔ اس شعر کو پیش کرتے ہوئے یہ امر قابل خیال تھا کہ اس شعر میں اس موقع پر آسن کی کیا ضرورت ہے۔ اور آسن سے اس شعر کا کیا مطلب نکلتا ہے
ہوجاتی ہے حدت طبع کی۔ دیکھو تیزی میں ہے محتاج آسن آپ کا۔ یہ لفظ ہرگز مختلف فیہ نہیں ہے۔ بالاتفاق مذکر مستعمل ہے۔ امیر مرحوم نے بھی مذکر ہی فرمایا ہے۔ ؎ کرے یہ ابلق ایام شوخی جسقدر
ہم شہسواروں کے اکھڑتے ہیں۔ ؎ (مصحفی) اسے خوشحال کہ جو لوگ ترے کوچے میں۔ خاک بندی پہ ملے بیٹھے ہیں آسن مارے۔ ؎ (مصحفی) رغبت نہیں ہے اب کسی نعمت کی مصحفی۔
آسودہ ہوگیا۔ ؎ (سوز) عشق کا آسیب جب سر پر چڑھا۔ کٹ گئی مت اور بھی سودا بڑھا۔ ؎ (نسیم) پابوسی کا کل کوئی آسیب نہ پہونچا سے۔ [illegible] نہ کبھی نہ آجاسے

لرتا نہیں بعد فنا آسیب دشمن کا چراغ ہرنی کا جلوہ ہے دیوانوں کے مدفن پر۔

لفظ	زبان	نمبر	معنی	جنس	شاعر	مصرع	مصرع
آشتی	ف	۷۱۱	جنگ کی ضد۔ صلح۔ ملاپ۔ صفائی۔ دوستی	مونث	درد	برہم کہیں نہ ہو گل و بلبل کی آشتی	ڈرتا ہوں آج باغ میں وہ تند خو گیا
آشفتگی	ف	۸۱۱	پریشانی۔ پراگندگی۔	مونث	داغ	نہ آشفتہ دماغی ہے نہ وہ برہم مزاجی ہے	گئی میری پریشانی مٹی آشفتگی ساری
آشنا	ف	۳۵۲	دوست	مذکر	آتش	حالت بد میں نہیں کوئی کسی کا آشنا	کوچ کر جاتا ہے پیش از مردن بیمار خواب
آشنا	ف	۳۵۲	شناسا۔ جان پہچان والا۔	مذکر	غالب	دے وہ جسقدر ذلت ہم ہنسی میں ٹالیں گے	بارے آشنا نکلا انکا پاسباں اپنا
آشنا	ف	۳۵۲	پیراک	مذکر	وزیر	کب ہیں حریص بحر توکل کے آشنا	موتی کا ایک قطرہ ہی میں کام ہو گیا
آشنائی [1]	ف	۳۷۲	دوستی۔ شناسائی۔ جان پہچان۔	مونث	امیر	زہد و تقوی پہ بھروسا خلق کو	مجھکو کافی آشنائی آپ کی
آشنائی	ف	״	ناجائز تعلق۔	مونث	محشر	آشنائی کرکے کیا خوش تھی جو کرتی دوستی	توبہ توبہ باز آئی میں نکمے کام سے
آشوب [2]	ف	۳۰۹	بروزن جاروب۔ فتنہ۔ فساد۔ شور و غوغا۔ ہنگامہ۔ آنکھ کا آنا [3]	مذکر	تسلیم	وہ بلا بالا ہے تو گر دیکھتا وقت خرام	فتنہ قد سے امان آشوب محشر مانگتا
آشیاں	ف	۳۶۲	رہنے کی جگہ مخصوص پرندوں کا گھونسلا۔	مذکر	ناسخ	جو سعادتمند ہیں رہتے ہیں وہ بے خانماں	دہر میں پیدا ہما کا آشیاں ہوتا نہیں
آشیانہ	ف	۳۷۶	ایضاً	مذکر	امیر	جگر لگا رہی ہے جو بجلی چمن کے گرد	مد نظر ہوا ہے مرا آشیانہ کیا
آغاز	ف	۱۰۹	ابتدا۔ شروع۔	مذکر	صفدر	شوخی کے ساتھ کچھ رہے پردہ حجاب کا	آغاز ہے ابھی ترے حسن و شباب کا
آغوش [4]	ف	۱۳۰۷	گود۔ کنار۔ بغل۔	مذکر	سخن	صفت بوئے گل اس سے جو میں ہمدوش ہوا	صورت غنچہ مجھے یار کا آغوش ہوا
مختلف فیہ				مونث	ظفر	شاہد مقصود ہے کسکی بغل میں اے ظفر	دیکھ ہے آغوش چرخ پیر بھی خالی پڑی
آفاق [a]	ع	۱۰۲	افق کی جمع۔ آسمان کے کنارے۔ مجازاً تمام دنیا بطور واحد مستعمل ہے۔	مذکر	سودا	ٹکڑے ہوئے جگر کے آنسو رہ سجنے کو	خوناب دل ہے ورنہ آفاق بہ گیا تھا
				مذکر	ناصر	ہم کیا اجی دم بھرتا ہے آفاق تمہارا	ایجان ہمیں یاد ہے اخلاق تمہارا
آفت	ع	۴۸۱	بلا۔ سختی۔ صدمہ۔ دکھ۔ مصیبت۔ پریشانی۔ تکلیف	مونث	جلال	گزرتی ہے تڑپ کر جو گھڑی ہے	مرے دلبر یہ کیا آفت پڑی ہے
آفتاب	ف	۴۸۴	لغوی معنے دنبہ۔ اصطلاحاً سورج دونو	مذکر	وزیر	چہرے پہ تیری آنکھیں تری کیوں نہ ہوں سیاہ	ہوتا ہے آفتاب سے کالا ہرن کا رنگ
آفتاب	ف	۴۸۴	سورج	مذکر	ناسخ	آج ذرے کو آفتاب ملا	کہ مجھے ساغر شراب ملا
آفتابہ	ف	۴۸۹	لوٹا ہندو گڑوا کہتے ہیں۔	مذکر	ناسخ	ماہ کامل ترے منہ دھونے کی ہے سیلابچی	آفتاب اسے ماہ تاباں آفتابہ ہو گیا
آفتابی [5]	ف	۴۹۴	ایک قسم کی آتشبازی ہے۔	مونث	بحر	جب کبھی بام پہ اسکا رخ تاباں چمکا	آفتابی سی لگی چھوٹنے مہتابی سے
آفتابی	ف	۴۹۴	ماہی مراتب میں چاندی یا سونے کا دایرہ ہوتا ہے جو بادشاہوں کی سواری کے ساتھ جلوس میں رہتا ہے	مونث	ذوق	وہ آفتابی اسکی تجمل جس سے آفتاب	وہ چتر اس کا جس سے نہ ہو ہمسر آسمان
آفتابی	ف	۴۹۴	امرا کے مکانمیں ایک اونچا مقام مثل مہتابی کے ہوتا ہے	مونث	شعور	چلے آتے ہیں کثرت سے جو مرغ نامہ بر پیہم	بنی ہے آفتابی یار کی چھتری کبوتر کی
آفریں [6]	ف	۳۴۸	کلمہ تحسین	مونث	امیر	عجب انداز سے مقتل میں اسکی تیغ کیں نکلی	کہ دل سے مرحبا نکلا جگر سے آفریں نکلی
آفرینش	ف	۷۴۱	پیدائش	مونث	داغ	نخل مراد پھونک دیا آہ گرم نے	آئندہ آفرینش برگ و ثمر گئی
آفس	انگریزی	۱۴۱	کچہری۔ دفتر۔	مذکر	اکبر	مدار اہلکاری کا ہے اب انہیں پہ	انہیں سے ہیں آفس انہیں کے ہیں دفتر

[1] ناجائز تعلق (محشر) آشنائی کرکے کیا خوش تھی جو کرتی دوستی توبہ توبہ باز آئی میں نکمے کام سے۔ [2] (میر) ہو شرم آنکھ میں تو بہاری جہاز سے ہے۔ ہمت کرکے شوخ [illegible] آشوب سا اٹھا تو۔

[3] (رشک) چلی فصل بہاراں سیر گلشن کی نہ کی تو نے۔ یہ ہے آشوب چشم نرگس بیمار کا باعث [4] آفتابی۔ چھوٹی پنکھیا جس سے چہرے کی دھوپ بچاتے ہیں اور کبھی پنکھے کیطرح جھلتے ہیں۔ سورج مکھی (ناسخ) رشک سے تا نہ آفتاب جلے۔ اسلیئے حائل آفتابی ہے۔

[5] (شعور) دم نہ مارا تیر کھایا جب ترے نخچیر نے۔ آفریں بیساختہ نکلی لب سوفار سے۔ [a] لفظ آغوش مختلف فیہ ہے مگر اب فصحا کے استعمال میں زیادہ تر مذکر ہی پایا جاتا ہے حضرت اختر مینائی مدظلہ سے رہتا ہے تصور میں جو گل پوش ہمارا ماہ فرقت میں بھی خالی نہیں آغوش ہمارا۔ [b] (حضرت امیر مینائی) حکم تنگی دہن تنگ سے جائے جو نکل سارا آفاق ہو ذرہ یہ زمیں جائے سمٹ

				مذکر	عزیز	کیا کیا نہ عزیز آپکو ناصح نے پڑھایا	لیکن نہ رہا یاد کچھ آموختہ انکا
آمیزش [5]	ف	۳۵۸	میل - ملاوٹ	مونث	جلیل	گلرخوں میں وہی مقبول دعا ہوتی ہے	جسمیں آمیزشِ خونِ شہدا ہوتی ہے
آمین [6]	ع	۱۰۱	خدا ایسا ہی کرے۔ ایک کلمہ ہے جو اجابت دعا کیلئے استعمال کرتے ہیں	مونث	امیر	وصل کی شکلے دعا تھنے بھی آمین کہی	اب دعا صدقے تو قربان اجابت ہوگئی
آن	ع	۵۱	لمحہ - وقت ساعت - گھڑی	مونث	مومن	ہر دم لب پر جان حزیں ہے	ہر آن آن بار نہیں ہے
آن [7]	ف	۵۱	ناز و انداز معشوق کی ادا نیاز حسن چھب - قسم - عہد - ضد ہٹ	مونث	جلیل	دو دو چھریاں لئے رہتا ہے حسینوں کا شباب	شان ہوتی ہے جدا آن جدا ہوتی ہے
آن بان	ھ	۱۰۴	شان شوکت سج دھج - وضعداری	مونث	جلال	شکوہ جور و جفا کا اُسکے جلال	دیکھئے آن بان جاتی ہے
				مونث	بحر	اُسکی زلفوں نے بل نکال دئے	اب ہماری وہ آن بان نہیں
آنت	ھ	۴۰۱	انتڑی جسکو فارسی میں رودہ کہتے ہیں	مونث	ناسخ	فاقوں سے تباہ میری حالت ہے مگر	آنتیں پڑھتی ہیں قل ھو اللہ مدام
آن تان	ھ	۵۰۲	ناز، خودداری، شان، وضعداری، رکھ رکھاؤ	مونث	داغ	حسن کی جسمیں شان رہتی ہے	ساتھ ہی آن تان رہتی ہے
آنچ	ھ	۵۴	شعلہ، لو، تپش، گرمی	مونث	رند	شعلہ رخسار ہمیشہ سے رہے تر نظر	آنکھیں سینکا کئے ہم آنچ پہ انگاروں کی
آنچ [8]	ھ	۵۴	گزند - صدمہ	مونث	جلیل	اشک وہ ہیں کہ مٹا دیتے ہیں غصہ انکا	آنچ آتی ہے جو مجھپر وہ بچا لیتے ہیں
آنچل	ھ	۸۴	کپڑے یا دوپٹہ وغیرہ کا پہرا، کور، کنارہ	مذکر	امیر	ہوا میں کھل گیا ہے کسی گلعذار کا	آنچل لٹک رہا ہے عروس بہار کا
آندھی	ھ	۷۰	تند اور بہت تیز ہوا جسمیں گرد و غبار ملا ہو	مونث	نسیم لکھنوی	بال آگ پہ رکھتے آندھی آئی	وہ دیونی بال آندھی آئی
آنڈو	سنسکرت	۱۱	کڑا جو ہاتھ پاؤں میں پہنتے ہیں	مذکر	قدر	کاٹ کر غیروں کا سر لائے جو میری نذر کو	ڈال دوں سونے کا آنڈو پاؤں میں جلاد کے
آنسو	ھ	۱۱۷	اشک وہ پانی جو غم یا فرطِ خوشی میں آنکھ سے نکلتا ہے	مذکر	سودا	آنکھوں سے جب کہ آنسو گلرنگ ہو کے نکلا	سینے سے میرے نالہ دل تنگ ہو کے نکلا
آنک	ھ	۷۱	کپڑے کے تھان پہ جو نمبر یا نشان قیمت کا لگاتے ہیں	مونث	جان صاحب	ململ لگوڑی ہو گئی کیا ایسی قیمتی	دیکھوں تو سیٹھ جی میں ذرا آنک تھان کی
آنکس	ھ	۱۴۱	وہ ہتھیار جس سے فیلبان ہاتھی کو چلاتے ہیں	مذکر	مصحفی	گر سیہ چردہ کہوں اُسکو تو چبھتا ہے مجھے	کیونکہ تشکل خم ابرو ہے یہ اُسکا آنکس
آنکھ [9]	ھ	۶۶	چشم بصارت بینائی	مونث	داغ	کبھی لگتی ہی نہیں نرگس بیمار کی آنکھ	اُسنے دیکھی ہے چمن میں کسی ہشیار کی آنکھ
آنکھ	ھ	۶۶	اندازہ - تخمینہ	مونث	مصحفی	لیا نہ دل مرا اک بوسہ پر وہ یوں بولے	ہماری آنکھ میں اتنے کا تو یہ مال نہیں
آنگن	ھ	۱۲۱	صحن	مذکر	ناصر	میہماں وہ ماہ روشن ہو گیا	جس سے روشن سارا آنگن ہو گیا
آنو	ھ	۵۷	پیچش میں جو مواد خارج ہوتا ہے	مونث	جان صاحب	میری بچی کو نوج پیچش ہو	یوں ہی گرمی سے آنو آئی ہے
آواز	ف	۱۵	صدا - بول - ہانک پکار	مونث	تعشق	خوف تیرا ہے کمال اے شام ہجر	ضعف سے آواز تھراتی نہیں
آوازہ	ف	۲۰	شہرت	مذکر	امیر	آوازہ دین حق کا کیا کسقدر بلند	سر بت شکن نے توڑ کے لات و منات کے
آوازہ	ھ	۲۰	کلمہ طنزیہ - آوازہ کسنا طعنہ مارنا طعن کرنا	مذکر	امیر	خفا کیوں ہو جو آوازے کسے عاشق نے غیروں پر	یہ آوازوں کی باتیں ہیں یہ آپکی بولی ٹھولی ہے
آواگون	ھ	۸۴	ہندوؤں کا اعتقاد ہے کہ جاندار مرنے کے بعد کسی دوسری شکل میں پیدا ہوتا ہے تناسخ - بار بار جنم لینا	مذکر	بحر	اگر آواگون سچ ہے تو پھر دونوں جنم لیتے	سیہ گوں زلف سانپ ہوتی دل اس داغ مور ہوتی
آو بھگت	ھ	۴۴۴	خاطر تواضع	مونث	اختر مینائی	پا بدست دگرے دست بدست دگرے	ہوئی رندوں میں طرح آؤ بھگت واعظ کی
آورد	ف	۲۱۱	اردو میں تکلف اور بناوٹ سے کسی بات کا پیدا کرنا جو فطرتی طور پر طبیعت میں نہ ہو	مونث	اختر مینائی	حسینوں کی آمد کا باندھینگے مضموں	ہمارے سخن میں نہ آورد ہوگی

[5] (آتش) تمہارے شربتِ دیدار کی لذت نہیں پاتے - ہزار آبیس آمیزش گلاب و قند کرتے ہیں [6] (صبا) صدائے طفل سے صدا آئی ہو آمین آمین - اپنے ساقی کو جو ہم رند دعا دیتے ہیں -
[7] (ذوق) اسے اجل تکلیف مت کر کیا کرے گی آن کے - ہو چکا جلنے ہی میں کشتہ کسیکی آن کا [8] (شعور) آنچ پہونچے خلیل کو کیونکر - اُس بہشتی کو باغ ہو آتش [9] رندِ دوست دشمن کا نہیں پابند تیرا فیض عام - رکھتے ہیں تیرے کرم پر کافر و دیندار آنکھ -

باب الف مقصورہ

لفظ			معنی		شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
ابا [1]	ع	۴	بکسر اول انکار	مونث	اسیر	دشمنی ہی آدم خاکی سے عین کفر ہے	کی جو سجدے سے ابا ابلیس مرتد ہوگیا
اباحت	ع	۴۱۲	بکسر اول و فتح چہارم مباح جائز جو اسکا حکم اجازت	مونث	ناصر	آب انگور میں اے شیخ تردد کیا ہے	میرے نزدیک تو آئی ہو اباحت اسکی
اُبال	ھ	۳۴	جوش آنا۔ ہانڈی میں جوش آنا ابھین۔	مذکر	منیر	بڑا ہی جوش جنون دل میں سر مرا کا لو	اٹھا تو دیگ سے سرپوش بے ابال آیا
”	ھ	۳۴	غصہ۔	مذکر	انشا	ہے غضب اپنے بال نوچ لئے	ہے یہ سارا ابال بوسے کا
ابتدا	ع	۴۰۸	شروع پہل آغاز	مونث	امیر	کیوں آرسی نے پہلے دکھائی کہ تم نے آنکھ	کسکی طرف سے چھیڑ کی یہ ابتدا ہوئی
ابتذال	ع	۳۴	ہلکا پن۔ ذلت۔	مذکر	اختر مینائی	اونچی چوٹی کے ہیں بندہے مضمون	شعر میں ابتذال کیا ہوگا
ابتری [2]	ع	۴۱۳	پریشان۔ بتر سے بنا ابتر کے اصلی معنی دم کٹا ہوا اقص فارسی والے بتر بجائے ابتر کے اکثر اس کی جگہ بھی استعمال کرتے ہیں۔	مونث	مونس	شعلوں سے اسکے چار طرف ابتری ہوئی	گویا تھی آب تیغ میں آتش بھری ہوئی
ابتلا	ع	۴۲۴	بالکسر اول و سوم آزمایش۔ آزمانا۔ بلا میں پڑنا۔	مونث	سرور	ہیں ایک نذاک بلا کے پابند	جاتی نہیں ابتلا ہماری
ابتہاج	ع	۴۱۲	بالکسر اول و سوم خوشی۔	مذکر	تسلیم	گزر اُنکا ادہر جو آج ہوا	کسقدر دل کو ابتہاج ہوا
اُبٹن	ھ	۴۵۳	بضم اول فارسی میں گلگونہ اور عربی میں غازہ کہتے ہیں	مذکر	افسر	عروس وحشت دل سے جو ٹھہرا عقد مجنونکا	غبار سجد نے ابٹن لگایا جسم عریاں پہ
ابجد	ع	۱۰	حروف تہجی	مونث	منیر	جو کٹا آئینہ دل کا لگا ڈرن اسپر	جو ترے ہاتھ کی لکھی ہوئی ابجد ملجائے
ابخرہ	ع	۸۰۸	بھاپ بخارات۔	مذکر	ناسخ	کسی حالت میں مجھے ہوش سے کچھ کام نہیں	چڑھ گئے ابخرے سودا کے ز نشۂ اترا
ابدال [3]	ع	۳۸	اولیا اللہ کا ایک گروہ۔ چونکہ ایک کے بعد دوسرا اس کا بدل ہوتا ہے اسوجہ سے اس گروہ کو ابدال کہتے ہیں۔	مذکر	محسن	ابدال ہیں برگ و نخل اوتاد	ہے نعم العبد سرو آزاد
ابر	ف	۲۰۳	گھٹا بادل۔	”	امیر	بال کھولے جو یار آتا ہے	گھر کے ابر بہار آتا ہے
ابرام [4]	ع	۲۴۴	بالکسر استوار کرنا ملول کرنا۔	مذکر	میر	کام ہوتے ہیں سارے ضایع ہر ساعت کی تاکیدوں سے	استغنا کی چوگنی اسنے جوں جوں میں ابرام کیا
ابرک	ھ	۲۲۳	بفتح اول و سیوم۔ ایک قسم کا چمکیلا معدنی پتھر	مونث	اختر شاہ اودھ	چھنتے ہیں جو وہ جبیں پہ افشاں	چہرے پہ یہاں ہے غم کی ابرک
ابرو	ف	۲۰۹	بھوں۔	مذکر	رند	دیکھ تو کتنے گلے کٹتے ہیں تلواروں سے	تو ہلا بیٹھ کسی روز تو ابرو اپنا
اَبرہ	ھ	۲۰۸	استر کی ضد۔ دوہرے کپڑے کا اوپر کا پرت	مذکر	منیر	تھا نفیس ابرہ کا مدانی کا	استر اک تختہ جا مدانی کا
ابطال	ع	۴۳	بالکسر اول جھٹلانا۔ باطل کرنا۔	مذکر	ناصر	حق سے بیگانہ ہے قول اغیار	کچھ بھی مشکل نہیں ابطال اسکا
اُبکائی [5]	ھ	۴۴	بضم اول جی متلانا وہ قے جسمیں مادہ خارج نہو	مونث	داغ	شراب ناب سے آتی ہو جسکو ابکائی	وہ کیا کریگا الٰہی سے طہور کی قدر
				مونث	عزیز	ہوئی باطل وہ دی دیمن کی وہ تقویم پارینہ	خزاں کے نام سے آتی ہے فوارے کو ابکائی
ابلق	ع	۱۳۳	چتکبرا۔ دو رنگ کا گھوڑا۔	مذکر	آتش	کرتا ہے مجھسے ابلق ایام شوخیاں	پہچانتا نہیں کہ آسن سوار کا
ابلیس	ع	۱۰۳	شیطان اصلی نام عزازیل تھا مردود بارگاہ الٰہی ہونے کے بعد ابلیس ہوا۔	مذکر	امیر	انبیا شاد فرشتوں کو خوشی یعنی حیرت	غم میں ابلیس گرفتار تھا معراج کی شب
اُبھار	ھ	۲۰۹	اُبھرنا۔ نمودار ہونا۔ اٹھان۔	مذکر	اختر مینائی	ترقیوں پہ ہے ہر دم ابھار سینے کا	کمر اٹھا سکیگی کسطرح بار سینے کا

[1] جلال نے ابا کو مذکر لکھا ہے مگر کوئی سند مذکر کی پیش نہیں کی ہے۔ [2] ابتری کے معنی تتر بتر ہونا۔ بدعملی آ گئی ہیں اور گنجفہ کے پتوں کی تقسیم میں کمی بیشی ہوجانے یا بھول پڑجانے کو بھی ابتری کہتے ہیں (فقرہ) دور فلک نے کھوئے میری حواس خمسہ۔ پتے سے گنجفہ میں کیا ابتری ہوئی ہے۔ (آتش) برہم نہو مزاج کسیو قت آپکا۔ ابتر ہوئی ہو زلف نہایت سنوارکے۔ (سودا) بار و مجھے تو لادو دلدہ بہتر۔ میرا جیا اور اسقدر ابتر۔ [3] وہ ستر آدمی جنکے وجود سے دنیا مانی گئی ہو۔ منجملہ انکے چالیس آدمی شام میں ہیں اور تیس آدمی متفرق جگہوں میں ہیں جب انمیں سے کوئی مرجاتا ہے تو اسکی جگہ پر دوسرا قائم ہوجاتا ہے۔ [5] ابکائی اور قے میں یہ فرق ہے کہ قے میں مادہ خارج ہونا ضروری ہے اور ابکائی میں صرف جی متلانا۔ [4] (مومن) کیا رام کروگے اگر ابرام نہ ہوگا۔ الزام سے حاصل مجھے الزام نہ ہوگا۔

ابہام	ع	۴۹	بالکسر اول کنایات کھول کر نہ کہنا صاف بات واضح طور پر نہ بیان کرنا	مذکر	مسرور	کھلے گا نہ مضمون وصفِ دہن کا	جو نکلیگی بات اُسمیں اِبہام ہوگا
اُپج	ھ	۹	نئی بات ایجاد کرنا۔ گویا گانے گاتے باقاعدہ نئی تان لیتا ہے اسکو اپج کہتے ہیں	مونث	انشا	اپج جب ساربان نے بی حدی کی	دلِ مجنوں میں گویا گدگدی کی
اپیل[1]	انگریزی	۴۳	ایک حاکم کے فیصلہ یا حکم کی ناراضی سے بالادست حاکم کے یہاں چارہ جوئی کرنا یا وہ کاغذ جس پر اپیل کی وجوہ لکھی جائیں	مذکر	اختر مینائی	یہاں نہ جرم ہوا ثابت اگر بُری ہوگی	تو عدالتِ محشر میں جب اپیل ہوا
اُتار[2]	ھ	۶۰۳	چڑھاؤ کی ضد۔ دفعیہ تشنیب۔ ڈھال۔	مذکر	ناظم	بہکنگی نشۂ صہبائے غم سے کیونکر جان	چڑھاؤ یہی تو اُسکا اُتار دیکھ چکے
تارا	ھ	۶۰۳	ورود۔ آمد۔ گزر۔	مذکر	جرات	کل سیرِ چمن میں تھے کئی شخص کافر	پریوں کا ہو جوں جانب گلزار اُتارا
	ھ	۶۰۴	صدقہ جو کسی پر سے اُتار کے چوراہے پر رکھتے ہیں	مذکر	قلق	پھر تو صدقے اُتارے ہونے لگے	زر انعام لوگ ڈھونے لگے
تباع	ع	۴۷۴	بالکسر تشدید دوم مکسور پیروی کرنا تابعداری	مذکر	انشا	ہے کون جز ائمہ اثنا عشر بخُلق	انشا امورِ دین میں کرے جنکا اتباع
				مذکر	ناصر	کرکے عصیاں آنکھ کو پرنم کیا	اتباعِ سنتِ آدم کیا
اد[3]	ع	۴۱۴	بالکسر اول میل جول۔ دوستی	مذکر	آتش	یہ دل لگانے میں ہمنے مزہ اُٹھایا ہے	ملا نہ دوست تو دشمن سے اتحاد کیا
اف	ع	۴۹۰	بالکسر اول۔ سوغات۔ تحفہ	مذکر	تسلیم	بھیجی ہے اپنی یاد تو ہم دل میں ہیں جگہ	ہے قابل سپاس یہ اتحاف یار کا
زانا	س	۵۳ ۶	بالکسر اول نازاں ہونا۔ تعلّی کی لینا۔	مذکر	غالب	ہوا ہے شہ کا مصاحب پھرے ہے اتراتا	وگرنہ شہر میں غالب کی آبرو کیا ہے
ن[4]	ھ	۶۵۱	اُترے کپڑے۔	مذکر	اختر مینائی	ہو کے خوش جامے سے باہر ہو جائے	گل کو ملجائے جو اُترن تیرا
مال	ع	۵۲۴	بالکسر اول وبہ تشدید دوم مکسور۔ ملا ہوا۔ ملنا۔ لگاتار کسی کام کا ہونا	مذکر	رشک	کہنے کیواسطے ہے شبِ وصل اے فلک	دیکھا ہے اتصال نہیں صبح و شام کا
اق[5]	ع	۵۸۲	بالکسر اول و دوم مشدد مکسور میل جول۔ موافقت	مذکر	آتش	دم میں دم جب تک ہے چھٹنے کا نہیں میرا کہا	میرا اسکے اتفاق روح و تن ہو جائیگا
اق[6]	ع	۵۸۲	بالکسر اول و تشدید دوم مکسور اچانک کسی کام کا ہو جانا	مذکر	سوتش	غیرت کے مارے یار ہوا غیر سے خلاف	یہ اتفاق بھی ہے خدا داد ہو گیا
نا	ع	۵۰۲	بالکسر اول مشدد دوم مفتوح پرہیزگاری اللہ سے ڈرنا ممنوعاتِ شرعیہ سے بچنا	مذکر	تسلیم	اُس بت کافر کا آنا ہے سوئے مسجد قہر تھا	کیسے کیسے پارسا کا اتقا جاتا رہا
ام	ع	۴۸۲	بالکسر پورا کرنا۔ تمام کرنا۔ انجام کو پہونچانا۔	مذکر	ناصر	دل لیا تو کیوں لیا کیونکر لیا	الغرض اتمام حجت کر لیا
[7]	ت	۴۰۷	بضم اول مشدد دوم پیہر ایک آہنی آلہ ہے جسکو گرم کر کے کپڑے پہ نقش و نگار بناتے ہیں	مذکر	ناسخ	دستِ نازک سے لگائیں تو نے تلوے جو آج	کیا بہار رخت عریانی یہ اتو ہوگیا
ام	ع	۴۴۷	بالکسر اول و بفتح دوم مکسور تہمت لگانا الزام دینا۔ دوش دینا۔	مذکر	انشا	یقین مانو بہتان ہے یہ سب اسپر	ہنسی کیواسطے یہ اتہام میں نے کیا
لا	ھ	۴۳۳	بفتح اول خانہ داری کے مختلف اسباب	مذکر	جانِ صاحب	اُس گھر کو اجی بھاڑ سے بدتر ہو سمجھئی	جس گھر میں گرستی کا اُٹالا نہیں ہوتا
ان	ھ	۴۵۶	ابھار۔ جوانی کا آنا۔ نشو و نما کی قوت	مونث	جلیل	ہے قیامت اُٹھان ظالم کی	وہ ابھی سے جوان ہے گویا
				مونث	داغ	کس قیامت کی ہے اُٹھان تری	یہ قیامت اُٹھائیگی اک دن

اپیل کو ظفر علیخان نے مونث بھی لکھا ہے سے مشرق و مغرب کے دفتر کو الٹ دیتے سکتے ہم۔ ہو نہ سکتی تھی ہمارے فیصلہ کی کچھ اپیل۔ جلال و مولوی شہید الدین احمد نے اپنے سماون
مونث کے تحت میں لکھا ہے مگر مولوی شہید الدین احمد نے لکھا ہے کہ مذکر بھی بولتے ہیں۔ واقعی مذکر ہی انسب ہے۔ نور اللغات نے مختلف فیہ لکھا ہے۔ سے (داغ) دئے ناصح نے
چڑھاؤ اُسکی باتونیں ہم کب آتے ہیں۔ سے (ناسخ) چاہیئے معشوق سے عاشق کو ایسا اتحاد۔ اس نے پہنا طوق منت سالہا ممنون ہوگیا۔ سے ایجرہ ہاتھ آئے اُسکا اترن بھی
بید کو خلعت نور اپنا ہے یار کی پوشاک سے۔ اُترن کو حالی نے مونث بھی لکھا ہے سے یہنو تو پہلے بھائیوں کو پہناؤ کہ ہے اُترن تمہاری جنکا بناؤ۔ لیکن مذکر ہی انسب ہے اور زیادہ تر
نے مذکر ہی استعمال کیا ہے۔ سے (ظفر) صحبت منافقانہ ہے ہر جا نفاق سے۔ کچھ اتفاق ہے تو کہیں اتفاق سے۔ سے (مسرور) جب وہ گھر کے قریب آ پہونچا۔ اتفاقیہ میں بھی جا پہونچا
دو میں بیشتر بتشدید دوم ہی زبان پر ہے مگر تسلیم نے بلاتشدید بھی لکھا ہے۔ سے فقر میں تقدیر دیتی ہے لباس اغنیا۔ جسم عریاں پر اتو ہوتا ہے نقش بوریا۔ اتو اُس آلہ آہنی کو کہتے ہیں
سے نقش و نگار بنادیں اور اس نقش و نگار کو بھی اُتو کہتے ہیں۔

لفظ	اصل	نمبر	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
اٹکھیلی	ھ	۴۷۶	چال میں شوخی۔ شوخ چال۔ خرام ناز۔	مونث	تسلیم	مٹایا نوجوانوں کو بہت اچھا کیا تو نے	کوئی اٹکھیلی ہمسے بھی سہتے۔ پیر ہوتی ہے
اثاثہ	ع	۱۰۰۷	اسباب۔ سرمایہ۔	مذکر	امیر	خط عارض کر رہا ہے حسن عارض کو تباہ	لوٹتا ہے لشکر شاہی اثاثہ شاہ کا
اثاث البیت	ع	۱۳۴۵	اسباب خانہ داری۔ گھرستی کی چیزیں	مذکر	نوازش	لیگئی دل سے قرار و صبر و زر دیدہ نظر	چور ہے کے ہاتھوں اثاث البیت لٹکر رہ گیا
اثبات	ع	۹۰۴	بالکسر اول نفی کی ضد۔ ثابت کرنا۔ ثبوت	مذکر	وزیر	جو اسنے بات کی ہو گیا مجھے اثبات	دہن وہ تنگ ہے گنجائش کلام نہیں
اثر	ع	۷۰۱	بفتح اول و دوم۔ نشان۔ تاثیر۔ نتیجہ۔ خاصیت	مذکر	جلیل	فغاں میں درد۔ دعا میں اثر نہیں آتا	جو تم نہیں ہو تو کوئی ادھر نہیں آتا
اجابت	ع	۴۰۷	بالکسر اول و فتح چہارم قبولیت۔ منظوری	مونث	امیر	وصل کی نکلے دعا تھنے بھی آہیں کہی	اب اثر صدقے تو قربان اجابت ہو گی
اجارہ	ع	۲۱۰	بالکسر اول ٹھیکہ۔ کرایہ۔ لگان۔ مجازاً زور زبردستی	مذکر	اسیر	دل ہمارا تھا حسینو اب تمہارا ہو گیا	ملک پر آخر امانی سے اجارہ ہو گیا
اجازت	ع	۴۱۲	بالکسر اول حکم۔ پروانگی۔	مونث	صفدر	ابھی ہجر میں جان دیتا تڑپ کر	کروں کیا نہیں ہے اجازت کسی کی
اُجاغ	ت	۱۰۰۵	بالضم چولھا۔	مذکر	مصحفی	کیا ہم نے کر لگدا ہیں جو مصحفی یہ سوچیں	ہے گرم اسکا چولھا ہمکا اجاغ ٹھنڈا
اُجالا	ھ	۳۷	روشنی۔ چاندنی	مذکر	تسلیم	ظلمت دل ہو دہی لاکھ جلایا غم نے	پھونک دینے سے بھی اس گھر میں اُجالا
اجتماع[1]	ع	۵۱۵	بالکسر اول و سیوم جماؤ۔ بھیڑ۔ جمع ہونا۔	مذکر	تسلیم	خلوت کدہ دل تو تھا تمہارا	غیروں کا ہے اجتماع کیسا
اجتناب	ع	۴۵۷	بالکسر اول و سیوم بچنا۔ پرہیز۔ کنارہ کشی	مذکر	اسیر	ہوا میں خاک پر افتادگی کی خو نہ گئی	مرے غبار کو اڑنے سے اجتناب رہا
اجتہاد	ع	۴۱۴	بالکسر اول و سیوم کوشش کرنا۔ جد و جہد۔ حاصل کرنا مسائل شرعیہ کا قرآن و حدیث سے	مذکر	سرور	ہم اپنے فن کے نہ کیوں مجتہد ہوں کہ شرر	کہ اجتہاد ہی مانے ہوئے جہاں اپنا
اجر	ع	۲۰۴	بالفتح انعام بدلا۔ صلہ	مذکر	انیس	کم ہونگے گنہ غنچۂ امید کھلیگا	سو رنگ کا ہے اجر اس سے نمازی کو ملیگا
اُجرت[2]	ع	۹۰۴	بضم اول مزدوری۔ کرایہ۔ بھاڑا۔	مونث	امیر	ناز اٹھوا کے ہتھاروں نہیں کہا بس چلدو	تم تو بیگاری ہو بیگار میں اُجرت کیسی
اجل[3]	ع	۳۴	وقت مقررہ موت۔ قضا	مونث	رند	بنائی جدائی نے تیری وہ شکل	اجل دیکھکر مجکو ڈر جائیگی
اجلاس	ع	۹۵	بالکسر کچہری کرنے کو بیٹھنا۔ کچہری میں انصاف کیلیے حاکم کا بیٹھنا	مذکر	ذوق	حشر میں اجلاس کسکا ہے کہ آج	لیکے سب اعمال کا دفتر چلے
				مذکر	نوازش	بیٹھ گوشے میں نہ تو چھوڑ کے ہر جلسے کو	دیکھ زنداں خرابات نشیں کا اجلاس
اجلال	ع	۶۵	بکسر اول بزرگی۔ شان و شوکت	مذکر	صبا	دلوں پر نہ ظاہر ہو کچھ حال ان کا	زباں سے بیاں ہو نہ اجلال انکا
اجماع	ع	۱۱۵	بالکسر کسی کام پر متفق ہونا۔ جمع ہونا۔ بھیڑ	مذکر	صبا	ہے اجماع اسی سر زمیں پر ہوا	کہ لشکر ستاروں کا لشکر ہوا
اجمال	ع	۶۵	بالکسر اول مجمل بیان۔ تفصیل کے ساتھ یا کچھ کر بیان کرنا	مذکر	تسلیم	گفتگو سے نہ کھلا ان کا دہن	ساری تقریر میں اجمال رہا
اجودھیا	ھ	۲۱۵	راجہ رام چندر کی پیدائش کی جگہ ضلع فیض آباد میں	مونث	افسر	افسردگی ملال کی بنیاد پڑ گئی	بن کو چلے جو رام اجودھیا اجڑ گئی
اُجورہ	ع	۲۱۵	بالضم اول و دوم سکون ثالث از معروف اجرت۔ مزدوری۔ بھاڑا۔ کرایہ	مذکر	سجاد	پیوست گلشن میں نکلا منہ سے جسکے چمن	باغباں کو کی ریاضت کا اجورہ ہو گیا
اچار	ھ	۳۰۵	مشہور ترشی ہے	مذکر	جان صاحب	دوگانا جان تمہیں انگتا مہینا ہے	نہ کھاؤ گرم نگوڑا اچار ہوتا ہے
اچپلاہٹ	ھ	۴۴۲	شوخی۔ چلبلا پن۔ بیقراری۔	مونث	وزیر	ہے یاد آتی ہے کسکی اچپلاہٹ	جو گر پڑتی ہے بجلی تلملا کر
اچکن	ھ	۷۴	بالفتح اول و سیوم۔ لو تام دار انگا۔ انگرکھا	مونث	تسلیم	اسنے جب زیب بدن کی اچکن	ہوگئی پرزے پرزے چکن کی اچکن
اچکا	ھ	۲۵	بدمعاش۔ شاطر۔ جو چیز سب کے سامنے مال اڑا کر لیجائے	مذکر	امیر	امیر ابھرا جو وہ جوبن ملا دل کا پتہ مجکو	یہی دونوں اچکے تھے جو رستے چوری ہوگئی

[1] نجومیوں کی اصطلاح میں آفتاب و ماہ کا ایک برج میں جمع ہونا۔ [2] (صبا) نہ ہو زاہد لا حاصل ہے۔ بیگاری کو اجرت کیسی۔ [3] (آتش) موسم گل نہیں آتا ہے اجل آتی ہے گر رستے ننگ ہوا جاتا ہے زنداں مجکو۔

چنبھا	ھ	۶۲	تعجب حیرت۔	مذکر	نواب مرزا شوق	آہ و زاری جو کوئی کرتا تھا	اک اچنبھا مجھے گزرتا تھا
چھل کود	ھ	۶۹	کھیل کود پھاندنا	مونث	جان صاحب	نچلے کہیں بیٹھو نہ اُدھم اتنا مچاؤ	بھاتی نہیں اتنی یہ اچھل کود تمہاری
چھو	ھ	۱۵	ناگھن چڑھنا۔	مذکر	صبا	بادہ نوشی میں جو زلفِ یار کا ذکر آ گیا	حلق میں اپنا پڑا پھندا کہ اچھو ہو گیا
حاطہ	ع	۲۴	گھیرا۔ چہار دیواری	مذکر	فائز	ہوئی ہیں قید صحرا میں بھی وحشی خاک اُڑنے کو	احاطہ تن کے چار سمت سے دیوارِ زنداں کا
	″	″	″	مذکر	اسیر	پری رخسار کوئی اس سے باہر ہو نہیں سکتا	احاطہ قاف سے تا قاف ہے اپنے تصور کا
حبّا	ع	۱۲	بالفتح اول و کسر دوم و تشدید سیوم جمع حبیب کی بہت سے دوست	مذکر	جلال	عدو کیسے احبا بھی ہمارے	بنے دشمن تمہاری دوستی میں
حباب	ع	۱۴	احباب بھی حبیب کی جمع ہے دوست آشنا	مذکر	جلال	آپکو تم کہ جنازہ مرا اُٹھ جائے کہیں	جتنے احباب ہیں گھر آئے ہوئے بیٹھے ہیں
حتباس	ع	۴۷۲	بالکسر اول و سیوم روکنا۔ بخل کرنا۔ حبس	مذکر	نوازش	یار جب دم نہ میرے پاس ہوا	جی گھٹا دم کا احتباس ہوا
حتراز	ع	۶۱۷	بالکسر اول و سیوم پرہیز کرنا بچنا کنارہ کشی	مذکر	ناظم	بھلا کیا توڑنے سے دل کے ہوگا احتراز اسکو	بنائے کعبہ کی جنکو ہو عادت ڈھانی کی
حتراق	ع	۷۱۰	بالکسر اول و سیوم جلجانا۔ جلانا۔ پھونکنا	مذکر	تسلیم	اللہ اللہ گرمی سوزِ فراق	تپ چڑھ آئی احتراق خوں ہوا
				مذکر	ذوق	ہو گیا موقوف یہ سودا کا بالکل احتراق	لالہ یہ داغ سیہ پانے لگا نشو و نما
حترام	″	۶۵۰	بکسر اول و سیوم عزت و توقیر	مذکر	رضا	حریم کعبہ ہو یا بتکدہ ہو یا گرجا	کہاں یہ اُس بت بیباک کا احترام نہیں
				مذکر	رشک	مزا ہے دیکھیے گا شیخ جی رک کے اٹھے	جو انکا بزم میں کل احترام ہم نے کیا
عدد	〃	۷۸	گنتی۔ شمار۔	مذکر	ظفر	ہو گئے دیوانے اک ہزار و یکصد و ہشتاد و دو	اے ظفر کتنے عدد ہیں یہ تمہارے نام کے
عدل	〃	۱۰۴	بفتح اول و سکون دوم۔ انصاف	〃	انیس	حافظ اگر ہو عدل جنابِ امیر کا	شعلہ پہنے ہے جسم میں کرتہ حریر کا
عدم	〃	۱۱۴	نیستی۔ نہیں ہونا۔	〃	انشا	اس ہستیٔ موہوم سے میں تنگ ہوں انشا	واللہ کہ اس سے ہے مرا تب عدم اچھا
عدو	〃	۸۰	دشمن۔ بیری۔ شعرائے اردو رقیب کے معنی میں اکثر استعمال کرتے ہیں۔	〃	داغ	کھینچے ہے قسمت برگشتہ تلاش دشمن	دوست کو ڈھونڈھتے ہیں ہم تو عدو ملتا ہے
عذاب [۷]	〃	۴۷۳	بالفتح صحیح ہے اور بالضم غلط ہے۔ دکھ۔ درد۔ گناہ کی سزا۔ وہ تکلیف جو بد اعمالی کے صلہ میں دیجائیگی۔	〃	〃	قسمت نے میری پایا جو رنج محبت میں	دوزخ کے بھی جیتے جی آیا نہ عذاب ایسا
عذار	〃	۱۰۹	رخسارہ۔ گال۔ بروزن کتاب۔ و بروزن گزار غلط ہے۔	〃	ناسخ	یا سہرے دھو رہے ہیں گل سرخ	دیکھو آئینہ میں عذار اپنا

۱ (آتش) جو نیند صحرا میں قبر دیکھی تو میں نے کندہ کیا یہ پتھر عبیر عزیز میت حبیب کا ہو غبار خاطر وہ ہو گیا۔ سنگھاڑے کے آٹے میں سرخ رنگ ملا کر بناتے ہیں جسکو ہولی میں ہندو ایک دوسرے پر ڈالتے ہیں اسکو بھی عبیر کہتے ہیں۔ ۲ (رانج) کی خوب کلمہ گو اُدنے حرمت رسول کی خیمہ جلائے لوٹ لئے عترت رسول کی ۳ (آتش) اعجاز کا عجب لب جاں بخش سے نہیں عجب۔ ۴ بضم اول ودوم غرور و تکبر و خود بینی ۵ (غالب) پھر کھلا ہے در عدالت ناز۔ گرم بازار فوجداری ہے ۶ بمعنی رنج و علت۔ (جلیل) جنوں آئے جب سے مجھے شور ہے حسینوں میں۔ ہمیں جلیل سے بڑھکر کوئی عذاب نہیں۔ گناہ کی سزا (داغ) زاہد مزہ تو جب ہے ثواب و عذاب کا۔ دوزخ میں بادہ کش نہوں جنت میں تو نہو۔ اذیت تکلیف۔ (داغ) نہ دل ہی ٹھہرا نہ آنکھ جھپکی نہ چین پایا نہ خواب آیا۔ خدا دکھائے نہ دشمنوں کو جو دوستی میں عذاب دیکھا ۸ در پیر شبیر آیا سمجھے یہ عجز تھا۔

عذر[1]	ع	۹۷۰	بضم اول حیلہ بہانہ۔ معذور کرنا۔ کسی بات کا سبب	مذکر	داغ	عذر انکی زبان سے نکلا	تیر گویا کمان سے نکلا
عذوبت	″	۱۱۷۸	لذت۔ شیرینی۔ خوش مزگی۔	مونث	امیر	ترزبانی سے لیا کام سخن میں جو زرا	جان شیریں سے سوا اسمیں عذوبت آئی
عربا	″	۲۷۲	ملک عرب اور عرب کے باشندے۔	مذکر	داغ	تری بندہ نوازی ہفت کشور بخش بیٹھی ہو	جو تو میرا جہاں میرا عرب میرا عجم میرا
عرس	″	۳۳۰	بضم اول طعام عروسی۔ فاتحہ۔ کسی بزرگ کا فاتحہ ہر سال انکی وفات کے روز۔	″	امیر	نئی تقریب پریوں کے بلانے کی ہو دیوانو	کسی صحرا میں عرس اک دن کریں چلکر سلیمانکا
عرش	″	۵۷	تخت۔ چھت۔	″	رضا	نالہ مجھ بیکس کا جب اونچا گیا	عرش کو جنبش ہوئی تھرا گیا
عرصہ	″	۳۶۵	میدان	″	آتش	جنوں کیجل عدم کو یاں بھی گھبراتا ہوں میں	کیا ہے تنگ وحشت نے ہماری عرصہ ہامونکا
عرصہ[2]	۰	۰	مجازاً دیر۔ توقف۔ تاخیر۔	″	ذوق	جہاں میں عرصہ عشرت سے سوا دہ چند ہے غم کا	اگر ہے عید کا اک دن تو عشرہ ہے محرم کا
عرض	″	۱۰۷۰	چوڑان۔	″	اختر شاہ اودھ	گھوڑے دوڑائیں گے اختر نہ گھٹنی کا ہے گذر	عرض اس تھان کا بزاز جو چوڑا ہوگا
″	″	″	بفتح اول و دوم کسی چیز کا کسی پر ظاہر کرنا۔ بیان کرنا۔ گذارش کرنا۔	مونث	جلیل	مانگتا ہے کوئی دنیا کوئی عقبےٰ تجھسے	عرض میری بھی ہے شاہ دوسرا تھوڑی سی
عرضداشت	ف	۱۱۷۵	درخواست	″	فایز	لکھے گئے جو ہم آخر یہ نامہ نے کہا	کہ عرضداشت تو طومار ہوتی جاتی ہے
عرضی	ع	۱۰۸۰	درخواست۔	″	جلیل	برچھی کا کام کرگئی عرضی رقیب کی	تیری نظر سے میری جگر سے گذر گئی
عرق	″	۳۷۰	پسینہ	مذکر	نواب مرزا شوق	بید کیطرح جسم تھرّایا	سر سے لے پاؤں تک عرق آیا
″	″	۳۷۰	وہ پانی جو دواؤں کا کھینچا جاتا ہے مثلاً عرق کیوڑا عرق گاؤزباں وغیرہ[3]	″	داغ	میرے انگور کھنچنے میں تجھے دیتا ہے زاہد	رہیگا تیز یکساں یہ عرق دل سے آخر تک
عروج[4]	″	۳۷۹	بلندی۔ مرتبہ۔ اقبال کی یاوری۔	″	انیس	کسی کی ایک طرح پر بسر ہوئی نہ انیس	عروج مہر بھی دیکھا تو دوپہر دیکھا
عروس	″	۳۳۶	دولہا دولہن دونوں کو عروس کہتے ہیں	مونث	امیر	نظر تمنے گھونگھٹ اٹھا کر جو کی	عروس بہار اور شرما گئی
عروض[5]	″	۱۰۷۶	بفتح اول و ضم دوم علم شعر کا نام ہے بضم اول غلط ہے	مذکر	″	تفکر آتیا زجان جاناں میں کیا حد کا	عروض اتبک نہ آیا تھا اس بیت معقد کا
عریضہ	″	۱۰۸۵	خط۔ عرضی۔ وہ تحریر جو چھوٹے کیطرف سے بڑے کے نام ہو	″	آتش	اس شہ خوباں کو جب لکھا عریضہ شوق کا	استقدر لوٹا ہما سے پیر کبوتر بنگیا
عزا[6]	″	۷۰	ماتم۔ ماتم پرسی۔	مونث	جلال	تمھارے بال پریشاں ہیں جسکے ماتم میں	غم آج انکا ہے سوگ انکا ہے عزا انکی
عزادار	ف	۲۰۲	ماتمدار۔ سوگوار	مذکر	جلیل	قافلے میں نہ بچا کوئی بجز عابد کے	ایک بیمار رہا شہ کا عزادار رہا
عزت	ع	۲۷۷	غالب ہونا۔ قوت غلبہ۔ شدت۔ فارسی والے حرمت آبرو۔ شان کے معنی میں بھی استعمال کرتے ہیں۔	مونث	رند	سن او گل بہت منہ نہ چڑھ دیا کر	یہ تھوڑی سی عزت اتر جائیگی

[1] (امیر) خدا ہی عاجزوں کی عاجزی سنتا ہے بخشش ہیں۔ بڑی سرکار ہیں دربار ہیں یہ عذر چلتا ہے [2] بمعنی فاصلہ۔ (ظفر) دور ہیں دل سے جو دیکھے تو وہ نزدیک ہے۔ تجھ میرا سینہ ہے اپنا ہر ایک عرصہ دور کا بمعنی زمانہ۔ دو تقفا اتنا (ناسخ)۔ ہو گئی بالکل ہماری عمر غفلت میں بسر۔ عرصہ اپنی زندگانی کا مگر اک خواب تھا۔

[3] (داغ) گر رسائی چاہتی ہے اور تو بنا قرزن ۔ اے قضا ملجا کسی اٹکی ہوئی تقدیر سے۔ اٹکی ہوئی تقدیر۔ فصحا استعمال نہیں کرتے [4] لفظ عروض کا حاشیہ نمبر ۲ صفحہ ۲۴ پر ہے

[6] عزا خانہ لکھنؤ میں اس مکان کو کہتے ہیں جہاں مرثیہ خوانی یا تعزیہ داری ہوتی ہے۔

حاشیہ نمبر ۱۲ متعلقہ صفحہ ۲۳۹ - عروض - بفتح اول و بضم دوم بمعنی عارض ہونا - اصطلاحاً ایک علم کا نام ہے - اسکا موجد خلیل بن احمد مکہ معظمہ کا رہنے والا تھا - چونکہ مکہ معظمہ کے ناموں میں سے ایک نام عروض بھی ہے اسوجہ سے تبرکاً و تیمناً یہ نام رکھا گیا اس علم میں شعر کے اوزان رکھے گئے ہیں - عروض میں اصلی بحریں کل انیس ۱۹ ہیں اُن میں سے بارہ بحریں اردو میں مستعمل ہیں لیکن زحافات و تغیرات کی وجہ سے اُن بارہ بحروں کی تحت میں کئی بحریں آتی ہیں تصریح اُن بحروں کی مختصراً ذیل میں درج ہے۔

نام بحر	زحافات سے اضافہ	ارکان (دوبار)	کسکا شعر ہے	شعر جو اس بحر میں ہے	
کامل	سالم مثمن ۱	متفاعلن متفاعلن متفاعلن متفاعلن	آتش	مرے دلکو شوق فغاں نہیں مرے لب تک آتی دعا نہیں	وہ دہن ہوں جسمیں زباں نہیں وہ جرس ہوں جسمیں صدا نہیں
ہزج	سالم مثمن ۱	مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن	امیر	کباب سیخ ہیں ہم کروٹیں ہر سو بدلتے ہیں	جو جل اُٹھتا ہے یہ پہلو تو وہ پہلو بدلتے ہیں
	۲	مفعولُ مفاعیلن مفعولُ مفاعیلن	بحر	آشفتہ طبیعت کے آثار نہیں چھپتے	آزار محبت کے بیمار نہیں چھپتے
	۳	مفعولُ مفاعیل مفاعیل فعولن	اسیر	آنکھ اُسکی پھرے مجھ سے یہ باور نہیں آتا	کیا ضعف سے بیمار کو چکر نہیں آتا
	۴	مفاعلن مفاعلن مفاعلن مفاعلن	جلیل	گھٹا اُٹھی صبا چلی چمن کھلا بہار ہے	نشاط ہے سرور ہے نگار ہمکنار ہے
	شش رکنی ۵	مفاعیلن مفاعیلن فعولن	ناسخ	زبس واژوں ہے اپنا کوکب بخت	زمیں اوپر ہے نیچے آسماں ہے
	۶	مفعول مفاعلن فعولن	امیر	دل ہی نہ رہا امید کیسی	جڑ کٹ گئی نخل آرزو کی
رمل	مثمن ۱	فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن	ذوق	خط بڑھا زلفیں بڑھیں کاکل بڑھے گیسو بڑھے	حسن کی سرکار میں جتنے بڑھے ہندو بڑھے
	۲	فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن	آتش	یار کو میں نے مجھے یار نے سونے نہ دیا	رات بھر طالع بیدار نے سونے نہ دیا
	۳	فعلاتُ فاعلاتن فعلاتُ فاعلاتن	امیر	جو نگاہ کی تھی ظالم تو پھر آنکھ کیوں چرائی	وہی تیر کیوں نہ مارا جو جگر کے پار ہوتا
	شش رکنی مسدس ۴	فاعلاتن فاعلاتن فاعلن	”	ہاتھ طوق گردن مینا کئے	میکدے میں ہم مزے لوٹا کئے
	۵	فاعلاتن فعلاتن فعلن	امیر	چاندنی میں جو وہ آجاتا ہے	چاند کو داغ لگا جاتا ہے
سریع	مسدس ۱	مفتعلن مفتعلن فاعلن	وزیر	بیٹھے بٹھائے تمہیں کیا ہوگیا	اُٹھ کے چلے حشر بپا ہوگیا
منسرح	مثمن ۱	مفتعلن فاعلن مفتعلن فاعلن	آتش	قافلۂ سخت دل انکو نہیں ہے یوں رواں	کرتے ہیں جیسے سفر اہل فرنگ آب میں
خفیف	مسدس ۱	فاعلاتن مفاعلن فعلن	امیر	کام جاں حسب مدعا نہ ہوا	دل پسا تو نگر حسنا نہ ہوا
مضارع	مثمن ۱	مفعول فاعلاتن مفعول فاعلاتن	”	آنکھ اُسکو کھولنی بھی دشوار ہوگئی ہے	چلنے چمن میں نرگس بیمار ہوگئی ہے
	۲	مفعول فاعلات مفاعیلُ فاعلن	داغ	کیا کیا فریب دل کو دیئے اضطراب میں	اُنکی طرف سے آپ لکھے خط جواب میں
مقتضب	مثمن ۱	فاعلات مفعولن فاعلات مفعولن	غالب	غنچہ پھر لگا کھلنے آج ہمنے اپنا دل	خوں کیا ہوا دیکھا گم کیا ہوا پایا
مجتث	مثمن ۱	مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلن	امیر	گذشتہ خاک نشینوں کی یادگار ہوں میں	مٹا ہوا سا نشان سر مزار ہوں میں
متقارب (۱)	مثمن ۱	فعولن فعولن فعولن فعولن	”	ادھر بھی کرم اے نسیم بہاری	ترستا ہے پھولوں کو مدفن کسیکا
	۲	فعولن فعولن فعولن فعول	میر حسن	نہیں کوئی تیرا نہ ہوگا شریک	تری ذات ہے وحدہ لاشریک
	۳	فعلن فعولن فعلن فعولن	آتش	زنار ڈالا تسبیح پھینکی	عشق صنم میں اللہ بھولا
	۴	فعلن فعلن فعلن فاع	جلیل	وہ آنکھیں چشم بد دور	رہتی ہیں مستی سے چور

(۱) بحر کو تقارب بھی کہتے ہیں -

بحر		نمبر	ارکان	شاعر	مصرع	مصرع
	شانزدہ رکنی	۵	فعولن فعولن فعولن فعولن فعولن فعولن فعولن فعولن	ذوق	یہ کشتوں کا ہی ماتم کہ یاں تیغ ہی کر اں تیغ بھی تو کہ تیری گلی	اگر سنگ موسیٰ کا تعویذ کھاتے تو رکھتے ہی بس دو سینا سیادہ [illegible]
		۶	فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن	آفاق سلمہ	ملا ہو سجدے کو آج وہ در دماغ اپنا ہو آسمان پر	جھک گیا اختر مقدر نصیب جاگا مری جبیں کا
		۷	فعلن فعولن فعلن فعولن فعلن فعولن فعلن فعولن	قدر بلگرامی	کبتک ستم کا تیری جفا دل اٹھائیگا [illegible]	تھہر ترا دل شیشہ مرا دل ہشیار اپنا خالق [illegible]
متدارک	مثمن	۱	فاعلن فاعلن فاعلن فاعلن	جلیل	خواجۂ دو جہاں مرحبا مرحبا	شافع عاصیاں مرحبا مرحبا
		۲	فاعلن فاعلن فاعلن فع	بحر	ہر طرف مجمع عاشقاں ہے	تیرے دم کا یہ سارا سماں ہے
		۳	فعِلن فعِلن فعِلن فعِلن	ظفر	مرا سینہ و دل مرا جان و جگر	ترے تیر نظر کا نشانہ رہا
		۴	فعْلن فعْلن فعْلن فعْلن	رند	گذرے جدم ہم دنیا سے	ہم نے جانا دنیا گذری
	شانزدہ رکنی	۵	فاعلن فاعلن فاعلن فع فاعلن فاعلن فاعلن فع	مرثیہ	شاہ خیمہ میں جا کر پکاری کہ آج رخصت ہے میری جہاں سے	ملا اللہ سر پر تمہارے کہ آج رخصت ہے میری جہاں سے
		۶	فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن	جلیل	گلشن پھولا بلبل چہکی چھائے بادل آ یا ساقی	جام و مینا نقل و صہبا کیا کیا ساماں لایا ساقی
		۷	فعلن فعلن فع فعلن فعلن فعلن فعلن فع	نوح	صبر بڑا دشوار طلب چاہ بڑی تاخیر پسند	آتے آتے آتا ہو ہوتے ہوتے ہوتی ہو
		۸	فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن	جلیل	ترے در پہ کھڑا ہوں شاہ عرب کہ حال ہے ایک گدا کا	کہیں دور ہو حسرت و رنج و الم کہیں درد جگر کو شفا ہو [illegible]
رجز	مثمن	۱	مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلن	ناسخ	ناسخ ہے اب آٹھوں پہر مشق تصور اس قدر	جس سمت کرتا ہوں نظر دلدار آتا ہے نظر
		۲	مفتعلن مفتعلن مفتعلن مفتعلن	طالب دہلوی	عشق میں جو تیز ہوا مرغ سحر خیز ہوا	چشم سے خونریز ہوا دل سے غم انگیز ہوا
		۳	مفتعلن مفاعلن مفتعلن مفاعلن	بحر	واہ رے عشق دیکھنا باغ کی سمت آ کے چلا	پر بھی قفس سے جو گرا بلبل بیقرار کا

ان بحروں میں تغیرات بھی ہوتے ہیں اور تغیرات کیوجہ سے اور بھی بحریں بڑھ جاتی ہیں۔ رباعی کے لیے اگرچہ بارہ بحریں مخصوص ہیں مگر رباعی کی اصلی بحر ایک ہی ہے جسمیں بکثرت رباعیاں پائی جاتی ہیں (مفعول مفاعلن مفاعیلن فع۔ عمر خیام کی رباعیاں اسی بحر میں ہیں

[۱] اکثر عروض داں حضرات اس بحر کو نہیں پسند کرتے۔ [۲] یعنی مؤلف کتاب ہذا۔

عزرائیل	ع	۴۲۰	نام اُس فرشتہ کا جو روح قبض کرتا ہے۔	مذکر	آتش	دم نکلتا ہی نہیں اے حسرت دیدار یار	کاش عزرائیل ہی تیری سی صورت مانگتا
عزلت	"	۵۰۷	گوشہ۔ تنہائی۔	مونث	امیر	سایۂ پردۂ توحید ہے عزلت میری	پردہ اُٹھ جائے اگر جامہ سے باہر میں ہوں
عزم	"	۱۱۷	قصد۔ ارادہ	مذکر	انیس	مانند عزم معرکہ آرا سے رزم تھا	گھوڑے سے شاہ دیں کو گرا دوں یہ عزم تھا
عزیمت	"	۵۲۷	قصد۔ ارادہ۔ افسوں۔ منتر۔ ہر معنی میں مونث ہے۔	مونث	مشہدی	لڑکا کے ساربان دل نالاں بھا بو زنگ	عشاق کو ہوئی ہے عزیمت حجاز کی
عسرت	"	۷۳۰	تنگی۔ تنگدستی۔ مفلسی۔ افلاس۔ دشواری	"	امیر	تیرے ہاتھوں سے ہوئی افلاس کی مٹی برباد	رخصت اس ملک سے عسرت ہوئی عشرت آئی
عسس	"	۱۹۲	کوتوال	مذکر	رضا	بنت العنب کے عشق میں بھاگی نہ سے الگ	قاضی کہیں پڑا ہے کہیں ہے عسس پڑا
عسل	"	۱۶۰	بفتح اول و دوم شہد۔	"	آتش	مال موذی سے تنفر آدمی کو چاہیے	سونگھ کر سنگ چھوڑ دیتا ہے عسل زنبور کا
عشرت	"	۹۷۰	فرحت آرام۔ خوش دلی۔	مونث	امیر	تیرے ہاتھوں سے ہوئی افلاس کی مٹی برباد	رخصت اس ملک سے عسرت ہوئی عشرت آئی
عشرہ	"	۵۷۵	مہینے کا دسواں دن۔	مذکر	تسلیم	لگے غیروں سے گلے ذبح کریں گے مجھکو	عید قرباں کہیں ہوگی کہیں عشرہ ہوگا
عشق	"	۴۷۰	کسی سے بیحد محبت کرنا۔	"	امیر	حسن کرتا ہے سنگ کو پانی	عشق پانی کو سنگ کرتا ہے
عشق اللہ	"	۵۳۶	آزاد فقیروں کا سلام	"	حسرت	ہو کے ہم بیت بندی برہمن سے راہ کرتے ہیں	حرم کے رہنے والو تمہیں عشق اللہ کرتے ہیں
عشق پیچاں / عشق پیچہ	"	"	ایک پھول ہے اسکا پیڑ لتردار ہوتا ہے جسمیں سرخ و سفید پھول ہوتے ہیں عربی میں لبلاب کہتے ہیں۔	"	انشا	جنگل کو یہ کام جو خوش آیا	جھاڑوں پر عشق پیچہ چھایا
عشوہ	"	۲۸۱	معشوق کی وہ حرکت جو عاشق کو فریفتہ کرے۔	"	حافظ صاحب	اے دوا آپکو مبارک رہے نخرا تیرا	غمزہ بھاتا ہے ترا مجکو نہ عشوہ تیرا
عصا	"	۱۶۱	لاٹھی۔ چھڑی۔	"	امیر	زور بازو سے جواں ہے آسرا ہے پیر کا	دیکھ لو دست کماں میں بھی عصا ہے تیر کا
عصر	"	۳۶۰	زمانہ۔ روزگار۔ دن کا اخیر حصہ اسوجہ سے نماز عصر کو عصر کہتے ہیں۔				
عصفور	"	۴۴۶	بضم اول صحیح ہے و بالفتح غلط ہے کنجشک۔	"	انیس	گھبرا کے خود اجل کے شکنجے میں آگیا	عصفور شاہ باز کے پنجے میں آگیا
عصمت	"	۶۰۰	پاکدامنی۔ گناہ سے بچنا پارسائی۔ پرہیزگاری۔	مونث	امیر	کہتے ہیں وصل میں پوری تو خطا ہوگی	ساتھ کھیلی ہوئی ہمدم میری عصمت ہوگی

سلہ عشرۂ مبشرہ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ دس صحابی جنکو دنیا ہی میں جنت کی بشارت دیدی گئی تھی۔ وہ دس حضرات یہ ہیں (۱) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۲) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ (۳) حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ (۴) حضرت علی کرم اللہ وجہہ (۵) حضرت زبیر رضہ (۶) حضرت طلحہ رضہ (۷) حضرت سعد رضہ (۸) حضرت سعید رضہ (۹) حضرت ابو عبیدہ (۱۰) حضرت عبدالرحمن رضہ یہ دس اصحاب عشرۂ مبشرہ کہے جاتے ہیں۔

سلہ اس عشرہ سے مراد عشرہ محرم سے ہے۔

لفظ	اصل	عدد	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
عصیاں	ع	۲۲۱	گناہ ۔ نافرمانی ۔	مذکر	امیر	شوق سے لکھیں فرشتے میرے عصیاں ایدن	ایک رحمت اُسکی ہے سارے دفتر کا جواب
عضو	ع	۸۷۶	بدن کا ٹکڑا ۔ بدن کا کوئی جزو	مذکر	انیس	خود حسن نے منہ اُن کے قدموں پہ ملا تھا	ہر عضو بدن نور کے سانچے میں ڈھلا تھا
عطا	″	۸۰	بخشش ۔ سخاوت ۔ فیض	مونث	جلیل	پاکے میں ساقی کوثر کو یہ کرتا ہوں سوال	اے عطا پاش ادھر بھی ہو عطا تھوڑی سی
عطر	″	۲۷۹	خوشبو ۔ جوہر خوشبودار چیزوں کا	مذکر	رند	یوسف لبسائے پیرہن اپنا یقین ہے	او گل کھینچے جو عطر ترے باسی ہار کا
عطش	″	۳۷۹	پیاس ۔ تشنگی ۔	مونث	دبیر	دو وقت ملتے اور غضب کی عطش ہوئی	اماں سے پوچھنے کو میں گئے بار غش ہوئی
عظمت	″	۱۴۱۰	بزرگی ۔	″	تسلیم	کہیں شوکت ہے شان انبیا کی	کہیں عظمت ہے ذکر اولیا کی
عفو	″	۱۵۶	معاف کرنا ۔ خطا بخشنا ۔ درگزر کرنا ۔	مذکر	جلیل	کریم کے جو کرم کا ظہور ہوتا ہے	خطا سے پہلے ہی عفو قصور ہوتا ہے
عفونت	″	۶۰۶	بدبو ۔ سڑاہند ۔	مونث	حالی	ہوا بملبلے کچھ اُٹھانے لگی	عفونت وہ پانی سے جانے لگی
عقاب	″	۱۷۳	نام مرغ شکاری ۔ مجازاً گرسپہ	مذکر	مونس	خادم کو صدا دی کہ عقاب آئے ہمارا	ہاں ابرش خورشید رکاب آئے ہمارا
عقبےٰ	″	۱۸۳	آخرت	مونث	داغ	تعریف نے کوثر کی سمجھے خوب پلائی	کیا بات ہے واعظ تری عقبےٰ کا بھلا ہو
				″	قلق	باپ ماں کا کہا یہ ٹالیں گی	اپنی عقبےٰ کو میٹ ڈالیں گی
عقد[ا]	″	۱۷۹	لڑی ۔ موتی کا ہار ۔ نکاح[۲] ۔	مذکر	بحر	کو بکو بکنے لگیں جب قلتیاں[۳] انگور کی	پانی پانی دُرج میں عقد لآلی ہوگیا
عقدہ	″	۱۷۹	مشکل بات[۴] ۔ بھید ۔ پیچیدہ مسئلہ[۵] ۔	″	دزیر	گلا کاٹو نہیں نیچے ہاتھ سے بہ منت قاتل	ہے ناخن سے حل ہو جائے عقدہ میری مشکل کا
	•	•	گرہ گتھی ۔ پھندا ۔	″	آتش	دل کو الجھا یا گرہ پڑنے نے زلف یار کی	دانہ کا دھوکا مجھے دیتا ہے عقدہ دام کا
عقرب	ع	۳۷۲	بالفتح بچھو ۔ آسمان کے ایک برج کا نام ۔	″	″	ایذا جو ہو اُس خال و گیسو سے تعجب ہے	وہ افعی بے دنداں ہے نیش یہ عقرب تھا
عقل	″	۲۰۰	بفتح اول ۔ سمجھ دانائی ۔ فہم ۔ ادراک ۔ بُدھی ۔	مونث	ظفر	ظفر کو منزل مقصود پہ تقدیر لے پہنچی	کدھر بہکی ہوئی سی عقل ہے تدبیر پھرتی ہے
عقیدت	″	۵۰۴	کسی امر کو صحیح اور حق جان کر اس پر دل سے اعتقاد ۔ دھرم ۔	″	امیر	عقیدت جب ہوئی پوری تو کیسی پھر دُوری	رخ محبوب دل میں جلوہ آرا ہو ہی جاتا ہے
عقیدہ	″	۱۸۹	دل کا بھروسا ۔ مذہب کے اصول ۔ اعتقاد ۔ جو بات دل میں قائم ہو چکی ہو	مذکر	داغ	ہوا ہے جب سے شہرہ اُس عدوے دین و ایماں کا	کوئی دل چیر کر دیکھے عقیدہ ہر مسلماں کا
عقیق	″	۲۸۰	ایک سرخ پتھر کا نام ہے جو اکثر سفید بھی ہوتا ہے ۔	″	امیر	سارا جہان نام کے پیچھے تباہ ہے	انسان کیا عقیق یمن سے نکل گیا
عقیمہ	″	۲۲۵	بانجھ عورت	مونث	″	کیوں نہیں بھاتی عدو کو میری نظم طبع زاد	دوستا رکھتی ہے عقیمہ غیر کی اولاد کو
عکس	″	۱۴۰	پرتو ۔ پرچھائیں ۔ سایہ	مذکر	رضا	آئینہ حیرت سے اندھا ہوگیا	پڑ گیا جب عکس روے یار کا
علاج	″	۱۰۴	بیمار کی دوا علاج ۔ معالجہ ۔ چارہ ۔ کارگری ۔ تدبیر	″	ناسخ	جز قتل کیا ہے عشق کے بیمار کا علاج	سو آپ روز کرتے ہیں چارکا علاج

[۱] بالفتح بمعنی پیمان و بالکسر گردن بند ۔ ہار ۔ رشتہ مروارید ۔ عقود ۔ جمع ہے ۔ [۲] نکاح ۔ (قلق) کہ کسی غیر مرد کے ہمراہ ۔ عقد ٹھہرا ہے آپکا اے ماہ ۔ [۳] [illegible] [۴] پیچیدہ مسئلہ یا مشکل بات سمجھ لینا (مصحفی) مدت سے ہمیں ذکر تھی انیا یہ دہن کی ۔ عقدہ یہ ہوا جنبش لب سے ترے حل آج ۔ [۵] گرہ (ممنون) ہزار طرح کے عقدے پڑے ہوئے دل میں ۔ کھلا نہ ایک ترا عقدۂ نقاب مجھے ۔ بمعنی (قلق) [illegible] ۔ انگور کی پٹاری ۔ نور اللغات ۔

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
علاقہ	ع	۲۰۶	بالفتح و بالکسر دونوں طرح جائز ہے۔ تعلق لگاؤ۔ ربط ضبط۔	مذکر	انیس	راحت سے شب و روز علاقہ مجھے ہوگا	فاقہ جو کروگی تو افاقہ مجھے ہوگا
٠	٠	٠	تعلق۔ مطلب سروکار۔	″	آتش	دونوں سے علاقہ نہ رہا چاہ کے تجکو	جنت کے نہ دوزخ کے ہوئے وا ہی قیامت
٠	٠	٠	جاگیر۔ گاؤں۔ جائداد۔ زمینداری	″	صبا	دشت وحشت کا علاقہ مجھے امسال ہوا	داغ سودا صفت نیر اقبال ہوا
علالت	ع	۵۳۱	بیماری۔ روگ۔	مونث	فایز	سر جو پھرتا ہی عجب سر خفی ہیں آئیں	یعنی آج آپ کے قربان علالت ہوگی
علامت	″	۵۴۱	نشان۔ پتہ۔ پہچان۔ آثار۔ علامات جمع ہے	″	″	شب کی رواروی ہے علامت سحر کی ہے	ہمکو لحد کی فکر انہیں یا دگھر کی ہے
علم	″	۱۴۰	واقفیت۔	مذکر	منیر	دیوانوں کو نہیں خبر دوزخ و بہشت	اللہ کو ہے علم ہمارے مآل کا
٠	٠	٠	ہنر۔ کسی خاص فن کی ماہیت	″	آتش	بعد فنا رہیگا علم اپنا اپنے ہمراہ	مضمون مردہ ہمکو ہاتھ آئیگا کفن میں
عَلَم	″	۱۴۰	نشان فوج۔ جھنڈا۔	″	انیس	غل تھا کہ جہاں میں علم ایسا نہیں دیکھا	زر ریز ہے پنجہ کرم ایسا نہیں دیکھا
علو	″	۱۰۶	بلندی۔ عزت۔ مرتبت۔	″	غالب	بادشہ کا نام لیتا ہے خطیب	اب علو پایۂ منبر کھلا
عِماد	″	۱۱۵	بکسر کھمبا۔ ستون۔ مکان کی اونچی دیواریں۔ یہ لفظ مفرد و جمع دونوں کے لیئے آتا ہی۔	″	مومن	کیا ہوئیں وہ بلند دیواریں	کیا ہوے وہ عماد طولانی
عمارت	″	۴۱۱	بکسر مکان۔ گھر۔ تعمیر شدہ مکان۔ آبادی۔	مونث	آتش	خانہ خراب نالوں کی بل بے شرارتیں	بہتی ہیں پانی ہو ہو کے سنگیں عمارتیں
عماری	″	۳۲۱	ہودج سایہ دار جو ہاتھی پر کستے ہیں یا اونٹ پر کسنے کا محمل۔ مُردے کا تابوت۔	″	منیر	جب خواصی میں رقیب عیش کن کو دیگئی	برج عقرب ای قمر تیری عماری ہو گئی
عمامہ[ا]	″	۱۵۶	پگڑی ایک قسم کی۔	مذکر	مونس	معراج میں نبی نے جو پہنا وہ جامہ تھا	خاکستری عبا تھی گلابی عمامہ تھا
عمر[۲]	″	۳۱۰	زندگی۔ مدت۔ سن۔ جمع اعمار	مونث	امیر	بڑی بیوفا عمر رفتہ تھی ہاے	مسافر کو رستے میں لٹوا گئی
عمل[۳]	″	۱۴۰	فعل۔ کام جمع اعمال	مذکر	مصحفی	کل تسبیح کو سے یار میں پہونچا گیا تجھے	ہاں یہ عمل تو اس سے ہوا ہی ثواب کا
٠	٠	٠	ورد۔ وظیفہ۔ دعا تعویذ	″	امیر	یاد آئی جہاں زلف نبی شکنی الجھن	اچھا یہ عمل ہاتھ لگا رد بلا کا
٠	٠	٠	قبضہ۔ دخل۔	″	حالی	بہت سے تھے تثلیث پر دل سے شیدا	بتوں کا عمل سو بسو جا بجا تھا
عمو	ع	۱۱۲	چچا۔ باپ کا بھائی۔	″	مونس	رشتہ ہی مجھے اس سے جو ہی احمد مختار	عمو ہے مرا شاہ نجف حیدر کرار
عناب	″	۱۲۳	ولایتی بیر جو مشہور ہوا ہی۔	″	ناسخ	سبزۂ خط فی یہ بدلا ہی لب جاناں کا رنگ	پہیلی زیں عناب جو تھا اندلون وہ پستہ ہے
عناد	″	۱۲۵	بکسر دشمنی۔ بیر	″	قلق	تم ذرا دیکھو اس بہن کا عناد	گھر ہی آخر مرا کیا برباد
عنان	″	۱۲۱	بکسر لگام۔ باگ۔	مونث	مونس	جس شخص نے گھوڑی کی عنان کھینچ کی پھرالی	وہ تیغ دو دم خون میں ہی بھر کے پھر آئی

[ا] بحرم حشر میں بھی وحدۂ فرد انہ ہوا نہ ہو۔ عمر تو آخر ہوئی اپنی تری تاخیر میں۔ [۳] عمل۔ بیکاری شانہ کے معنی میں بھی بولتے ہیں۔ رجانہ صاحب) دور ہو یرقان نرگس کا بنفشہ کا بخار تو عمل دو ایک کو جلاب اب۔

عنایات[1]	ع	۵۳۲	عنایتیں۔ زیادہ دیا۔ عنایت کی جمع	مونث	رند	کیا پوچھتے ہو حال بہر حال شکر ہے	کافی ہے میرے حق میں عنایات آپکی
عنایت	″	۵۳۱	مہربانی۔ توجہ۔ نظر لطف۔ دیا۔	″	جلال	چپکے ہو رہنا گلہ سنکے ہے عادت اُنکی	اور دے بیٹھیں جو گالی تو عنایت اُنکی
عنبر	″	۳۲۲	نام ایک خوشبو کا ہے جسکا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔	مذکر	سخن	ہے تری زلف میں کافر عجب انداز کی بو	مشک پہونچا نہ جسے عنبر سارا پہونچا
عندلیب[1]	″	۱۶۶	بلبل ہزار داستاں۔ بفتح اول صحیح ہے اور بالکسر غلط ہے۔	مونث	سودا	ظالم اکر دو گل کا گریباں ہوا ہے چاک	اک عندلیب اگر اجل[2] نہیں سے مرگئی
عنصر	″	۴۱۰	بضم اول وسیوم ونیز بفتح سیوم اصل۔ بنیاد۔ پانی آگ۔ ہوا مٹی میں سے ہر ایک کو عنصر کہتے ہیں۔	مذکر	رشک	دانتوں میں یاقوت گوہر ہونٹھوں میں	رنگتیں کیا کیا دکھاتا ہے یہ عنصر خاک کا
عنقا	″	۲۲۱	بالفتح صحیح ہے۔ بالضم غلط ہے۔ ایک فرضی پرندہ ہے جسکو شعرا نے فرض کرلیا ہے۔ ہر نایاب چیز کو کہتے ہیں۔	″	آتش	اُس ہمای اوج کا عنقا مقابل ہو گیا	حق جو کچھ تھا حق۔ جو باطل تھا وہ باطل ہو گیا
عنوان	″	۱۷۷	تمہید۔ دیباچہ۔ مطلب کی سرخی۔	″	ظفر	بھیجتے تھے خط ہمیں پہلے وہ جس عنوان سے	اب تو اک مدت سے وہ عنوان بھی جاتا رہا
۔	۔	۔	وجہ۔ سبب۔ طور ڈھنگ۔ سبیل طرح۔	″	داغ	غیر کا شکوہ بھی ہوتا ہے تو کس لطف کے ساتھ	اُنسے تعریف کا عنوان کہاں جاتا ہے
۔	۔	۔	ابتدا ہر چیز کی۔	″	ناظم	دم تحریر مناسب ہے کروں ضبط سرشک	ورنہ آغشتہ بخوں نامہ کا عنوان ہوگا
عود[3]	ع	۸۰	بالفتح لوٹنا۔ پھرنا۔ بازگشت۔	″	منیر	دنیا کو شان جلوہ یوسف دکھائیے	عود شباب ہو کبھی اس پیر زال کا
عود[3]	″	″	بالضم اگر ایک لکڑی ہے جو جلانے پر خوشبو دیتی ہے اور پانی میں ڈوب جاتی ہے	″	جرات	مری مرنے پہ ای یار نہ کیونکر دل جلے میرا	جہاں ہو بزم ماتم واں مقرر عود جلتا ہے
عور	″	۲۷۶	بضم وبواو معروف ننگا جسکے جسم پر کپڑا نہو۔	″	رضا	الفت لیلیٰ کا پردہ کسطرح ہوتا نہ فاش	بے کفن گاڑی گئی تھی لاش قیس عور کی
				″	رند	عور آتا ہے عدم سے جو ادھر آتا ہے	ننگوں کی شہر عدم میں کوئی بستی ہوگی
عورت[5]	″	۲۷۷	وہ چیز جسکے دیکھنے سے شرم آئے۔ ناف سے ٹخنہ تک جسم انسانی کا حصہ۔ زن۔	مونث	ظریف	گڑ بڑ مسافروں کی بھی اک یادگار تھی	عورت پہ مرد مرد پہ عورت سوار تھی

[1] جسطرح بلبل مختلف فیہ ہے اسیطرح لفظ عندلیب بھی مختلف فیہ ہے پہلے اسیر مرحوم نے مذکر اور رند نے مونث لکھا ہے۔ (اسیر) طبع اپنی بلبل باغ معانی ہے۔ اسیر۔ ہر چمن میں عندلیب خوش بیاں
رہتا نہیں (رند) ہے کئی دن سے گھات میں صیاد۔ عندلیب آجکل میں پھنستی ہے۔ [2] شعرائے حال اس ترکیب بندش کو متروک سمجھتے ہیں۔ [3] (مصرع رشک) پھر سیتلا نے عود کیا
باگسا موڑ کے۔ ایک قسم کی بلی جسکا صحیح تلفظ اود ہے۔ اود ایک جانور ہے جسکو اود بلاؤ کہتے ہیں۔ یہ پانی میں ڈوب کر مچھلیاں پکڑ لاتا اور کھاتا ہے۔
[5] جورو۔ بیوی کے معنی میں بھی بولتے ہیں جیسے ہماری عورت۔ ستر عورت۔ اُس حصہ جسم کو کہتے ہیں جسکے کھلنے سے شرم معلوم ہو۔ (رفاق) مرو معذور ہے گر ترک ہو ستر عورت کا
اب اس قاعدے سے کہ عربی کے الفاظ جمع کو جمع مذکر بولتے ہیں اسکو بھی بولنا چاہیئے۔

عوض	ع	۸۷۲	بدلا۔ معاوضہ۔	مذکر	نوح	وہ کیوں مجکو اہی نوح دم دے رہی ہیں	یہ کیا میرے دل کا عوض مل رہا ہے
عوعو	″	۱۵۲	آوازِ سگ۔ کتے کی آواز	مونث	مونس	اوکلب یہ عوعو تری کب مانتے ہیں ہم	تنکے سے بھی اس گزر کو کم جانتے ہیں ہم
عہد	″	۷۹	زمانہ وقت	مذکر	تعشق	گر پڑے آنسو عروج ماہ کامل دیکھکر	میری نظروں میں ترا عہد جوانی پھر گیا
•	•	•	وعدہ۔ پیمان۔ قرار۔ قول۔	″	ناظم	بسکہ بودا تھا تیرا عہد وفا	گو بندھا پر نہ استوار ہوا
عہدہ	ع	۸۴	منصب۔ درجہ۔ مرتبہ	″	ناسخ	ہو ہی آخر نرگس بھی مبتلا اس طفل گلرو پہ	دیا کسنے بھلا گلچین کو عہدہ باغبانی کا
عیادت	″	۴۸۵	بیمار پرسی۔ بیمار کو دیکھنے جانا۔	مونث	″	باغ عالم میں کہاں ہے کوئی مجھ سا چارہ‌گر	روز کرتا ہوں عیادت نرگس بیمار کی
عیار	″	۲۸۱	کسوٹی۔ کھری کھوٹے کی پرکھ پہچان۔	مذکر	غالب	سکۂ شہ کا ہوا ہے روشناس	اب عیار آبروے زر کھلا
″	″	″	بہت حرکت کرنیوالا۔ فارسی والوں نے بمعنی چالاک و ہوشیار استعمال کیا ہے۔	″	جلال	تیری وزدیدہ نظر سا کوئی عیار نہ تھا	آنکھ ملتے ہی مگر بر میں دل زار نہ تھا
عیب	″	۸۴	نقص۔ برائی۔ خرابی۔	″	اسیر	دور کرتی ہے ہماری طبع عالی نقص بیت	صنعت معمار سے عیب مکان رہتا نہیں
•	•	•	تہمت۔ الزام۔ اتہام	″	نواب مرزا شوق	دن بھر ایک ایک منہ کو تکتا تھا	بات کرنے میں عیب لگتا تھا
عید	″	۸۴	مسلمانوں کی خوشی کا دن مجازاً غرہ شوال۔ چونکہ ہر سال عود کرتی ہے اسوجہ سے عید کہلائی۔	مونث	جلیل	پئے نظارۂ دربار۔ اپنے چہرے سحر	مہ صیام کا پردہ اٹھا کے عید آئی
عیش	″	۳۸۰	بآرام زندگی بسر کرنا۔ فارسی والوں نے بمعنے خوشی و نشاط بھی استعمال کیا ہے۔	مذکر	صبا	بزم جہاں سے عیش ہمارا اٹھالیا	کیا قہر ہے ہمیں بھی خدا یا اٹھالیا
عینک	ت	۱۵۰	آنکھ کا چشمہ۔	مونث	اسیر	اے طفل دیکھتا ہے تری رخ کو پیر چرخ	عینک لگا لگا کے مہ و آفتاب کی

(اسیر) دور کرتی ہے ہماری طبع عالی نقص بیت۔ صنعت معمار سے عیب مکان رہتا نہیں۔

(ذوق) سا دن میں دیا مہ شوال دکھائی : برسات میں عید آئی قدح کش کی بن آئی عید شجاع۔ اس روز شیعہ بڑی خوشی کرتے ہیں و ربیع الاول کو حضرت عمر فاروق رض کی شہادت کی خبر میں یہ سب یہ خوشی مناتے ہیں۔ اگرچہ حضرت عمر رض کی شہادت ۲۶ ذی الحجہ ہے مگر عراق میں آپ کی شہادت کی خبر ۹ ربیع الاول کو پہونچی۔ آپ کے قاتل کا نام ابو لولو تھا اور اسکا لقب شجاع تھا اسی مناسبت سے اس عید کا نام "عید شجاع" رکھا ہے۔ (رشک) وہ ساتھ غیر کے کرتا ہے ایتو عید شجاع۔ ہمارے آگے محرم کی ہے تو یہ تاریخ۔

(رسا لکھ) یوں ہی دل غم سے اگر ہجر میں خوگر ہوگا۔ وصل میں عیش مجھے خاک میسر ہوگا ۵۴ (بحر) چڑھا نشہ کی عینک دیکھ واعظ۔ ابھی دونوں جہاں کی دید ہو جائے ہم نشہ کی جب چڑھی عینک۔ خوب حل مطلب کتاب ہوئے۔ (اسیر) ہوا نہ فائز دیدار اگر یہ پیر فلک تو پھر یہ عینک خورشید و ماہ کیا ہوگی۔

باب غین معجمہ

لفظ	اصل	نمبر	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
غار	ع	۱۲۰۱	گڑھا۔ پہاڑ کی کھوہ۔	مذکر	بحر	جنکا کہ پاس تھا مجھے دل انسے ہٹ گیا	سینے کا غار گرد کدورت سے پٹ گیا
غازہ	״	۱۰۱۳	اُبٹن ایک قسم کی سرخی ہوتی ہو جو عورتیں زینت کی غرض سے منہ پر ملتی ہیں۔	״	امیر	اللہ رے انقلاب جہان پلید کا	خونِ حسین غازہ ہے روئے یزید کا
غازی[1]	״	۱۰۱۸	کافروں سے لڑنیوالا۔ کافروں کو قتل کرنے والا۔	״	انیس	لشکر میں غل تھا کہ وہ غازی نظر آیا	دیں پرور و ابرار و نمازی نظر آیا
غاشیہ	״	۱۳۱۶	مجازاً وہ کپڑا جو چارجامہ کے اوپر ڈالتے ہیں۔ (زین پوش)	״	ضمیر	اک نور سے ہر چار طرف دشت بھرا ہو	اور حسن سے خود غاشیہ کاندھے پہ دھرا ہے
غایت	״	۱۴۱۱	غرض۔ مطلب۔ انتہا۔ انجام	مونث	سالک	جور و ستم کی انکے جو غایت نہیں رہی	یاں بھی مری وفا کی نہایت نہیں رہی
غبار	״	۱۲۰۳	گرد۔ دھول۔ گرد ملی ہوئی ہوا۔	مذکر	امیر	روئے قاتل زرد ہو جائے نہ کیونکر خوف سے	سرخ آندھی ہو غبار اپنی شہادتگاہ کا
	۰	۰	رنج۔ کدورت۔ ملال۔	״	آتش	ناقص ہے دوستداری میں کامل نہیں ہے تو	دشمن سے بھی غبار اگر دل میں رہ گیا
غُبارہ[2]	״	۱۲۰۸	بضم اول و فتح چہارم ایک قسم کی آتشبازی جو باریک کاغذ کا تھیلا بناتے ہیں۔ اور تیل کا بھیگا ہوا گیند جلا کر اڑاتے ہیں۔	״	بحر	سوز دل بعد فنا بھی آشکارا ہو گیا	جب غبار اٹھا ہمارا اک غبارا ہو گیا
غذا	״	۱۷۰۱	جس سے بدن کی پرورش ہو۔ مجازاً کھانا۔	مونث	انیس	عابد پہ یہ غرفہ ہے نمازی پہ چڑھائی	مہمانوں نے دو دن سے غذا بھی نہیں پائی
غرارہ (بحر غرغرہ)	״	۱۴۰۶ / ۱۴۰۵	حلق تک پانی پہنچا کر کلی کرنا۔	مذکر	آتش	شراب خلد کی خاطر دہن ہے رکھنا صاف	وضو میں درنہ یہ زاہد غرارہ کیا کرتا
غربت	״	۱۶۰۲	مسافرت۔ سفر۔ پردیس۔	مونث	فائز	بیاباں کے بسانے کو کوئی دیوانہ نکلا ہو	وطن پر آئی پری روآج کیا غربت برستی ہے
غرض	״	۲۰۰۱	مطلب۔ مقصد۔ خواہش۔ حاجت۔	״	مونس	لیکن غرض کسیکی معطل نہ ہوتی تھی	مشکل کوئی بغیر علیؑ حل نہ ہوتی تھی
غرفہ	״	۱۲۸۵	بضم اول و فتح سیوم کھڑکی۔ دریچہ۔ جھروکا۔	مذکر	منیر	وہ بے پردا ہے ہرگز خانۂ دل سے نہ جھانکیگا	عبث غرفہ کھلا ہے اے جنوں چاک گریباں کا
غروب	״	۱۲۰۸	چاند سورج کا چھپنا۔ ڈوبنا۔	״	مصحفی	اب پھر ہوا ہے شوق اُنھیں گلگوں نقاب کا	نزدیک ہے شفق میں غروب آفتاب کا
غرور	״	۱۴۰۶	گھمنڈ۔ تکبر۔ خودی۔	״	امیر	شاہوں سے پوچھتی ہو یہ خاک عاجزی	کیسی یہ تمکنت تھی یہ کیسا غرور تھا
غرّہ	״	۱۲۰۵	غرور۔ گھمنڈ۔	״	رند	غرّہ مٹا جاتا ہے راہ عشق میں مغرور کا	ٹھوکریں کھاتا ہے یاں سر قیصر و فغفور کا

[1] کنایۃً گھوڑے کو غازی مرد کہتے ہیں۔ غازی میاں سلطان محمود غزنوی کے بھانجے سید سالار مسعود غازیؒ کا خطاب۔ آپنے ۴۲۳ھ میں بمقام بہرایچ انتقال کیا اور وہیں مدفون ہیں۔ غازی میاں دم مدار حضرت شاہ مدار صاحب کو کہتے ہیں آپنے ۸۳۴ھ میں انتقال فرمایا اور قصبہ مکن پور میں دفن ہیں مکن پور کے فقرا علی العموم آپکو دم مدار کہا کرتے ہیں۔ [2] بحر ہی نے بتشدید دوم بھی لکھا ہو سے اُڑیگا گنبد افلاک بنکے غُبّارہ۔ جو میری آہ جہانسوز کا دھواں ہوگا۔ اب فصحا کی زبانوں پر بغیر تشدید کے ہے بعض افرنگی محلی نے بھی بتشدید دوم لکھا ہو سے فرقت میں نکلکر مری آنکھوں سے حضور۔ لطف دکھلاتے ہیں اڑتے ہوئے غبّاروں کا۔

لفظ	اصل	عدد	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
غُرّہ	ع	۱۲۰۵	اول روز کا چاند۔ مجازاً پہلی تاریخ جیسے غرۂ شوال۔	مذکر	اسیر	عید ترک فاقہ مستی سے ہوئی ہمکو اسیر	مرگ کا دن ہنگیا غرّہ مہ شوال کا
۰	ہ	۰	ناغہ کرنا۔	”	”	فاقہ کش ہیں ترے دیدار کے بھوکے کب سے	اے مہ عید یہ اچھا نہیں غرّہ تیرا
غزال	ع	۱۲۳۸	وہ ہرن کا بچہ جو دوڑنے لگا ہو	”	امیر	وہ دیوانے ہیں آنکھوں کے ذرا ایسا اگر کردیں	نکالے شیر پر آنکھیں غزال بیچ بیاباں کا
غزل	”	۱۰۳۷	بفتح اول ودوم۔ وہ اشعار جنمیں عشق و حسن کی باتیں ہوں۔	مونث	صفدر	رفتہ رفتہ حضرت صفدر کہاں تک پہونچا کلام	آسمان تک غزل زہرہ نے گائی آپ کی
غسل	”	۱۰۹۰	بضم اول وسکون دوم نیز اول ودوم نہانا۔ اشنان کرنا۔	مذکر	انیس	بیٹوں نے تو پایا بھی کفن آپ ہی داں کا	اور باپ کو کیسا کفن اور غسل کہاں کا
				”	آتش	نہیں ہم سا گنہگار اسے فلک کوئی ناپاکی میں	ہماری مردے کو درکار ہے غسل آب آہن کا
غش	”	۱۳۰۰	بفتح اول۔ بیہوش ہو جانا۔	”	انشا	جسدم کہ ترے محو تجلی کو غش آیا	لوگوں نے کہا حضرت موسیٰ کو غش آیا
غصّہ	”	۱۰۹۵	بالضم خفگی۔ مکروہ	”	داغ	زیست سے تنگ ہیں نہ چھیڑ ہمیں	دیکھ غصّہ حرام ہوتا ہے
غضب	”	۱۸۰۲	قہر۔ غصّہ۔ خفگی	”	مونس	تیور سے ہویدا ہے غضب تیرے صمد کا	گردش نہیں پتلی کی یہ ٹھہرا ہے اسد کا
”	۰	۰	بلا۔ مصیبت۔	”	جرات	یہ غضب بیٹھے بٹھائے تجھ پہ نازل کیا ہوا	اُٹھ گیا دنیا سے کیوں تو بھلا دل کیا ہوا
”	۰	۰	حیرت و تعجب کے مقام پر بولتے ہیں	”	آتش	غضب خدا کا صنم تیری سرد مہری ہے	نہ کرسکیگا گزند ایسی کرکے پالا ٹھنڈ
”	۰	۰	عجیب کام کرنا۔ اپنے یا دوسرے کے حق میں برائی کرنی۔	”	امیر	انصاف جور یار خدا سے طلب کیا	تمنے بھی اے امیر بڑا ہی غضب کیا
غضنفر	”	۲۱۳۰	شیر۔ درندہ۔ مجازاً بہادر۔ شجاع	”	جلیل	رخصت ہوش ہوئی آمد عباس علی	بزدلوں نے یہی جانا کہ غضنفر آیا
غفلت	”	۱۵۱۰	بالفتح بے خبری۔ بھول چوک۔ بیہوشی۔ نیند۔ اونگھ۔	مونث	داغ	میں نہ کہتا تھا کہ لے بیچ دل کھلتا ہے	دیکھئے آپکی غفلت ہے کہ غفلت میری
غُل[1]	ف	۱۰۳۰	بالضم۔ شور و غوغا۔	مذکر	ظفر	کیا سنی فریاد میری وہ گل نازک دماغ	باغ میں غنچہ اگر چٹکے کہے غل کیوں ہوا
”	ع	”	بالضم۔ طوق۔ گھنٹہ۔	”	آباد	اڑ گئی زنجیر ٹکڑے ٹکڑے ہر سبب غل ہوگیا	تیری طاقت کا بس لئے دست جنوں غل ہوگیا
غلاف	”	۱۱۱۱	خول۔ اوپر کا پردہ۔	”	آتش	تیغ قاتل پہ اپنا خون جم کر	مخمل سرخ کا غلاف ہوا
غلام	”	۱۰۵۱	نوکر۔ بندہ۔ ٹہلو۔ خدمتگار۔ زرخرید	”	امیر	وہ بھی خاص خدا ہے مثل بلال رضہ	ہے جو دل سے غلام احمدؐ کا
غلبہ	”	۱۰۳۷	حملہ۔ زور۔ زیادتی۔ فتح۔ جیت	”	ناسخ	غفلت اہل جہاں تردامنی کی ہے دلیل	غلبہ ہوتا ہے رطوبت سے مقرر خواب کا
غُلغلہ	”	۲۰۶۵	بضم اول وسیوم۔ شور و غل۔	”	آتش	بہار آئی ہے دیوانے وجد کرتے ہیں	سرود کی ہے صدا غلغلہ سلاسل کا
غُلو	”	۱۰۳۶	بالضم۔ شدت۔ بیحد اصرار۔ ہجوم۔ ہاتھ اونچا کرنا۔ کسی خیال میں بیحد اور بہت زیادہ مشغولیت۔ علم معانی کی اصطلاح میں مبالغہ کی ایک قسم یعنی وہ مبالغہ جو عقلاً اور عادتاً محال ہو۔	”	مومن	اک غلو ہوش پہ بیہوشی کا	عالم اک اپنی فراموشی کا

[1] عربی میں بتشدید لام ہے مگر فارسیوں نے بہ تخفیف استعمال کیا ہے۔

غلّہ	ف	۱۰۳۵	اناج ۔	مذکر	اسیر	میں جس روز دن مفت دکھلائی وہ دانہ خال کا	خوب بارش ہو تو پھر غلہ گراں رہتا نہیں
غُلّہ	″	″	مٹی کی گولی جو غلیل میں رکھکر پھینکتے ہیں	مذکر	ظریف	جو بازو ؤں میں شکست ہو کسی شکاری کے	کڑی غلیل کا غُلّہ بھی ٹھنڈی گولی ہے
غلیل	″	۱۰۷۰	تانت اور بانس کی بنی ہوئی ایک قسم کی کمان ہے ۔	مونث	″	جو بازوؤں میں شکست ہو کسی شکاری کے	کڑی غلیل کا غُلّہ بھی ٹھنڈی گولی ہے
غم	ع	۱۰۴۰	رنج ۔ دُکھ ملال	مذکر	رضا	مبارکباد فرط رشک سے اغیار دیتے ہیں	دکھاوے کیلیئے بھی وہ اگر کرتے ہیں غم میرا
غمخوارہ	ف	۱۸۴۷	ہمدرد ۔ دکھ درد کا شریک	مذکر	امیر	جب کہا اُس سے شب غم کوئی غمخوارہ تھا	دردِ دل اٹھ کے کہا کیا یہ گنہگار نہ تھا
غمزہ	ع	۱۰۵۲	ناز نخرہ ۔ انداز معشوقانہ ۔ چشم و ابرو سے اشارہ کرنا ۔	مذکر	جلیل	ایک خنجر تو تری ہاتھ میں ہے اے قاتل	دوسرا خنجر خونریز ہے غمزہ تیرا
غمگسار	ف	۱۳۲۱	دوست یار ۔ غم دور کرنیوالا ۔ غمخوار ہمدرد ۔	مذکر	غالب	یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصح	کوئی چارہ ساز ہوتا کوئی غمگسار ہوتا
غنچہ	ف	۱۰۵۸	کلی ۔ بے کھلا پھول ۔	″	اسیر	چمن مقتل نظر آتا ہے مجکو ہجر جاناں میں	سمجھتا ہوں چلی گولی اگر غنچہ چٹکتا ہے
″	۔	۔	جمگھٹ ۔ ہجوم ۔ چند آدمیوں کا ایک جگہ جمع ہونا ۔	″	″	سنا ہے جب سے اسکو شوق ہے پھولونکو روندنے کا	گلی میں یار کی رہتا ہے غنچہ پھول والونکا
غنی	ع	۱۰۶۰	بے پروا ۔ دولتمند ۔ خداوند عالم کا ایک نام ۔	″	امیر	غنی ساتھ دنیا سے کیا لے گیا	مگر جو کسی کو دیا لے گیا
غنیمت [1]	″	۱۵۰۰	لوٹ ۔ لوٹ کا مال وہ مال جو دشمن سے چھین لیں قابل قدر بات بہتر جاننا ۔ قابل شکریہ ہونا ۔	مونث	داغ	گیا دل گیا داغ اُس بزم میں	غنیمت ہوئی آبرو رہ گئی
غوّاص	″	۱۰۹۷	بضم اول و تشدید دوم ۔ غوطہ لگانیوالا ۔ پن ڈبا ۔ کسی دھات کے اندر سرایت کرنے والا ۔	مذکر	اسیر	بے مشقت نہیں ہوتی کبھی راحت حاصل	غرق دریا ہوا غوّاص تو گوہر پایا
غور	ف	۱۲۰۶	فکر ۔ تامل ۔ سوچ ۔ بچار ۔ مختلف فیہ	″	گلزار نسیم	سوچا وہ کہ لیجئے من کسی طور	دشمن کا تھا سامنا کیا غور
				مونث	داغ	کیا ناگہاں جفائیں تری یاد آگئیں	بھولے سے اپنے حال میں جب میں نے غور کی
″	″	″	نگہداشت ۔ پرورش پرداخت ۔ خبر گیری ۔	″	رند	جب میں مر جاؤنگا پھر غور کروگے کسکی	کسکو بلواؤ گے پسوا کے دوا میرے بعد
غوطہ	ع	۱۰۲۰	بواو مجہول ۔ ڈبکی ۔ کسی چیز کو طہارت کی غرض سے پانی میں ڈبونا ۔	مذکر	داغ	قلزم عشق میں ہے گوہر مقصود اے دل	تو نے غوطہ نہ کبھی ایسی شناور مارا
غوغا	″	۲۰۰۷	غل غپاڑا ۔ ہلڑ ۔ شور و غل ۔	″	ناظم	کر کے خورا یک کا جا بیٹھے ہیں گھر میں اور پھر	پوچھتے ہیں کہ مرے در پہ ہے غوغا کیسا

[1] قابل قدر (میر) سخن مشتاق ہے عالم ہمارا ۔ غنیمت ہے جہاں میں دم ہمارا ۔ بہتر جاننا ۔ قابل قدر سمجھنا ۔ (آتش) وقت فرصت کو غنیمت سمجھ آنا ہے تو آ ۔ اے اجل عالم تنہائی ہے میدان خالی ۔ قابل شکریہ ۔ (درد) دل کیسی رہگزر میں جان دینے کا یہ حاصل ہے ۔ کہ ہر عشرتکدہ میں ہو رہا ہے آج غم میرا ۔

غول	ع	۱۰۳۶	بواو معروف۔ دیو بھوت۔ شیطان۔ اگیا بیتال	مذکر	آتش	میری وحشت نے چراغ راہ جو سمجھا آپ سے	آنکھ دکھلا کر مجھے غول بیاباں گیا
۔	۔	۔	بواو مجہول۔ مجمع۔ پرا۔	″	نیر	فلک کو چشم نمائی کریگا شحنۂ شہر	ستارے رات کو پھرتے پائیں نہ جھکے غول
۔	۔	۔	گروہ۔ انبوہ۔ ہجوم	″	انیس	بولا کوئی یہ غول ہیں کیا شام و روم کے	ٹکڑے اڑائینگے عمر و شمر شوم کے
غیبت	ع	۱۴۱۲	بکسر اول کسیکی برائی اُسکی عدم موجودگی میں کرنی۔	مونث	فائز	میں عشق وارفتہ گنا ہوں نہیں کچھ کہہ زاہد	میرے ہی منہ پہ بڑی صاف ہے غیبت میری
غیر	″	۱۲۱۰	دوسرا شخص۔ باہر کا آدمی جس سے کچھ واسطہ نہو۔ مجازاً رقیب۔	مذکر	جلیل	محبت سے جو بیٹھیں آ کے تو کیوں دل پر نہو قبضہ	یہ وہ جادو ہے جس سے غیر اپنا ہو ہی جاتا ہے
غیرت	″	۱۶۱۰	رشک۔ شرم لاج ندامت حیا	مونث	رند	کیا جھوم کے ابر آیا تھا کیا ٹوٹ کے برسا	غیرت نے تجھے حیف ہے او چشم تر آئی
۔	۔	۔	ندامت۔ انفعال	″	ناسخ	ضبط میں کرتا نہیں آتی ہے غیرت دوستو	کیا بھلا منہ سے نکالوں آہ بے تاثیر کو
غیظ	ع	۱۹۱۰	بالفتح سخت غصہ۔ قہر۔ غضب	مذکر	مونس	یہ سنکے سب نے تیر لگائے جناب کو	بس غیظ آگیا خلف بو تراب کو

٥ (شعور) رات بھر دشت میں پھرتا ہو جو آہیں بھرتا۔ تیرا وحشی بھی مگر غول بیابانی ہو۔

٥ غیبت۔ اُسکو کہتے ہیں جو کسیکے پیٹھ پیچھے وہ بات کہی جائے جو اُسکے روبرو کہی جاتی تو وہ شرمندہ و ناخوش ہوتا اور درحقیقت اُسمیں وہ عیب موجود ہے اور اگر وہ عیب اُسمیں نہیں ہے بیان کیا جاتا ہو تو وہ غیبت نہیں ہے بلکہ تہمت و بہتان ہو۔ غیبت شرعًا و اخلاقًا بدترین عیوب انسانی میں سے ہے قران شریف میں اللہ تعالےٰ نے غیبت کرنیوالے کو مرے ہے بھائی کا گوشت کھانے والا فرمایا ہے (ناسخ) گرچہ ہوں میکش پر اسے زاہد نکر غیبت مری۔ گوشت کھانے سے برادر کے تو ہے بہتر شراب۔

٥ اپنی ذات کے سوا۔ دوسرا آدمی۔ (میرحسن) جو پانی پلانا تو پینا اُسے۔ غرض غیر کے ہاتھ جینا اُسے۔

٥ مثلاً غیرت پری۔ غیرت حور۔

ردیف فاے معجمہ

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع	مصرع
فاتحہ[۱]	ع	۴۹۴	نذر دینی یعنے چند آیہ قرآنی پڑھکر کسیکی روح کو بخشنا۔ نیاز دینا۔ ابتدا۔ آغاز۔	مذکر مونث	مونس قبول	رکھو خیال فاطمہؓ کے نور عین کا قبر مجنوں پہ فاتحہ پڑھ دی	تم پانی پینا فاتحہ دیکر حسین کا نجد کا جب ملا مقام ہمیں
فاختہ	ف	۱۰۸۶	بکسر سیوم تھا مگر اردو فارسی میں بسکون سیوم مستعمل ہے۔ قمری۔ کبوتر کیطرح کا ایک پرند ہے جسکا رنگ خاکی ہوتا ہے۔	"	انشا	جو سرو پہ بیٹھی فاختہ تھی	سو وہ بھی حواس باختہ تھی
فارس	ع	۳۴۱	بکسر سیوم۔ سوار۔	مذکر	مونس	دو لاکھ میں کسیکا نہ اک وار چل سکا	لڑتا تو کیا فرس بھی نہ فارس سنبھل سکا
فاصلہ	"	۲۰۶	مسافت۔ بعد۔ دوری۔	"	تعشق	جو ہے وہ مردہ نظر آتا ہے اسکے عشق میں	ہستی و ملک عدم کا فاصلہ جاتا رہا
فاقہ	"	۱۸۶	کھانا نہ کھانا۔ بھوکا رہنا۔	"	داغ	مرض غم سے کب افاقہ تھا	دن کو روزہ تو شب کو فاقہ تھا
فال	"	۱۱۱	شگون۔	مونث	ناظم	آشوب گاہ خفتہ میں بچنا محال ہے	فال بیاض دیدۂ نخچیر دیکھ لی
فالج	"	۱۱۴	نام ایک بیماری کا۔	مذکر	اکبر	فسردگی ہوئی پیدا اُس انتشار کے بعد	ہزار حیف کہ فالج گرا بخار کے بعد
فالسہ	ف	۱۷۶	ایک پھل ہے۔	"	بحر	یہ آب آب خال رخ یار سے ہوئے	شکری جو تھے وہ شربتی اب فالسے ہوئے
فانوس[۲]	"	۱۹۷	وہ گلاس نما شمعدان جسکے بیچمیں روشنی کرتے ہیں ایک قسم کا شمعدان ایک قسم کی قندیل۔	"	"	طبیعت بحر کی روشن ہوئی جب صاف ابرو دیکھ	ہوا فانوس مصراع سے نو شمع مضمون کا
فائدہ	ع	۱۰۰	نفع۔ محاصل آمدنی۔ بھلائی۔ مفید۔ سود مند کارگر۔	"	سودا	ہم تو قفس میں ان کے خاموش ہو رہے ہے	اے ہمصفیر فائدہ ناحق کے شور کا
فتح	"	۴۸۸	کھولنا مجازاً جیتنا۔ لڑائی میں جیت جانا فتوح جمع ہے۔	مونث	اسیر	ٹوٹا جو دل تو ہاتھ لگی ہمکو زلف تار	بعد شکست فتح من اللہ ہوگئی
فتح پیچ	ف	۳۹۴	نام ایک زیور کا۔ عورتوں کی گندھی ہوئی چوٹی کا ایک پیچ۔ لکھنؤ میں مستعمل ہے ایک قسم کا پنجہ۔	مذکر	امیر	جتنا ادھر کھچا تری چوٹی کا فتح پیچ	بڑھتی گئی ادھر بھی شکست کلاہ شوق
فتراک[۳] مختلف فیہ	ع	۷۰۱	شکار بند۔ چمڑے کے وہ تسمے جو زین کے دونوں جانب داہنے بائیں شکار رہا ضرور ہے	" مؤنث	سرور انیس	جو نخچیر تڑپے گا سفاک تیرا فتراک بھی ہوا سے اگر اک ذری اُڑی	سلامت رہیگا نہ فتراک تیرا یوں اڑ گیا کہ سب نے یہ جانا پری اُڑی

[۱] فاتحہ۔ سورہ فاتحہ و قل ہو اللہ و درود شریف اول آخر پڑھکر کسی کی روح کو بخشنا۔ اسکو نیاز دینا کہتے ہیں۔ لفظ فاتحہ مختلف فیہ ہے۔ (بحر) فاتحہ تھا کس شہید عشق کا۔ رات بھر درگاہ میں ماتم رہا (صبا) دلا یا گیا فاتحہ جام پر۔ ہوا میکدہ میں پیالہ ہمارا۔ کنایۃً مایوس ہونا ناامید منقطع ہونی۔ (نسیم) مذاق خدمت صیاد مدت میں ملا ہمکو۔ مبارک ہو قفس اب فاتحہ پڑھیے رہائی کا۔ مذکر کو ترجیح ہے فاتحہ کو انیس ہی نے مذکر و مونث دونوں طرح لکھا ہے۔ (رع مذکر) تم فاتحہ بابا کا دلا دیجیو بیٹا۔ [۲] فانوس کو برق نے تو نث بھی لکھا ہے۔ کیا تجلی میں کہوں اس عارض پر نور کی سینہ یار ہے فانوس شمع طور کی۔ محراب نصحا میں بالاتفاق مذکر مستعمل ہے۔ [۳] مذکر انسب ہے ع (دل) پاس رہ کر پہ تکلف ساتھ رہ کر یہ حجاب میرے اُسکے فاصلہ گویا کئی منزل کا ہے۔

لفظ	اصل	عدد	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
			ساماں باندھنے کے لئے لٹکاتے ہیں				
فتنہ	ع	۵۳۵	فساد - گمراہی - دیوانگی - ایک قسم کے عطر کا نام۔	مذکر	رضا	حشر میں اُٹھے ہیں مردے قبر سے	یہ بھی فتنہ ہے تری رفتار کا
فتور	″	۶۸۶	مجازاً - خرابی - کمزوری - زیان	مذکر	داغ	بیامبر سے شب وعدہ وہ بگڑ بیٹھے	بنے بنائے ہوئے کام میں فتور آیا
فتیلہ	″	۵۲۵	بتی۔	″	ذوق	پھر دل میں آ دسر دہوئی میر جلوہ گر	لو پھر بھڑک اُٹھا یہ فتیلہ بجھا ہوا
فخر	″	۸۸۰	بزرگی - شیخی - ناز گھمنڈ۔	″	انیس	ممتاز ہے فدوی ہے جو زہرا کے پسر کا	شان اُسکی بڑی ہے - فخر ہو جو حیدر کا
فجر	″	۲۸۳	نماز صبح - نماز صبح کا وقت - سویرا - صبح صادق۔	مونث	قدر	نور کے تڑکے سے وہ اٹھا جواں	فجر پڑھی اور کیا اپنا دھیان
فدوی	″	۱۰۰	قربان ہونے والا۔	مذکر	انیس	ممتاز ہے فدوی ہے جو زہرا کے پسر کا	شان اُسکی بڑی ہے - فخر ہو جو حیدر کا
فدیہ	″	۹۹	سر بہا - صدقہ - وہ مال جو دیکر کسی قیدی کو چھوڑا لیں۔	″	ضمیر	فدیہ مرا کس شان سے میدان کو جاتا	تب کہتی بھی زینب کہ یہ دل جوش نہ کھاتا
فرار	″	۴۸۱	بفتح اول - بھاگ - گریز - بھاگنا۔	″	اوج	قرار دور ہوا قلب اہل بدعت سے	کیا فرار لعینوں نے رعب حضرت سے
فراست	″	۷۴۱	عقلمندی - دانائی - دور اندیشی۔	مونث	جلیل	رہیں گے شاہ کی صورت فلاطون زماں ہو کر	نمایاں چشم وابرو سے فراست ہونے والی ہے
فراش	″	۵۸۱	فرش بچھانے والا - مکان صاف کرنیوالا خیمہ کا کھڑا کرنے اور اکھاڑنے والا۔	مذکر	انیس	فراش چاہتے تھے کہ برپا کریں خیام	تلواریں کھینچ کھینچ گھاٹ پہ آ پہونچی فوج شام
فراغ	″	۱۲۸۱	کام سے الگ ہونا - فرصت پانا۔	مذکر	داغ	عمر جاوید تو خضر کو ملی	عیش جاوید سے فراغ ہوا
فراغت	″	۱۶۸۱	ایضاً	مونث	امیر	گر روز فکروں سے فرصت نہ تھی	معیشت سے حاصل فراغت نہ تھی
فراق	″	۳۸۱	جدائی۔	مذکر	ناسخ	کیوں اچنبھا ہے تجھے ناسخ فراق یار کا	ایکدن ناداں فراق روح وتن ہو جائیگا
فرحت	″	۶۸۸	خوشی و آرام - اردو میں بفتح بولتے ہیں	مونث	تعشق	ٹھیک رہتا تھا اسی الفت سے میں بیمار ہجر	تیرے کوچے سے ہوا آئی تو فرحت ہو گئی
فرد	″	۲۸۴	یکتا - تنہا۔	مذکر	اسیر	ثانی کہاں کہ سایہ نہ تھا جسم کا اسیر	حق ہی نہیں سا فرد کوئی تا ابد نہیں
[5]	۔	۔	مجازاً ورق کاغذ کا۔	مونث	منیر	آئی جو موج قلزم فضل اللہ کی	فردیں نہیں پھریں گی حساب گناہ کی
۔	۔	۔	رضائی کا بالائی حصہ - چادر	″	″	افسردگی میں رند ہیں سرگرم معصیت	جاڑے میں اوڑھی جاتی ہیں فردیں گناہ کی
فردوس	ع	۳۵۰	نام بہشت	مذکر	داغ	داغ قیامت میں یہ مژدہ سنئے	جا تجھے فردوس عطا ہو گیا
فرزند	ف	۳۴۱	بفتح اول - بیٹا - لڑکا	مذکر	مونس	میدان کو سدھارا تھا جو دلبند تمھارا	اُٹھ بیٹھ کے آیا ہے وہ فرزند تمھارا
فرس	ع	۳۴۰	گھوڑا	″	انیس	اُتری تھی اک پری فرس تند خو نہ تھا	سرعت بھری ہوئی تھی رگوں میں لہو نہ تھا
فرش	″	۵۸۰	بچھونا - بچھانے کی چیز	″	اسیر	زینت شہر ہوئی میرے لہو رونے سے	فرش ہر گھر میں بچھا مخمل کاشانی کا
فرشتہ	ف	۹۰۵	ملک - قدسی	″	آتش	اثر اپنا کیا آخر ہمارے عشق کامل نے	فرشتہ بھی جو قبض روح کو آیا حسین آیا
فرصت	ع	۷۷۰	فراغت - چھٹی - چھٹکارا۔	مونث	جلیل	میں جو پہونچا یار بولا دیکھنا میں جلیل	مرنے مٹنے سے جنھیں فرصت کبھی ملتی نہیں
۔	۔	۔	مہلت۔	″	آتش	ایکدن فرصت جو میں برگشتہ قسمت مانگتا	دیدہ تر نوح کے طوفاں سے رخصت مانگتا

[5] حساب کی فرد اسیر ا محشر میں موجزن جو نسیم کرم ہوئی - اڑتی پھرے گی فرد ہمارے گناہ کی۔

لفظ	اصل	عدد	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
فرض	ع	۱۰۸۰	جس کام کا کرنا بموجب حکم خدائے تعالیٰ ضروری و لازمی ہو۔	مذکر	آتش	گناہگار ہیں محراب تیغ کے ساجد	جھکایا سر تو ادا فرض پنجگانہ ہوا
فرط	″	۲۸۹	زیادتی۔ افراط۔ غلبہ۔	″	″	ہاتھ قاتل کا گریباں تک پہونچ سکتا نہیں	اور فرط شوق ہے یاں زخم دامن دار کا
فرع	″	۳۵۰	شاخ۔ ٹہنی وہ جسکی اصل کوئی اور چیز ہو	مونث	اسیر	ہمرنگ اصل فرع نہو گی کسیطرح	گل ہو ہزار سرخ نہو گا گلاب سرخ
فرعون[1]	″	۴۰۶	نام ایک بادشاہ مصر کا ہے۔ مجازاً متکبر و مغرور۔	مذکر	″	تو وہ بت ہے تری نخوت سے جو ہوتا آگاہ	کبھی فرعون خدائی کا نہ دعوی کرتا
فرق	″	۳۸۰	سر۔	″	مونس	جو آیا گھاٹ پر وہ شہ خوش سیر غرق تھا	فرو دست و پا نہ صدر نہ گردن نہ فرق تھا
″	″	۳۸۰	خلل۔ نقصان۔ کمی	″	سحر	بیکار نالے صورت بلبل کئے تو کیا	کس سے کہیں گلوں کی سماعت میں فرق تھا
۰	″	۳۸۰	فاصلہ دوری۔ جدائی علحدگی۔ تفاوت[2]۔ غیریت۔ چھوٹائی اختلافات	″	دبیر	کسطرح خلل رتبۂ سادات میں آتا	سر جاتا ہے پر فرق نہیں بات میں آتا
۰	۰	۰	مانگ۔ سر۔	″	غالب	یاں سر پر شور بیخوابی سے تھا دیوانہ جو	واں وہ فرق ناز محو بالش کمخواب تھا
فرقت	ع	۷۸۰	جدائی۔	مونث	اسیر	یہ نار جہنم میں گرمی نہو گی	جلاتی ہے جتنا کہ فرقت تمھاری
فرقہ	″	۳۸۵	گروہ۔ قوم	مذکر	جرات	کیا بچارے سر نگوں بیٹھے ہیں اسکی بزم میں	فرقہ عشاق بھی فرقہ گنہگاروں کا ہے
فرمان	ف	۳۷۱	بادشاہی حکم۔	″	جلیل	اہل حاجت کے لیے آج خزانے کھلجائیں	پیشگاہ شہ والا سے یہ فرمان آیا
فرمایش	″	۶۳۱	بکسر میم۔ حکومتاً مانگنا یا کوئی کام لینا	مونث	ریاض	فرمایشیں شباب میں ہیں حسن یار کی	محرم بنے نقاب عروس بہار کی
فروغ	″	۱۲۸۶	اردو میں بفتح اول بولتے ہیں۔ روشنی۔ شعاع آفتاب۔	مذکر	محشر	جمال روحانیت کے طغرے ہر ایک شئے پہ ہیں ثبت صانع	فروغ آنکھوں سے ہم نے دیکھا یہ کوئی [illegible]
فروہی	ھ	۳۰۱	دستوری۔ بٹا۔ ایک قسم کی تلوار۔	مونث	اوج	جری کے ہاتھ میں چھوٹی سی اک سروہی تھی	سلاح خانۂ قدرت کی وہ فروہی تھی
فریاد	ف	۲۹۵	مدد کیلیے دہائی دینا غل مچانا۔ ظلم و زیادتی کی شکایت دادرسی۔ استغاثہ۔	مونث	انیس	گردوں پہ پہونچتی تھی صدا طبل وغا کی	فریاد گئی عرش پہ شاہ و شہدا کی
فریب	″	۲۹۲	اردو میں بفتح اول مستعمل ہے دھوکا۔ مکر۔ دغا۔	مذکر	تسلیم	فریب عشق پس مرگ بھی عیاں ہوگا	مرا فسانہ بنے گا تری زباں ہوگا
فریضہ	ع	۱۰۹۵	حکم خداوندی۔ جیسے نماز۔ روزہ وغیرہ۔	″	مونس	جب صبح قتل شہ نے فریضہ ادا کیا	فوج امیر شام نے عزم وغا کیا
فریم	انگریزی	۳۳۰	بکسر اول و دوم و سکون سیوم مجہول۔ چوکھٹا تصویر کا	مونث	ناسخ	ترے رخسار تابانکا کبھی جو عکس پڑتا ہے	فریم آئینہ کی بنتا ہے ہالہ ماہ کامل کا

[1] ولید ابن مصعب کا لقب۔ حضرت موسیٰؑ کے زمانہ میں مصر کا بادشاہ تھا اور خدائی کا دعویٰ کیا تھا۔ اسکی ہدایت کیلیے حضرت موسیٰ علی نبینا معجزات و نشانات لیکر گئے تھے۔ مگر وہ راہ راست پر نہیں آیا آخر خداوند عالم کے قہر و غضب سے معہ اپنے لشکر اور ساتھیوں کے دریائے نیل میں غرق ہوگیا۔ شعرا اس لفظ کا استعمال باعلان نون فصیح جانتے ہیں۔ مجازاً اس لقب سے متکبر و مغرور و سرکش کو ملقب کرتے ہیں۔

[2] تفاوت۔ (ناسخ) یار کو چھوڑ دیا پر نہ سہار سکے رقیب۔ فرق باقی نہ رہا کچھ بھی جگر تجھ میں غیریت۔ بیگانگی۔ دوری (سحر) جا ہے گا کیا ہمارے برابر تمھیں رقیب۔ یہ یاد رکھو عشق و محبت میں فرق ہے۔ تبدیلی (اوج) نخوت شہ فرق لاتی ہے آن بان میں۔ آجائے تو کہیں نہ ہی امتحان میں حساب کی غلطی۔ مثلاً اسکی میزان میں سو روپیہ کا فرق ہے۔

لفظ	اصل	نمبر	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
			ڈھانچ۔				
فساد سلہ	ف	١٤٥	بالفتح خلل بگاڑ۔ فتنہ جھگڑا۔	مذکر	داغ	دیکھئے کیا فساد تا صد ہے	میری طرز رقم سے اٹھتا ہے
فسانہ	"	١٩٦	بالفتح سرگذشت۔ کہانی۔ بالفتح صحیح ہے اور بالکسر غلط ہے۔	"	صفدر	وہ بے حساب اٹھائے فراق میں صدمے	فسانۂ شب غم قابل بیاں نہ رہا
				"	دل	نہ پوچھ حال شب غم نہ پوچھ اے دلسوز	نہیں نہیں وہ فسانہ نہیں سنانے کا
فسوں	"	"	جادو۔ افسوں۔ جادو کا اثر رکھنے والا کلام۔	"	آتش	آنکھیں دکھائیں تو نے دیوانی ہو گئے ہم	یہ وہ فسوں نہ تھا جو اپنا اثر نہ کرتا
فشار	"	٥٨١	نچوڑنا۔ دبانا۔ عذاب قبر۔	مذکر	اسیر	بعد فنا بھی ظلم فلک سے نہیں نجات	کس مردہ پر فشار نہ زیر زمیں ہوا
فصاحت	ع	٥٧٩	خوش بیانی۔ خوش کلامی۔ خوشگوئی کلام کا ثقیل الفاظ سے پاک ہونا۔	مونث	جرات	صاف دیوانہ میں بنجاؤں گا تب لوگ کہ	میری گویائی کی معلوم فصاحت ہوگی
فصّاد	"	١٧٥	فصد کھولنے والا۔ جرّاح۔	مذکر	سخن	لیجئے حضرت ناصح نے قدم رنجہ کیا	گھر کے باہر بھی گیا ہوگا نہ فصاد ہنوز
فصد	"	١٧٤	رگ سے خون نکالنا۔	مونث	جرات	ہم خوں گرفتہ یار کی شمشیر کے ہیں خوش	کر فصد جا کے تو کہیں فصاد اور کی
فصل سلہ	"	٢٠٠	موسم۔ رُت۔	"	جلیل	گلرنگ آنکھیں ہو گئیں ساقی کی یاد میں	فصل بہار آکے مرے جام بھر گئی
	"	"	فاصلہ۔ دوری۔	مذکر	منیر	تمھارے تیر کا زخم التیام اکثر نہیں پاتا	لب سوفار میں کیا فصل ہے جا کے گریبان کا
فصیل سلہ	"	٢١٠	شہر کی چار دیواری۔ شہر پناہ۔ حاطہ۔ چار دیواری۔	مونث	ظریف	فصیل قلعۂ شاہی کی اسقدر اونچی	کہ جسکے سامنے تھی پست چین کی دیوار
فضا	"	٨٨١	بہار۔ رونق۔ کیفیت۔ صحیح لفظ بالفتح ہے مگر اردو میں بالکسر زبانوں پر ہے سلہ	مونث	اسیر	پیروی شاہ جہاں کی ہمکو لازم ہے اسیر	دلکشا میں دیکھئے چلکر فضا برسات کی
•	•	•	فراخی۔ کشادگی۔ صحن۔ میدان	"	جلال	جب تن پہ کوئی زخم لگا بول شاہ دیں	شکر خدا کو اور فضا سے زمین ملا
فضل	ع	٩١٠	بزرگی۔ خوبی۔ عنایت۔ دیا	مذکر	جلیل	ہو کے تنہا بھی نہ تنہا ہوئے غربت میں امام	صبر غمخوار رہا فضل خدا یار رہا
فضیحت	"	١٢٩٠	بدنامی۔ ذلت۔ رسوائی۔	مونث	انشا	چالیں یہ چھوڑ دے نہیں تو ناحق	اک روز تیری بڑی فضیحت ہوگی
فضیلت	"	١٣٢٠	بزرگی۔ بڑائی۔ برتری۔ اسکی جمع فضائل ہے۔	"	گویا	گہوارہ اکثر آکے ہلاتے تھے جبرئیل	سمجھو تو کسقدر رہی فضیلت حسین کی
فطانت	"	٥٤٠	دانائی ہوشیاری۔ عقلمندی۔	مونث	امیر	جسکی قسمت میں یہاں شاہ جہاں ہونا تھا	جسکی فطرت میں فلاطوں کی فطانت آئی
فطر	"	٢٨٩	روزہ کھولنا۔ صدقہ عید الفطر۔ فاقہ کے بعد کھانا کھلانا۔ روزہ کشائی۔	مذکر	رند	دن عید کے للہ پلائے گئے ساغر	ساقی نے دیا فطر یہ ماہ رمضاں کا
فطرت	"	۹۸۹	آفرینش قدرت۔ خمیر۔ خلقی عادت پیدائشی خصلت	مونث	محشر	وہ کہتے ہیں کہ ہنسنا داخل عادت نہیں ہوتا	میں کہتا ہوں کہ خوبان جہاں کی یونہی فطرت ہے

سلہ (ظفر مصرع) یہ ہوا اٹھایا ہوا اپنی ہی نظر کا فساد۔ سلہ موسم کے معنی میں مونث اور فاصلہ کے معنے میں مذکر بولتے ہیں

سلہ (جلیل) پھر بہار آئی ہو سکا خم مرے دل کے ہری۔ پھر مجھے گنبد خضرا کی فضا یاد آئی سلہ (مونس) کس شان سے جاتی تھی سواری شہ دیں کی صحرا بھی دکھاتا تھا فضا خلد بریں کی۔

فطرت		۶۸۹	شرارت چالاکی ۔ ہوشیاری ۔ دانائی سازش ۔	مونث	اکبر	سلیقہ عاشقی کا دلمیں پیدا کرتی ہو فطرت	خدا جانے عنایت کرتی ہو یا ظلم کرتی ہو
فعل	ع	۱۸۰	کام ۔ کردار ۔ حرکت عمل ۔	مذکر	آتش	بسمجاں چھوڑنا نہ اسے قاتل	فعل ہو یہ بڑی مدامت کا
فغاں[2]	ف	۱۱۳۱	نالہ و فریاد ۔	مونث	جلیل	مرا دل توڑتے تو ہو مگر اتنا سمجھ رکھو	عوض لے لیگی وہ تم سے فغاں جو دل سے نکلیگی
فقدان	ع	۲۳۵	گم کرنا گم ہونا ۔ اُردو میں نہونا کی جگہ مستعل ہے جیسے فقدانِ فرصت	مذکر	ناسخ	جو نکرتا خدا انہیں گویا	پاتے فقدان نفس ناطقہ کا
فقر	″	۳۸۰	فقیری ۔	″	انیس	اللہ رے فقر حیدرؑ گردوں سریر کا	رہتا تھا خوابگاہ میں بستر حصیر کا
فقرہ	″	۳۸۵	بکسر اول کلام کا کوئی حصہ ۔ جملہ	″	اسیر	گلگیر نے دہن میں لی شمع کی زبان جب	پروانوں کو سنایا فقرہ جلی کٹی کا
″	″	″	فریب کی باتیں	″	رضا	دم دھاگے دیکے مجکو بنایا ہے برہمن	فقرہ یہ چلگیا بت زنار دار کا
فقیر	″	۳۹۰	محتاج ۔ مفلس نادار ۔ اردو میں درویش خدا پرست کو بھی کہتے ہیں ۔	″	مونس	کا نج شاہی سے غرض طالب عز و جاہ کا	بستیوں سے دور رہتا ہو فقیر اللہ کا
فکر[1]	″	۳۰۰	غور ۔ سوچ ۔ چنتا ۔ حاجت اندیشہ	مونث	جلیل	اتنے شعر و نمیں کوئی شعر بھی جو ڈھنگ کا نہیں	کیا جلیل ایسی ہی فکر شعرا ہوتی ہے
	مختلف فیہ		تردد و فذغہ ۔	مذکر	درد	کھلا دروازہ میری دلپہ از بس او رعالم کا	نہ اندیشہ ہو شادی کا مجھے نے فکر ہو غم کا
فلاح	″	۱۱۹	بھلائی ۔ نیکی ۔ نجات سلامتی ۔	مونث	ناسخ	بے مربی فلاح ہے انکی	بے مربی صلاح ہے انکی
فلاکت	″	۵۳۱	ناداری ۔ مفلسی ۔	″	حالی	گھٹا سر پہ ادبار کی چھا رہی ہے	فلاکت سماں اپنا دکھلا رہی ہے
فلس	″	۱۷۰	پیسہ ۔ مچھلی کا چھلکا ۔ الماس کا ذرہ	مذکر	مومن	وفن جب خاک میں ہم سوختہ ساماں ہونگے	فلس ماہی کے گل شمع شبستاں ہونگے
فلسفہ	یونانی	۲۵۵	حکمت ۔ دانائی ۔ علم حکمت اردو میں استدلال ۔ حجت کے معنی میں بھی مستعل ہے ۔	″	اکبر	اک فلسفہ ہو تیغ کا اور اک سکوت کا	باقی جو ہو وہ تار ہو نبس عنکبوت کا
فلک	ع	۱۳۰	آسمان ۔	مذکر	تسلیم	گئے ہیں بڑی زور سے اپنے نالے	فلک اب زمیں پر گرا چاہتا ہو
فلک سیر	ف	۲۰۰	اردو میں بھنگ کو کہتے ہیں ۔	مونث	نواب رامپور	بیخودی ہے کہ بے حیائی ہے	یا فلک سیر تو نے کھائی ہے
فلوس[2]	ع	۱۷۶	بضم اول و دوم پیسہ اردو میں بطور مفرد مستعل ہے ۔	مذکر	ناسخ	فلوس داغ پاس فلاس میں اپنے سینوں پہ	مقدم عشق سے کرتی تھی دینار و درم پیدا
فن	″	۱۳۱	ہنر ۔ جوہر ۔ دستکاری ۔ دانش مکر ۔ فریب ۔ حیلہ ۔	″	جلیل	ہزار نکتۂ باریک تر زمو اینجاست	جلیل شعر کا فن عمر بھر نہیں آتا
فنا	″	۱۳۰	نیستی ۔ نیست نابود ہونا ۔ مرجانا	مونث	دبیر	راحت کے محلوں کو بلا پوچھ رہی ہے	ہستی کے مکانوں کو فنا پوچھ رہی ہے

[1] لفظ فکر مختلف فیہ ہو یعنے ۔ لکھنؤ میں مونث اور دہلی میں مونث و مذکر دونوں طرح مستعل ہو جیسا نوح ناروی لکھتے ہیں سہ نوح دونوں طرح یہ جائز ہو ۔ فکر رہتا ہو فکر رہتی ہو ۔ پہلے لکھنؤ میں بھی مونث و مذکر دونوں طرح بولتے تھے ۔ (اسیر) قرار آ ہی گیا غم میں جی سنبھل ہی گیا ۔ گئے وہ دن کہ جو تھا فکر جان جانے کا ۔ (اسیر) فکر ہو انکو متاع حسن کے نیلام کی ۔ سیر ہو چھوٹے اگر بولی ہمارے نام کی ۔ مگر اب لکھنؤ میں علی العموم مونث اور دہلی میں مونث و مذکر دونوں طرح بولتے ہیں ۔

[2] (رشک) نقد جاں تو فلوس داغ فراق ۔ اب یہی مال ہو یہی زر ہے سہ (دل) حریم ناز میں بیچین ہے وہ مجھ خود بینی ۔ نکل کر گوشۂ دل سے کہاں پہونچی فغاں میری ۔

لفظ	اصل	عدد	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
فنجان	ع	۱۴۲	بالکسر چھوٹی پیالی جسمیں چاء قہوہ وغیرہ پیتے ہیں۔	مونث	برق	مستی ہیں سیر تشنہ دیدار کیوں نہو	فنجان لعل یار عقیق یمن کی ہے
فندق	"	۲۳۴	بکسر اول وضم سیوم ولایت کے ایک سرخ میوہ کا نام۔ کنایتہً مہندی لگی ہوی انگلیوں کا سرا۔	"	رند	چٹکی میں ملا دست حنائی نے کلیجا	ٹھکراتی ہوئی فندق یا لیگئی دل کو
فوّاره	"	۲۹۲	چشمہ۔ وہ ظرف یا آلہ جس سے پانی اُبلے۔ اوپر کو پانی پھینکنے کا آلہ۔	مذکر	رضا	باغ گل لالہ ہنو اور چرخ پر پھولے شفق	چشم سے فوارہ گر چھوٹے لہو کی دھار کا
فوٹو	انگریزی	۴۹۲	عکسی تصویر۔ انگریزی کا لفظ واو مجہول سے ہے اور اُردو میں واو معروف سے بولتے ہیں۔	مذکر	جلیل	بیٹھے ہیں کیسے چھپے ہوے پیش آینہ	فوٹو حیا کا لیتے ہیں نیچی نگاہ سے
فوج	ع	۸۹	گروہ۔ فارسی والوں نے بمعنی لشکر و سپاہ جنگی آدمیونکا مجمع بھی استعمال کیا ہے	مونث	"	آتے ہیں گھر مرے وہ بڑی آن بان سے	ہمراہ فوج غمزہٴ و ناز و ادا کی ہے
فوز	"	۹۳	کامیابی۔ راہ پانا منزل پر پہونچنا۔ مقصد پانا۔ مطلب کو پہونچنا۔	مذکر	مونس	فوز عظیم مجکو تو پیش خدا ملا	نیچے مرے یتیم ہوے۔ تجکو کیا ملا
فوق	"	۱۸۶	بلندی اونچائی۔ عزت۔ ترجیح۔ فوقیت۔	مذکر	"	ذرہ ارم کو فوق نہ باغ جنان پہ تھا	رشک اُس زمیں کو چمن آسمان پہ تھا
فولاد	ف	۱۲۱	ایک جوہر دار لوہا ہے۔	مذکر	"	حربوں سے سب لبسان تہمتن لدا ہوا	فولاد پشت یہ تھا کئی من لدا ہوا
فہرست	ف	۴۷۵	تفصیل کسی چیز کی۔	مونث	دبیر	فہرست یہ لکھی ہے بہتر شہدا کی	جن پر نظر لطف و عنایت ہے خدا کی
فہم	ع	۱۲۵	عقل۔ سمجھ۔ دانائی۔	مذکر	امیر	کب زاہدوں کو مسئلہ عشق کا ہے فہم	نامحرموں سے راز کی کیا گفتگو کریں
فیر	انگریزی	۲۹۰	فایر کا بگڑا ہوا۔ توپ بندوق کی آواز۔ توپ بندوق کو آگ دینا۔	"	ظفر	غضب ہے توپ پر عاشق کو رکھکر	فرنگی زادہ تیرا فیر کرنا
فیروزه	ف	۳۰۸	سبز رنگ کا ایک قیمتی پتھر۔	"	آتش	رشک کے مارے زمرد خاک میں ملجائیگا	بندہ پر اس گوش کے فیروزہ ہلیر کہا ئیگا
فیس[1]	انگریزی	۱۵۰	بروزن ریس اصل میں فی کی جمع ہے مگر اُردو میں بطور مفرد مستعمل ہے محنتانہ۔ اجرت۔ رسوم				
فیصلہ	ع	۲۱۵	جھگڑا چکانا۔ تصفیہ وہ حکم جس سے حق و باطل کا تصفیہ ہو خاتمہ۔	مذکر	جلیل	دیکھیں سوال وصل کا ملتا ہے کیا جواب	قسمت کا فیصلہ ہے تمہاری زبان پر
"	"	"		"	امیر	سر بکف میں ہوں وہ شمشیر بکف	فیصلہ آج ہوا جاتا ہے

[1] فی۔ معنی بیچ۔ میں۔ مثلاً فی من فی کس۔ فی صد۔ نقص و غلطی کھوٹ کے معنی میں بھی مستعمل ہے (داغ) سمجھنے والے سمجھتے ہیں پیچ کی تقریر۔ کہ کچھ نہ کچھ تری باتوں میں فی نکلتی ہے۔ فی البدیہہ بغیر سوچے کوئی بات کہنی۔ فوراً جواب دینا۔

فیض	ع	۸۹۰	فایدہ ۔ نفع ۔ بھلائی بخشش ۔	ذکر	رضا	ہم نہ انکے لیاقت باعث شہرہ ہوئی	فیض ہے یہ امیر رضا آپ کے استاد کا
فیضان	"	۹۴۱	بفتح اول و دوم ۔ فیض پہونچانا ۔ نفع پہونچانا مہربانی ۔ خیر عام ہونا ۔	"	اسیر	نہیں برج قمر بقعہ ہے انوار مولد کا	برابر رات دن فیضان ہے نور محمد کا
فیل	"	۱۲۰	ہاتھی ۔ فارسی میں شطرنج کے ایک مہرہ کا نام جسکو فیلا بھی کہتے ہیں بیاے معروف ۔	"	صبا	ہر اک فیل گردوں کی ٹکر کا تھا	وہ سونڈیں کہ دم بند اژدر کا تھا
فیل	ان	"	بفتح اول مکر و فریب ۔ مچلنا انگریزی میں ناکام ہونے کے معنے میں آتا ہے بیاے مجہول و کسر اول ۔	"	ظفر	دل دیکے ظفر ہمنے کہا کچھ بھی نہ اسکو	سو فیل وہ لاتا جو کوئی اور سا ہوتا
فیلسوفی	ونا	۲۲۶	مکاری ۔ عیاری ۔ چالاکی شہر انشا	مونث	ناسخ	فیلسوفی محتسب کی دیکھنا اے میکشو	توڑتا ہے شیشۂ مے میکدہ کی راہ میں

باب قاف معجمہ

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
قاب	ت	۱۰۳	بڑی رکابی۔ طباق۔ کھانے کا خوان	مونث	مصحفی	بادام کواکب سے ہوا مجھپتہ روشن	نعمت سے بھری ہیں سب افلاک کی قابیں
قابو[1]	״	۱۰۹	اختیار۔ زور۔ موقع۔ بس فرصت	مذکر	جلال	کیوں تری بزم میں آتی جو نہ لاتا کوئی	روک رکھتے نہ طبیعت کو جو قابو ہوتا
قاتل	ع	۵۳۱	قتل کرنیوالا۔ مجازاً معشوق	״	تعشق	جنازے کے ہمراہ آتا ہے گریاں	جھکائے ہوئے سر کو قاتل ہمارا
قارورہ	״	۵۱۲	کانچ کی شیشی جسمیں پیشاب رکھکر طبیب کو دکھاتے ہیں۔ مجازاً مریض کا پیشاب۔	״	مصحفی	سرخی رنگ شفق سے صفا ہوتا ہے عیاں	آسماں گویا ہے قارورہ کسی محرور کا
قارون[2]	״	۳۵۷	نام ایک دولتمند آدمی کا	״	ناسخ	ساتھ زر کے پستی ہمت بھی تھی ہر یاد	ورنہ مائل سوئے اسفل کسلیئے قارون ہوا
قاری	״	۳۱۱	پڑھنے والا اصطلاح عام میں قرآن شریف قرارت سے پڑھنے والے کو قاری کہتے ہیں۔	״	مونس	حق ثنا سا ہے علی صفحۂ دیباچہ کا	جانتا ہے وہ جو قاری ہے کلام اللہ کا
قاز	ت	۱۰۸	نام ایک پرند کا ہے۔	مونث	انیس	غل ہوا شہپر شاہین کے تلے قاز آئی	اُڑ گیا طائر جاں اور نہ آواز آئی
قاش[3]	״	۴۰۱	پھانک ٹکڑا	״	انشا	ساقی شوخ چشم اگر ہو نہ گزک تو شغل پھر	کیجیئے نقل اب شروع سیب جگر کی قاش سے
				مونث	رشک	ترشے قلم تمام قلمدان یار کے	اب قاش میرے دل کی تراش ہی قلمتراش
قاصد	ع	۱۹۵	نامہ بر۔ پیغامبر۔ ایلچی	مذکر	ناسخ	دلا تو بھی جلدی تو ہے ساتھ اچھا	کوئی دم میں قاصد چلا جاہتا ہے
قاعدہ	״	۱۸۰	ریت۔ آئین۔ دستور۔ قانون بنیاد۔ اصول۔	״	میر	اُٹھ گیا ایک تو اک مرنے کو آبیٹھے ہے	قاعدہ ہے یہی مدت سے ہمارے یاں کا
قافلہ	״	۲۱۶	گروہ مسافرونکا۔	״	تعشق	لیں جو دم منزل میں تب حوصلہ جاتا رہا	جنکے ساتھ آئے تھے ہم وہ قافلہ جاتا رہا
قافیہ[4]	״	۱۹۶	بیت کے آخر کا وہ ہموزن لفظ جو ہر مصرعہ میں بدلتا رہے اور جسکا آخری حرف وہی ہو جو دوسرے مصرعہ والے لفظ کے آخر میں ہو۔	״	مونس	وصف لکھنا ہے مزار حیدر و سجادہ کا	قافیہ اس بیت میں لازم ہے بیت اللہ کا
قاق	ت	۲۰۱	خشک جسم۔ دُبلا۔	״	ناسخ	کر دیا ہے قاق ایسا عشق کے آزار نے	پیش از زیں تیار تھی ناسخ ہمارے ہاتھ پاؤں
قال	ع	۱۳۱	بات۔ گفتگو	״	ناصر	بھلا ایسے جھوٹوں کا قول و قسم کیا	موافق نہو حال سے قال جن کا
قالب	״	۱۳۳	بکسر لام کالبد۔ سانچہ۔ بدن	״	اسیر	احسان ہے اسکو بھی اگر ساتھ لئے جا	اے موسبک روح سے قالب ہے ہمارا

[1] (ذوق) عشق کے ڈھب پہ نہ کوئی بجز انسان چڑھا۔ اسکے قابو پہ چڑھا تو یہی نادان چڑھا۔ قابوچی۔ ت۔ کلمہ تحقیر کا ہے یعنی سفلہ کمینہ مفسد بدذات۔ [2] یہ شخص بنی اسرائیل سے تھا چالیس خچر کنجیاں اسکے خزانہ کی تھیں۔ جب حضرت موسیٰؑ نے حکم دیا کہ ہزار دینار پر ایک دینار زکواۃ دیا کر تو وہ اُنسے منحرف ہو گیا بالآخر حضرت موسیٰ کی بد دعا سے مع مال و اسباب زمین میں دھنس گیا۔ مجازاً ہر ایک بخیل مالدار کو کہتے ہیں۔ [3] قاش زین۔ ف۔ زین کے آگے اور پیچھے کے تکیئے۔ [4] قاف تا قاف۔ تمام جہاں سے مراد ہے اردو میں بھی مستعمل ہے (امیر) کشور دل میں ہو پریوں کے بھی شاہی تیری۔ قاف تا قاف الٰہی ہو حکومت ہو الٰہی تیری

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
قامت	ع	۵۴۱	قد۔ جسم کی لمبائی۔	مونث	بحر	اُڑا لیگئی سرو سے قمریوں کو	قیامت ہے بوٹا سی قامت کسیکی
			مختلف فیہ	مذکر	آتش	قامت سوز دل تصوّر میں قیامت ہوگیا	چشم کی گردش نے کار فتنۂ دوراں کیا
قانون	"	۲۰۷	آئین۔ قاعدہ۔ دستور جو بادشاہ کے حکم سے مقرر کیا جائے۔	"	اسیر	کسیکو حکم خدا و رسول یاد نہیں	زباں پہ خلق کی قانون ہو فرنگی کا
قایمہ	"	۱۵۶	پایہ۔ کھمبا۔	"	ضمیر	صدمہ سے تن روح امیں کانپ اُٹھیگا	پھر قائمۂ عرش بریں کانپ اُٹھیگا
قبا	"	۱۰۳	نام لباس مشہور کا ہو۔	مونث	مونس	بیچین روح سید لولاک ہوگئی	تیغوں سے مصطفٰی کی قبا چاک ہوگئی
قباحت	"	۵۱۱	بُرائی۔ مشکل	"	صبا	لاش کو دفن تو کر دو جو کیا ہو مجھے قتل	دیکھ لیگا کوئی مفسد تو قباحت ہوگی
قبالہ	"	۱۳۸	سند۔ تمسک	مذکر	اسیر	ایجنوں کیا مرتے مرتے کی عدالت میں نے	لکھدیا مجکو قبالہ خانۂ زنجیر کا
قبح	"	۱۱۰	عیب۔ بُرائی۔	"	حالی	مشایخ میں جو قبح دیکھا جتا یا	ائمہ میں جو داغ دیکھا بتا یا
قبر[1]	"	۳۰۲	بفتح اول۔ گور۔ وہ گڑھا جسمیں مُردہ دفن کرتے ہیں۔	مونث	داغ	عجب نہیں ہے کہ ہنگامۂ قیامت کو	ملے نہ قبر اگر ہمسے بے نشانوں کی
قبض	"	۹۰۲	بسکون دوم۔ شکم کی گرانی گرفتگی جس سے اجابت نہو۔	مذکر	جان صاحب	دو اسے مرض میں اضافہ ہوا	بڑھا قبض بیکار شافہ ہوا
قبض الوصول	ف	۱۰۶۵	تنخواہ تقسیم کرنے کا کاغذ یا رجسٹر۔	"	منیر	نقد بہار حُسن خزاں کو پہونچ گیا	خط چہرہ حضور کا قبض الوصول ہے
قبضہ[2]	ع	۹۰۷	دخل۔ اختیار۔ قابو۔	"	داغ	تمہارا گھر تمہارا گھر نہیں مہمان ہو تو ہو!	کہیں ہے دخل دشمن کا کہیں قبضہ ہو دربان کا
			تلوار۔ چھُری وغیرہ کی موٹھ۔	"	انیس	قبضے میں یوہیں قبضۂ شمشیر دودم تھا	کاندھے پہ اسیطرح محمدؐ کا علم تھا
قبلہ[3]	"	۱۳۷	وہ سمت جدھر منہ کرکے نماز پڑھتے ہیں کعبہ۔ کلمۂ تعظیم۔	"	حالی	جو شہر ہوا تیری ولادت سے مشرف	ابتک وہی قبلہ تری امت کا رہا ہی
قبولیت[4]	ف	۵۴۸	مقبولیت۔ پسندیدگی۔ دعا کا قبول ہونا۔ وہ کاغذ جو پٹہ کے مضمون کا لکھا جائے۔	مونث	رند	کیوں جگر سے عرش تک تکلیف کرتی ہو عبث	واں قبولیت جسم آہ بے اثر ملتی نہیں
قبہ	ع	۱۰۷	گنبد۔ گنبد کی شکل کا کلس برج	مذکر	ناسخ	بنا ہے قبتہ قبر امام سونے کا	ہر ایک شے سے ہوا اعلیٰ مقام سونے کا
قتل	"	۵۳۰	جان سے مار ڈالنا۔ خون کرنا۔	"	اسیر	قتل موذی کا تو سنتا ہے درست	ناصح ابتک کیوں سلامت رہ گیا
قتل عام	ف	۲۴۱	علی العموم قتل کرنا۔ بلا امتیاز قتل کرنا	"	جرات	تری گلی ہے یہ ای یار یا کہ مقتل ہے	کہ روز و شب ہی جہاں قتل عام ہوتا ہے
قتی	ت	۵۱۰	صندوقچہ۔ انگور کی ٹپاری۔	مونث	بحر	کو بکو بکنے لگیں جب قتیاں انگور کی	پانی پانی دُرج میں عقد لآلی ہو گیا
قحط[5]	ع	۱۱۷	کال۔ مہنگی۔ نایابی۔	مذکر	اسیر	تازہ اشعار ہوا کرتے ہیں موزوں ہر روز	گھر میں شاعر کے کہیں قحط سخن پڑتا ہی
قد	"	۱۰۴	لمبائی بدن کی۔	"	جلیل	جسکو انکار قیامت سے ہے اہی فتنہ خرام	اُسنے دیکھا نہیں شاید قد رعنا تیرا

[1] قبور جمع ہو۔ اور قبور لستبول کے چرمی خانے کو بھی کہتے ہیں جو گھوڑے کی کاٹھی میں بندھا ہے اس معنی میں بطور مفرد مستعمل ہو۔ رشک ع کیوں آپ کھینچتے ہیں تپنچہ قبور سے۔ [2] قبلہ نما ایک آلہ کا نام جسکے ذریعہ سے قبلہ کی سمت معلوم کرتے ہیں۔ (سودا) ناوک تیر و صیدہ چھوڑا زمانے میں۔ تڑپے ہے مرغ قبلہ نما آشیانے میں۔ [3] لوہے کی وہ شے جس سے کواڑ یا صندوق وغیرہ کے دو پلّوں کو ملاتے ہیں۔ [4] یہ لفظ اُردو والوں نے بنالیا ہے۔ [5] (داغ) جلنا ہا ہر کو ساتھ ذرا اوشب فراق۔ دوزخ میں قحط ہو نہ عذاب شدید کا۔ (تسلیم) اُدہر فلک نے لاکھوں گنہگار دیکھے جاتے ہیں آہی عالم رحمت میں کیا ہو قحط عصیاں کا۔

لفظ	زبان	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
قدح	ع	۱۱۲	پیالہ۔ مدح کی ضد۔ نکتہ چینی[1] گو اس معنی میں مونث مستعمل ہے۔	مذکر	سودا	اسکا تو گلہ کیا ہے کہ بستانِ جہاں میں	مجھ تک قدحِ بادۂ گلفام نہ آیا
قدر[2]	"	۳۰۴	بالفتح عزت۔ بزرگی۔ توقیر۔	مونث	رند	جب کوئی ستم سہنے کے قابل نہ ملیگا	تب ہوئیگی قدر ادستم ایجاد ہماری
قدرت	"	۷۰۴	طاقت۔ اختیار۔ توانائی۔ زور۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت۔	"	ریاض	دیکھکر چاند کوئی چاند سی صورت دیکھی	سبحان اللہ کے اللہ کی قدرت دیکھی
قدغن[3]	ت	۱۱۵۴	روک ٹوک۔ تاکید۔ تقید۔ ممانعت مختلف نسبتیہ	مونث/مذکر	نوازش	نہ دیکھے نوا ہمیں بھی کوئی اُس شہر تماہا کی	سنا ہے عاشقوں کی اسپر قدغن ہونیوالی ہے
				مونث/مذکر	دبیر	حاکم نے کیا ہند سے عقدا پنے پسر کا	ایک ایک پہ قدغن کیا شہر سبا کی خبر کا
قدم[4]	ع	۱۴۴	پاؤں۔	"	ذوق	آتی ہے صدا آہ جرس نا قہ لیلےٰ	بر حقیقت کہ مجنوں کا قدم اٹھ نہیں سکتا
			گھوڑے کی ایک چال کا نام۔	"	اسیر	راہ سو سال کی دو گام میں کیونکے کرتا	توسن عمر رواں ہوتا جو قدم تھوڑا سا
قرابت	ع	۷۰۳	نزدیکی۔ اپنایت۔ رشتہ داری	مونث	فایز	صاف یوسف کو لب چاہ سے آتی ہے صدا	دو بھلکیں گے وہی جن سے قرابت ہوگی
قرابہ	ف	۳۰۸	عرق وغیرہ رکھنے کا بڑا شیشہ۔	مذکر	جانِ صاحب	اے گل اندام یہ خوشبو جو چلی آتی ہے	شاید عطار کے کیوڑے کا قرابا ٹوٹا
قرابین	ت	۳۶۳	بیائی معروف ایک قسم کی چھوٹی بندوقیں	مونث	سحر	قرابین باتوں پہ چلنے لگی	بھووں پہ سرد ہی نکلنے لگی
قرار[5]	ع	۵۰۱	آرام۔ سکون۔ قیام۔ ٹھہرنا۔	مذکر	امیر	بیقراری کا گھر ہے دل میرا	تو کہاں اسے قرار آتا ہے
قرار[6]	۰	۰	اقرار۔ عہد و پیمان	"	انشا	جھوٹا نکلا قرار تیرا	اب کسکو ہے اعتبار تیرا
قرآن	ع	۳۵۱	بالضم۔ پڑھنا۔ اصطلاحاً کلام اللہ	"	صبا	کفر ہم جسکو سمجھتے تھے وہ ایمان نکلا	جسپر بوتھی کا گماں تھا وہی قرآن نکلا
قران[7]	"	۳۵۱	بکسر اول ایک برج میں دو ستاروں کا یکجا ہونا دو چیزوں کا آپس میں ایک دوسرے سے قریب ہونا۔ ملنا۔	"	آتش	بھولا نہ چاندنی میں سر شام پہ پلنگ	منحوس ہے قران مہ و آفتاب کا
قرب	ع	۳۰۲	بضم اول نزدیکی۔	"	محشر	نزول وحی سے جبریل نے یہ مرتبہ پایا	ادھر قرب محمد سے شرافت تھا قریب دانگا
				"	مونس	طاعت خدا کی قرب شہ کائنات کا	توشہ تھا مغفرت کا ذخیرہ نجات کا
قربانی[8]	ف	۳۶۳	فارسی والوں نے قربان میں "ی" زاید کرلی ہے۔ ذبح۔ وہ جانور جو راہ خدا میں ذبح کیا جائے۔ بقر عید میں جو جانور ذبح کریں۔	مونث	بلال	عید میرے ذبح کرنے کو کرد	ہو مبارک تمکو قربانی مری
				"	دل	اک چھری تھی آہ پند ترک عشق	کی مرے ناصح نے قربانی مری

[1] اس معنی میں بسکون دال مونث اور پیالہ کے معنی میں بفتح دال مذکر مستعمل ہے [2] قدر نعمت بعد زوال ہیچ تو ہے قدر نعمت ہوتی ہے بعد زوال۔ بیری کے دل سے کوئی پوچھے جوانی کا مزہ۔ [3] تانیث کو ترجیح ہے۔ [4] گھوڑا یا جورو یا کسی اور کے آنے کا شگون لینا جیسے بہو کا قدم میرے گھر میں مبارک ہوا (رشک) تیرے قدم سے اہل چمن کا یہ حال ہے۔ طاؤس باغ باغ ہے بلبل نہال ہے۔ (داغ) متقل [illegible] سفاک جو [illegible] عشاق میں بنا ہی قدم تھا۔ قدم۔ ایک پھل کا نام ہے [illegible] درخت کو بھی قدم کہتے ہیں۔ [5] (جلیل) سنا ہے جب [illegible] تم آئے۔ قرار دل کو مری رات بھر نہیں آیا [6] (مومن) وہ جو ہم میں تم میں قرار تھا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو۔ [7] اہل نجوم کی اصطلاح میں آفتاب کے علاوہ کسی دو ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا۔ [illegible] قربان [illegible] قرآن [illegible] ناز کے قربان جائیے [illegible]

لفظ			معنی		شاعر	مصرع	مصرع
قُرص[1]	ع	۳۹۰	بضمِ اول ٹکیا۔ کافور کی ٹکیا۔ کسی دوا کی گول ٹکیا۔ آفتاب کا گردہ	مذکر	آباد	سہرہ یہ جلوہ جو دیکھے عارضِ پُر نور کا	مہرِ تاباں قرص بنجائے وہیں کافور کا
قَرض[2]	"	۱۱۰۰	بالفتح اُدھار۔ مستعار۔	"	تسلیم	جو بوسہ دو لبِ جاں بخش کا تو جسا ہے	دگر نہ قرض مرا آپ پر نہیں آتا
قرطاس[3]	"	۳۷۰	بکسر اول کاغذ۔	"	اسیر	رنگ اُڑا یہ سامنے اُس گل کے رعبِ حسن سے	سادہ ہے قرطاس وہ مصر کی تصویر کا
قرعہ	"	۳۷۵	بالضم وہ پانسہ جو رمّال پھینک کر غیب کی باتیں بتاتے ہیں۔	"	تسلیم	اسی صورت سے گذری جب کئی سال	فلک نے اور پھینکا قرعۂ فال
				"	دبیر	اکثر منجموں نے لکھا ہے یہ ہمدگر	جس سال نام شہ پہ پڑا قرعۂ سفر
قُرق	ت	۴۰۰	ترکی میں قُورُق تھا اردو میں بضم زبانوں پر ہے۔ ضبطی۔ روک۔ نگرانی	"	جان صاحب	لچھمی پہ چار پیسے جو کوئی لگائیگا	کیونکر نہ قرق کوڑ یا خانم بٹھائیگا
قرنا / کرنا	"	۳۵ / ۲۷۱	اصل لفظ خرنا تھا ایک باجے کا نام جیسے تُرہی اور بگل بھی کہتے ہیں۔	مونث	انیس	قرنا جو ایک دیو نے منہ سے لگائی تھی	خرطوم فیل مست لیے گویا جھکائی تھی
قرینہ[4]	ع	۳۶۵	مناسبت جو دو چیزوں میں ہو۔ طریقہ۔ قیاس۔ اندازہ۔ ڈھنگ۔	مذکر	جاہ	الزام عبث ہے کہ کسی میں نہیں الفت	دل لینے کا خود تجکو قرینہ نہیں آتا
قریب[5]	"	۳۱۲	بفتح اول و بکسر دوم نزدیک۔ پاس۔	"	اکبر	عطا ہوئی ہو اگر بصیرت تو ہیچ حالت مقامِ حیرت	خدا سے اتنا بعید رہنا خودی سے اتنا قریب رہنا
قَسَم	"	۲۰۰	بفتح اول و دوم۔ سوگند۔ حلف	مونث	ناسخ	مدت سے آرزو ہے دکھادے کبھی جمال	او بُت تجھے قسم ہے خدا کے جلال کی
قِسم	"	"	بالکسر طرح۔ بھانت۔ حصہ۔ اسکی جمع اقسام ہے۔	"	"	حد سے قسمیں زیادہ ہیں اُنکی	اُنسے خالی نہیں جگہ اُنکی
قسمت	"	۶۰۰	بالکسر۔ تقدیر۔	"	اسیر	سنگ سے کرتا ابھی شیشے کی صورت چور چور	کیا کہوں قسمت ہی مجکو کہیں ملتی نہیں
قشقہ	ت	۵۰۵	بالفتح ٹیکا۔ تلک	مذکر	رضا	ہیں حقیقت میں مسلماں گو بظاہر برہمن	دل میں یادِ حق ہے قشقہ ماتھے پر سیندور کا
قصابہ	غ	۱۹۸	وہ رومال جو عورتیں سر میں باندھتی ہیں	"	رشک	بنگئی چاندی کا پتر غازۂ رخ سے نقاب	صحبت افشاں سے زر افشاں قصابہ ہو گیا
قصاص	"	۲۸۱	خون کا معاوضہ۔ خون کا بدلا۔ جزا۔ مکافات	"	قدر	ملے غمزہ و ناز و ادا و حیا مجھ کو ذبح کیا یہ ستم ہے نیا	مرا دعویٰ خوں بھی بخش کیا کہ قصاص کسی پہ روا نہ رہا
قصد	"	۱۹۴	ارادہ۔ نیت۔	"	مونس	واللہ ارادہ بھی تھا یاں کے سفر کا	خط سیکڑوں بھیجے تو کیا قصد اِدھر کا
قصر[6]	"	۳۹۰	مکان۔ گھر۔ محل	"	آتش	رفیع القدر ہر مصرع ہے اپنے بیت معمور کا	نہ ایسا طاق کسریٰ تھا نہ قصر السیا فیروز کا
قصور[7]	"	۳۹۶	خطا۔ گناہ۔ قصر کی جمع	"	جلیل	لپٹ کے لے بھی لو دو ایک بوسے حضرِ دل	وہ جانتے ہیں بشر سے قصور ہوتا ہے

[1] رقادر) قرص خورشید تہ ابر نظر آتا ہو جیسے ندی میں بھنور یا کسی پانی میں کنول۔ [2] ذوق) دل مانگنا مفت اور یہ پھر اُسپہ تقاضا۔ کچھ قرض تو بندے پہ تمھارا نہیں آتا۔ [3] غلط بردار۔ ایک قسم کا کاغذ جس سے غلط لکھا ہوا صاف ہو جاتا ہے۔ (مصحفی) آدمی میں مصحفی اتنی صلاحیت تو ہو۔ دوست رکھتا ہوں میں قرطاس غلط بردار کو۔ [4] قرین قیاس۔ قرین مصلحت۔ وہ بات جسکو عقل قبول کرے۔ مناسب وقت۔ (ذوق) ہوش خمسہ جو ہیں قرین تھے۔ قرینے سے ہوئے سب بے قرینے [5] (داغ) جو مناسب ہو وہ اس رمز کو سمجھیں یہ زاغ۔ دور رہنا ہے بُرا اور قریب اچھا ہے [6] (سیاہ) [illegible] ہوتا ہے عفو ہوتے قصور ہوتا ہے [7] (اسیر) جنت میں اپنے واسطے قصر گھر بنا۔ [8] (داغ) قصور عفو ہوا سلئے قصور بہشت۔

لفظ	اصل	نمبر	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
قصہ[1]	ع	۱۹۵	افسانہ داستان ۔ کہانی قصص اسکی جمع ہے ۔	مذکر	جلیل	بت جا بیٹھتے ہیں کعبۂ دل کو کریں خراب	قصہ سنا نہیں مگر اصحاب فیل کا
	.	.	جھگڑا ۔	"	اسیر	کس روز کوے یار میں قصے بڑھے نہیں	تیغیں کھنچیں نہیں کہ تیغیں چڑھی نہیں
قصیدہ	ع	۲۰۹	وہ اشعار جو کسی کی تعریف میں لکھے جائیں مگر بارہ شعر سے زیادہ ہوں ۔	"	جلیل	کوئی مانی نہ مانی ہیں تو لب ہوا اس فیض کا قائل	زمیں مشکل سہی مشکل ہو قصیدہ ہو ہی جاتا ہے
قضا	"	۹۰۱	خدائے پاک کا وہ حکم جو مخلوقات کے لیے دفعتاً صادر ہو جائے مجازاً موت ۔	مونث	"	کل جو مقتل میں گلا ملنا نہ اُن سے کٹ سکا	آج یہ فقرہ تراشا ہے قضا آئی نہ تھی
				"	دل	نگہِ یار میں بھی شانِ مسیحائی ہے	یہ سہارا ہمیں دیدے کے قضا لائی ہے
.	.	.	کوئی امر واجب اس کا وقت گذر جانے کے بعد ادا کرنا ۔	"	اسیر	کیا سجدہ محرابِ خنجر میں جب	قضا عمر بھر کی ادا ہو گئی
قضیہ	ع	۹۱۵	جھگڑا	مذکر	رند	عشق کا قضیہ کسی سے منفصل ہوتا نہیں	یہ قضیہ پیش قاضی فیصلہ کیونکر ہوا
قط	"	۱۰۹	قلم کا قط ۔ سخت چیز کا کاٹنا ۔	"	امیر	اسقدر لکھی مری تقدیر کی برگشتگی	گھس کے اُلٹا ہو گیا قط خامۂ تقدیر کا
قطار	"	۳۱۰	بکسر اول صف ۔ پرا ۔ پانتی ۔ بالفتح غلط ہے ۔	مونث	جلیل	چمن میں کیسی جمی ہے قطار پھولوں کی	پیالیاں ہیں ساقی شراب کے قابل
قطب[2]	"	۱۱۱	سردار قوم ۔ وہ کیل جس پر چکی گھومتی ہے ۔ وہ دو ستارے جو قطب شمالی و جنوبی کے نام سے مشہور ہیں ۔	مذکر	امیر	کب پھریں گوشہ نشیں لاکھ زمانہ پھر جائے	قطب گردش نہیں کرتا فلکِ پیر کے ساتھ
قطرہ	"	۳۱۴	بوند ۔	"	ناسخ	ہے تنزل میں ترقی دیدۂ دل کے واسطے	دیکھ لو بنتا ہے موتی خشک قطرہ آب کا
قطع	"	۱۷۹	کاٹ ۔ تراش	مونث	ظفر	جی میں آیا چوم لیجے ہاتھ بس خیاط کا	گل سراپا دیکھتے ہی جامۂ دلبر کی قطع
	.	.	مجازاً وضع ۔	"	"	ہو کے گل نازاں چمن میں کیوں نہ پھولے اے صبا	ہے اڑائی فی الحقیقت اسنے امیر گل کی قطع
قطع و برید	ف	۲۹۵	کاٹ چھانٹ ۔	"	آتش	گل چاک چاک کرتے ہیں اپنے پیرہن	شاید قبائے یار کی قطع و برید ہے
قطعہ	ع	۱۸۴	اصطلاح شعرا میں وہ نظم جو دو بیت سے کم نہو ۔	مذکر	"	چار ابرو میں تیری حیران ہیں سارے خوشنویس	کس قلم کا قطعہ[3] ہے یہ کاتبِ تقدیر کا
"	.	.	ہر چیز کا حصہ	"	امیر	جو ہو فردوس کا مشتاق وہ کہدو یہاں آئے	کہ جو قطعہ ہے اسمیں قطعہ ہے گلزارِ جنت کا
قعر	ع	۳۷۰	گہرائی ہر چیز کی ۔ کنوئیں کی تہ ۔ عمق	"	اسیر	میرے نالوں سے ہوا دریا یہ خشک	قعر دریا بھی جزیرہ ہو گیا
قعود	"	۱۸۰	بیٹھنا ۔ نشست ۔	"	عزیز	کیا تھا یہ اضطراب و سکونِ جہاں پوچھ	تیرے مریضِ غم کا قیام و قعود تھا
قفا	"	۱۸۱	گدی ۔ پیچھے ۔ گردن کا پچھلا حصہ ۔	مونث	مصحفی	نغاں جس کی ہے ایسی جرس آج دردانگیز	قفائے قافلہ کوئی تو بیقرار رہا

[1] محشر کھینچی طناب قضائے عالم ہوا جو اظہار شوق ثنی ۔ یہاں دانہیں مدتوں سے یہ قصہ مشہور ہے نہیں کا ۔ (دل) ع ۔ وہ انکا قول یہ قصہ ہے کس زمانے کا ۔

[2] کیل جس پر چکی گھومتی ہے ۔ سردار قوم ۔ فعل و برتر شخص جس پر کسی کام کا مدار ہو ۔ ہر چیز کی اصل ۔ وہ نقطۂ شمال و جنوب کے جس پر زمین ساکن ہے اور وہ دو ستارے جو ان دونوں قطبوں کے محل پر واقع ہیں ہر ایک کو ان میں سے بھی مجازاً قطب کہتے ہیں ۔ لقب اس ولی کا جسکے قبضۂ قدرت میں انتظام کسی ملک کا عالم معنوی میں خداوند عالم کیطرف سے سپرد ہو ۔ [3] خوشنویس اکثر قطعات کو نستعلیق لکھکر جو کھٹے میں مثل تصویر کے بناتے ہیں ۔ یہاں یہی قطعہ سے مراد ہے ۔

لفظ	اصل	عدد	معنی	جنس	شاعر	مصرع	مصرع
قفس	ع	۲۴۰	پنجرا۔	مذکر	تسلیم	وہ ہوا خواہ اسیری تھے کہ آزادی کے بعد	رہ گئے ہم دیکھ کر خالی قفس صیّاد کا
قفل	〃	۲۱۰	تالا۔	〃	〃	نہ گھبرا اے دلِ مفلس اندھیری رات آنے دو	کسی دن قفل توڑینگے درِ گنجِ شہید الملک کا
ققنس[1]	یونانی	۳۱۰	ایک طائر کا نام ہے جسکی چونچ میں تین سو ساٹھ ۳۶۰ سوراخ ہوتے ہیں اور ہر سوراخ سے ایک نغمہ نکلتا ہے حکمانے علم موسیقی کا اسی سے استخراج کیا ہے۔	〃	مونس	ققنس بھی حسنِ صوت میں شاگرد اسکا تھا	گویا کہ ہمصفیر وہ روح القدس کا تھا
قل	ع	۱۳۰	ایک سورۂ قرآنی ہے۔ فاتحہ عرس درویشوں کے سالانہ فاتحہ کا دن۔ کنایۃً خاتمہ۔ کام تمام ہونا۔ دم نکل جانا	〃	ذوق	محفل میں شور قلقل مینائے مُل ہوا	لا ساقیا پیالہ کہ توبہ کا قُل ہوا
قلادہ	ع	۱۴۲	اونٹ کا پگھا۔ گردن کی رسّی۔ پٹا	مذکر	رشک	حسنِ عارض ہے فلک مُنہ ہالہ [illegible]	ہار مہتاب سونے کا قلادہ ہوگیا
قلانچ	ت	۱۸۴	کودنا۔ پھلانگ مارنا۔	مونث	〃	وحشی کو دیکھا ہمنے اُس آہو نگاہ کے	جنگل میں بھر رہا تھا قلانچیں ہرن کے ساتھ
قلب	ع	۱۳۲	دل۔ ہر چیز کا درمیانی حصّہ	مذکر	محسن	اُتارا کاسۂ سر بار ہم کے ڈوری سے دم بھر میں	ہلو چاک اس لئے برگشتہ ہو کر قلبِ مرتد کا
قلّت	〃	۵۳۰	کمی۔ کمیابی۔ قلیل ہونا۔	مونث	اسیر	کثرت یہ ہوگئی تری کشتوں کی آجکل	تکیوں نہیں پھر قبر ہے قلّتِ زمین کی
قلزم	〃	۱۷۷	بضم اول وسیوم نام ایک دریاے محیط کا ہے جو مصر و مکہ کے درمیان واقع ہے مطلق دریا و سمندر کے معنی میں بھی بولتے ہیں۔	مذکر	امیر	گردشِ چشمِ کرم سے تری روزِ محشر	موجزن چار طرف قلزمِ رحمت ہوگا
قلعہ	〃	۲۰۵	بادشاہی مکان۔ مستحکم گھر۔ گڑھی۔ حصار۔ وہ محفوظ مکان جسمیں فوج رہتی ہو۔	〃	صبا	جاں دیکر جنگ ہفتاد و دو ملت سے چھٹے	فتح پائی قلعۂ ہستی جو خالی ہوگیا
قلعی	ت	۲۱۰	ملمع۔ "قلعی کھلنا" اصلی حالت معلوم ہوجانے اور راز فاش ہوجانے کے موقع پر	مونث	منیر	شامِ شبِ وصال سحر ہوگی بات میں	قلعی کھلیگی آئینۂ چرخِ پیر کی

[1] ققنس ایک پرند کا نام ہے جسکی رنگ برنگ کی آواز سے حکیموں نے علم موسیقی نکالا ہے۔ کہتے ہیں کہ اسکی عمر ایک ہزار برس کی ہوتی ہے۔ اور مادہ نہیں ہوتی پیدائش اسکی اس طرح بیان کیجاتی ہے کہ جب یہ جانور بوڑھا ہوجاتا ہے تو لکڑیاں جمع کرکے اُسکے اندر جا بیٹھتا ہے اور اپنی چونچ سے جسمیں (۳۶۰) سوراخ ہوتے ہیں اور ہر سوراخ سے علیحدہ علیحدہ راگ نکلتا ہے۔ آواز کرنے اور بولنے لگتا ہے۔ منجملہ کل سوراخوں کے ایک سوراخ سے دیپک راگ بھی نکلتا ہے اُسوقت وہ اُسی سوراخ پر زیادہ زور دیتا ہے۔ دیپک کی خاصیت سے اُن لکڑیوں میں آگ لگجاتی ہے اور وہ جانور اسی آگ میں جل بھن کر راکھ ہوجاتا ہے۔ قدرت الٰہی سے اُس راکھ پر پانی برستا ہے اور اس راکھ سے ایک انڈا پیدا ہوتا ہے۔ اور کچھ دنوں میں اُس انڈے سے ویسا ہی دوسرا جانور پیدا ہوجاتا ہے۔ بعضوں نے لکھا ہے کہ جب اُسکی موت قریب ہوتی ہے تو یہ جانور لکڑیاں جمع کرکے اسمیں گھس جاتا ہے گھسکر گانے اور بولنے لگتا ہے یہاں تک کہ اپنی آواز سے خود ہی مست ہوکر پروں کو جھاڑتا اور بازوں کو پھٹ پھٹاتا ہے اُسکے پر پھٹ پھٹانے کے باعث اُسکے پروں سے آگ کی چنگاریاں جھڑتی ہیں اور اُن لکڑیوں میں آگ لگ جاتی ہے۔ اور وہ اُسی آگ میں جلجاتا ہے۔ بقیہ حالات بدستور۔ اس مرغ کو فارسی میں "آتش زن" کہتے ہیں ققنس مخفف ہے قوقنوس کا اور قوقنوس کو بعضوں نے یونانی بعضوں نے ترکی لکھا ہے [illegible] فارسی والے بضم اول و بفتح سیوم بھی بولتے ہیں۔ (داغ) کیا ڈبوئیگا ترے عشق کا قلزم مجکو۔ موج ساحل ہے سفینہ ہے تلاطم مجکو۔

قلق	ع	٢٣٠	رنج و الم ۔ بے آرامی ۔ بے چینی ۔ اضطراب ۔ بولتے ہیں ۔	مذکر	جلال	لاکھ دے اُسکو تسلی کوئی کیا ہوتا ہے	اور کمبخت قلق دل کا سوا ہوتا ہے
قلقل [۱]	״	٢٦٠	شیشہ کی آواز	مونث	امیر	کانوں میں بھر گئی ہے مینائے مے کی قلقل	ہم بادہ کش سنیں اب کیونکر صدائے واعظ
قلم [۲]	״	مختلف فیہ		مذکر	برق	اب وہ نوچندی کہاں اور وہ مینا کیسا	مے کہاں جام کہاں قلقل مینا کیسا
	״	١٧٠	خامہ	״	دبیر	انگشت عطارد سے قلم چھوٹ پڑا ہے	خورشید کے پنجہ سے قلم چھوٹ پڑا ہے
	۰	۰	درخت کا پیوند ۔	مونث	امیر	گلشن میں بلبلیں ہیں ہماری طرح مست	ساقی گلابیاں ہیں کہ قلمیں گلاب کی
	۰	۰	شراب کی شیشی ۔	״	جلال	ہے جام مے کہ پھول کھلا ہے گلاب کا	نرگس کی شاخ ہے کہ قلم ہے شراب کی
قلمدان	ف	٢٢٥	کاغذ یا لکڑی وغیرہ کا وہ چھوٹا بکس جسمیں لکھنے کا سامان قلم دوات وغیرہ رکھتے ہیں ۔	مذکر	ذوق	دریائے عشق میں دم تحریر حال دل	کشتی کی طرح میرا قلمدان بہہ گیا
قلمتراش [۳]	״	١٠٧١	چھوٹا چاقو ۔	مونث	رشک	میرے لئے تراش رہی ہے سر قلم	کرتی ہے ہاتھ صاف تمہاری قلمتراش
			مختلف فیہ	مذکر	ظفر	گردن پہ دھار رکھ کے بوسے	ٹوٹے نہ قلمتراش میرا
قلمرو [۴]	״	٣٧٦	سلطنت ۔ راجدھانی ۔	مونث	آتش	چند پریاں بھی کروں مثل سلیمان تسخیر	یہ قلمرو بھی رہے زیر نگیں تھوڑی سی
قلیہ	ع	١٣٥	ترکاری و ہلدی پڑا ہوا شوربہ دار گوشت وغیرہ ۔	مذکر	میر	چار من گا جروں کا قلیہ تھا	وہ منی دیگ بیچ دلیا تھا
قلیان	ت	١٩١	حقہ ۔ گڑ گڑی	״	اسیر	کم نہیں ہے پیکر انساں سے قلیاں یار کا	امتزاج آتش و آب ہوا و خاک ہے
قمارخانہ	ت	٩٩٧	جوا کھیلنے کی جگہ ۔ جوے کا گھر	״	امیر	سر نیاز کو تیرا ہی آستانہ ہوا	شرابخانہ ہوا یا قمارخانہ ہوا
قمچی	ت	١٥٣	چھڑی ۔ کوڑا ۔ چابک	مونث	اسیر	دشت فرقتمیں بیاض چشم جاناں یاد کی	شاخ آہو مجکو قمچی ہو گئی استاد کی
قمر	ع	٣٤٠	چاند ۔	مذکر	انیس	جب وقت مصیبت میں علی کا پسر آیا	منزل کیطرف نیکی ستارہ وہ قمر آیا
قمری	״	٣٥٠	بفتح اول ایک پرند ہے جسکو فاختہ بھی کہتے ہیں ۔	مونث	ناسخ	آدمی عاشق ہیں کیا اُس سرو قد آزاد پر	ایک قمری اب نظر آتی نہیں شمشاد پر
قمقمہ	״	٢٨٥	کانچ کا گولہ جو بغرض آرائش مکان میں لٹکا دیتے ہیں	مذکر	اسیر	کیا خوب چشم تر میں چمکتا ہے لخت دل	یاقوت قمقمہ ہے ہماری سبیل کا
״	״	״	لاہ کا گولہ جو ہولی میں رنگ بھر کر ایک دوسرے پر پھینکتے ہیں	״	منیر	دکھا کر وہ ذرہ دنداں جو کھیلتے ہیں رنگ	حباب آب گہر قمقمہ ہے ہولی کا

[۱] مونث انسب ہے ۔ [۲] قلم خامہ کے معنی میں پہلے مونث بھی لکھتے تھے ۔ ظفر نے مونث لکھا ہے ؎ عجب احوال ہے میرا کہ جب خط اسکو لکھتا ہوں تو دل کچھ اور لکھتا ہے قلم کچھ اور کہتی ہے ۔ مگر اب علی العموم مذکر ہی مستعمل ہے ۔ حضرت امیر مینائی ؎ خط عارض نے دل اہل رقم توڑ دیا ۔ بیت ابرو نے ہلالی کا قلم توڑ دیا ۔ ذوق لکھتے ؎ خط میں کہ ستم اٹھ نہیں سکتا ۔ بہ ضعف ہے ہاتھ نہیں قلم اٹھ سکتا ۔ رضا فرنگی محلی ؎ ارادہ ہے صفت لکھوں کسی محراب ابرو کی ۔ بہ سجدہ جھکا جاتا ہے کاغذ پر قلم میرا ۔ درخت کا پیوند ۔ شراب کی شیشی ۔ ان معنوں میں مونث ہے بمعنی خط کنپٹی کے بال مونث ہے ۔ (رشک) جس نے یہ اس بت کافر کی تراشیں قلمیں ۔ ہاتھ ہو جائے خدایا قلم اس نائی کا ۔ غالب نے مونث بھی لکھا ہے اور مذکر بھی لکھا ہے : مذکر ؎ غلط خراب بکا غالب ؟ چل سکا قلم آگے ۔ مونث ؎ ہے قلم میری ابر گوہر بار ۔ مومن نے بھی مونث لکھا ہے [۳] غیر کے خط لکھنے کو تمنے تراشی ہے قلم ۔ درد سے میرے استخواں کیوں ہو گئے قلمتراش ۔ [۴] دہلی میں مذکر اور لکھنؤ میں دونوں طرح بولتے ہیں ۔ تذکیر مرجح ہے ۔ آتش ہی نے مذکر بھی لکھا ہے ؎ اللہ کے کرم سے بتوں کو کیا مطیع ۔ زیر نگیں قلمرو ہندوستاں ہوا ۔ اگر اِنکا اتباع پایا نہیں جاتا ۔ اتفاق مونث ہی پر ہے ۔

قنات	ت	۵۵۱	خیمہ کے چاروں طرف کا پردہ - کپڑے کی دیوار -	مونث	مونس	تھی بپا آلِ نبی میں یہ فغان و زاری	اتنے میں راکھ ہوئیں جلکے قناتیں ساری
قناعت	ع	۶۲۱	تھوڑے پر راضی رہنا - صبر - سنتوکھ	"	داغ	مصیبت گر کسی پر ہو مصیبت کا بھی خوگر ہو	اگر کیسا ہی مضطر ہو قناعت بھی جاتی ہے
قند	"	۱۵۴	کھانڈ - گڑ - وغیرہ - مجازاً ایک قسم کی مٹھائی -	مذکر	ناسخ	واہ کیا ناسخ بھی ہے شیریں بیاں	شعر جو ہے لکھنؤ کا قند ہے
قندیل	"	۱۹۴	کاغذ وغیرہ کا فانوس جسمیں چراغ رکھکر جلاتے ہیں -	مونث	ذوق	ازل سے یوں دلِ عاشق ہے نور کی قندیل	کہ جیسے عرش خدائے غفور کی قندیل
قواعد	"	۱۸۱	قاعدہ - آئین - فوج کی قواعد -	"	قدر	پلکیں تری جھپک گئیں جب ہمنے آنکھ کی	بولی یہ ہو رہی ہے قواعد سپاہ کی
قوال	"	۱۳۷	صوفیانہ اور حقانی گانے گانے والا -	مذکر	آتش	مقبول مرے قول سے قوال ہوا ہے	صوفی کو غزل سنکے مری حال ہوا ہے
قوام	"	۱۴۷	شیرہ - چاشنی - اصل ہر چیز کی -	"	نسیم	بوسوں سے غیر کے لب شیریں ہیں تلخ	بگڑی وہ چاشنی وہ قوام عسل گیا
قوت	"	۵۰۶	بضم اول وتشدید واؤ معروف مفتوح - زور طاقت - بل -	مونث	جلال	اٹھتی ہی دنیا نہیں در سے ترے	ضعفا کو کس درجہ قوت ہو گئی
قوس	"	۱۶۶	دھنک جو برسات میں آسمان پر دکھائی دیتی ہے - نام ایک برج کا ہے جسکو ہندی میں دھن کہتے ہیں	"	نواب مرزا شوق	کھل گیا جب برس کے وہ بادل	قوس تب آسمان پہ آئی نکل
قول	"	۱۳۶	گفتگو - بات چیت - کہنا - اقوال جمع ہے -	مذکر	جان صاحب	حسن مطلع اسکا ہے نور نبی کا وصف ہے	قول بیشک سچ ہے یہ میر محمد جان کا
	۰	۰	اقرار وعدہ -	"	صفدر	سنا میرا مرنا تو بولے وہ صفدر یہ	چلو ہو گیا قول پورا کسی کا
قوم	"	۱۴۶	گروہ آدمیوں کا - ذات - فرقہ	مونث	حالی	وہ قومیں جو ہیں آج سرتاج سب کی	کنونڈی رہینگی ہمیشہ عرب کی
قویٰ	"	۱۱۶	قوت کی جمع ہے بمعنی طاقتیں	مذکر	غالب	مضمحل ہو گئے قویٰ غالب	وہ عناصر میں اعتدال کہاں
قہر	"	۳۰۰	عتاب - غصہ - غضب	"	ناسخ	کہتے ہیں زاہد مری دیوانگی کو دیکھکر	بت پرستی کے سبب قہر خدا نازل ہوا
قہقہہ	"	۱۴۰	کھلکھلا کر ہنسنا	"	آتش	دیوانہ ہے کس چاند سے رخسار کا آتش	زنجیر کا غل قہقہہ ہے کبک دری کا
قے	"	۱۱۰	ابکائی - الٹی	مونث	رشک	بار بار آیا جو میخانے میں ہو جائیگا بار	محتسب کی شکل سے شیشونکو قے ہو جائیگی
قیاس	"	۱۷۱	اٹکل - اندازہ	مذکر	ذوق	رنگ ہاتھی کا سیہ اور وہ دانت اسکے سفید	کہتا ہے دیکھ کے یہ ظلمت و نور اپنا قیاس
قیافہ	"	۱۹۶	صورت سے سیرت کا پہچاننا	"	اکبر	دیکھ لیا یاروں کا قیافہ	پایا بس خوش رنگ لفافہ
قیام	"	۱۵۱	نماز کا ایک رکن جو کھڑے ہوکر ادا کرتے ہیں -	"	ناسخ	نہیں نماز اگر زاہد! تو پھر کیا ہے	یہ میکدے میں رکوع و قیام شیشے کا
	۰	۰	کھڑا رہنا - قایم رہنا -	"	امیر	بنا آیات قرآں کی ہے انکی ذات سے محکم	قیام انکے سبب کعبے کے ارکان مشید کا
قیامت	ع	۵۵۱	بکسر اول روز محشر	مونث	"	پہنتے ہیں وہ گھر میں بیٹھ چھاگل	قیامت در پہ گھبرائی کھڑی ہے
قیادت	"	۵۱۵	بروزن قیامت رہبری رہنمائی	"	ظریف	احد میں لشکر اسلام کی جب نے قیادت کی	تمنا تھی ہر اک سردار کے دل میں شہادت کی

لفظ	اصل		معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
قید	ع	۱۱۴	اسیری ۔ گرفتاری ۔ بیکسی	مونث	جلیل	لطف سے گذری ہماری خانۂ صیاد میں	ہم قفس تھے اور بھی کچھ قید تنہائی نہ تھی
"	۰	۰	شرط	"	اسیر	سگ اُس سری کا کہیں کھائے استخواں نہ جلد	اُٹھا دی قید الٰہی ہما کے آنے کی
قیدی	ع	۱۲۴	بندھوا ۔ اسیر ۔	مذکر	جلیل	سحر کو ایک بھی ہوگا نہ آپکا قیدی	کھلی جو زلف تو چھوٹی ہوئی مسی ہوگی
قیدخانہ	ف	۷۰	جیل خانہ	"	"	گوشۂ دل میں جگہ ہمکو ملی اے صیاد	قیدخانہ ہو نیا تازہ گرفتاروں کا
قیس	ع	۱۸۰	عرب کے ایک قبیلے کا نام ۔ اور مجنوں کا اصلی نام جو لیلیٰ پر عاشق تھا ۔	"	جلیل	اُٹھ گیا قیس جو صحرا سے تو آئی آواز	اپنے گھر کو تو نہ ویران بنایا ہوتا
قیف	ت	۱۹۰	ایک ظرف جس سے شیشی وغیرہ میں تیل بھرتے ہیں ۔	مونث	ظریف	کان میں تیل ڈالنے کی ہے قیف	سب کرن پھول جسکو کہتے ہیں
قیل و قال	ع	۲۷۷	بحث مباحثہ حجت تکرار ۔ سوال و جواب ۔	مونث	اوج	زبان مرغ خوش الحان پہ قیل و قال اسکی	طرب فزا گل و بلبل میں بول چال اسکی
قیمت	ع	۵۵۰	دام کسی چیز کا ۔ مول ۔	"	داغ	یہاں یہ غم کہ چکا دل کا مول اک بوسہ	وہاں یہ فکر کہ قیمت بہت گراں ٹھہری
قیمہ	ت	۵۵	کٹا ہوا گوشت	مذکر	اسیر	خونخوار ہے وہ مست ملیگا بڑا مزا	قیمہ مرے جگر کا ملا دو کباب میں
قینچی	ت	۱۲۳	مقراض	مونث	جلال	ارادہ کیا کریں مرغ قفس تنہا اُڑنے کا	تری قینچی اُڑا دینے کو پر تیار رہتی ہے
قیود	ع	۱۳۰	قیدیں ۔ پابندیاں ۔ قید کی جمع	مذکر	عزیز	آزادگان عشق کی مٹی خراب تھی	جب تک کہ ضبط تابع رسم و قیود تھا

باب کاف عربی

کاتب	ع	۴۴۳	لکھنے والا۔ محرّر	مذکر	اسیر	لکھتے لکھتے عارضِ رنگینِ جاناں کی صفت	ہوگیا مشاق ہر کاتب خطِ گلزار کا
کاتبِ اعمال	″	۵۷۵	وہ فرشتہ جو اعمال لکھتا ہے۔	″	آتش	روز و شب کے حال کا لکھتا تھا جو جریدۂ ذنب	کاتبِ اعمال میری ڈیوڑھی کا پہرہ تھا
کاٹ	ھ	۴۲۱	برش[1] تلوار کی۔	″	جلیل	ہم تو اپنی سخت جانی کی حیا پر کٹ گئے	ناز سے کہتے ہیں وہ کیا کاٹ ہے تلوار کا
				″	مونس	جو سپاہی ہے وہ ششدر ہے کہ ہے کاٹ نیا	تیز دستی ہے نئی باڑھ نئی گھاٹ نیا
	۰	۰	عداوت۔ بیر[2]۔ دشمنی۔	مونث	جلال	میری ترقیوں نے بھی میری ہی کاٹ کی	تلوار بن گیا جو مقدر چمک گیا
کاٹ پھانس	ھ	۵۳۹	بھانجی مارنا۔ چغلخوری کرنا۔ عیاری چالاکی۔	″	نواب مرزا شوق	دیکھ کر میری عقل جاتی ہے	جو تجھے کاٹ پھانس آتی ہے
کاٹ چھانٹ	″	۸۸۰	قطع و برید۔ کسیکی برائی کرنا۔	″	امیر	عجیب صانعِ قدرت کا ہے تراش خراش	یہ کاٹ چھانٹ تجھے باغباں نہیں آتی
کاجل	″	۵۹	کالکھ۔	مذکر	جاہ	قیامت تک نہ بھولیگی سیاہی صبح محشر کی	رہیگا حشر تک آنکھوں میں کاجل شامِ ہجر انکا
کار	ف	۲۲۱	کام۔ دھندھا۔ شغل	″	آتش	باتیں کرتا ہوں نگاہوں سے پریزادوں سے	دیدۂ شوق سے یاں کارِ زباں ہوتا ہے
کارخانہ[3]	″	۸۷۷	کنائیۃً و محاورۃً بمعنی مصلحت ایزدی اور خدا کی قدرت بولتے ہیں۔	″	امیر	کرے کوئی خطائیں مجھ پہ ہے فکر بندگی	تعجب کیا ہے ہوا یہ بت کارخانہ ہے خدائی کا
	۰	۰	کاروبار۔ کام۔ دھندا۔ انتظام	″	داغ	جسکو دیکھا غرض کا اپنی دیکھا	دنیا کا عجیب کارخانہ دیکھا
	۰	۰	حالت کیفیت انتظام	″	جلال	کب اُسنے آنکھوں نہیں گھر کرلیا خبر ہوئی	نگاہ ملتے ہی کچھ اور کارخانہ ہوا
کارد	ف	۲۲۵	چھری چاقو۔	مونث	لاعلم	جو خطِ تختۂ تقدیر پہ ہوا تحریر	اُسے مٹا نہیں سکتی ہے کاردِ تقدیر
کارزار	″	۴۲۹	جنگ۔ لڑائی۔	″	مونس	مانند قطب ایک جگہ تھا وہ ذی وقار	کچھ آنکھ میں سماتی نہ تھی اُسکی کارزار
کارکن	″	۲۹۱	کام کرنے والے۔	مذکر	امیر	تیری صورت بنا کے بیٹھ رہے	کارکن کارگاہِ قدرت کے
کاروان	″	۲۷۸	قافلہ	″	آتش	سنیں گے قصۂ یوسف زباں سے اُسکی	کوئی ہماری طرف سے جو کارواں نکلا
کارروائی	″	۴۴۸	کام چلانا۔ کام نکالنا۔ عمل کرنا۔ تدبیر کرنا۔	مونث	ناظم	وہ مے پرست ہوں کہ نہ پائی اگر شراب	کی خونِ دل سے کارروائی تمام رات
کاروبار	″	۴۳۰	کام کاج	مذکر	سخن	وہ کیا ہوئے مرے احباب ہمدم ساغر کش	کہ کاروبار ہے ابتر شراب خانے کا
کاسنی	″	۱۴۱	ایک رنگ ہے اور ایک دوا کا نام ہے۔	مونث	فایزہ	میری درد آہ کا گِر ہوئی پون سے نشاں	اب تو اکو بھی نہیں ہوتی میسر کاسنی
کاسہ	ع	۸۶	پیالہ۔ کٹورا۔	مذکر	رضا	تیرے در کا ہوں گدا شاہانہ میرا ہے مزاج	ہاتھ میں رکھتا ہوں کاسہ بھی سرِ فغفور کا

[1] برش کے معنی میں مختلف فیہ پایا جاتا ہے۔ انیس نے مونث بھی لکھا ہے (ع) ان چھوٹی سی تلواروں کی تھی کاٹ غضب کی۔ ترش بمونث کے معنی میں (فقرہ) اس اچکن کی کاٹ خراب ہوگئی۔ [2] بیر دشمنی کے معنی میں (ناظم) زخمی عشق پر اتنا بھی ستم خوب نہیں، کاٹ اچھی نہیں ہر دم کی یہ دم خوب نہیں۔ [3] چیزوں کے بنانے اور تیار کرنے کا مقام ایک قسم کی اونچی چوکی جس پر بیٹھ کے گوٹہ کناری بنتے ہیں۔

لفظ	اصل	نمبر	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
کاش	ف	۳۲۱	ایسا ہو۔ کیا اچھا ہو یہ کلمہ تمنا کا ہی	مونث	جلیل	ہان نہ آئے زبان پر نہ سہی	کاش یہ آ گئی "نہیں" جاتی
کاشانہ	″	۳۷۷	جھونپڑا۔ آشیانہ۔ گھونسلا	مذکر	دبیر	دل سینے میں جلتا ہی یہ پروانہ ہی کس کا	بو خلد کی آتی ہی یہ کاشانہ ہی کس کا
کاغذ	″	۱۷۲۱	پیتر۔ عربی میں قرطاس کہتے ہیں۔	″	امیر	کیسا جواب خط کہ ہوا نامہ بر کا خون	کاغذ پکارتا ہی یہ خط کی رسید کا
کافر	ع	۳۰۱	بیدین۔ خدا کا منکر نافرمان	″	ناہر	تیری ابرو دیکھکر او بت خدا یاد آ گیا	زور سے تلوار کے کافر مسلمان ہو گئے
کافور	″	۳۰۷	کپور۔	″	امیر	زلف و رخ دونوں ہیں نو سی جوانی کی خزاں	مشک وہ مشک ہے کافور وہ کافور رہا
کاکل	ف	۱۷	زلف۔ سر کے لانبے بال۔ جو لٹکتے ہوتے ہیں۔	مونث	رند	خوش آ گئی ہی انہیں سب وضع بانکی	کمر پر رہتی ہے کاکل میاں کی
کاگ[1]	ہ	۴۱	بوتل کی ڈاٹ	مذکر	ریاض	وہ ٹوٹی توبہ وہ دن سے اڑا کاگ	غضب گولی نشانے پر پڑی ہے
کال	″	۵۱	مہنگی۔ موسا۔ قحط	″	جرات	مری جوش اشک سے بہہ ور ہو کال جہاں کے بحر و بر	نہ برستی اب یہ چشم تر تو خدا نخواستہ کال تھا
کالا	″	۵۲	سانپ۔ سیاہ رنگ۔ ہندوستانی سیاہی	″	اسیر	زلف سیہ کا کھا کر وہ پیچھے جو ہٹ گیا	سمجھے یہ ہم کہ کاٹ کے کالا پلٹ گیا
کالبد	ف	۵۷	قالب۔ تن۔ جسم۔	″	آتش	عزیز روح کی دم تک ہی کالبد گل کا	خراب حال ہی بے مغز جب ہوا چھلکا
کالک	ہ	۷۱	بفتح سیوم۔ سیاہی۔ کاجل	مونث	جان صاحب	سنتی ہوں ملکے چاندنی سے رات	منہ میں کالک لگائی کلو سنے
کالکا	″	۷۳	ہندوؤں کی ایک دیوی کا نام	″	امیر	ڈر کے میری شب جدائی سے	کالکا رام رام کرتی ہے
کام[2]	″	۶۱	دھندا۔ مقصد۔ مراد۔ عمل۔ شغل۔	مذکر	جلال	لگا سکے کوئی سینے سے تو یوں کا ہیکو ہم تڑپیں	ذرا سا کام اس دل لگی سے ہو نہیں سکتا
کام	ف	۰	کاریگری۔ نقش و نگار۔	″	آتش	گورے منہ کی تری یاد آئی سنہری افشاں	لوح سیمیں پہ اگر کام طلا کا دیکھا
کان[3]	ف	۶۱	معدن۔ کھان	مونث	سریر	بیان کس سے ہو تعریف شکل و صورت کی	وہ جان حسن کی ہی کان ہی ملاحت کی
″	ہ	۶۱	گوش۔	مذکر	درد	شیوہ نہیں بنا تو عبث ہرزہ یہ بکنا	کچھ بات کہینگے جو کوئی کان لیگا
کانٹا[4]	″	۳۶۲	خار۔ چاندی[5] سونا تولنے کی چھوٹی ترازو۔	″	جلیل	خونیں ڈوبی ہوئی پلکیں او ان پر لخت دل	پھولو نہیں تلتا ہی پر کانٹا مری گلزار کا
کانسٹبل	انگریزی	۵۶۳	چوکیدار۔ سپاہی پولیس کا۔	″	ظریف	پل تختہ لا کے رکھدیا پانی میں تربتر	کانسٹبل کھڑا تھا جہاں سے تھی رہگذر
کانس[6]	ہ	۱۳۱	دیوار۔ چھجا۔	مونث	بحر	نارسائی دیکھنا اڑتا ہی جب میرا غبار	یار کی کوٹھی کی کانس سے پھسلتی ہی ہوا
کاوش	ف	۳۲۷	کھوج لگانا۔ تلاش کرنا۔ دشمنی رنجش جھگڑنا۔ لپٹنا۔	″	تسلیم	کم کبھی کاوش جگر ہو گی	یا بسر یوں ہیں عمر بھر ہو گی

[1] اکثر صاحبان اس لفظ کو انگریزی کہتے ہیں کہتے ہیں کہ اصل لفظ (کارک) تھا بگڑ کر کاگ ہو گیا۔ کارک ایک درخت کا نام ہی جسکی پوست سے کاگ بناتے ہیں۔ لکھنؤ والے کاگ کو علی العموم مذکر اور دہلی والوں کو اکثر مونث بولتے بھی سنا گیا ہی (نوح) کاگ بوتل کی کھول دی جھٹ پٹ۔ سیہ تو دلی کا استعمال ہی اور لکھنؤ (رند) نکل آئی پری ساقی نے جب دم۔ نکالا کاگ شیشے کا لگا پیچ

[2] کام بمعنی تالو۔ (ذوق) منیش کی جانوش ہی دنبالہ زنبور میں۔ کام میں فتح کے نہ مہرہ بجائے آبلہ۔ بمعنی عمل۔ (اسیر) مفلسی مفلس کی بمنعم کی بجا ہی منعمی بمصلوت ہے کب کوئی خالی ہی کام اللہ کا بنسکر میں بمعنی تمنو و منشا کے بھی مستعمل ہی۔ [3] زنا سخ) نکلا آن ابھی باہر گزر ہو گر حسینوں کا۔ لحد یاری کی کان ہے اور میری خاک بارا ہی [4] کنویں سے گری ہوئی گگری ڈول لوٹے وغیرہ نکالنے کا آلہ زنجیر ڈوبے ہم چاہ زنخدان میں ان آنکھوں کے حضور یہ مژہ نے رسن زلف میں کانٹا باندھا۔

[5] (امیر) وہ کہتے ہیں کہ ہم آنکھوں میں سب کو تاڑ لیتے ہیں۔ محبت ماری دنیا کی ہی کانٹے میں تولی ہے [6] اکثر اساتذہ دہلی نے کافر کو بجھر کا ہم قافیہ لکھا ہے۔ [7] انگریزی لفظ کارنس ہے

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
کاوہ	ف	۳۲	ہیکڑ۔	مذکر	انیس	جست نظر آئی نہ کاوا نظر آیا	پھرتا ہوا لشکر میں بچھا داد نظر آیا
کاہ	،	۴۲	سوکھی گھاس	مونث	آتش	وہ کوہ ہوں میں کاہ ہی گراں جسکو	وہ کاہ ہوں کہ کوہ پہ جو بار ہو گئی
کاہش	،	۲۲۶	زوال کمی۔ نقصان قبول کرنا۔	،	داغ	غیر کو بزم میں تو دیں پھر سیدا لہو ہوئی	دلکو میری کاہش ہی تو قدر پہ پھر سیدا لہو ہوئی
کاہیدگی	،	۷۰	لاغری۔ دبلاپن۔ گھٹاؤ	،	تعشق	کیا کہوں میں مجکو جو کا یتگی مری کاہیدگی	لیکے وہ چلتے ہوئے چرایا تھا بار ہنگی
کایا	ھ	۳۲	شکل۔ صورت۔ جسم۔ حالت۔	،	حالی	عرب جس پہ قرنوں سے تھا جہل چھایا	پلٹ دی بس اک آن میں اسکی کایا
کایا پلٹ[1]	،	۴۶۴	ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا۔ کچھ کا کچھ ہو جانا۔ وہ دوا جس سے بڑھا جوان ہو جاتا ہی۔	،	تسلیم	جو تھا دوست اپنا عدو ہو گیا	غضب کی یہ کایا پلٹ ہو گئی
کائنات	ع	۴۸۲	دنیا۔ مخلوق۔ یہ لفظ جمع ہی مگر اردو میں بطور مفرد مستعمل ہے	،	رند	رونا یہی اگر ہے تو طوفان آئیگا	اسکو نہیں کائنات بکھر جائیگی یہی یہی
.	.	.	اردو میں سرمایہ پونجی حقیقت بساط کے معنی میں بھی مستعمل ہے	،	ناسخ	ترک دنیا کی سوچ کیا ناسخ	کچھ بڑی ایسی کائنات نہیں
کائی	ھ	۴۱	وہ سبزی جو بند پانی میں کثافت کی وجہ سے پیدا ہو جاتی ہی۔	،	منیر	پڑا ہی سبزۂ خط ذقن کا عکس جو سر ہے	لگی ہی حوض آئینہ میں کائی چاہ بابل کی
کباب	ف	۲۵	بھنا ہوا گوشت فارسی والے بھنے گوشت کو کباب کہتے ہیں۔	مذکر	مصحفی	آتش غم سے متصل یا رو	دل نہیں یہ کباب بھنتا ہے
کبادہ	،	۳۲	کمان جو بہت نرم ہو	،	منیر	قد دوتا سے الفت ابرو کی تھی نمود	سانچا کڑی کمان کا اپنا کبادہ تھا
کبر	ع	۲۲	بکسر اول۔ تکبر۔ غرور۔ گھمنڈ۔ بکسر اول و بفتح دوم پیری کہن سالی۔	،	امیر	کبر سب خاک میں ملجائیگا مغروروں کا	اک ذرا گور غریباں میں گذر ہونے دو
کبک	ف	۴۲	بالفتح چکور اسکی چال بہت مشہور ہے	،	رضا	دیکھکر رفتار تیری باغ میں	کبک اپنی چال سے شرما گیا
کبوتر	،	۲۲۸	ایک مشہور پرند ہی سنسکرت میں بھی کبوتر ہی کہتے ہیں۔	،	تسلیم	خط بھیجے ہیں اتنے کہ پیغامبر ہیں اب	عنقا ہو زمانے میں کبوتر نہیں ملتا
کپڑا	ھ	۲۲۳	پارچہ۔ بستر۔	،	ناسخ	سرو ہی باغ جہاں میں وہ صنم نام خدا	ہی بجا اسکو پسند آئے جو کپڑا چھال کا
.	.	.	لباس۔ پوشاک۔	،	ریاض	بھٹی میں مے فروش نے ٹوپی اتار لی	مسجد میں ہم جو آئے تو کپڑے اتر گئے
کتا	ھ	۴۲۱	ایک مشہور نجس جانور ہے جسے فارسی میں سگ کہتے ہیں۔	،	جان صاحب	برقی خانم پھونک کر خالی نکر اپنا دماغ	بے ادب لڑکا تھا کتا بنگیا سعد اللہ کا
کتاب	ع	۴۲۱	پوتھی۔ کتب جمع ہے نسخہ۔ رسالہ۔	مونث	امیر	لکھی وصف رخسار میں جو کتاب	وہ آئینۂ حق نما ہو گئی
کتابت	،	۸۲۳	لکھنا۔ تحریر۔ لکھائی۔ مکتوب	،	فائز	قاصد ہلال ضمیروں کیطرح پھرتا ہی	اسنے نام لکھی ہی جو کتابت میری

[1] بعض شعرا نے مذکر بھی لکھا ہی۔ (مصنف) ہم وہ جواں ہوتے ہی ہیسے ہو گئے ناآشنا۔ دو ہی دن میں اے یہ کایا پلٹ کیسا ہوا۔

لفظ	زبان	نمبر	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
کتابہ	ع	۴۲۸	وہ عبارت جو لوح مزار یا مسجد وغیرہ میں پتھر پر کندہ کرکے لگاتے ہیں	مذکر	امیر	ملایا خاک میں اُنکو جہاں کی بیوفائی نے	کتابہ خط کوفی میں لکھو گور غریباں کا
کتان	؍؍	۴۷۱	بالفتح السی یعنی جسکا تیل نکالتے ہیں۔ اس معنی میں مونث ہے ایک قسم کا کپڑا ہے جو چاندنی پڑنے سے ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے۔	مذکر	آتش	دل صاف میں نے عالم اسباب میں کیا	ہنوائی چاندنی جو میسر کتان ہوا
کتبہ	ع	۴۲۷	لکھا ہوا۔ تحریر کیا ہوا۔	؍؍	تسلیم	وہی جان جسنے اُس لب لعلیں کے عشق میں	خون جگر سے قبر پہ کتبہ لکھا گیا
کتھا	ہ	۴۲۷	قصہ۔ ہندوؤں کے مذہبی پیشواؤں کے حالات کہانی۔	مونث	اختر مینائی	سنکر وہ مرا فسانہ بولے	ہمنے یہ کتھا بہت سنی ہے
کتربیونت	؍؍	۱۰۰۸	بفتح اول و دوم۔ قطع برید۔ کاٹ چھانٹ۔	مذکر	نسیم	کہیں کھڑ کھڑ ہے پاندانوں کی	ہے کتربیونت اچھے پانوں کی
کٹار	ہ	۴۲۱	چوڑی اور تیز دھار رکھنے والا خنجر۔ چھوٹی تلوار	مذکر مونث	مصحفی مسرور	پھر وہ بہت صاحب ارادہ ہوا یونہی کیا کم تھا بانکپن تیرا	پھر کمر میں کٹار رہنے لگا اُسیر تو نے کٹار باندھی ہے
کٹورا	؍؍	۴۲۷	تانبے، پیتل یا کسی اور دھات کا پیالہ۔	مذکر	ناسخ	لبریز اُسکے ہاتھ میں ساغر شراب کا	بنتا ہو عکس رخ سے کٹورا گلاب کا
کٹوری	؍؍	۴۳۶	چھوٹا کٹورا۔	مونث	جاہ	ہے فکر درد دل کی تو کھا تیغ آبدار	چھلا جو اسمیں ہے وہ کٹوری دوا کی ہے
کٹہرا	؍؍	۴۳۶	بفتح اول و دوم۔ لوہے یا لکڑی کا جنگلہ جو بغرض حفاظت مکان وغیرہ میں لگاتے ہیں۔ درندوں کے رکھنے کا پنجرا۔	مذکر	ظریف	ہے اک طرف کو اسمیں کٹہرا لگا ہوا	اک سمت کو ہو ٹاٹ کا پردہ پڑا ہوا
کثافت	ع	۱۰۰۱	لطافت کی ضد۔ میلاپن۔ نجاست گندگی۔	مونث	امیر	کیا خاک پاک ہے کہ وہاں رکھتے ہی قدم	ہو جاتی ہے تمام کثافت بدن کی دور
کثرت	؍؍	۱۰۱۰	زیادتی۔ بہتات۔	؍؍	اکبر	شکست رنگ مذہب کا اثر دیکھیں کہ شیخ	مسلمانوں میں کثرت ہو رہی ہے بادہ نوشی کی
کجاوہ	ف	[illegible]	کاٹھی، اونٹ وغیرہ کی اونٹ پر کاٹھی اسطرح باندھتے ہیں کہ اس پر دو آدمی مقابل ہوکر بیٹھ سکیں۔	؍؍	دبیر	دیوڑھی سے پر کجاوہ زینب جو نہیں ملا	خود اہتمام کرنے لگے شاہ کربلا
کجک	؍؍	[illegible]	بفتح اول و دوم فیلبان کا آنکس	مونث	امیر	[illegible] قلعہ گردوں کی کلید اسکی کجک	فیلبان ہے کہ یہ سیمرغ ہے بالائے جبل
کجکول	؍؍	[illegible]	گدا کی جھولی۔ بھیک کا پیالہ۔ کشکول بھی کہتے ہیں۔	مذکر	منیر	خود ہم کوئی بھی نہیں فیض حضور سے	کجکول آسمان نظر آیا بھرا ہوا
کجلوٹی	ہ	[illegible]	کاجل رکھنے کی ڈبیا۔	مونث	[illegible]	ہے [illegible]	بنواؤ ننگا کجلوٹی خال رخ قلندر کی

کرتا	ھ	۲۲۵	بغیر کلی کی قمیص۔	مذکر	انیس	کرتہ تن اطہر پہ رسول عربی کا	زیب کمر پاک کمر بند علیؓ کا
کرچ	ھ	۲۲۳	بکسر اول و دوم نیز بکسر اول و فتح دوم ایک قسم تلوار کی ہے۔	مونث	سحر	سواروں کی کرچیں چمکتی ہوئی	پڑی آنکھ جن پہ جھپکتی ہوئی
کردار	ف	۴۲۵	کام۔ فعل۔ طرز۔ روش۔ عمل	مذکر	بحر	بینا ہو اگر آنکھیں ارباب نظر دیکھیں	چھپتے ہیں عمامے میں کردار نہیں چھپتے
کردھنی	ھ	۸۹	عورتوں کا ایک زیور ہے۔	مونث	ناسخ	کافر خط استوا بدن کا	بہتر ہے سونے کی کردھنی سے
کرسی	ع	۲۹۰	چھوٹا تخت۔ چوکی۔ آٹھواں آسمان۔ مکان کی اونچائی جو زمین سے ہو۔	"	منیر	بنا ہے دل کا نقشہ اپنی آنکھوں میں وہ بیٹھے ہیں	بٹھاتی ہیں نئے بنگلے میں کرسی دل کی
کرشمہ[1]	ف	۵۶۵	اشارہ۔ اردو میں انوکھی بات۔ عجیب بات۔ شعبدہ	مذکر	آتش	روح قالب سے جدا کرتا ہے قالب روح سے	ایک ادنیٰ سا کرشمہ ہے یہ تیر ناز کا
کرگدن	ف	۲۹۴	گینڈا ایک جانور کا نام	"	ناسخ	کرگدن کا بھی ذرا حوصلہ دیکھو کوئی	اپنے قاتل کو پس از مرگ سپر دیتا ہے
کرم	ع	۲۶۰	بفتح اول و دوم مہربانی۔ بخشش۔ مروت۔	"	رضا	پہلو ہے گرم اس بت کافر کے وصل سے	ادنیٰ کرم ہے یہ مرے پروردگار کا
کرن	ھ	۲۷۰	شعاع	مونث	امیر	چمکی ہے روئے یار سے قسمت نقاب کی	جالی سے جو چھن رہی ہے کرن آفتاب کی
	•	•	ایک قسم کا گوٹا۔	"	ناسخ	چمکی چمک رہی ہے زیادہ ستاروں سے	پاپوش میں لگا دو کرن آفتاب کی
کروٹ	ھ	۲۲۶	ایک طرف۔ ایک پہلو۔ ایک پہلو سے دوسرا پہلو بدلنا۔	"	تسلیم	لپٹ کے سینے سے تجھکو نہ اٹھنے دی کروٹ	تمام عمر نہ بھولے گی آج کی کروٹ
کرہ	ع	۳۱۵	گھیرا۔ گیند۔ گول چیز۔ حلقہ۔ مدور	مذکر	امیر	سوا آہوں کے اس میں کچھ نہیں ہے	ہمارا دل کرہ ہے کیا ہوا کا
کڑا	ھ	۲۲۱	چاندی سونے کا حلقہ جو ہاتھ پاؤں میں پہنتے ہیں۔	"	میر حسن	وہ ہاتھوں میں سونے کے موٹے کڑے	جھلک جسکی ہر ہر قدم پر پڑے
کڑکا	"	۲۲۱	نقیبوں کا بولنا۔ جو امرا کی سواری کے آگے آگے چلتے ہیں۔	"	آتش	عجب محبوب باشوکت ہے اے باد بہار تو	صدائے خندۂ گل ہے سواری کا تری کڑکا
کڑک	•	•	بجلی کی آواز۔	"	بحر	نہ بادل لڑیں گے مری چشم تر سے	کسے اپنا کڑکا سناتی ہے بجلی
	ھ	۱۴۰	بفتح اول و دوم سخت ہیبت آواز جیسے بجلی کی کڑک۔ تیز بمعنی درد۔	مونث	ظفر	کان میں جب سے ترے نالہ کی کڑک جاتی ہے	ابر میں رعد کی چھاتی سی دھڑک جاتی ہے
	•	•	چمک ٹیس				
کڑکیت	ھ	۵۵۵	وہ شخص جو بادشاہوں امیروں کی سواری کے آگے بولتے ہیں۔	مذکر	مومن	چاؤش بھاگ بھاگ کے روپوش ہوگئے	کڑکیت مارے خوف کے خاموش ہوگئے
کڑی[2]	"	•	سختی۔ حلقۂ زنجیر۔	مونث	امیر	خانۂ گور کی چھت بیٹھ کے دیوار گرے	جو کڑی پڑتی ہے مرد وہ اٹھا لیتے ہیں

[1] کرشمہ۔ کرتوت۔ ... منیں سحر گوشیاں غیروں سے اشارے دیکھے۔ آج آنکھوں سے کرشمے تری سرکار کے دیکھے۔ نشان۔ علامت۔ نمونہ (حالی) نہ جھگڑا کوئی مال و دولت کا تھا۔ کرشمہ اک انکی جہالت کا تھا۔

[2] [illegible] ہی۔ (ریاض) سخت جان زندہ نیوں نہ جو نہ چھت اٹھ سکے۔ ایسی کڑی کوئی سلاسل میں رہے۔

کرہی	ہ	۲۳۰	دھرن۔	مونث	امیر	ساتھ ہی تختۂ تربت بھی خرید اہمنو	مول بازار سے لی جب یہ تعمیر کرلی
کزلک[1]	ت	۷۷	تیز چھری۔ چھوٹی چھری۔ چاقو۔ قلمتراش۔	؍؍	امیر	معدوم کریگی نظر لطف کی کزلک	اک حرف غلط نامۂ عصیاں ہے ہمارا
کس	ہ	۹۰	زور۔ طاقت بل۔ بفتح اول	مذکر	انیس	دل سے طاقت بدن سے کس جاتا ہے	آتا نہیں پھر کر جو نفس جاتا ہے
کسائ	ع	۸۱	چادر۔ کملی۔	مونث	عزیز	ہوا جب لخلخہ بیز حیدر ارباب شفائیں	یمانی اک کساء اس مست عنائی نے بچھائی
کس بل	ہ	۱۱۲	زور طاقت۔ تلوار کا دم خم۔	مذکر	انیس	گل نہ کچھ پہلے جو برچھی لگا کھلا اسکا	زور دکھلاتا تھا ہر ضرب میں کس بل اسکا
کسر[2]	؍؍	۲۸۰	کمی۔ نقص۔ نقصان۔ گھاٹا۔ بفتح اول و دوم۔	مونث	وجاہت	جنوں میں کسر یہ بڑی رہ گئی	کہ بیڑی پڑی ہی ہتکڑی رہ گئی
کسک	؍؍	۱۰۰	بفتح اول و دوم۔ درد۔ دکھ	؍؍	نوح	اے نوح ترک عشق سے یہ فائدہ ہوا	دل کی کسک گئی وہ جگر کی کسک گئی
کسل	ع	۱۱۰	بفتح اول و دوم صحیح ہے۔ مگر اکثر زبانوں پر بالفتح وسکون دوم پایا جاتا ہے ضعف سستی۔ ماندگی۔ کاہلی۔ تکان۔	مذکر	رشک	بیٹھنا چاہیئے اور رشک توانائی میں	ہیں وہ عشق میں بے ضعف کسل بیٹھ گیا
کیس	ہ	۱۵۰	ایک دوا کا نام۔ بیا کہ معروف	؍؍	ناسخ	کھول دیتا ہے اگر جوہر شمشیر کیس	چھپ گیا تیر کی بخت جوہر اپنا
کش	ت	۳۳۰	بالفتح کشیدن کا امر۔ اردو میں سگرٹ اور حقہ وغیرہ کا گھونٹ۔	مذکر	منیر	صاف تحقیق لنفس آتے ہو جائے	ایک کش اسکا کھینچے جو دم بھر
کشاکش	؍؍	۶۴۱	کھینچا کھینچ۔ کھینچا تانی۔ غم و غصہ جھگڑا فساد۔	مونث	ذوق	ستمگروں کی کشاکش میں آبرو ہو جدا	کہ ہوتی سان پہ ہے تیغ تیز تر چڑھکر
کشت	؍؍	۷۲۰	بالکسر کھیتی۔ شطرنج کے شاہ کا ایسے خانہ میں ہونا کہ اگر اس خانہ میں دوسرا مہرہ ہوتا تو مر جاتا۔	مونث	جلیل	شکر ہے فیض سے اُس ابر سخاوت کے جلیل	کشت امید نظر مجکو ہری آتی ہے
کشت و خون	؍؍	۱۳۸۲	بالضم۔ خونریزی۔	مذکر	انیس	دریا ہی لہو کا بڑا کشت و خون ہوا	ڈھلتی تھی دوپہر کہ علم سرنگوں ہوا
کشتہ	؍؍	۶۲۵	بالضم۔ مرا ہوا۔ مقتول۔ ذبح کیا ہوا۔	؍؍	آتش	کس کس کو خاک میں نہیں ملوایا آپنے	کشتہ ہے کون کون تمہارے غرور کا
؍؍	؍؍	؍؍	وہ دوا جو کسی شے کو جلا کر بناتے ہیں جیسے رانگے کا کشتہ چاندی کا کشتہ دوا کے زور سے ماری ہوئی دھات	؍؍	ناسخ	کر سکیں اغیار کیونکہ خون مجھ بیتاب کا	ہر کسی سے کشتہ ہو سکتا ہے کب سیماب کا

[1] ذو الی مجھ سے املا غلط ہے۔ [2] (داغ) اتنی ہی تو بس کسر ہے تم میں کہنا نہیں مانتے کسیکا کبھی۔ (عزیز) اے سوز عشق نہاں اب قصہ مختصر ہے کسر ہے جلانا ہوا کہ گری کی کسر ہے۔ یہ لفظ عربی کسر سے بنالیا گیا ہے۔

لفظ	اصل	تعداد	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
کف دست	ف	۵۶۴	ہتھیلی۔	مونث	ناصر	فرط غیرت سے اڑا رنگ حنا کا اے شوخ	میرے خوں سے جو ہوئی لال کف دست تری
کفر	ع	۳۰۰	ناشکری۔ خدا کو واحد نہ جاننا۔ حق کا چھپانا۔	مذکر	میرحسن	اٹھا کفر اسلام ظاہر کیا	بتوں کو خدائی سے باہر کیا
کفش	ف	۳۰۰	جوتا۔	مونث	انیس	شاید نہ پہونچے یاں تلک آواز دور کی	کفشیں لیے رہیگا یہ خادم حضور کی
کفک	"	۱۲۰	ہتھیلی۔ تلوا۔	"	مصحفی	کفک سے حنائی نے تری اے گل تر	باغ میں آتے ہی لالے کا چمن پھونک دیا
کفن	ع	۱۵۰	مردے کی پوشاک جو پہنا کر مردے کو دفن کرتے ہیں۔	مذکر	تعشق	شب ہوگئی تلوار کے سجوانے میں تمکو	رکھا ہے کفن صبح سے تیار کسی کا
کل	ھ	۱۵۰	بالفتح۔ آرام چین۔	مونث	داغ	کسی کروٹ سے کل نہیں آتی	نہیں آتی اجل نہیں آتی
۰	۰	۰	پیچ۔ آلہ مشین۔	مونث	جلیل	تمھارے ہاتھ میں کل ہے سکون بیقرار کی	جو تم چاہو گے ٹھہرانا تو کیونکر دل نہ ٹھہریگا
۰	۰	۰	فردا۔	مونث	سحر	تیری کل شاید ہے فردائے قیامت سے ادھر	آج بھی کل پر ہے ٹالا وعدہ دیدار کو
کلام	ع	۹۱	بات۔ سخن	مذکر	امیر	میں دل لگا کے تو سنتا ہوں کیا کروں ناصح	ترا کلام ہی دل میں اثر نہیں کرتا
۰	۰	۰	مجازاً شعر و سخن نظم	"	جرات	ہمنے جرات عاشقی کا دخل جو اسمیں دیا	تو کلام ریختہ کیا عاشقانہ ہو گیا
کلاہ	ف	۵۶	ٹوپی۔	مونث	تعشق	بخار دل سے نکلتا ہے روکتا ہوں جو آہ	سیاہ دل کے دھوئیں سے کلاہ ہوتی ہے
کلائی	ھ	۷۱	بفتح اول بازو کا وہ حصہ جو کہنی اور پہنچے کے درمیان ہے۔	"	جلیل	سخت جاں آپ بچا یوں ذبح نہیں ہونے کا	تیغ فولاد کی پتھر کی کلائی ہوتی
کلبہ	ع	۵۷	بالضم چھوٹا گھر جو تنگ و تاریک ہو۔	مذکر	سخن	مہماں آج انکے گھر وہ جان جہاں ہونیکو ہے	کلبۂ احزاں مرا رشک جناں ہونیکو ہے
کلس	ھ	۱۱۰	وہ حصہ جو سونے چاندی کا بنا کر مسجد یا مندر کے گنبد پر لگاتے ہیں۔	مذکر	امیر	غش آجائے جو موسیٰ اس تجلی زار کو دیکھیں	چراغ طور ہے رخشاں کلس روضے کے گنبد کا
کلغی	ف	۱۰۶۰	طرہ جو پگڑی یا ٹوپی یا تاج وغیرہ میں لگاتے ہیں فارسی میں کلکی ہے مگر اردو میں کلغی مستعمل ہے	مونث	ناظم	قبا کیا چست تن پر سرو کے ہے سبز مخمل کی	اور سر پر طرہ ہے یہ کلغی سبز کونپل کی
کلف	ع	۱۳۰	بفتح اول و دوم۔ سیاہی جھائیاں جو منہ پر پڑ جاتی ہیں۔	مذکر	سودا	شمع کہنا تو اسے سودا ہے تاریکی عقل	شمع کا عکس اسکے عارض پہ کلف ہے ماہ کا
کلفت	"	۵۳۰	بالضم تکلیف۔ رنج مصیبت	مونث	تسلیم	ناز سے بیٹھا لیا اس راحت جاں نے جو پاس	کلفت دل ہمسے کوسوں دور ہوکر رہ گئی
کلک	ف	۷۰	خامہ۔ قلم۔	مذکر	جاہ	مرقع کھینچتا ہے دہر صنعت ہے یزداں کا	جواب خامۂ کن کلک ہے میرے قلمداں کا
	مختلف فیہ			مونث	ذوق	کی عطا تو خطوں کو کلک ادا	کیا عاشق کو تختہ مشق جفا
کلمہ[ا]	ع	۹۵	عربی میں بفتح اول و کسر دوم ہے فارسی والے بفتح اول و سکون دوم بھی استعمال کرتے ہیں لفظ مفرد جو بامعنی ہو۔ سخن۔ بات۔	مذکر	امیر	ہے یہ سرسبز گلستاں سخن آرائی کا	کلمہ پڑھنے لگے طوطے مری گویائی کا

[ا] کلمہ۔ اصل شرع میں لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کو کہتے ہیں اسکو کلمہ شریف بھی کہتے ہیں۔ (انیس) لازم ہے تمکو پاس کلام مجید کا۔ کلمہ نبی کا پڑھتے ہو تم بایزید کا۔

کمل	ہ	۹۰	کثرت استعمال سے کمبل کا کمل ہوگیا بھیڑ بکری وغیرہ کے بالونکی موٹی چادر۔	مذکر	منیر	رحمت خدا کی نشۂ افلاس میں رہے	اوڑھا فقیر مست نے کمل سحاب کا
کمند	ف	۱۱۴	رسی کی سیڑھی۔ جو مخفی طور پر اونچے مکانوں میں چڑھنے کے لیئے بناتے ہیں۔	مونث	آتش	گھر سے خدا کے ملتے ہیں مضمون مجھے بلند	فکر رسا کمند ہے کعبہ کے بام کی
کمہار	ہ	۲۶۶	مٹی کا برتن بنانے والا۔	مذکر	سخن	وہ تفتہ دل ہوں کہ مر کر بھی کام آؤنگا	بنائینگے مری مٹی کی بھی کمہار چراغ
کمی	”	۷۰	زیادتی کے برعکس۔ گھاٹا نقصان۔	مونث	جلیل	درد دل چمکا تو پھر اس میں کمی ہوتی نہیں	اے فلک یاں چار دن کی چاندنی ہوتی نہیں
کمیت	ع	۴۸۰	سرخ رنگ کا گھوڑا جو مائل بسیاہی ہو یا جسکی دُم سیاہ ہو۔	مذکر	آتش	سر سے حاضر منقبت میں ہے تامل ہو گیا	مدح حیدر سے کمیت خامہ دلدل ہو گیا
کمیں گاہ	ف	۱۴۶	دشمن یا شکار کیواسطے گھات میں چھپکر بیٹھنے کی جگہ۔	مونث	سرور	سرگیں آنکھ نہیں فتنوں نے	اک کمیں گاہ بنا رکھی ہے
کمینہ	”	۱۲۵	پاجی۔ رذیل۔ کم رتبہ۔ ہیچ	مذکر	برق	بے عقل ہیں ہنر جو رکھتے ہیں فلک سے	بڑھ جائے اگر لاکھ کمینہ نہیں اچھا
کنار	”	۲۳۱	گود۔ آغوش۔	مونث	مومن	خفقاں الفتوں سے ہمدم کی	طوق گردن کنار اب و عسم کی
مختلف قافیہ				مذکر	انشا	لپٹوں ہوں گلے سے آپ اپنے	سمجھوں ہوں کہ ہے کنار تیرا
کنارہ[1]	”	۲۷۶	بفتح اول علیحدگی۔ بالکسر غلط ہے۔	مذکر	ضمیر	تجکو دریا کے کنارے سے کنارہ ہوگا	بعد مرنے کے یہاں قبضہ ہمارا ہوگا
•	•	•	حاشیہ۔ فیتہ۔ ریشم یا زری تار کا بنا ہوا	”	رشک	کشمیر کی صنعت ہے نہ رنگت نہ بناوٹ	ٹپکے ہیں پر بال و پر عنقا کا کنارہ
•	•	•	حاشیہ جو دوشالے وغیرہ پر ٹانکتے ہیں				
•	•	•	سرحد۔ سیرا۔ کونہ۔ طرف۔ حد۔	”	امیر	کنارہ مرے ہاتھ آیا ہے ہمکو ملک ایماں کا	بڑی مشکل سے دروازہ ملا شہر خموشاں کا
•	•	•	ساحل۔ لب دریا۔ گھاٹ	”	ظفر	خال کا حل کا نہ سمجھو اس زنخداں کے قریب	آگیا ہے ہاتھ زنگی کے کنارہ چاہ کا
کنایہ	ع	۸۴	اشارہ۔ پوشیدہ بات۔ رمز۔	”	مونس	حجت کے بھی زباں ہیں نکتے ادب کے بھی	رحمت کے بھی ہیں صاف کنائے غضب کے بھی
کنبہ[2]	ف	۷۷	خاندان۔	”	صفدر	بازو ہیں بی بیونکے رسن سے بندھے ہوئے	اونٹوں پہ سر برہنہ ہے کنبہ حسین کا
کنپٹی	ہ	۴۸۳	کان اور ماتھے کی درمیانی جگہ	مونث	امیر	رشک رخسار نے تیرے کسی لاغر کیا	کنپٹی ماہ کی اے زہرہ جبیں بیٹھ گئی
کنٹھ	”	۴۷۵	گلا۔ آواز۔ گلے کی ہڈی۔	مذکر	انیس	طوفاں میں ہے جہاز جناب امیر کا	بے دودھ کنٹھ بیٹھ گیا ہے صغیر کا
کنٹھا	”	۴۷۴	بڑے دانے کا مالا۔	”	رضا	جنوں پورا ہوا ہرگز اگر تیری محبت کا	عوض تسبیح کے ہو ہاتھ میں کنٹھا گریباں کا
•	•	•	کنٹھا کپڑے کی اُس محراب کو کہتے ہیں جو انگرکھے اور کرتے کے گلے میں لگاتے ہیں۔	”	صبا	یہ تو اترا ہوا کنٹھا ہے ترے کرتے کا	ہاتھ آیا ہے نوکے یہ گریباں کیونکر
کنٹر	انگریزی	۹۸۰	شیشی۔ آبگینہ	مذکر	منیر	اگر آب وضو ہے پاک کا آنکو تصور ہے	دل جو رو الک کنٹر ہے عطر لطافت کا
کُنج	ف	۷۴	گوشہ۔ کونا۔	”	مومن	گور میں بھی جوش غم دل سے نکلا ہائے ہائے	آپ ہی ہیں ہم نہیں ہے کنج تنہائی ملا
کنجی	ہ	۸۳	کلید۔ تالی۔ چابی	مونث	انشا	کیوں دعا اپنی نہ ہو باب ظفر کی کنجی	گریہ ہے قفل در گنج اثر کی کنجی

[1] لے کر آبرو جائیگی رہنگی آپ کی۔ پھر اس سے اب کنارہ خوب ہے [2] (دبیر) غلہ سیاہ شام میں تقسیم ہوتا ہے۔ کنبہ تمہارا تیسرے فاقہ سے روتا ہے۔

لفظ	اصل	عدد	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
کُندن	ھ	۱۲۴	خالص اور عمدہ سونا۔ چمکیلا۔	مذکر	حالی	جلال اُنکا کھنڈروں میں ہے یوں چمکتا	کہ ہو خاک میں جیسے کُندن دمکتا
کنکر	″	۲۹۰	سنگریزہ۔ وہ ٹکڑا پتھر کا جو سڑکوں پہ بچھا کر کوٹا جاتا ہے۔	مذکر	ظفر	کیا کہوں کیسے وہ گہر ہیں بیٹھے	میں نے شب گھر میں جو اُنکے کوئی کنکر پھینکا
۰	۰	۰	وہ پھوڑا جو عورتوں کی چھاتی میں ہوتا ہے اور چھاتی سخت ہو جاتی ہے	″	جان صاحب	لگ گئی کسکی نظر تیری پری کیا کہوں	دودھ ہی جاتا رہا چھاتی میں کنکر ہو گیا
کنگن	ھ	۱۴۰	کلائی میں پہننے کا زیور۔	مذکر	فایز	نیمجان عاشق کا ماتم آپ نے اچھا کیا	ایک کنگن بڑھ گیا اور ایک کنگن رہ گیا
کنگورہ / کنگرہ	ف	۲۰۱ / ۲۵۵	منارہ جو عمارتوں پر چاروں طرف بناتے ہیں۔	″	ظفر	وہ دل کہ جس سے نقشہ ملے پورا عرش کا	کہتے ہیں کیوں غلط اُسے کنگورہ عرش کا
				″	امیر	رتبہ دیکھا ہمارے نالوں کا	کنگرے ہیں قصور جنت کے
کنگھی[1]	ھ	۱۰۵	بال صاف کرنے کا ایک دندانہ دار آلہ جسکو فارسی میں شانہ کہتے ہیں۔	مونث	اسیر	تم شاہ ملک خوبی بال ہما ہیں گیسو	لازم ہے ان میں کنگھی عاشق کے استخواں کی
کنگھی بوٹی	″	″	ایک درخت کا نام۔	″	آتش	الجھا ہے دل بتوں کے گیسوئے پر شکن میں	اُگ گئی ہے جا بجا سبزہ کنگھی مری چمن میں
	″	۵۲۴	سنگار۔	″	امیر	یہاں دل ہے صد چاک تڑپتی ہے جو تمکین	تمہیں کنگھی چوٹی ابھی سوجھتی ہے
کنواں	″	۱۲۷	چاہ۔	مذکر	فایز	کہا یوں مصر کی شاہی نے غرق فکر ہو کر	گرا ہے یوسف گر چاہ کنعاں سے کنواں اپنا
کنوتی	″	۲۸۶	گھوڑے کے کان۔	مونث	مونس	چاروں سموں سے اُسکے ہما منہ جو ملگئی	سمٹا لیا بدن کو کنوتی بدل گئی
کنول	″	۶۶	بفتح اول و نون غنہ۔ شمع جلانے کا ایک ظرف ہے جو بیشتر شیشہ کا ہوتا ہے	مذکر	″	جب بجھ گیا فلک پہ کنول ماہتاب کا	پہنا لباس لیلئ شب نے حجاب کا
	۰	۰	ایک مشہور پھول کا نام ہے	″	رشک	فرط گریہ سے جو دل بیٹھ گیا عاشق کا	لوگ کہنے لگے پانی میں کنول بیٹھ گیا
کُنہ	ع	۷۵	بات کی تہ۔ باریکی حقیقت یا ماہیت	مونث	آتش	پہونچا مجاز سے جو حقیقت کی کنہ کو	یہ جال لوکہ راستے میں پھیر پڑ گیا
کنی	ھ	۸۰	ہیرے وغیرہ کا چھوٹا ٹکڑا۔	″	داغ	آنسو نہ پئے جاینگے اے ناصح ناداں	ہیرے کی کنی جان کے کھائی نہیں جاتی
کنیری	″	۲۹۰	ایک طایر خوشنوا ہے۔	″	اکبر	فرزدن ہے دلکشی مشرق کی مغرب کی لطافت سے	حریف بلبل گلشن کنیری ہو نہیں سکتی
کنیز	ف	۸۷	لونڈی۔ جاریہ۔ زر خرید عورت جو خدمتگاری کے لیئے لی جائے۔	″	امیر	مریم سے آسیہ سے کسیطرح کم نہ تھی	فضہ کنیز تھی جو جناب بتول کی
کو	″	۲۶	گلی۔ کوچہ۔ محلہ۔ راہ فراخ۔	مذکر	آتش	حاجیوں کیطرح سے میں نے کیا اسکا طواف	کعبہ سنتا تھا جسے وہ کو نظر آیا مجھے
کواڑ	ھ	۳۴۷	لکڑی کا تختہ جس سے دروازہ بند کرتے ہیں۔ پٹ۔	″	ناظم	وہ تیغ زن ہے ترا ہمنشیں تعالی اللہ	سپر ہے ہاتھ میں جسکی کواڑ خیبر کا
کوپل[2]	″	۵۸	بضم اول و واو مجہول۔ نئی پتی	مونث	منیر	میں وہ طایر ہوں جسکے زمزمے کا غل ہے جنت میں	پر جبریل ہے کوپل مری شاخ نشیمن کی
کوتوال	ف	۲۶۳	شہر کا خبر گیر۔ شہر و قلعہ کا محافظ۔ پولیس کا مشہور عہدہ دار انگریزی میں اسکو عہدہ دار کہتے ہیں	مذکر	جان صاحب	مال تل بھر نہ جائیگا تستبر	کوئی دانا جو کوتوال ہوا

[1] جولاہوں کا ایک اوزار جس سے بانا ٹھوکتے ہیں اور اُسے کنگھا کہتے ہیں

[2] (امیر) ہے فروشوں سے کہو کھینچیں وہ انگوری شراب۔ کوپلیں پھوٹیں ہو اگلشن میں سامان بہار۔

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
			جو کنجی دبنے سے پیدا ہوتی ہے۔				
کوکب	ع	۴۸	روشن ستارہ۔	مذکر	امیر	ہوگا داخل درِ قارون کے خزانے میں درم	بست ایسا ہو اگر کوکب مری تقدیر کا
کوکو (سلہ)	ف	۵۲	فاختہ کی آواز۔	مونث	امیر	سہی قد یاد آتے ہیں جو گلشن میں خراماں ہی	بھر آتی ہیں امیر آنکھیں سنی قمری کی کوکو
کوکھ	ہ	۵۱	پسلی کے نیچے کا حصہ۔ کنارۂ شکم۔	؍؍	نواب مرزا شوق	کس مصیبت میں پڑ گئی بیٹا	کوکھ میری اُجڑ گئی بیٹا
کوئلا (ع)	؍؍	۵۷	لکڑی کی بجھائی ہوئی آگ۔ کوئلہ۔	مذکر	ذوق	جلکر اگر بجھا بھی دلِ سوختہ تو کر	تو پھر جلیگا جیسے کہ کوئلا بجھا ہوا
کولھو	؍؍	۶۷	وہ آلہ جس سے تیل یا اوکھ کا رس نکالتے ہیں۔	؍؍	آتش	شیرینی اُن لبوں کی رکھتا جو تو تو کولھو	پانی سے تجھکو بتلا اسے نیشکر نہ کرتا
کونا	؍؍	۷۷	گوشہ۔	؍؍	رند	کر دو جھلکے آباد اب گور اے رند	بہت دن سے سونا یہ کونا پڑا ہے
کونڈا	؍؍	۸۱	مٹی کا اتھرا۔ ایک فاتحہ کا نام، کونڈے میں کھانے کی چیز رکھکر فاتحہ دیتے ہیں۔	مذکر	جان صاحب	ہمسائی میری سر کی قسم آئیو ضرور	کونڈا کروں گی جمعہ کو سید جلال کا
کون و مکان	ع	۱۹۳	دونوں جہان۔ دو جگ۔	؍؍	مصحفی	اک حرف کن میں جسنے کون و مکاں بنایا	اے جانِ خلق تجکو جانِ جہاں بنایا
کوہ	ف	۳۱	پہاڑ۔ پربت۔	؍؍	رشک	بتوں کو دل بتلا چاہتا ہے	کوئی کوہ آفت گرا چاہتا ہے
کویل	؍؍	۴۶	ایک مشہور پرندہ ہے۔	مونث	انشا	کہتی کویل برا بھلا تھی	ٹھہراتی مزے میں کوکلا تھی
کھال	ہ	۵۶	انسان یا حیوان کا پوست۔ چمڑا۔	؍؍	امیر	ایکدن تیری بھی یونہیں کھال کھینچی جائیگی	پوست آہو کو نہ اے صیاد آہو گیر کھینچ
کہانی	؍؍	۸۶	کتھا۔ داستان۔ قصہ۔	؍؍	جلال	یہ سن لو کہ طولِ شبِ غم نے مارا	بہت مختصر ہے کہانی ہماری
کھڑاگ (سلہ)	؍؍	۲۴۶	بکھیڑا۔ جھگڑا۔ جنجال۔	مذکر	صبا	بڑے ہیں عشق کے کھڑاگ میں ہم بسطرز	کسے خیال ہو گھر بار کے ترانے تروٹ کا
کھٹک	؍؍	۲۴۵	ڈر۔ خوف۔	مونث	جلیل	کیا جانئے کیا اہلِ گلستاں کو کھٹک تھی	کانٹے کی طرح مجکو گلستاں سے نکالا
•	•	•	درد ٹیس	؍؍	جلال	دل کی یہ پھانس نکلتی نہیں بے دم نکلے	جان لیوا اسی ظالم کی کھٹک ہوتی ہے
•	•	•	بگاڑ ہو جانا۔ ان بن ہو جانا۔ ہچکچانا۔ بدظن ہو جانا۔	؍؍	داغ	اب اگر وہ بہر رنج کرے تو میں صلح نہ کروں	تیر تیر اکھٹک گیا دل سے
کھٹکا	ہ	۲۴۶	ڈر۔ خوف۔	مذکر	جلیل	مجکو ہے ایسا چمن کا رکھا جسمیں اے نسیم	خوف گلچیں کا نہو کھٹکا نہو صیاد کا
•	•	•	آواز آہٹ کے لیے پھلدار درخت میں باندھتے ہیں اور ایک رسی کے ذریعہ اُسے ہلاتے ہیں تو آواز پیدا ہوتی ہے۔	؍؍	آتش	فزوں ہوتا ہے جمعیت سے تیرے آشیاں کھٹکا	درخت بار ور میں باندھتا ہے باغباں
کہرا	ہ	۲۲۶	سردی کے دنوں میں صبح کو جو دھواں سا نظر آتا ہے۔	؍؍	قدر	میرے جلنے سے کھلیگا راز گریہ خلق پر	اُٹھکے کہرا سوزشِ دل کا دھواں ہو جائیگا
کھرا	؍؍	۲۲۶	طول طویل لکھا ہوا مضمون جیسے کھیتے کا کھرا۔	؍؍	رسر	پڑھ سکیگا کون محشر میں کسکو ہے دماغ	لکھتے لکھتے نامۂ اعمال کھرا ہو گیا

سلہ اسمیں رع بلا معلوم سنی جاتی ہے کوکو فاختہ کی۔ ع۔ اب کوئلہ بولا جاتا ہے۔

کہرام	ہ	۲۶۶	باہم کئی آدمیوں کا ایک مصیبت پر رونا۔	مذکر	دبیر	لیکن ابھی خیمہ میں جو کہرام پڑا تھا	اک گوشہ میں چھپ شبیرؑ وہاں میں بھی کھڑا تھا
کہربا / کاہ ربا	ف	۲۲۵ / ۲۲۹	ایک زرد رنگ کا گوند ہے جو تنکوں کو کھینچ لیتا ہے۔	〃	فائز	میں دیکھتا ہوں جو ہوا جذبۂ معشوق فریب	کاہ سے دوڑ کے خود کاہ ربا ملتا ہے
کھرکھوج	ہ	۲۵۹	تباہی۔ خرابی۔ نیستی۔ کسی چیز کا ناس کر دینا	〃	جان صاحب	مرگئی میں جیتے جی اے ہے گیا	عشق میں کھرکھوج کیسا ہو گیا
کھڑکی	〃	۲۵۵	غرفہ۔ بچھوکا۔ چھوٹا دروازہ۔	مونث	امیر	یقیں ہوا جو گرا دانت کوئی پیری میں	کہ آج کھل گئی کھڑکی قضا کے آنے کی
کھرنڈ	〃	۲۴۹	وہ پپڑی جو زخم وغیرہ پر جم جاتی ہے۔	مذکر	فائز	ہوئے جمع سینے میں ہر جا کھرنڈ	کہ دل خود ہو زخم جگر کا کھرنڈ
کہسار / کوہسار	ف	۲۸۶ / ۲۹۲	پہاڑی سلسلہ۔	〃	اسیر	قیس و فرہاد سے بیگانہ جنوں کرتے ہیں	اپنا صحرا ہے جدا اپنا ہے کہسار جدا
کہکشاں	〃	۲۹۶	وہ باریک باریک ستاروں کی لمبی سفیدی جو دکھائی دیتی ہے گاؤ یا نہر کی طرح ہوتی ہے۔	مونث	ظفر	تمہیں آتا ہے نظر جو خواب میں غافل کیونکر	کہ شب کو کہکشاں کھینچے ہوئے شمشیر پھرتی ہے
کہگل	〃	۴۵	بفتح اول و کسر سیوم کاہ گل کا مخفف۔ وہ مٹی جو بھوسی اور پانی کے ساتھ ملی ہوئی ہوتی ہے جس سے دیوار پر استر کرتے ہیں۔	〃	مصحفی	اس در پہ گیا کوئی تو کیا خاک شرف ہے	بھر دی ہے دراز نہیں ابھی کہگل کی نشانی
کھلبلی	〃	۹۷	گھبراہٹ۔ اضطراب۔	〃	حالی	ہوا غلغلہ نیکیوں کا بدوں میں	پڑی کھلبلی کفر کی سرحدوں میں
کھلونا	〃	۱۱۲	کھیلنے کی چیزیں جس سے بچے کھیلتے ہیں۔	مذکر	آتش	شکستوں پہ شکستیں چوٹ پر لگائی ہو چوٹ اٹھنے	کھلونا ہے ہمارا دل تری طفلی کے عالم کا
کھنڈت	〃	۴۷۹	خلل۔ درہم برہم کرنا۔	مونث	امیر	بیخودی سے وصل میں کھنڈت پڑی	گھر میں وہ آئے تو ہم باہر چلے
کھنڈر	〃	۲۶۹	ٹوٹا پھوٹا مکان ٹوٹے پھوٹے مکانات کے نشان۔ ویرانہ	مذکر	نسیم	تا حرم و دیر سے نیچے سالک	دو کھنڈر راستے میں ہیں پڑتے
کھنک	〃	۹۵	کھنکھناہٹ جھنکار جیسے روپیہ کی یا برتنوں کی آواز۔	مونث	عزیز	برساتی ہوئی موتی نبلہ سی گھٹا اٹھی	کانوں میں کھنک آئی پھر شیشہ و ساغر کی
کھوٹ	〃	۴۳۱	شرارت۔ بدذاتی۔ کینہ۔ کپٹ	〃	انیس	کس کا دیکھ لیتی تھی وہ جس میں کھوٹ تھی	تلوار کی بھی چال یہ ہر بار چوٹ تھی
کھوج	〃	۴۴	تلاش۔ جستجو۔ پتہ۔ سراغ۔	〃	حالی	لگاؤ کہیں کھوج کلدانیوں کا	بتاؤ نشاں کوئی ساسانیوں کا

۱ (حالی) وہ سنگیں محل اور وہ ان کی صفائی۔ جبھی جن کے کھنڈروں پہ ہے آج کائی۔

۲ (جرات) آوارہ یوں ہوا کہ صبا اور نسیم نے۔ پایا کہیں نہ کھوج ہمارے غبار کا۔

۳ کلدانی۔ کیلڈیا یعنی خالدیہ بابل والے۔

۴ بہمن بن اسفندیار کی اولاد میں جس قدر بادشاہ ہوئے ہیں انہیں کو ساسانی بادشاہ کہتے ہیں

لفظ		صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
کھیت[1]	ھ	۴۳۵	وہ زمین جسمیں جوتا بویا جائے ۔ زراعت کرنے کی زمین ۔	مذکر	امیر	بجلی شب ہجر میں ہیں وہ نگھیں	جل جائے نہ کھیت چاندنی کا
۰	۰	۰	میدان جنگ ۔ کھیت پڑنا ۔ بہت سے آدمیوں کا مارا جانا ۔ چاند کا کھیت کرنا ۔ طلوع ہونے سے مراد ہے ۔	"	مونس	انبار تھا لاشوں کا عجب کھیت پڑا تھا	سر پیٹین فاطمہ خاموش کھڑا تھا
۰	۰	۰	پیدائش کی جگہ ۔	"	داغ	ہر ایک بار سیہ زلف و گیسو کا کل	تمھارے بال ہیں یا کھیت ہے یہ کالوں کا
کھیتی	ھ	۴۴۵	کشت ۔	مونث	صبا	ہو نقش حرص پیسے مزرع دل آفت ہے	دیکھ کھیتی تری اے مرد خدا جلتی ہے
کھیر	"	۲۳۵	دودھ میں شکر اور پسا ہوا چاول ملا کر پکانا ۔	"	جلالِ لکھنوی	مجکو اور اسکو پاس بٹھلا کے	کھیر کھلوائی ساس نے لا کے
کھیل	بہ	۲۵	بازی ۔ تماشا ۔	مذکر	جلیل	قیس و فرہاد کا بھرم کھولا	یہی سودا تھا یہی کھیل لڑکپن میں ہا
کھینچ	"	۸۸	کشیدگی ۔	مونث	داغ	اے داغ جذب عشق کی کھینچ آب کشش	کی اس کشیدہ رو نے تو ہمسے ذرا کھینچ
کیاری	ھ	۴۴۶	خیابان یعنی زمین کا وہ ٹکڑا جسمیں پھول بو دیے جاتے ہیں ۔	"	جاہ	باغ میں جب پھول توڑے موشوق ناز کو	چاندنی کا کھیت ہر پھولوں کی کیاری ہو گئی
کیچ	"	۴۴	کیچڑ ۔ کیچھڑ ۔ میل	"	ظفر	جنکو ہم زاہد سمجھتے تھے بڑا سودائی ظفر	بیکدہ کی کیچ تک عمامہ رکھکر پی گئے
کیچلی	"	۶۲	سانپ کی باریک جھلی یا اسکی مردہ کھال ۔	"	شاد	چوٹی میں اس صنم کی جھم جھم ہے ناگنی کا	ناگن کی کیچلی ہے موباف کیچلی کا
کیچڑ	"	۲۴۴	پانی ملی ہوئی سڑی مٹی ۔ غلیظ مٹی ۔	"	اختر شاہ اودھ	ترا ہے میکدہ خمخانہ عالم بنا ساقی	ارے خمار کیچڑ بھی یہاں تلچھٹ کی بھرآتی ہے
کیڑا	"	۲۴۱	کرم ۔ کوڑا ۔ رینگنے والا جانور ۔	مذکر	آتش	حرص و ہوا کو سینہ میں عاقل جگہ نہ دے	مطلب کو فوت کرتا ہے کیڑا کتاب کا
کیسہ	ف	۹۵	تھیلی ۔ جیب ۔ پاکٹ ۔	"	سودا	باطل ہے ہمسے دعوئ شاعر کو شاعری	دیوان ہے ہمارا کیسہ جواہری کا
کیش	"	۲۴۰	دین ۔ مذہب ۔ عادت ۔ طور ۔ طریقہ روش ۔	"	غالب	ہم موحد ہیں ہمارا کیش ہے ترک رسوم	ملتیں جب مٹ گئیں اجزائے ایماں ہو گئیں
کیف	ع	۱۱۰	بفتح اول وسکون فا یعنی حالت نشہ و مستی وسرور مستعمل ہے عربی میں بفتح فا کیف حرف استفہام ہے ۔ بمعنی کیونکر اور کس طرح جیسے کیف حالک ۔	"	مونس	کیفِ شراب کفر جو تھا دور ہو گیا	چاروں سمت سے کاسہ سر چور ہو گیا

[1] ہر معنی میں مذکر ہے ۔

[2] انگریزی میں بفتح اول بمعنی روپیہ پیسہ ۔ اور کیش بک بمعنی روکڑ بہی ۔

کیفیت[1]	ع	۵۲۰	حالت ۔ ماجرا ۔ حقیقت ۔	مونث	امیر	وحشت میں امیر اپنے برابر نہ ہوا قیس	شاگرد میں کیفیت استاد نہ آئی
	۰	۰	نشہ کی حالت ۔ سرور ۔	"	انیس	بخشش میں شراب آ کے سرکہ بھی	وہ کیفیت نشہ کیا ہو گئی
کیل	"	۶۱	میخ لوہے یا لکڑی کی کھونٹی ۔	"	منیر	قینچی سے ہونٹھ چلتے ہیں مسح کے وقت میں	سقراط لب میں کیل ہو اگیا کی بات کی
	ع	۸۱	مہاسے یا پھوڑے پھنسیوں میں جو پیپ کا ڈورا ہوتا ہے اسے بھی کیل کہتے ہیں ۔				
کیمیا[2]	ع	۸۱	جڑی بوٹی سے چاندی سونا بنانا ۔	"	امیر	چھپے گی کیمیا کیونکر تری صحبت اکسیر ہے	ہم تو چھپیں گے جب بوٹیاں بولیں گی جنگل کی
کینہ	ف	۸۹	بغض عداوت کپٹ ۔	مذکر	داغ	امتحاں کر کے ترا صاف پشیماں ہو گئے	ہنسنے جاتا تھا تمہیں کبھی کینہ ہو گا
کیوڑا	"	۲۲۷	ایک درخت کا نام اور اسکا خوشبودار پھول ۔ اسکا عرق بھی کھینچتے ہیں اسے بھی اکثر کیوڑا کہتے ہیں ۔	"	رشک	عطر عنبر کا نکالا جو کبھی کنگھی کی	کیوڑے بدلے جو کسی روز تو کیوڑا کھینچا

[1] بتشدید یا اور بغیر تشدید یا دونوں طرح بولتے ہیں مگر بتشدید یا فصیح تر ہے ۔ بتشدید (صبا) فقیر مست ہیں ہر وقت کیفیت میں رہتے ہیں ۔ کبھی مزہ ہے سبزی کا کبھی گھولا ہے افیوں کا ۔ بمعنی لطف و بہار ۔ (اختر شاہ اودھ) جب چمن میں یہ غزل بجائی ۔ کیفیت تازہ اک دکھائی ۔ بغیر تشدید ۔ (داغ) کیفیت نہ پوچھ گویا مری مجبوری کی ۔ حالت یار کا ہنگام سفر ہوتا ہے ۔

[2] زر سازی ۔ فارسی میں بمعنی مکر و حیلہ بھی ہے ۔ صوفیوں نے پیر مرشد کامل کی نظر اور عشق کامل کے معنی میں بھی استعمال کیا ہے ۔ اردو میں نہایت مفید بات حصول مقصد کا ذریعہ (حالی) کر دکھانا کہ کرنا ہی کچھ کیمیا ہے مثل ہے کہ کرنے کی سب بڑائی ہے ۔ فارسی میں ۔ کیمیا گر ۔ بمعنی مکار و فریبی بھی مستعمل ہے ۔

گٹھری	ہ	۶۳۵	کنایۃً کسی معاملہ میں الجھن پڑجانی۔ چھوٹی بقچی۔	مونث	امیر	کیوں گٹھڑیاں بھری ہیں منعم نے پیرہن کی	جائینگی ساتھ اُسکے دو چادریں کفن کی
گٹکری	"	۶۵۰	وہ پیچیدہ آواز جو گانے کے وقت گویے نکالتے ہیں۔	"	رشک	جالکے تیری سامنے جسنے نکالی گٹکری	پڑگئی لکنت زبانِ شعلہ آواز میں
گٹّا[1]	"	۳۲۱	ہاتھ پاؤں کی ہڈیوں کے جوڑ۔ کلائی کے جوڑ۔	مذکر	بحر	تری پہنچی نے اکثر انگلیاں توڑی ہیں جانکی	کلائی نے تری الماس کا گٹا اکھیڑا ہے
گجر	"	۳۲۳	۴-۸-۱۲- بجے دو چند گھنٹوں کا بجنا۔ پہلے صرف صبح کو گجر بجایا جاتا تھا اب ہر پہر پر بھی گجر بجتا ہے۔	"	ناسخ	سینہ کوبی مری ہوئی نوبت	جب بجا صبح کا گجر شب وصل
گجرا	"	۳۲۴	پھولوں کا ہار جو بہت گھنا گندھا ہو	"	رند	اُس گل کی شاخ گل سے بھی نازک کلائی ہے	گجرا جو پہنا پھولوں کا بوجھ لچک گیا
گچھا	"	۲۹	خوشہ۔ چند پھل یا پھول جو ایک ڈال میں ہوں۔ پھندنا۔ کنجیوں کا حلقہ ایک تاگے میں چند دانے یا پھول گندھے ہوئے۔	"	آتش	تونے لٹکایا جو گچھا موتیوں کا کان میں	آسمانِ حسن پر طالع ثریا ہوگیا
گدا	ف	۲۵	فقیر بھکاری۔ ہندی گداگر کو بھی کہتے ہیں۔	"	غالب	بے طلب دیں تو مزا اسمیں سوا ملتا ہے	وہ گدا جسکو نہ ہو خوئے سوال اچھا ہے
گدازہ	"	۳۲	پگھلا ہوا۔ نرم۔	"	صبا	اس گل کے داغ عشق نے ایسا کیا گداز	گھل گھل کے مغز شمع کے سر سے نکل گیا
گدھ	ہ	۲۹	چیل کی قسم کا ایک مردہ خوار جانور کا نام۔ فارسی میں کرکس اور عربی میں نسر کہتے ہیں۔	"	جان صاحب	نہیں سوکن پہ آمدولی اُتری	گدھ ہیں [illegible] سب شمار کرے
گدڑی	"	۳۳۳	فقیروں کا وہ لباس جسمیں پرانے کپڑوں کے پیوند لگے ہوں	مونث	آتش	وہ لال لال لب ہے مری شاہ حسن کا	[illegible] ہے گدڑی فقیر کی
گدگدی	"	۵۰	انگلیوں سے بغل یا پیٹ میں چھونے سے ہنسی آنا۔	"	داغ	وہاں چٹکی میں جب وہ تیر لینگے	یہاں اک گدگدی سی دل میں ہوگی
گدی	"	۳۴	تخت شاہی۔ سنگھاسن۔ مسند حکومت۔ گدیلا۔ مسند تکیہ۔ کپڑے وغیرہ کی۔	"	جان صاحب	جانی پر گر پڑی یہ کسکی گدی چھٹی	جس سے [illegible] سب بستر گدا ہو گیا

[1] گٹا۔ نیچے کا وہ حصہ جو فرشی کے منھ پر رہتا ہے ایک قسم کی مٹھائی۔ تیرہ دو الماس کا وہ ٹکڑا جو گندہ اور بڑا ہو۔ کلائی اور پڈیوں کے جوڑ کے معنی میں۔ رجا نصاحب کہا کے ٹھوکر جو گری پاؤں کا گٹا ٹوٹا (رجب) اپنی گدڑی میں بھی اک پیوند ہے کمخواب کا۔

گڑھ	ھ	۲۹	قلعہ۔ حصار۔ الماڑوال سے ہے اور تلفظ را سے ہندی سے۔	مذکر			
گُر	”	۲۲۰	حساب کا قاعدہ۔ کلیہ۔ اصول۔ قاعدہ۔	مذکر	حالی	سبق پھر شریعت کا اُنکو پڑھایا	حقیقت کا گُر اُنکو اِک اِک بتایا
گرانجانی	ف	۳۳۵	سبکروحی کی ضد۔ سخت جانی	مونث	جلال	کیا سبک کرتی ہے چشمِ یار میں	مجکو اسے فرقت گرانجانی مری
گرانی	”	۲۸۱	مہنگی۔ نرخ مہنگا ہونا۔ غذا نہ ہضم ہونے سے پیٹ میں بھاری پن	”	انیس	سُوقوت اُسی دن سے ہوئی تھی پیدا آنی	لشکر میں ہوئی شاہ کے غلّہ کی گرانی
گرج	ھ	۲۲۳	بفتح اول و دوم۔ کڑک۔ بجلی کی آواز۔	”	اختر مینائی	سہمکر مجھ سے لپٹ جاتے ہیں	جب وہ سنتے ہیں گرج بادل کی
گرد	ف	۲۲۴	بالفتح خاک۔ دھول۔ رنج وملال	”	امیر	کسکی سواری آتی ہے صحرا میں مجنوں	اُٹھ اُٹھ کے رقص کرتی ہے جو گرد راہ کی
گرداب	”	۲۲۴	بھنور۔ پانی کا چکر۔	مذکر	تسلیم	تا فلک پہونچا ہے طوفان دیدہ پرآب کا	کہکشاں کی موج ہے گرداب ہے مہتاب کا
گرد باد	”	۲۳۱	بگولا۔ وہ گول چکر کھاتی ہوئی ہوا جسمیں گرد وغبار ملا ہو۔	”	جلال	بنا جو دشت میں سرگشتہ کا تربت قیس	طواف کرنے کو ہر ایک گرد باد آیا
گردش[1]	”	۵۲۴	بفتح اول وبکسر سوم چکر۔ دورہ۔ پھیر۔ انقلاب بد اقبالی۔ بدنصیبی۔	مونث	رضا	لکھنؤ میں بکر غربت کی بنا سامنے باؤ گرتیں	کہاں پر لائی ہے دیکھو مجھے گردش مقدر کی
گردن	”	۲۷۴	گلا جسم کے اوپر کا حصہ	”	امیر	پھری نہ مرضی جلا دسے کبھی گردن	ہزار بار تہ تیغ امتحاں آئی
گردنی	”	۲۵۴	گھوڑے پر ڈالنے کا کپڑا۔	”	ناسخ	وہ ماہ ہے توکہ جاندنی ہے	تیرے گھوڑے کی گردنی ہے
گردوں	”	۲۰۰	آسماں۔ فلک چرخ۔	مذکر	رضا	ابر رحمت بیکسی پہ میری گریاں ہو گیا	سایہ افگن گور پر گردوں گرداں ہو گیا
گُردہ	”	۲۲۹	بضم اول۔ انسان وحیوان کا ایک اندرونی عضو۔	”	ناسخ	زلیست بھر دھڑکے عذاب حشر کے	زاہدا تیرا بھی یہ دل گردہ ہے
گِروہ	”	”	بکسر ہر گول چیز۔ حلقہ۔ دایرہ۔ قرص کنڈل حلوائیوں کا مٹھائی کا ظرف۔	”	رشک	لطمے کھاتا ہوں خوشی سے قلزم آفاق میں	خوان نعمت مجکو گروہ بنگیا گرداب کا
گُرز	”	۲۲۷	بالضم ایک ہتھیار کا نام جو اوپر سے گول اور نیچے سے پتلا ہوتا ہے	”	امیر	مرا مضموں نہ باندھے غیر اپنے شعر میں کہدو	نہیں زیبا کہ دست زال میں ہو گرز رستم کا
گرفتاری	”	۹۱۱	پھنساوا۔ پکڑنا۔ قید۔ نظر بندی۔	مونث	داغ	کہاں وہ عقدہ لاحل کہاں سخت دشواری	ہوئی پابند آزادی سے اب میری گرفتاری
گُرگ	”	۲۴۰	بالضم بھیڑیا۔ جو ایک درندہ جانور ہے۔	مذکر	آتش	جگہ بد بینی کی ہے اسکو یار نیک طینت میں	الٰہی خیر کیجو گرگ یوسف کے قریں آیا

[1] دنوں کی گردش بدقسمتی۔ (جلیل) اور تو مطلب نہیں کچھ ہمکو دور جام سے۔ ہاں عوض لینا ہے ساقی گردش ایام سے۔

گرگٹ	ھ	۲۴۰	بکسر اول و بفتح سوم ایک جانور ہے جو چھپکلی کی شکل کا ہوتا ہے ۔	مذکر	میر	رواں ساتھ اُسکے شبانہ ہوے	کئی گرگٹ آگے روانہ ہوے
گرمی عہ	ف	۲۴۰	تپش ۔	مونث	امیر	بوندیں وہ چاندنی میں ہو جب عرق عرق	گرمی ہو ماہتاب میں بھی آفتاب کی
۰	ھ	۰	رونق ۔ چہل ۔ پہل ۔	؍؍	ناسخ	دیکھنے آیا مرا جوشِ جنوں وہ خود فروش	آتش سودا سو گرمی ہو یہاں بازار کی
۰	؍؍	۰	شہوت خواہش نفسانی	؍؍	جان صاحب	لگے ہے آگ ایسی گرمی کو ہو میں چولہا ٹھنڈی	پکڑ پکڑ کر ہاتھ کیسے زور سے پہنچا مروڑا ہے
۰	؍؍	۰	تپاک گرم جوشی	؍؍	اختر شاہ اودھ	مجھکو نہیں ایسی بات بھاتی	گرمی یہ نہیں پسند آتی ۔
گرو عہ	؍؍	۲۲۶	بضم اول استاد ۔ پیر و مرشد ۔ بزرگ ۔ معلم ۔ استاد کامل فن ۔ کسی علم کا ماہر ۔ کنایتاً چھٹا ہوا ۔ بدمعاش ۔	مذکر	طاہر	فلک کو خوب سمجھا ہوں میرے بت	جفا کاری میں تیرا بھی گرو ہے
گروہ	ف	۲۳۱	بضم اول و دوم و بواو مجہول صحیح ہے و بفتح اول غلط ہے جماعت ٹولی ۔ جرگہ ۔ فرقہ ۔ جھنڈ ۔ غول ۔	؍؍	نسیم	کیا قوت بازو تھی زہے ہمت قاتل	دیکھا تو کئی کوس گروہ شہدا تھا
گرہ سلہ	ف	۲۲۵	گانٹھ ۔ عقدہ ۔	مونث	امیر	بہار آئی چمن ہوتا ہے مالا مال دولت سے	نکالا چاہتے ہیں زر گرہ غنچوں نے کھولی ہے
۰	۰	۰	رنجش ۔ کدورت ۔	؍؍	؍؍	گرہ بند قبا کی کھل رہیگی	وہ کھولو جو گرہ دل میں پڑی ہے
گرہ	س	۲۲۵	نحوست ۔ بداقبالی ۔ بفتح اول و دوم ۔	؍؍	داغ	میری قسمت کسطرح رہتی ہے بل کھائی ہوئی	زلف پر بھی کیا ہی سختی کی گرہ آئی ہوئی
گریبان	ف	۲۰۳	بیائے مجہول صحیح ہے اور بیائے معروف فصیح ہے ۔ لباس کا وہ حصہ جو گلے کے نیچے رہتا ہے ۔	مذکر	جلیل	فصل گل آئی ہوا حال پریشاں اپنا	آج کچھ اور ہی کہتا ہے گریباں اپنا
				مذکر	قبول	جوش جنوں میں ہر دو سرے لاگ	دامن کو سی چکے تو گریباں نکل گیا
گریہ	؍؍	۲۳۵	رونا ۔	مذکر	امیر	دردِ دل میں مری تسلی کو	گریہ بے اختیار آتا ہے
گریز	؍؍	۲۳۷	پرہیز ۔ کنارہ ۔ بھاگنا ۔	مونث	ناسخ	ہوتی ہے اہل خرد سے اہل غفلت کو گریز	ہمیشہ انسان بھاگتے ہیں دم خفتن چراغ
				؍؍	رند	نور کو میری سیہ خانے سے رہتی ہے گریز	شمع روشن کروں ہر چند نہیں جلنے کی
گڑ	ھ	۲۴۰	مشہور شیرینی ہے ۔ جسکو فارسی میں قند سیاہ کہتے ہیں ۔	مذکر	منیر	بوسے ترے لب کے لیچکے خواب میں ہم	چیونٹی نے کبھی گڑ کو ابکی پھینکا پایا
گڑھی	؍؍	۲۳۵	چھوٹا قلعہ ۔	مونث	شعور	دل نے جب عشق کی گڑھی پھاندی	ٹھوکریں کھائیں پہلے کھائی کی

سلہ بکسر اول و فتح دوم و سکون سوم بمعنی رہن ۔ (ناسخ) گرد ہو تو ایسے چھوٹنا محال ہوا ۔ گرہ کا سولھواں حصہ ۔ بند ۔ جوڑ ۔ ہڈی کا جوڑ

عہ تیزی و تندی (رشک) میں کس لئے روتا نہ جلاتا جو مجھے تو نے ساری تیری گرمی نے یہ برسات نکالی ۔ کنایتاً آتشک کی بیماری (جان صاحب) آتشک بادکے گھوڑ دوڑ سے ان روزوں سوار ہو نہیں چلتی ہے معلوم ہوا گرمی ہے ۔

عہ بکسر اول و فتح دوم و سکون سوم بمعنے رہن (آتش) کہکے یہ ساقی سے رکھتے ہیں گرو دستار مست سیر برہنہ ہے جو مستو نہیں وہ ہے سردار مست ۔

گز	ف	۲۷	بالفتح - لوہے یا لکڑی یا کپڑے کا وہ پیمانہ جس سے کپڑا یا لکڑی یا زمین وغیرہ ناپتے ہیں -	مذکر	اسیر	اسقدر مجکو رہی اک سروِ قامت کی تلاش	پھر تے پھرتے دشت میں ہر گز زمیں کا بن گیا
گزار	"	۲۲۸	املا ذ سے غلط ہے - رسائی - پہونچ - گزر -	"	"	نکل کے جسم سے کرتے ہیں استخواں تعظیم	کبھی کبھی جو ہما کا گزار ہوتا ہے
گزارش	"	۵۲۸	املا ذ سے غلط ہے - عرض حال	مونث	منیر	گزارش ہے منیر مدح خواں کی	گزارش ہے فقیر خستہ جاں کی
گزاره	"	۲۳۳	پناه گزر بسر - ذ سے املا غلط ہے	مذکر	صفدر	جو دل میں ذرا آپ کے گھر نہو گا	گزارہ مرا بندہ پرور نہ ہو گا
گزٹ	انگریزی	۴۲۷	اخبار - پرچہ -	"	وجاہت	دھوم ہے یونیورسٹی کی جہاں میں ہر	چھپتے ہیں ہر مہینے سب اسکا گزٹ جاتا ہے
گزر [1]	ف	۲۲۷	ذ سے املا غلط ہے - رسائی - پہونچ - دخل - باریابی - راستہ - سڑک - پناہ - گزران -	"	اسیر	گور بھی ہے گور کن تعمیر ہو سکتی نہیں	کوچۂ جاناں میں گزر ہوتا نہیں ہم دور کا
گزک	"	۴۷	وہ شے جو کسی نشہ پینے کے بعد ذائقہ تبدیل کرنے کے لئے کھائیں -	مونث	ناسخ	اُس چشم مست کا ہوں تصور میں بادہ کش	کیونکر گزک کروں نہ ہرن کے کباب کی
گزند	"	۸۱	ایذا - دکھ - تکلیف - صدمہ	مونث	صبا	گیسوئے یار سے کس کس کو گزند پہنچے نہیں	اُڑ کے کاٹا کیا یہ افعی رہزن کیا کیا
			مختلف فیہ	مذکر	داغ	ہوا جو درد کو آرام میں ہوا بیتاب	ملی جو عشق میں راحت مجھے گزند ہوا
گستاخی	"	۱۰۹۱	شوخی - بے ادبی - بے شرمی	مونث	ناظم	تری آنکھوں میں نظر کرتی ہے کیونکر	پسند آئی نہ گستاخی حیا کی
گشت [2]	"	۷۲۰	سیر کرنا - چکر لگانا - دورہ - روند -	"	مونس	ٹھہیر تھی گھوڑے کی ہوا دامن زیں کی	گردوں کی کبھی گشت تھی گہ سیر زمیں کی
گفتار	"	۷۰۱	گفتگو - بول چال -	"	اسیر	میں جو باتوں نہیں لگاتا ہوں تو وہ کہتا ہے	ہوشیں آ دیہ گفتار نہیں اچھی ہے
گفتگو	"	۵۲۶	بات چیت - تقریر -	"	جلیل	جواب تیغ سے دیتے جو مانگتا بوسہ	بڑے مزے کی مری اُنکے گفتگو ہوتی
گفت و شنید	"	۸۷۰	کہنا سننا - ذکر اذکار - بات چیت - کنایۃً ہنگامہ - تکرار -	"	آتش	افسانہ سننے یار کا ذکر اسکا کیجئے	مقصود ہے یہی مری گفت و شنید کا
گل [3]	ف	۵۰	بضم اول پھول -	مذکر	ناسخ	اُس رشک گل کے جاتے ہی بس آ گئی خزاں	ہر گل بھی ساتھ بو کے چمن سے نکل گیا
			داغ - نشان جو آگ سے جلنے کے باعث پڑ جاتا ہے -	"	بحر	مرتے دم تک میں کراہا کیا تو نے نہ سنا	سیر کو گل پر نہ کبھی کان کا بتا باندھا

[1] بناه اوقات بسری کے معنی میں مونث بولتے ہیں جیسے بے معاش کے کیونکر گزر ہو گی - (داغ) گزر جائیگی ہر صورت کروں کیوں داغ اندیشہ - مرے مولا کو ہر دم فکر ہے میرے گزارے کی - تمام ہونا ختم ہونا - جیسے چار مہینے گزر گئے - مر جانا - فوت ہو جانا (انیس) جیتی ہے وہ ماں جسکے گزر جانے کے دن تھے - یہ بیاہ کی راتیں تھیں کہ مر جانے کے دن تھے [2] (راسخ) غفلت نہ گشت خیمۂ آل عبا سے کی وہ حقانہ بازگشت طریق وفا سے کی [3] جب یہ لفظ بغیر اضافت آتا ہے تو گلاب کے معنی پیدا کرتا ہے - اور جب مضاف ہوتا ہے تو اس سے مراد وہ پھول ہے جسکی طرف اضافت ہوتی ہے - جیسے گل نرگس - گل سوسن - شعرا بلبل کو گل کا عاشق خیال کرتے ہیں - گلبدن - ایک قسم کا کپڑا - کنایۃً معشوق - خوبرو - (راسخ) گلگوں ہے گلبدن تو خونزادہ ہے الالہ فام - توسن پری سوار سلیمان کا ہم مقام "گل پھولا یا گل کھلا" - فساد کا بیج بو یا گیا - لڑائی جھگڑا کسی عجیب بات کا ظاہر ہونا - شگفتہ اُٹھنا (ناظم) روز باتوں نہیں جھلاتے ہو نیا جھولا ہے - واہ کیا فصل بہار آتے ہی گل پھولا ہے (رخسر شاہ اود دھم) کیا کہئے کرنگ باغ کیا تھا - کچھ اور ہی گل کھلا ہوا تھا - گلچھرے اُڑانا - خوب عیش و آرام کرنا - گل کرنا - چراغ یا شمع کا بجھا دینا - گل ہونا - بجھنا - (شرف) ہوا ئے شوق سے گل ہو گیا کنول دل کا -

گل	ف	۵۰	شمع کا گل۔	مذکر	امیر	ہو یہ عندلیب سدرہ کی منقار رکھتی ہے	کہ لوں گلگیر بنکر گل میں اُنکی شمع مرقد کا
	.	.	دھات گرم کرکے جسم پر نشان دینا	”	ذوق	پھلا نہیں تو چھلّے کا گل سے نگار دے	کچھ تو نشانی اپنی مجھے یادگار دے
	.	.	کبوتر دیکا داغ۔ گل۔	”	اسیر	خوشکل رہتے گھر میں مرو خانہ بزرگ نہیں	قابل تزئین بستر گل کبوتر کے نہیں
گِل	ف	۵۰	بکسر اول گیلی مٹی۔ گارا۔	مونث	آتش	غافل نہ مثل برق ہو شادی سے خندہ زن	باران غم سے ہے گل آدم خمیر کی
گلا	ہ	۵۱	حلق۔ گردن۔	مذکر	جلیل	بولے جھنجھلا کے جب گلا نہ کٹا	اک مصیبت ہوئی گلا نہ ہوا
گلاب	ف	۵۳	گلاب کا پھول۔ گل سرخ۔ گلاب کا درخت۔	”	مصحفی	بہار آئی ہے اور باغباں کی غفلت سے	گلاب باغ میں اب تک قلم نہیں ہوتا
	ہ	”	عرق گلاب۔	”	امیر	ہم رنگ اصل فرع نہ ہوگی کسی طرح	گل ہو ہزار سرخ نہ ہوگا گلاب سرخ
گلابی	ف	۵۳	ایک رنگ کا نام جو گلاب کے پھول سے رنگ میں مشابہ ہوتا ہے۔ شراب کا شیشہ یا گلاس۔	مونث	جلیل	آنکھیں نشیلی دیکھئے اس شکّر کی	ہیں دو گلابیاں یہ شراب طہور کی
گلاس	انگریزی	۱۱۱	شیشہ وغیرہ کا آبخورہ۔ پانی یا شراب پینے کا برتن۔	مذکر	ذوق	تا نہ باقی رہے مے اور نہ مے میں مستی	توڑنا سنگ نمک سے ہے وہ شیشے کا گلاس
گلال	ہ	۸۱	سرخ پوڈر جو ہولی میں ہندو ایک دوسرے کو ملتے ہیں۔	”	برق	باغ میں روز گلال اُڑکے شفق ہوتا تھا	بادلا چرخ کا سونے کا ورق ہوتا تھا
گلبن	ف	۱۰۲	بضم اول وسوم۔ و بفتح سوم غلط ہے گلاب کے درخت مجازاً پھلواری	”	ناسخ	اکڑ گئے گلبن ہے بوٹا سے قد کو دیکھ کر	تھا کف گل میں جو زر گویا دفینہ ہوگیا
گلخن	”	۴۰۰	بضم اول و فتح سیوم بھاڑ آتشدان۔ چولھا۔ بھٹی۔	”	ظفر	سدا دل شعلہ افروز آتش ہجراں سے رہتا ہے	نہیں ہوتا ہے یہ گلخن کبھی بیجان من ٹھنڈا
گلدام	”	۹۵	پھولونکا جال۔ مطلق جال۔	”	ناسخ	جب سے گلدام اُسنے دیکھا ہے صیاد کا	ہوش بلبل میں ہے عالم نکہت برباد کا
گلدستہ	”	۵۱۹	پھولونکا بندھا ہوا مٹھا۔ غزلونکا رسالہ یا پرچہ۔	”	غالب	ستائش گر ہے زاہد اسقدر جس باغ رضواں کا	وہ اک گلدستہ ہے ہم بیخودوں کے طاق نسیاں کا
گلزار	”	۲۵۸	باغ چمن پھلواری	”	جلیل	دل پر نہیں نگاہ کہ کیا کیا کھلے ہیں گل	بلبل کو ہے تلاش کہ گلزار کیسا ہوا
گلستان	”	۵۶۱	”	”	”	پھول داغوں کے مری دلبستگی سے کھل گئے	آجکل سیر کے قابل ہے گلستاں اپنا
	”	”	سعدی کی ایک معروف کتاب کا نام۔	مونث	منیر	جب کیا بلبل نے تیری گلشن عارض کا صفت	طفل غنچہ کو گلستاں حفظ ساری ہوگئی

۱ گلاب پاش۔ وہ صراحی نما برتن جسمیں گلاب بھر کر چھڑکتے ہیں۔ گلاب جامن۔ ایک قسم کی مٹھائی۔ ۲ (ناسخ) ہوئی یہ شیشے سے نفرت فراق ساقی میں۔ کہ ہے گلاب بھی مجکو حرام شیشے کا ۳ (شوق قدوائی) گلابی گلابی رہ ہلکا سا رنگ، شراب کا گلاس، شیشہ۔ (ظہیر شاہ اودھ) رنگین مزاج ہوں شرابی۔ بھردو کوئی پھول سے گلابی۔ ۴ سنگھاڑے کے باریک آٹے میں سرخ رنگ ملا لیتے ہیں جو سرخ پوڈر بنجاتا ہے ۵ گلبن و۔ کنایۃً پھلواری۔ (محسن) جگنو پھرتے ہیں جو گلبن میں نظر آتی ہے نظر مصحف گل کے حواشی پہ سنہری جدول۔

۶ (امیر) ساقی بہار آئی عالم ہوا معطر۔ انگور سے کھینچے گی گل سے گلاب نکلا۔ ۷ (جان صاحب) شرط ہے ٹوٹیاں تری توڑ دوں۔ تو نے توڑا مرا گلاس خواہ مخواہ۔

گلشن	ف	۲۰۱	باغ۔ چمن۔	مذکر	جلیل	کیا شگفتہ گل اشعار ہیں دیواں میں جلیل	تر و تازہ رہے تا حشر یہ گلشن تیرا
گلفشانی[1]	"	۲۰۱	پھلجھڑی ایک آتشبازی ہے۔ پھول بکھیرنیوالا۔	"	صبا	وہ ناقبول تھا مرکر ہوا جو شوق جناں	تو گلفشاں نہ چراغ سر مزار ہوا
گلگشت	"	۷۷	سیر۔ چمن کی سیر	مونث	رند	چلئے شب جمعہ تو مزار شہدا پر	گلگشت کریں آپ شہادت کے چمن کی
گلگوں	"	۱۲۶	گھوڑا۔ اور نام شیریں کے گھوڑے کا جو فرہاد کی معشوقہ تھی۔	مذکر	مونس	جنگل تمام خلد کے پھولوں سے بھر گیا	ایسی ہوا کچھ آئی کہ گلگوں ٹھہر گیا
گلگیر	"	۲۸۰	شمع کی لو کترنے کی قینچی۔	مذکر	ظفر	کیا حرف زبان پر تری آیا تھا کہ ای شمع	گلگیر ترے سر پہ جو منہ کھول کے آیا
گلو[2]	"	۵۶	گلا گردن۔ حلق۔	"	جلیل	اسی حسرت میں کٹی عمر ہماری قاتل	دیکھئے کب تہ شمشیر گلو آتا ہے
گلوری	ه	۲۲۶	بنا ہوا پان۔ بیڑا پان کا	مونث	رند	گھر بلا کر خاطریں کیا خوب کیں مہماں کی	لاکھ ٹکڑوں سے دی ہو اک گلوری پان کی
گلہ	ف	۵۵	شکوہ شکایت۔	مذکر	جلال	ہوتی ہیں وہ ہم بعد مدت کے اک جا	گلے مل رہے ہیں گلہ ہو رہا ہے
گلہ	ف	۵۵	ریوڑ چارپایوں کا۔ غول جھنڈ۔	"	حالی	گئیں بھول آگے کی بھیڑیں جو بٹیا	اسی راہ پر پڑ لیا گلہ سارا
گلہری	ه	۲۶۵	ایک مشہور جانور جو مثل چوہے کے ہوتا ہے۔	مونث	انشا	کیوں کیلی انگلیوں سے تو مجکو ہے لپٹتی	سچ ہے تری گلہری کیا انگلی ہو ٹیڑھی
گلی	"	۶۰	کوچہ۔	"	امیر	روش باغ جناں کی کیا بھلی معلوم ہوتی ہے	مجھے تو یہ مدینے کی گلی معلوم ہوتی ہے
گلیم	ف	۱۰۰	کمل۔ دھسّا۔	"	آتش	ہو روز ہجر ہی کچھ خوف نہ شام فراق	گلیم بخت سیہ سیدھی ہو تو یا الٹی
گمان	"	۱۱۱	شک۔ شبہ۔ احتمال	مذکر	جلیل	مجکو تو مرض ہے بیخودی کا	زاہد کو گماں ہے میکشی کا
۔	۔	۔	وہم۔ وسواس۔ خیال خراب	"	ذوق	کچھ اور گماں دل میں گزری ترے کافر	یاد اسلئے میں سورۂ یوسف نہیں کرتا
۔	۔	۔	غرور۔ متکبرانہ خیال	"	آتش	کیا اک آن میں تیغ قضا نے اسکے دو ٹکڑے	گماں ہی رہ گیا دشمن کو آتش نیچے جوشن کا
گمٹی	ه	۷۷	برجی جو روضوں یا میناروں پر بناتے یا لگاتے ہیں یا پنجروں پر لگاتے ہیں	مونث	ناسخ	حرم صوفیوں کو سوئے پر بھی تعلق زیست رہتا ہے	ہوں ٹکے روضوں کو بھی گمٹیاں درکار سونے کی
گملہ	ه	۹۵	مٹی وغیرہ کا ایک ظرف ہے جسمیں پھول کے پودے بوتے یا لگاتے ہیں	مذکر	اکبر	ڈیپوٹیشن کی سرسبزی جو دیکھی سنے شملے میں	برہمن نے کہا یہ شاخ بیداد ایسے گملے میں
گن	"	۷۰	ہنر۔ شرارت۔ خصلت۔ خو	"	ظفر	نام جسکا رہ گیا کچھ اسکا گن باقی رہا	ورنہ جو یاں سے گیا ساتھ اسکے اسکا گن گیا
گناہ	ف	۷۶	عصیاں۔ خطا۔ پاپ۔	"	سخن	بتوں کو دل تو دیا میں نے اب ہیں نادم ہو	مری غفور یہ مجھ سے گناہ ہونا تھا
گنبد	"	"	برج۔ سقف مدور جو مساجد و مقابر پر بناتے ہیں۔ گول عمارت	"	آتش	دکھلا کے ساقی یا جسے مارا ہی یار نے	گنبد بنا ہے قبر پہ اسکی بلور کا
گنج[3]	"	۷۲	خزانہ۔ دفینہ۔ مال و دولت۔	"	صبا	خاکساروں ہی نے ہے عشق کی دولت پائی	انہیں ویرانوں میں گنج نہاں ہوتا ہے

[1] گلفشانی۔ خوش بیانی۔ (جلیل) چمن میں رہ کے ساری عمر مشق گلفشانی کی۔ قفس میں آتے آتے ہوگئی طرز فغاں بلبل کنایۃً۔ خوش بیان (قاسم) کیا گلفشاں زبان ہے اس تنگ تر دہن میں۔ بلبل چہک رہا ہے اک غنچۂ چمن میں۔

[2] گلو۔ بالکسر بمعنی گرہ۔ [3] گنج ایک بیماری کا نام ہے گنجا۔ ہندی میں اسکو کہتے ہیں جسکے سر پر بال نہ ہوں۔

گنجایش	ت	۳۰۴	سمائی۔ ٹھکانا۔ وسعت۔	مونث	جلیل	اپنے منہ سے کرچکے اقرار وہ کیا کیجیے	اب یہاں قسمت سے گنجایش نہیں انکار کی
گنج شہیداں	ر	۴۴۳	وہ مقام جہاں شہید دار یا مقتولوں کو تلے اوپر دفن کر دیتے ہیں۔	مذکر	آتش	لاشے اٹھوا کر نہ کر اسکو بھی تو قاتل اٹھا	ہے فقط آباد اک گنج شہیداں ہو گیا
گنجفہ	ر	۱۵۸	بفتح اول و بکسر سوم ایک کھیل کا نام ہے جو تاش کی طرح کھیلا جاتا ہے۔	ر	اسیر	ورق عقل و ہوش ہیں برہم	سخت ابتر ہے گنجفہ میرا
گنجینہ	ر	۹۸	خزانہ۔ دفینہ۔ مال کثیر۔	ر	آتش	بند ہے واں فکر کے ہزار ہا مضمون	زمین شعر سے گنجینۂ نہاں نکلا
گنڈا[1]	ہ	۷۵	نیلا تاگا جو منتر وغیرہ پڑھکر نظر بد یا آسیب سے بچنے کے لیے گرہ دیکر پہنتے ہیں۔	ر	منیر	دیوانہ ہو نہیں گیسوئے پیچاں کا اسیر	گنڈا مرے گلے میں ہو زلفوں کے بال کا
گنگا	ر	۹۱	ہندوستان کے ایک دریا کا نام جو باعتقاد ہندوؤں کے بہت متبرک ہے انہیں نہانے سے پاپ دھل جاتے ہیں۔	مونث	جلیل	اشکوں سے جب یہ جوش بھری آنکھ بھر گئی	دل سے مری چڑھی ہوئی گنگا اتر گئی
گنہ	ت	۷۵	خطا۔ پاپ	مذکر	داغ	بتوں سے عفو جرم عشق بھی چاہیں تو کہتے ہیں	خدا تو ہم نہیں بخشیں گنہ تقصیر والوں کا
گنہگار	ر	۲۹۶	پاپی۔ خطاوار۔	ر	اسیر	پھنسا کر حلقۂ گیسو میں میرے دل کو کہتے ہیں	اسی زنداں میں رہتا ہے گنہگار آشنائی کا
گو	ر	۲۶	گیند۔	ر	گویا	سر مرا تا خم شمشیر نہ پہونچا ہیہات	یہ وہ گو ہے جو کبھی قابل چوگاں نہ ہوا
گواہ	ر	۳۲	بضم و بفتح دونوں طرح ہے مگر اردو میں بفتح بولتے ہیں۔ شاہد گواہی دینے والا۔ ثبوت پہونچانے والا۔	ر	داغ	محشر میں کون ہوگا کرم کا تری گواہ	گر غیر بھی ہمارا طرفدار ہو گیا
گواہی	ر	۴۲	شہادت۔ ثبوت پہونچانا۔	مونث	امیر	رشک دیکھو غیر میرا محضر خوں دیکھکر	سوچتا ہے اسپہ میں اپنی گواہی کیا کروں
گوٹ	ہ	۴۲۶	کپڑے کے کنارے پر جو لگاتے ہیں مثلاً تمہاری رزائی کی گوٹ میلی ہو گئی	ر	انشا	دیکھ انگیا میں اسکی گوٹ لگی	دلکو پھر تازہ ایک چوٹ لگی
گوٹا	ر	۴۲۷	چوسر و شطرنج وغیرہ کا مہرہ۔ زرد سنہری روپہلے تاروں کا بنا ہوا فیتہ۔ وہ مسالا جو محرم میں بجائے پان کے کھاتے ہیں	مذکر	منیر	بدلوں خار صحرائی سے میں موسم غم کا	بناؤں گوکھرو پاؤں اگر گوٹا محرم کا
گود[2]	ر	۰	پہلو۔ کنار۔ آغوش۔	مونث	انیس	ایک اک نے سعادت عقبیٰ حصول کی	دم نکلے سب کے گود میں سبط رسول کی

[1] چار کوڑی چار پیسے چار روپیوں اشرفیوں وغیرہ کو بھی گنڈا کہتے ہیں گھوڑے کے گلے کا پٹا [2] گود (رشک) جزو تن بھی باتعلق سے کنارہ کرتے ہیں۔ گود ہیلی گور کی جب میرا کیلا ہو گیا۔ گود لینا متبنی کرنا (ناسخ) گود دلبر تری ہر کا نکو مری حسرت نے دل کی سینہ سے کیجیے نکلنے نہ دیا۔ گود بھرنا حمل کے ساتویں مہینے خوشی کرنے کی ایک رسم ہوتی ہے اور شگون کے لیے حاملہ کی گود میں طرح طرح کے میوے اور مٹھائی یعنی ترکاریاں رکھتے ہیں (رنگین) آج وہ واں سے یہ دو ہوتا خود بھری جاتی ہے میری کو کاکی اچھی گود بھری جاتی ہے۔ عورتیں گود کی بچی کہتی ہیں

گودام	ھ	۱۷	مالخانہ۔ مال رکھنے کی جگہ	مذکر	وجاہت	تیرے ڈریڈناٹ نہ کچھ کام آئیں گے	بیکار ہوگا جنگ کا گودام جرمنی
گور[1]	ف	۲۲۶	بالضم و واو مجہول۔ قبر۔ تربت۔ مزار۔ لحد۔	مونث	ناسخ	سوچ اے منعم عمارت کا تو ہی مذکور کیا	گور بھی ملتی نہیں دنیا میں کیکاؤس کی
گورنمنٹ[2]	انگریزی	۷۶۶	سلطنت۔ راج۔ بادشاہت	”	اکبر	اونچا سنتی ہے کیا گورنمنٹ	کیوں کرتا ہے اتنا شور و غل ٹک ٹک
گوسپند	ف	۱۳۲	بکرا بکری۔ بھیڑا بھیڑی۔ دنبہ منیڈھا نر و مادہ کی تخصیص نہیں ہے۔	مذکر	برق	نہ پھیر گردن مجبور پر چھری ظالم	زبان صبر و رضا گوسپند رکھتا ہے
گوش	”	۳۲۶	کان۔	”	مونس	گو تھے برہنہ جسم مگر پاک و صاف تھا	اک گوش گل تکا فرش تھا اور اک لحاف تھا
گوشت	”	۷۲۶	ہندی میں ماس اور عربی میں لحم کہتے ہیں۔	”	ہنر شاہ وحم	نہ دانت مار رقیبوں کے منہ پہ جانے دو	ابھی یہ گوشت ہے بالکل حرام ہو ٹھلے کا
گوشمالی	”	۴۰۷	کان اینٹھنا تنبیہ۔ تادیب	مونث	اسیر	یار کی آواز سے آواز مل سکتی نہیں	گوشمالی ہے ضرور اسواسطے طنبور کی
گوشوارہ	”	۵۲۸	کان کا بالا۔ آویزہ۔ بڑا موتی۔ اہل دفتر کی اصطلاح میں حساب کی میزان۔ فرد کی جمع۔ کسی حساب کو ایک جگہ کر دینا۔	مذکر	منیر	ملے طلعت جو تیری گرد رہ کا خاکسار ذکو	بند ہو دستار سر میں گوشوارہ عز و رفعت کا
گوشہ	”	۳۳۱	کونا۔ زاویہ۔	”	دل	حسرت انگیز ہو دلسوزی شمع تربت	کاش گل کر دے اسے گوشۂ دامن ان کا
گوکھرو[3]	ھ	۲۵۷	ایک کانٹے کا نام جو سہ پہلو ہوتا ہے جسکو خار خسک کہتے ہیں۔	”	اسیر	سنگر نے نہیں کنٹھے میں نئی گوکھرو ٹانکا	نکل آیا ہے جوہر صاف شمشیر گریباں کا
گولی[4]	”	۶۶	بندوق کی گولی۔ لڑکوں کے کھیلنے کی گولی۔ دوا کی گولی۔	مونث	”	ہمصفیر و اس چمن میں ہو نہیں درد آشنا	غنچہ بھی چٹکا تو میرے دل پہ گولی لگ گئی
گوں[5]	”	۷۶	بالفتح۔ مطلب۔ غرض۔ خواہش۔ ضرورت۔	”	ظفر	مجکو جز بوسۂ لب سیگوں	نہیں صہبائے خوشگوار کی گوں
گونج[6]	”	۷۹	بضم اول و نون غنہ بالی بالے کی مڑی ہوئی نوک	”	ذاید	اس طریقے سے گئی ہے کس تری بالی کی گونج	نیش عقرب ہو گئی ہے بس مرا بالی کی گونج
گوند	”	۸۰	ایک لسدار شے ہے جو درختوں سے نکلتی ہے۔ ایک مرکب شے جو گوند اور میوہ ڈال کر پنجیری میں ملا کر زچہ کو	مذکر	منیر	قندلب سے یہ حلاوت پائیگا منہ کا اگال	نخل شمع طور کا گوندا نگبیں ہو جائیگا

[1] گورستان۔ گور غریباں۔ قبرستان۔ وہ جگہ جہاں مردے دفن کئے جائیں۔ رضیا) جیتے جی مرگیا میں کرکے خیال انجام۔ نظر آیا جو کبھی گور غریباں مجکو۔ [2] لکھنے میں گورنمنٹ لکھتے ہیں اور پڑھنے میں گورمنٹ پڑھتے ہیں۔ [3] گوکھرو۔ لوہے کے تکونے کانٹے بناکر راہ میں پھینکتے ہیں تاکہ ہاتھی چھوٹے ہوئے آگے نہ بڑھ سکیں اور پکڑے جائیں۔ گوٹے یا تار کا گوکھرو بناکر کپڑے پر ٹانکتے ہیں۔ کان کے ایک زیور کا نام ہے [4] (وجاہت) بلا ہے قہر ہے آفت ہے تسلی مے پرستی بھی۔ تباہی جسکو کہتے ہیں اسی سانچے کی گولی ہے [5] (ظفر) کچھ گوں ہے جو تسبیح پڑھی جاتی ہے میری۔ یوں تو کبھی جھوٹھوں بھی مرا نام نہ لیتے۔ گوں گانٹھنا۔ مطلب نکالنا۔ [6] وہ آواز جو گنبد یا بند مکانیں پھرتی رہے۔ شیر کی آواز۔ (بحر) کوئی بیتا جو ہوا سے کبھی ہلجاتا ہے تیر کی گونج سنا دیتا ہے دیوانۂ عشق آواز سے بھر جانا۔ (رانت) بالیاں میں جو لگا اسکو پہنا نے یکسر۔ چیخ ماری وہ نشتر کہ گونج اٹھا گھر

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع	مصرع
			دیتے ہیں اُسے بھی گوند کہتے ہیں۔				
گوہر[1]	ف	۲۳۱	موتی۔ مروارید۔	مذکر	آتش	ابر نیساں کا کرم رہتا ہو ہر سال اسیر	تیری دنداں کی صدف کو نہیں گوہر ملتا
گویائی	"	۵۷	نطق بات چیت کرنے اور بولنے کی طاقت۔	مؤنث	عزیز	نگاہِ سحر ساز کہا لا کے دیوانی سے فرمایا	سمجھ کر بات کر باطل ہے بیت ہی گویائی
گھات[2]	ہ	۴۲۶	تاک انداز۔ ادا۔	"	امیر	اظہار ذوق قتل کی ساری یہ گھات ہے	کہنا ادا کو تیغ خوشامد کی بات ہے
•	•	•	تلاش و تجسس	"	آتش	کوئی بتخانے کو جاتا ہے کوئی کعبہ کو	پھر رہے گبر و مسلماں ہیں تری گھات میں کیا
•	•	•	موقع۔	"	رند	کیا خبر ہو گئے کس روز مری گھات ہو تم	آخر اس راستے سو روز ہوا آتے جاتے
•	•	•	ارادہ مطلب۔	"	ناظم	جنگ کی گھات دوپٹہ سے نمودار ہوئی	جھانکی گھونگھٹ کی سی طرح سے تیار رہی
•	•	•	چال۔ چالبازی۔	"	"	گھات تیری نہ چلے تجھ پہ اگر گھات کرے	ایک ہی بات میں ٹل رہی وہ تری بات کرے
•	•	•	تدبیر۔	"	آتش	کمر یار بھی از بسکہ نہایت نازک	سوجھتی بندش مضموں کی کوئی گھات نہ تھی
گھاٹ[3]	ہ	۳۲۶	ساحل دریا تالاب وغیرہ کا کنارہ۔ تلوار کی وہ جگہ جہاں سے خم شروع ہوتا ہے۔	مذکر	گویا	تنگ ایسا غم فرقت سے ہوا بس ڈوب ہی گئے	بتا دیتی قضا جو گھاٹ مجکو تیغ قاتل کا
گھاس	"	۸۶	گیاہ۔ تنکا۔ کوڑا۔	مؤنث	اسیر	اے دل دوا ہو کیا مرض اہل دید کی	بوٹی قبا کی گھاس نہیں ہے خرید کی
گھاؤ	"	۳۲	زخم	مذکر	ظفر	زہر آب دے نہ تیغ نگہ کو عتاب سے	اچھا نہ ہوگا دل پہ اگر گھاؤ پڑ گیا
گھائی	"	۴۹	دو انگلیوں کے بیچ کی جگہ۔ پٹے بازوں کی اصطلاح میں ایک قسم کی معین ضرب۔	مؤنث	اوج	تھیں غازیوں کے ہاتھ صفوں کی صفائیاں	دست خدا کے لال ہی سیکھی تھیں گھائیاں
گھبراہٹ	"	۶۳۳	بیقراری۔ اضطراب۔ بدحواسی۔	"	امیر	ذبح کے وقت اُسکی گھبراہٹ	دیکھکر مجکو پیار آتا ہے
گھٹا	"	۴۲۶	بدلی۔ ابر۔	"	"	جب چمن میں آ گیا مستوں کو ساون کا خیال	ساونی گاتی ہوئی آئی گھٹا برسات کی
گھٹا	"	۴۳۱	داغ جو رگڑ سے پیدا ہو۔	مذکر	فایز	اے آفتاب شب ہجر کی ظلمت ربائی	ہے قلب کی سیاہی گھٹا نہیں جبیں کا
گھٹی	"	۴۳۵	وہ دوائیں جو پیدائش کے وقت بچوں کو دیجاتی ہیں پیٹ صاف ہونے کے لئے۔	مؤنث	ناسخ	طفلی ہی سے ہے شوق شراب آب کے مانند	گھٹی میں پی ہمیں بھی نہار نہ چھوٹی
گھر	"	۲۲۵	مکان۔ مسکن۔	مذکر	امیر	کھول کر منہ کو مری گور پہ مانند عروس	بولی عبرت کہ ذرا دیکھ یہ گھر ہے کسکا
•	•	•	مقام جگہ۔	"	وزیر	صحرا میں پاؤں پڑ کے مجھے خار کہتے ہیں	ہے دلیل کے گھر تری خانہ خراب کا

[1] گوہر شب تاب۔ گوہر شب چراغ۔ ایک قسم کا لعل ہے جو رات کو روشنی دیتا ہے۔ (قدر) ابر غبار دھو گیا لعل د گہر ہو گیا۔ قطروں سے ملکے ہو گیا گوہر شب چراغ گل۔

[2] گھات میں آنا۔ فریب میں پڑنا۔ (داغ) دل کچھ آگاہ تو ہو شیوۂ عیاری سے۔ اسلئے آپ ہم آتے ہیں تری گھاتوں میں۔ گھاتیں بتانا چالبازیاں سکھانا (جلیل) ہم کیا خار عشق میں گھاتیں بتائینگے۔ وہ خود جواریوں سے زیادہ ہیں چالیے

[3] گھاٹ کرنا۔ دغا دینا۔ فریب کرنا۔ گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا۔ تجربہ حاصل کرنا جہاں دیدہ ہونا (انیس) پانی وہ خود پئے ہوئے ہیں گھاٹ گھاٹ کے۔ دم اور چڑھ گیا تھا ہو جاٹ جاٹ کے۔ گھاٹ سے عبور کرنا۔ (شعور) ہو دم الٹ پلٹ کبھو تم دیکھتے ہو تیغ۔ کشتی کسی عمر کی اس گھاٹ اتر گئی۔ انگیا کا گھاٹ۔ انگیا کا گریبان (امانت) گھاٹ انگیا کا کم و بیش جو پایا اس نے ہنس کے خیاط کو چڑیا کا بنایا اس نے۔ گھاٹ واری۔ کھول گھاٹ۔

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
گھمسان	ہ	۱۷۶	سخت جنگ پڑتی۔ کثرت سے خونریزی ہونا۔	مذکر	مونس	وہ صفدری وہ شان وہ حملے وہ ٹکروار	گھمسان تھا سپاہ میں وہ وقت کارزار
	؍؍	؍؍	؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍	؍؍	ضمیر	اشبار تھا لاشوں کا وہ گھمسان کیا تھا	اس تیر نے کیا تو وہ طوفان کیا تھا
گھمنڈ	؍؍	۱۱۹	غرور۔ تکبر	؍؍	جلیل	عشاق پہ ہو ناز جو تمکو عجب نہیں	ہوتا ہے سب کو اپنے خریدار پر گھمنڈ
گھن	؍؍	۷۵	لوہا پیٹنے کا بڑا ہتھوڑا	؍؍	اسیر	کون کہتا ہے کہ ٹکسال سے باہر ہے اسیر	شعر مضبوط وہ کہتا ہے کہ گھن پر مارے
گہن	؍؍	؍؍	سورج یا چاند کا تاریک ہو جانا۔ کسوف و خسوف۔	؍؍	؍؍	چاند سا رخ ہے تہ زلف تو بوسہ ہو عطا	کیجیے صدقے کی تدبیر گہن پڑتا ہے
گہنا	؍؍	۷۶	زیور۔	؍؍	جاہ	جب سے انہیں عشاق نے دل گہنے دھرے جاہ	گہنا کبھی پھولوں کا اترتا ہی نہیں ہے
گھنگرو	؍؍	۳۰۱	فارسی میں زنگولہ کہتے ہیں	؍؍	گویا	شرم سے اس چشم میں آنسو نظر آیا مجھے	گردن آہو میں یا گھنگرو نظر آیا مجھے
گہوارہ	ف	۲۳۷	جھولا جسے عربی میں مہد کہتے ہیں	؍؍	آتش	عہد طفلی سے جنون عشق کامل ہے شفیق	شاخ نخل بید مجنوں سے مرا گہوارہ تھا
گھورا[1]	ہ	۲۳۲	وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ پھینکا جائے	؍؍	جاہ	خط نکلنے سے مٹی رخسار جاناں کی صفا	تختۂ گلزار جنت میں بھی گھورا ہو گیا
گھوڑا[2]	؍؍	؍؍	اسپ	؍؍	انیس	پانی پہ کسطرح علمدار کا گھوڑا	پیاسا ہے ابھی سید ابرار کا گھوڑا
۔	۔	۔	بندوق کا کتا۔ بندوق کی وہ کل جسکے دبانے سے بندوق چلتی ہے	؍؍	منیر	چڑھ دوڑا رہے ہیں جابجا چمکتی ہیں دلکی داغ	یارب چراغ پا نہ ہو گھوڑا تفنگ کا
گھولا	ہ	۹۲	پانی میں حل کی ہوئی افیون	؍؍	صبا	فقیر مست ہیں ہر وقت کیفیت میں رہتے ہیں	کبھی طرہ ہے سبزی کا کبھی گھولا ہے افیون کا
گھونٹ[3]	؍؍	۴۰۱	جرعہ۔ پانی یا کسی رقیق چیز کی وہ مقدار جو ایک مرتبہ میں حلق سے اتر جائے۔	؍؍	اسیر	کی جو تعریف خط سبز تو بولے وہ اسیر	زہر کا گھونٹ گلے سے ترے کیونکر اترا
گھونس	؍؍	۱۴۱	ایک قسم کا بڑا چوہا۔	مونث	میر	ایک دن گھر میں ایک گھونس آئی	اپنے پاؤں اجل آسے لائی
گھونسا	؍؍	۱۴۳	بندھی ہوئی مٹھی جو مارنے کیلئے بند کریں	مذکر	امیر	آیا کسی اترے ہوئے جوبن کا تصور	گھونسا مری چھاتی پہ لگا دلپہ لگی چوٹ
گھونسلا	؍؍	۱۷۳	آشیانہ پرندوں کا گھر۔ گھونسلا۔	؍؍	ذوق	دل جو گھر غم کا ہو گیا اسمیں [illegible]	وہ مثل ہے کہ کہاں گھونسلے میں چیل کا ماس
گھونگھٹ	؍؍	۵۰۶	برقع۔ نقاب۔ پردہ۔ چادر یا دوپٹہ کا وہ حصہ جو عورتیں منہ چھپانے کو منہ پر لٹکا لیتی ہیں۔	؍؍	صفدر	سیر چمن کو آئیگا وہ گلعذار کب	گھونگھٹ ترا اٹھیگا عروس بہار کب
۔	۔	۔	فوج کا بھاگنے کے ارادہ سے منہ پھیرنا۔	؍؍	برق	غصے سے جو بل زلف سیہ فام نے کھایا	سو مرتبہ گھونگھٹ سپہ شام نے کھایا
گھونگر	ہ	۳۰۱	بالوں کا قدرتی پیچیدہ ہونا۔ بالوں کی اینٹھن۔	؍؍	جلیل	حسن بالوں کی بگڑنے پہ [illegible] بنا کر	پڑ گیا جو پیچ گیسو میں وہ گھونگر ہو گیا

[1] گھوڑی۔ مادہ اسپ۔ سوتیاں بنانے کا اگر ایک قسم کا گیت جو شادی بیاہ میں عورتیں گاتی ہیں۔ (میر حسن) ادھر کا تو یہ رنگ تھا اور راگ۔ محل میں ادھر گھوڑیاں اور سہاگ [2] (صبا) ہچکی لگی ہے دھیان میں اک آفتاب کے۔ کیونکر گلے سے گھونٹ اتاریں شراب کے [3] رشوت کو بھی گھونس کہتے ہیں۔

لفظ		صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
گھیر[1]	ھ	۲۲۵	دورہ۔ چکر۔ گھماؤ۔	مذکر	درد	اشک نے میرے ملا دی کتنے ہی دریا کو پاٹ	دامن صحرا میں درندا سقدر کب گھیر تھا
		•	کپڑے کا گھیر۔ جیسے کرتہ۔ انگرکھا یا پیجامہ وغیرہ کا گھیر۔	″	برق	تیری آمد سے جہاں کو گل ہوا ہے باغ باغ	دامنِ بادِ بہاری پیرہن کا گھیر ہے
گیاہ	ت	۳۶	گھاس۔	مونث	تعشق	خیاباں سبز خطوں کا ہے بعد مردن بھی	ہری ہری جو لحد پر گیاہ ہوتی ہے
گیت	ھ	۴۳۰	ہندی نظم۔ بھجن۔ راگ۔	مذکر	اقبال	نانک نے جس چمن میں وحدت کا گیت گایا	چشتی نے جس زمیں میں پیغام حق سنایا
گیتی	ت	۴۳۰	دنیا عالم	مونث	مونس	گاہ ذریں جدا تھی ہراساں سمک جدا	گیتی جدا لرزتی تھی ساتوں فلک جدا
گیدڑ[2]	ھ	۲۳۴	سیار۔ شغال	مذکر	میر	قدم غوک سے گرد کا چل گیا	بھر وسہ تھا گیدڑ پہ سو ٹل گیا
گیسو	ت	۹۶	سر کے لانبے بال جو دونوں کندھوں پر لٹکتے ہوتے ہیں۔	″	اسیر	ہے سیاہی سے عجب عالم مری مکتوب کا	طالع عاشق ہے یا گیسو کسی محبوب کا
گیند	ھ	۸۴	چمڑے کپڑے ربڑ وغیرہ کا وہ گولہ جس سے لڑکے کھیلتے ہیں۔	″	جاہ	ابھرے ہوئے جوبن ہیں نہ دل لوٹ ہو کیونکر	یہ گیند جوانی نے اچھالے ہیں غضب کے
	″			مونث	انشا	نہ لگی مجکو جب اس شوخ طرحدار کی گیند	اس نے محرم کو سنبھال اور ہی تیار کی گیند
گیندا[3]	″	۸۵	گل صد برگ۔ ایک زرد رنگ کا پھول ہوتا ہے	مذکر	صاحب قرآن	کس گھڑی آ وہی گیندے کی کھیلی پھر تم	شل ہوا میں کہیں تبھی تمھارے ہاتھ پاؤں
گیہوں	″	۹۱	ایک غلہ کا نام ہے جسے فارسی میں گندم کہتے ہیں۔	″	″	لایا جو دانیال کل گیہوں	سیر میں پاؤ سیر کم نکلے

[1] (اوج) سیاہ پھیل گئی چھاؤنی کا گھیر بڑھا۔ گھیر گھار (ضبی) محاصرہ کرنا۔ حلقہ۔ دائرہ۔ احاطہ (اوج) پڑے دغا طبع زر ا ہار کر لائی۔ جدھر سے آگئے اجل گھیر گھار کر لائی [2] گیدڑ بھبکی۔ خالی خولی دھمکی دینا۔ ناسخ آ گیا اسد کی گیدڑ بھبکیاں۔ اقبال شاہ شیر شیردان الفیاث [3] پھول اور پودے دونوں کو گیندا کہتے ہیں۔ گیندے کا پھول ایک دوسرے کی طرف مثل گیند کے پھینکنا کم عمر لڑکے لڑکیوں کا کھیل ہے اور اس کو وہ گیندا کھیلنا کہتے ہیں۔

باب لام مہملہ

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
لات	ھ	۱۴۱	لکد ۔ ٹھوکر ۔ ضرب	مونث	جلال	ٹھکرا ای وہ بت اور پکاری کمر تقدیر	کافی سر افتادہ کو اک لات نہ ہوگی
	.	.	دست بردار ہونا ۔ ترک کرنا ۔	″	بحر	لات ماری ہی فقیر و ننے جہانبانی پر	افسر و چتر سلاطین کے سر ماری ہیں
لاج	ھ	۴۴	شرم ۔	″	امیر	لاج اسکی ہی تجھی کو ای مرے رب کریم	غیر کا محتاج ہو بندہ تری درگاہ کا
			عزت ۔	″	جان صاحب	پیار سے ہاتھ مرے سر پہ میں واری رکھنا	سوت کے سامنے تم لاج ہماری رکھنا
لاجورد[1]	ف	۲۴۴	نیلے رنگ کا ایک قیمتی پتھر ۔	مذکر	آتش	کرتے مصور اسکو تصویر خضر صرف	ہوتا جو تیرے خط سا کچھ لاجورد پایا
لازمہ[2]	″	۸۴	جوڑ ۔ سامان ۔ ضروری یا کسی شے میں درکار ہو جو آدمی کو چاہیے ۔	″	رشک	لازمہ ہے زندگی کا ۔ سلسلہ تدبیر کا	مردۂ دیوانہ کو زنجیر کی حاجت نہیں
لاسا	ھ	۹۴	ایک لسدار شے ہے جس سے بہلے چڑیا پکڑتے ہیں ۔ کنایۃً اشتیاق[3]	″	″	مرغان باغ ہیبت صیاد سے اڑے	پر موسم بہار کا لاسا لگا رہا
″	″	″	عادت ۔ چسکا ۔	″	بحر	ہزاروں مرغ زیرک اس بلا میں مبتلا دیکھے	لپٹ کر پھر نہیں چھٹتا عجب لاسا ہے افیوں کا
لاش	ت	۳۳۱	مردہ ۔ مردہ جسم ۔	مونث	رعنا	الفت لیلیٰ کا پردہ کسطرح ہوتا نہ فاش	بے کفن گاڑی گئی تھی لاش قیس عوض رکی
لاشہ	″	۳۳۶	ایضاً	مذکر	ناسخ	میں ترا عاشق ہوں لے عیسی نفس بچے جا رشک	گور لیتی ہے بغل میں لاشہ مجھ رنجور کا
لاف	ف	۱۱۱	ڈینگ ۔ شیخی ۔ اترانا ۔ تعلی	″	انیس	ملعونوں نہیں تھا اپنی شجاعت کا جھنیں لاف	پہلے اُنہیں سفاکوں پہ لے تھا اُسنے کیا صاف
لاگ[4]	ھ	۵۱	بیر ۔ دشمنی ۔ عداوت ۔	مونث	تسلیم	سر دل سوختہ جب دیکھتا ہو قطع کرتا ہو	تجھے کیا لاگ شمع بزم سے گلگیر ہوتی ہے
	.	.	تعلق ۔ لگاؤ ۔ نسبت ۔ وابستگی ۔	″	منیر	ہم جانتے ہیں آپکی آنکھوں کی گردشیں	ان پتلیوں میں لاگ ہے تار نگاہ کی
لاگت	ھ	۴۵۱	وہ صرفہ جو کسی چیز کی تیاری میں ہو	″	″	اک چھلے کے گل پردل پر داغ نہ لینگے	یہ باغ نہ بیچینگے کہ لاگت نہیں آتی
لاگ ڈانٹ	″	۵۰۶	دشمنی عداوت ۔	″	نوح	آئینہ دیکھکر نظر اُنکی بدل گئی	دونوں میں لاگ ڈانٹ تھی دونوں میں چلگئی
لال[5]	″	۹۱	سرخ رنگ ہوا ۔ احمر ۔	مذکر	دبیر	وہ چہرۂ جلال خدا ۔ مرتضیٰ کا لال	قہر و جلال سے ہوا یعقوب دار لال
″	″	″	ایک خوش آواز پرند کا نام جسکا تمام جسم سرخ ہوتا ہو اسپر سفید چتیاں ہوتی ہیں ۔	″	وزیر	رنگیں لب لعل کی صدا ہے	کیا خوب یہ لال بولتا ہے

[1] لاجوردی ۔ ایک قسم کا رنگ ۔ لاجونتی ۔ چھوئی موئی کا پیڑ ۔ [2] لازم صحیح ہے (ی) جو اضافہ کرتے ہیں اور لازمی بناتے ہیں غلط ہو جاتا ہے ۔ لابدی ۔ بمعنی واجب [3] (بحر) ہزاروں مرغ زیرک اس بلا میں مبتلا دیکھے ۔ لپٹ کر پھر نہیں چھٹتا عجب لاسا ہے افیوں کا ۔ [3] مدد ۔ امداد ۔ (رشک) چھپی رنل کی گولی کا ہے تو ڑنل میں بھی ۔ مژگان یار میں ہے اگر لاگ تیری [4] تعلق ۔ علاقہ نسبت ۔ وابستگی ۔ بس محبت لگی مزہ چسکا ۔ رغبت شوق ۔ (قدر) جام وہ دیدل سی جسکو لاگ ہو ۔ جام وہ دو عقل میری آگ ہو ۔ کرتب شعبدہ طلسم وہ عجیبات جو سمجھ میں نہ آئے ۔ بیر ۔ دشمنی چشمک شکر رنجی ۔ (ذوق) کیا تاب دلجلوں سے جو برق لاگ رکھے ۔ دوزخ بھی ہو تو انکی جلیوں پہ آگ رکھے ۔ (ظفر) لگا دو دامن دلدار سے کبھی افسوس صبا نے لاگ یہ باندھی ہے گرد غبار کے ساتھ ۔ [5] ع سے جسکا املا ہو یعنے (لعل) عربی فارسی میں ایک قسم کے معدنی جواہر کو کہتے ہیں (جلیل) شاہ کا لال ہے وہ صاحب جوہر جیسے صدقے ہونے کے لیے لعل بدخشاں آیا ۔ کسی چیز کا آگ میں پڑ کر دہک جانا ۔ لال پری سرخ پوشاک پہننے والی پری ۔ کنایۃً شراب ۔ (شعور) شیشے سے آئے بزم میں ہر شراب کب کھینچ تو ہو گئی لال پری بیحجاب کب ۔ لال پیلا ہونا ۔ نہایت غصے میں بھر جانا (قدر) یار غصے سے گل رعنا بنا بوسہ مانگا لال پیلا ہوگیا ۔ خوب سرخ ۔ (ناسخ) ہو جائیں خوب سرخ بھبھوکا سے ہاتھ پاؤں ۔ مہندی لگا کے باندھیے پتے حنا کے ع عربی میں ایک بت کا نام ہو چونکہ مستعمل ہو عست (امیر) جھلک اس کے منہ کی دکھلا کے چلدی ۔ لجانا ذرا کوئی دیکھے ہنسی کا ۔

لفظ	اصل		معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
لال	ھ	۶۱	فرط محبت سے اپنی اولاد کو بھی لال کہتے ہیں۔	مذکر	دبیر	اور آگے کھڑا آ کے ہوا شاہ خوش اقبال	رو کر یہ دعا کرنے لگا فاطمہؓ کا لال
لالٹین[1]	انگریزی	۵۲۱	شیشے کی قندیل۔ روشنی کا ایک ظرف۔ صحیح تلفظ تو (لینٹ رن) ہے اردو میں کثرت استعمال سے لالٹین بولتے ہیں	مونث	تعلق	لالٹینیں ہزار ہا روشن	مشعل ماہ بھی جدا روشن
لالچ	ھ	۶۴	حرص۔ طمع۔ لوبھ	مذکر	ناسخ	حسن بھی کیا چیز ہے زاہد ذرا انصاف کر	اپنے بندوں کو خدا دیتا ہے لالچ حور کا
لالہ[2]	ف	۶۶	ایک قسم کے سرخ پھول کا نام۔	"	اسیر	ہے داغ چراغ لحد کشتۂ الفت	پھولا ہے یہ لالہ تری بیدادگری کا
لام	ع	۷۱	ایک حرف کا نام۔	"	ظفر	شکل عجب انداز سے ہے رقعۂ ترئ زلف	ایسا خط تعلیق میں بھی لام نہ پایا
		۰		"	امیر	رخ ترا کس طرح میں دیکھ سکوں	زلف ہے لام لن ترانی کا
لام[3]	انگریزی	"	فوج یا پلٹن کا مجموعہ۔ بریگیڈ۔ فوج کا دستہ۔ فوج کی لاین۔	"	محسن	باندھا وہ قضا نے لعن کا لام	ابلیس کی فوج میں ہے کہرام
لامکاں	ع	۱۴۲	عالم قدس۔ مقام نفی و فنا۔	"	اسیر	دکھائی ترک تعلق نے شان نیرنگی	بڑھے مکان سے آگے تو لامکاں دیکھا
لاہی	ھ	۴۶	ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔	مونث	منیر	مسکی ہوئی مسالے کی باریک کرتیاں	لاہی کے محرم نہیں جو کچھ تھا نہاں نہ تھا
لب	ف	۳۲	ہونٹھ۔	مذکر	آتش	سرمہ سے چشم یار نے مفسد ونکی جڑ	لب رنگ پان سے ظلم کی بنیاد ہو گیا
۰	۰	۰	کنارہ۔ سرا۔ طرف۔ جانب۔ حاشیہ جیسے لب دریا	"	عاشق	مکان اونچا ہے کیسا مسیحائی کا دعوی ہے	لب بام آپکا باتیں کرے ہے چرخ چہارم سے
۰	۰	۰	مونچھوں کے بال جو ہونٹھوں کے اوپر ہوتے ہیں۔ اس معنی میں لبیں جمع کے ساتھ مونث ہی بولتے ہیں	مونث	حالی	لبیں بڑھ رہی ہوں نہ داڑھی چڑھی ہو	ازار اپنی حد سے نہ آگے بڑھی ہو
لبادہ	ف	۴۲	بارانی۔ برساتی کپڑا۔ روئی دار وگلا۔ بالاپوش جو قبا کے اوپر پہنتے ہیں	مذکر	ناسخ	ہیں پاؤں تک جو بال مرے سر کے اے جنوں	جاڑے میں ہو گیا ہے لبادہ شمور کا
لباس	ع	۹۳	بکسر اول پوشاک۔ کپڑا پہننے کا جامہ۔	"	امیر	باطن میں غم ہے عشرت دنیا ہے ظاہری	پہنے ہوئے لباس محرم ہے عید کا
لب لباب	ف	۹۷	خلاصہ۔ ماحصل۔	"	جرات	ایجان جان جو دیکھئے تجکو بچشم غور	لب لباب ہے تو ہی کل کائنات کا
لب و لہجہ	"	۹۵	تلفظ۔ طرز گفتگو۔	"	امیر	حوریں کیونکر تری زبان سیکھیں	لب و لہجہ کہیں بدلتا ہے
لبنی	ھ	۹۲	مٹی کی چھوٹی ٹھلیا کی طرح کا ایک ظرف بناتے ہیں جو تاڑی کھینے اور تاڑ سے تاڑی اتارنے کے لئے ہوتا ہے۔	مونث	منیر	چڑھا دو نشہ میں نیزوں پہ عاشقوں کے سر	نئی صورت کی تمنی لبنیاں باندھی ہیں تاڑوں پر

[1] کا یستھوں کا خطاب ہندوؤں میں عزت کا خطاب ہے۔ لالہ باعتبار رعنیک۔ جو شخص دوسرے کے بھروسے پر رہتا ہو اسکی نسبت یہ مثل بولتے ہیں [2] فوج کا لڑائی کے لئے ایک جگہ جمع ہونا۔ لام کاف۔ گالی گلوچ۔ (ذوق) کب وہ گزرتے ہیں سیر لاف و گزاف سے۔ جسکی کہ آشنا ہے زبان لام کاف سے۔ [3] (سحر) کافی ہے جھاڑ کا یہ تمہارا ازار بند جلیئے نہ لالٹین کو جلوا کے سامنے۔

لبّیک	ع	۶۲	تیری فرمانبرداری کو حاضر ہوں ۔ عرب میں پکارنے کے جواب میں اسجگہ پر بولتے ہیں جسجگہ ہندوستان میں جی بولتے ہیں ۔	مونث	دبیر	نصیب نے کہی لبیک خیر خواہی سے	مگر عیاں ہوئے یونسؑ دہان ماہی سے
لپٹ[1]	ھ	۴۳۲	بفتح اول وودوم لپٹیں جمع ۔ لو۔ آنچ مہک خوشبو ۔	"	امیر	گر پڑی جان ہر زیور کی چمک سے بجلی	کھینچ لی دل کو وہ پوشاک میں خوشبو کی لپٹ
لپک	"	۵۲	روشنی ۔ چمک ۔ لو ۔ شعلہ ۔ گرمی ۔ چستی ۔ تیزی ۔ جلدی مثلاً کسی کام کے جلد کرنے کیلئے کہتے ہیں کہ لپک کر جاؤ ۔	"	جلال	آہ عشاق میں شعلہ کی لپک ہوتی ہے	دیسے کھنچتے ہی جگر سوز فلک ہوتی ہے
لپکا	"	۵۳	عادت خو خصلت لت بد عادت ۔	مذکر	رند	تاراج کیا کشور دل ترک نگہ نے	لپکا نہ سپاہی کو پڑے راہزنی کا
لپیٹ	"	۴۴۳	پیچ ۔ بل ۔ تہ ۔ مکر ۔ کھیڑ ۔ جنجال ۔ مصیبت آفت ۔	مونث	صبا	کیا صفت کی لپیٹ میں عشاق آگئے	باندھی جو تو نے اے بت بیداد گر کمر
لَت[2]	"	۴۴۰	عادت ۔ خو لپکا ۔	"	امیر	طمع کی لت مر کر بھی نہیں جاتی حریصوں سے	کہ تحت الثریٰ میں جا کے قارون کی ٹٹولی ہے
لتّا	"	۴۴۱	چیتھڑا ۔ گودڑ ۔ لتا اڑانا بمعنی دھجیاں کرنا ۔	مذکر	آتش	آفریں صد آفریں دست جنوں	خوب ہی لتّے لئے پوشاک کے
لَٹ	"	۴۴۷	بالوں کی لڑ ۔ چند بالوں کا مجموعہ جسکو عورتیں گوندھتی ہیں ۔	مونث	امیر	دل اڑا لیتی ہیں وہ کھول کے زلفوں کی لٹیں	دیکھوں بھرتے ہیں چرا کے انہیں کن ہاتھوں سے
لٹک	"	۴۵۰	بفتح اول و دوم ۔ کسی چیز کا لٹکنا ۔ نازو ادا ۔ آن بان زیبایش ۔ وضع ۔ بانکپن کا انداز ۔	"	داغ	عجب ترنگ میں تھا ہر رہ لٹک اسکی	ملے تھو راہ میں کل داغ بادہ خوار سے ہم
لٹکا[3]	"	۴۵۱	جادو ۔ سحر ۔ منتر ۔ افسوں ۔ تدبیر ۔ ترکیب ۔ مکر و فریب ۔	مذکر	ذوق	جاتی رہے زلفوں کی لٹک دل سے ہمارے	افسوس کچھ ایسا ہمیں لٹکا نہیں آتا
لجالو	س	۷۰	ایک بوٹی کا نام جو انسان کا ہاتھ یا گرم ہوا لگنے سے شرما جاتی ہے اور پژمردہ ہو جاتی ہے ۔ چھوئی موئی بھی اسکو کہتے ہیں ۔ کنایۃً شرمیلا ۔ باحیا ۔	مذکر	محسن	کہتا ہے اشارۃً لجالو	مُوتُوا مِنْ قَبلِ اَنْ تَمُوتُوا

[1] بکسر بمعنے ہم آغوشی ۔ (ناسخ) زعم میں اپنے لپٹ کر یار سے سویا میں رات ۔ دن ہوا تو تکیۂ پہلو نظر آیا مجھے ۔

[2] دو چیزوں کا بخوبی ایک میں لجانا ۔ گڈ مڈ ہونا (رشک) انگشت آرزو سے دو آج لت ہوئی ۔

[3] لٹکنا ۔ آویزاں ہونا ۔ جھولنا معلق ہونا (ذوق) جہاں ہے خانہ عشرت جبھی ہوا اسکا فروغ ۔ کہ لٹکے اسمیں سر پر غرور کی قندیل ۔ تدبیر ۔ (جلیل) قدمبوسی کا حیلہ کرکے ہم لوٹینگے قدموں پر ۔ یہ لٹکا ہاتھ آیا ہے تری زلف پریشاں سے ۔

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع	مصرع
لجام	ع	۷۴	بکسر اول صحیح ہو بالفتح غلط ہو۔ لگام۔ باگ۔ عنان۔	مونث	رند	گردش ہے آسمان کو میری دعا کی ساتھ	ہاتھ آگئی ہو میری لجام اس کبود کی
لچر حرکت	"	۱۷۸	بیہودہ کام۔ بے تکی بات	"	قلق	تمنے بھی کی تھی وہ لچر حرکت	ہوگئی تھی اُنھیں بہت نفرت
لچک	"	۶۲	جھکاؤ۔ نزاکت سے حرکت کرنا۔	"	ہلال	بد بلا گیسوے پیچاں کی لٹک ہوتی ہے	قہر بل کھائی کمر کی بھی لچک ہوتی ہے
لچھا	"	۳۹	الجھاؤ۔ پھنساؤ۔ اُلجھی ہوئی ڈور۔ ایک زیور کا نام ہے جو عورتیں پاؤں میں پہنتی ہیں۔	مذکر	امیر	سلجھنے والوں کے نہ کسطرح پھنسیں طائر دل	دام صیاد کا لچھا ہے تری تانوں کا
لچھن[1]	"	۸۸	علامت نشان۔ آثار۔ فعل۔ کردار۔	"	بحر	بخشے گا خدا بحر کو کس حسن عمل پر	ہمکو تو نہ اچھا کوئی لچھن نظر آیا
لحاظ	ف	۹۳۱	خیال۔ دھیان۔ توجہ۔	"	امیر	واعظ دبی زبان سے کرتا تھا ذکر حور	اتنا لحاظ دختر رز کا ضرور تھا
•	•	•	شرم وحیا۔	"	"	گھورتے دیکھا جو ہمیں تو جھنجھلا کر کہا	کیا لحاظ آنکھوں کا بھی اُٹھ گیا جاتا رہا
•	•	•	پاس۔ ملاحظہ	"	داغ	قول وقسم کی شرط ملاقات کا لحاظ	انسان کو ضرور ہے ہر بات کا لحاظ
•	•	•	رعایت مروت۔	"	"	تھوڑی سی پی ہی لی ہے بہت جستجو کے بعد	آہی گیا ہے پیر خرابات کا لحاظ
•	•	•	کسیکے ادب وقدر کی پروا نہ کرنا۔ بے شرم ہوجانا۔	"	جان صاحب	ماں باپ کا لحاظ تو دل سے اُٹھا دیا	لے باجی آجکل کی ہیں سب لڑکیاں خراب
لحاف	ع	۱۱۶	بڑی رضائی۔ زیادہ روئی کی رضائی۔	"	انشا	تکیوں کو دھر اپنے عوض اُٹھ پلنگ سے	اپنا لحاف ان پہ اُڑھا۔ ان پہ شال ڈال
لحد[2]	"	۳۴۳	قبر۔ تربت۔ مزار۔ سیدھے گڑھے ہیں جو بغلی کھودتے ہیں اسکو لحد کہتے ہیں۔	مونث	امیر	ہے روندنے سے کام خبر رہرؤوں کو کیا	تربت گدا کی ہو کہ لحد بادشاہ کی
ـہ	"						
لحظہ	"	۹۴۳	ایک بار نگاہ کرنے کا وقفہ۔ پل۔ لمحہ۔ دم کے دم۔ تھوڑی دیر۔	مذکر	عیش دہلوی	صرف عصیاں ہوا وہ لحظۂ عمر	جو تری یاد میں بسر نہ ہوا
لحن[3]	"	۸۸	خوش آوازی۔ آواز۔ سُر۔ لے۔	"	فایز	اثر ہاتھ آگیا ہو گل کف پای حنائی کا	ہوا ہے لحن رنگیں شور خلخال طلائی کا
لخت	ف	۱۰۳۰	ٹکڑا۔ پارہ۔ حصہ۔	"	سودا	افسوس کام غم کا اظہار تک نہ پہونچا	یہ لخت دل بھی چشم خونبار تک نہ پہونچا
لختہ	"	۱۰۳۵	منجمد خون کا لوتھڑا۔ خون کا ٹکڑا۔	"	مونس	لختہ ہو خون دل کا جو پھول اس شجر کا ہے	ہر پنکھڑی کٹا ہوا ٹکڑا جگر کا ہے
لخلخہ	ع	۱۲۶۵	چند خوشبودار چیزوں کا مجموعہ ہے جو مریض کو سنگھاتے ہیں۔	"	امیر	وہ لپٹ لخلخہ بند ہوتا ہو جو اُس عارض و گیسو کا امیر	متصل لخلخہ مشک و گلاب آتے ہیں

[1] سنسکرت میں لکھشن ہو بمعنی علامت۔ نشان آثار (رند) کیسے کرتا ہو تدبیر مداوا مسیح۔ موت کے لچھن نظر آتے ہیں اس بیمار کے۔ لچھن جھڑ جانا۔ کنایتاً چہرہ کی بے رونقی ادبار۔ نحوست۔ بدصورت ہوجانا۔ بشرہ خراب ہوجانا۔ (صبا) اللہ رے نحوست ایام ہجر یار۔ لچھن جھڑ رہے ہیں مہ و آفتاب کے۔ لچھن۔ حالت کیفیت چال چلن ڈھنگ۔ طریقہ مثلاً تمہارے لچھن اچھے نہیں نظر آتے [2] الحاد کہتے ہیں سیدھے راستے سے کترا جانے کو۔ اسی وجہ سے بیدین کو ملحد کہتے ہیں کہ وہ طریق حق سے کترا کے چلتا ہے۔ [3] لحن داؤدی۔ خوش آوازی اعلے درجہ کی خوش آوازی۔ حضرت داؤد کی خوش آوازی مشہور رہی (فایز) لحن داؤدی سے فریاد کو۔ موم کردوں پنجر فولاد کو۔

لداؤ	ھ	۴۱	وہ چھت جو صرف چونے سے ڈاٹ لگا کر بناتے ہیں گنبد نما چھت	مذکر	منیر	زندانِ آب و گل سے نہیں روح کو نجات	ثابت ہوا جو مقبرے دیکھے لداؤ کے
لڈو	"	۴۰	ایک قسم کی گول بنی ہوئی مٹھائی جیسے تل کے لڈو موتی چور کے لڈو وغیرہ۔	"	برق	لذت فراق و وصل کے دونوں ہیں ایک خوبتر	بوسے دہان یار کے لڈو ہیں بور کے
لذّت	ع	۱۱۳۰	مزہ۔ ذائقہ۔	مونث	آتش	چاروں اپنے محبوں سے محبت کرتے	لذت عشق بھی چکھنے یہ حسین تھوڑی سی
لرزش	ف	۵۲۷	رعشہ۔ کپکپی۔ تھرتھراہٹ۔ ڈگمگاہٹ	"	ظفر	بھووں کا یار کی ہلنا ہلا ہی دیگا دل میرا	کہ اس بھونچال سے اس گھر کو لرزش ہو نہ جاوے کی
لرزہ	"	۲۴۲	کپکپی۔ تھرانا۔ زلزلہ۔ بھونچال۔	مذکر	ضمیر	زینب نے آکے طیش میں جس وقت یہ کہا	لرزہ خدا کے عرش کو اس وقت آگیا
۰	"	۰	خوف۔ ڈر۔	مذکر	شوق	پر مرا دل بھی تھرتھراتا تھا	سن کے لرزہ خدا کا آتا تھا
لڑ	ھ	۲۳۰	لڑی۔ سلک۔ ہار	مونث	جاہ	جاہ سلک دُرِ دنداں کی ثنا لکھی ہے	اس غزل پر ہے ہیں موتیوں کی لڑ بانی
لڑائی	"	۲۵۱	جنگ و جدل	"	مونس	سر و تن میں شہ کے جدائی ہوئی	سلامی ستم کی لڑائی ...... ہوئی
لڑکا	"	"	طفل۔	مذکر	امیر	مرے آنسوؤں نے مجھے بخشوا یا	بڑے کام آئے یہ لڑکے مچل کر
لڑی	"	۲۴۰	سلک وہ ڈوری جسمیں موتی وغیرہ پروئے ہوں۔	مونث	مونس	قطرے سے میں بحر نور کی موجیں سما گئیں	لڑیاں کہاں سے موتیوں کی ان میں آ گئیں
لشکر[1]	ف	۵۵۰	فوج۔ سپاہ۔	مذکر	جرات	غم سے ہوتی مخلصی کیونکر تمہارے ہجر میں	لشکر رنج والم ہر دم ہمیں گھیرے رہا
لطافت	ع	۵۲۰	پاکیزگی۔ عمدگی۔ صفائی۔	مونث	انیس	تصویر ہے جناب رسالتمآب کی	پیری دکھا رہی ہے لطافت شباب کی
لطف[1]	"	۱۱۹	خوبی۔ نرمی۔ مزہ۔ لذت۔ عنایت مہربانی۔ نرمی	مذکر	رضا	دیکھا جدھر وہ سامنے آیا نظر مجھے	کس سے کہوں میں لطف شب انتظار کا
لطمہ	"	۹۴	بالفتح طپانچہ تھپیڑا دریا کا	"	ناسخ	نیل پڑ جاے مقرر کھا کے گر دریاے نیل	لطمہ میری اشک کے دریاے شور انگیز کا
لطیفہ	ف	۱۴۲	چٹکلا۔ اچھی چیز۔ دلچسپ بات۔ انوکھی عجیب۔ عجوبہ۔ تعجب انگیز بات۔ پسندیدہ بات۔ وہ بات جو طبیعت کو اچھی معلوم ہو۔	"	اکبر	ہنس دیتے ہیں بت سنکے یہ اکبر کا لطیفہ	جب آپ کے درشن ہوں تو پھر اب بھی ہنسا ہے
لعاب	ع	۱۰۳	رس۔ آب دہن۔ تھوک۔	"	ذوق	ٹھہر وہ کرتا ہے نامہ پہ مجھے آتی ہے رشک	ہائے یوں جو سے لعاب آسکے دہن کا غفا
	"	۰	لبلبا ہٹ۔	"	جان صاحب	نگوڑی بھنڈیاں ایسی بُری یہ ہوتی ہیں	کسی جنتر سے پکاؤ لعاب رہتا ہے
لعل	"	۱۳۰	ایک قیمتی معدنی پتھر جو مشہور جواہر ہے	"	امیر	لاؤں میں ان سے ولیں کہ ورنہ محال ہے	یہ لعل خاک میں تو ملا یا نجائیگا
لعن	"	۱۵۰	پھٹکار۔ نفریں۔	مونث	اختر شاہ اودھ	رد کئے سجدہ نہ کروائیے ان ہاتھوں سے	بر زباں لعن پہ لات و منات آ ہو گئی
لعنت	"	۵۵۰	ایضاً	"	سرور	غیر سے مجھے آج خوب ہوئی	اُسنے نفریں تو میں نے لعنت کی
لغت	"	۱۴۳۰	زبان۔	مذکر	منیر	توحید کردگار کی فرہنگ ڈھونڈھ دیکھ	ہرگز لغت نہیں ہے عدیل و سہیم کا

[1] (اسیر) ہو مقابل اس صف مژگان سے یہ کسکا جگر۔ پلٹنیں ٹوٹیں جو یہ لشکر صف آرا ہو گیا ۔ [1] (جلیل) اب شغل نہیں ہے میکشی کا ۔ اب لطف نہیں ہے زندگی کا (امیر) قابل ہو نہیں تو اپنی طبیعت کا ہو امیر مضمون لغت میں بھی نہ لطف غزل گیا (دل) ہنگامہ آرا ہو کیا کیا دنیا دل حزیں کی ۔ ہم لطف اٹھا رہے ہیں خلوت میں انجمن کا

لفظ	اصل		معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
لغزش	ف	۱۲۲۷	بفتح اول وکسر سوم۔ ڈگمگاہٹ۔ پھسلن۔ خطا۔ سہو۔ غلطی۔ بھول چوک	مونث	جلیل	شبیہہ اُس مست کی لیتا ہے مانی	مزہ دیجائیگی لغزش قلم کی
لفافہ	ع	۱۹۵	وہ چیز جو کسی چیز پر لپیٹی جائے۔ کاغذ کی تھیلی جسمیں خط روانہ کئے جاتے ہیں۔ کنایۃً بناوٹ دکھاوا۔	مذکر	منیر	ہے سبزۂ عذار نہاں جوش حسن میں	خط پر لفافہ ہے ورقِ آفتاب کا
لفظ[1]	"	۱۰۰۱	وہ آواز جو منہ سے نکلے۔	"	"	جباکر ہونٹھ غصہ میں غضب کی بدزبانی کی	عقیق لب اُنکے کھد گیا ہر لفظ گالی کا
				مذکر	رشک	وصل کی رات بنا نامۂ شوقِ گیسو	شام تفلیس ہیں سفیدی نے سحر کاغذ کی
لقب[1]	ع	۱۲۲	خطاب (مختلف فیہ)	مونث	جلیل	جلیلِ زار کو دیکھو جلیل القدر کو دیکھو	لقب جو شاہ سے ملتا ہو زیبا ہو ہی جاتا ہے
لقمہ	"	۱۷۵	نوالہ۔ لقمہ دینا کسی کی بات میں بولنا۔	"	منیر	نفیر جان کے لڑواتی ہیں رقیبوں سے	عدو کو دیتے ہیں لقمہ ہماری جھولی کا
لکڑی	ھ	۲۶۰	ہیزم۔ کاٹھ۔ چھڑی۔ ہاتھ میں رکھنے کی لاٹھی۔ مجازاً سہارا۔	مونث	داغ	تسبیح انھی کے ہاتھ میں پکڑا دی لکڑی نے	نشہ بھی تھا اور پیری بھی تھی چلتے کس طرح
لکنت	ع	۵۰۰	بضم اول وفتح سیوم۔ ہکلاپن۔ رُک رُک کر بولنے کی عادت۔	"	امیر	ہے دوست کی نظر میں ہنر عیب دوست کا	اللہ کو کلیم کی لکنت پسند ہے
				"	امیر	تیری لکنت پہ فدا سو جان سے دل ہوگیا	تو نے آدھی بات کی ہیں نیم بسمل ہوگیا
لکّہ	ف	۵۵	بضم اول تشدید کاف مفتوح چھوٹا بادل	مذکر	تسلیم	طاق سے ساغر و مینا کو اُتار اے ساقی	دیکھ وہ سوئے حرم ابر کا لکّہ اُٹھا
لکھوٹا	ھ	۲۶۲	پان کا رنگ جو عورتیں ہونٹھوں کو جماتی ہیں۔	"	آتش	لگا مسّی کی دھڑی ہوگیا لکھوٹا پان کا	رنگ عاشق سے تمہاری لعل لبائی لگی
لکیر[2]	"	۲۶۰	سطر۔ خط۔ لائن۔ نشان جو زمین یا کاغذ وغیرہ پر بنا دیں	مونث	آتش	سودائے راہ یار کا اللہ رے اثر	جادہ بنی جو ہم نے زمیں پر لکیر کی
لگاؤ[3]	"	۵۱	لاگ۔ بانس۔ لاٹھی۔ لکڑی۔ لاگ۔ پیار محبت۔ مناسبت تعلق واسطہ ربط ابتدا۔ پہل۔ شروع کرنا۔	مذکر	داغ	جام پر جام بھر کے لے ساقی	آج لگا لگا لگیگا کہ نہیں
لگام	ف	۹۱	بفتح اول باگ۔ عناں۔	مونث	مونس	یہ سنکے ہر سوار نے بس روک لی لگام	تھم تھم کے کانپنے لگی سب اسپ تیز گام
لگان	ھ	۱۰۱	زر آمدنی جو زمین سے وصول ہو وہ چیز جو اسامی زمین جوتنے کے معاوضہ میں ادا کرے۔	مذکر	لااعلم	تباہ ہوگئے ہم بار بار کے غم سے	لگان سال میں دو مرتبہ وصول ہوا

[1] لفظ مختلف فیہ ہے مگر کثرت استعمال تذکیر ہی کے ساتھ ہے (امیر) قمر کو کسطرح کرتی نہ وہ انگشت دو ٹکڑے۔ انہیں دو نقطہ زیریں کا طالب لفظ تھا یدکا۔ [2] (ناسخ) یہ اُسکے ہے ساعد و نکالا عالم کہ جسنے دیکھا ہو وہ بیدم۔ نیام تیغ قضا و مبرم لقب ہے قاتل کی آستیں کا [3] (منیر) سودا ہے زلف یار سے پیدا ہو اطلسم۔ مارسیہ بنا جو جنوں میں لکیر کی [4] (عاشق) لگا جو لگا نا ہے سمجھے جامہ دری کا۔ ہاں دست جنوں دامن کہسار سے چلے (مناسبت ناسخ) ہجر میں گرم ہے اس داغ سے پہلو میرا۔ جس سے لگا نہیں دو زخ کے کبھی انگاروں کو [5] (امیر) لکھا تھا خط میں جو حال اپنی چشم حیراں کا۔ ہزار بند لفافہ کیا گرنہ بند ہوا۔

لگاؤ	ھ	۵۷	ایسا برتاؤ جس سے التفات پایا جائے۔ تعلق۔ علاقہ۔ نسبت۔	مذکر	جلال	دشمن ہوئے کیوں جلال کے تم	کچھ تو ہے لگاؤ دوستی کا
لگاوٹ[1]	"	۴۵۷	لگاؤ۔ تعلق۔ سازش کرنے کا انداز۔ سازش کی باتیں۔	مونث	اسیر	سر جدا تن سے کسی کے دو کرائی خنجر بار	یہ لگاوٹ تری ہر بار نہیں اچھی ہے
لگن[2]	ف	۱۰۰	ایک ظرف ہے۔ ہاتھ پاؤں دھونے کا تشت۔ وہ تھال جیسیں شمع جلائی جاتی ہے۔	مذکر	رشک	یہ ندامت ہے تری جلوے سے ای شعلۂ طور	وجہ کیا آج جو محفل میں لگن یاد آیا
•	ھ	•	بفتح اول و دوم۔ تعلق نسبت ساعت۔ مہورت۔ سماں۔ شادی۔ وغیرہ کی تاریخ کا تقرر اور شادی بیاہ کا زمانہ۔	مونث	اختر شاہ اودھ	آراستہ بزم و انجمن ہے	اک غیرت شمع کی لگن ہے
•	•	•	شوق[3]۔ خواہش۔ محبت۔ دھن خیال۔ دل لگنا۔	"	حالی	نئی اک لگن سب کے دل میں لگا دی	اک آواز میں سوتی بستی جگا دی
للکار	ھ	۲۸۱	سخت آواز۔ ڈپٹ۔ دھمکی	"	مونس	شیروں کو فنا کرتی ہے للکار ہماری	سرکوب ہمیشہ رہی تلوار ہماری
لمحہ	ع	۸۳	بفتح اول و سیوم۔ ایک لحظہ۔ تھوڑی دیر۔	مذکر	حالی	مگر ہاں وہ سرمایۂ دین و دنیا	کہ ایک ایک لمحہ ہے انمول جسکا
لمعہ	ع	۱۴۵	تنویر۔ روشنی۔ جلوہ کسی روشن چیز کا۔ چمک۔	"	سخن	طول امل کو حاصل صد مدعا کہو	درد و الم کو لمعہ کہو مہر و ماہ کا
لن ترانی[4]	"	۴۲۱	تو مجھے ہرگز نہ دیکھ سکیگا۔ یہ کلمہ سوائے خدا کے دوسرے کو شایاں نہیں۔ انسان کے لیئے اس کو خود ستائی۔ تعلّی۔ ڈینگ کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔	مونث	اکبر	آنکھ کی ناتوانیاں حسن کی لن ترانیاں	پھر بھی ہیں جانفشانیاں کوچۂ انتظار میں
لنکا	ھ	۱۰۱	راون کا دار الخلافہ جو جزیرہ سیلون میں واقع ہے۔ کہا جاتا ہے کہ راون کا قلعہ سونے کا تھا۔	"	ناسخ	حویلی ہو گئی لنکا کی طرح ای یار سونے کی	ترے پرتو سے ہوتی ہے گلی دیوار سونے کی

[1] میل سازش (صبا) رنگ خون شہید اکارت جائے قاتل۔ کی لگاوٹ تری ہاتھوں نے حنا سے پیدا۔ [2] لگن۔ ہر معنی میں مونث ہے (مصرع) شمع کے اشک سے بہتی ہے لگن دریا میں۔ لیکن اکثر شعرانی مذکر بھی لکھا ہے (انیس) بھر جائیگا کلیجے کے ٹکڑوں سے سب لگن۔ ہوگا زہر دیں ترے اس لعل کا بدن۔ [3] (مصرع) لگ گئی جسکو لگن کیا وہ پھر افسوس جئے۔ [4] (شہرت) قطع دیدار کی امید ہوی۔ لن ترانی سنی جواب ہوا۔

لنگر	ف	۳۰۰	بوجھ۔ بار۔	مذکر	جلیل	بڑا لنگر تھا شعر و شاعری کا	اٹھا کیونکر جلیل ناتواں سے
•	رر	•	وہ لوہا جسکے ذریعہ سے جہاز یا بڑی کشتی ٹھہراتے ہیں۔	رر	تسلیم	وائے غفلت رو دیے ہیں یاران ساحل آشنا	کشتی عمر رواں کا جس گھڑی لنگر اٹھا
لنگی	ھ	۱۱۰	وہ کپڑا جو تہمد کیجگہ باندھتے ہیں۔ لنگ بھی اسیکو کہتے ہیں	مونث	اسیر	ایک دم ہی پاس اسکے ایکدم ہی آسکے پاس	دولت دنیا بھی لنگی ہی مگر حمام کی
لُو	رر	۳۰۶	گرم ہوا۔ پہلے "لوں" کہتے تھے مگر اب لُو کہتے ہیں۔	رر	دبیر	پڑتی ہے دھوپ تھر کی لو تیز چلتی ہے	اور گرم گرم بھاپ زمیں سے نکلتی ہے
لَو	رر	رر	بالفتح۔ لپٹ۔	رر	سحر	خس سے لو آنے لگی پنکھوں سے لو آنے لگی	آہ سوزاں کا ہوا شاید اثر خس خانے میں
•	•	•	امید۔ توقع۔ آسرا۔	رر	امیر	لو عفو معاصی کی لگائے رہیں عاصی	رحمت کو بہت آتے ہیں بخشش کے بہانے
•	•	•	بناگوش۔ کان کی لو۔	رر	اسیر	دیکھی کبھی جو گوش بت سیمبر کی لو	اٹھی زیادہ آتش داغ جگر کی لو
•	•	•	شمع یا چراغ کا شعلہ۔ ٹیم۔	رر	تعشق	نہ پوچھے شب فرقت کی تیرگی کا حال	چراغ خانہ کی لو تک سیاہ ہوتی ہے
لو	ھ	۳۰۶	دھیان۔ خیال۔	رر	داغ	یہ کسکی لو ہے لے دل مضطر لگی ہوئی	اک آگ سی ہے سینے کے اندر لگی ہوئی
•	•	•	اشتیاق۔ شوق۔ خواہش۔	رر	رشک	اے رشک کربلا و نجف کی لگی ہو لو	مطلب نہ لکھنؤ سے نہ کچھ کانپور سے
•	•	•	آس۔ خواہش۔ شوق۔	رر	رند	حاضر ہے یہ غلام جو بلواؤ یا امام	ہے رند کی بھی لو طرف کربلا لگی
لِواء	ع	۳۰۷	بکسر اول فوج کا نشان۔ لشکر کا علم و بفتح اول تیر کی ایک قسم ہے۔	مذکر	نواب شاہ اودھ	نوبت فتح و ظفر سے سینہ کوٹینگے رقیب	اب لوائے عشق فوج حسن پر خم ہو گیا
لوتھ	ھ	۱۴۳	لاش۔ مردہ جسم	رر	سودا	کیا جانیے کس کس سے نگہ اسکی لڑی ہے	جس کوچہ میں جا دیکھو تو اک لوتھ پڑی ہے
لوٹا	رر	۳۰۶	ناتگڑی۔	مونث	مونس	حملوں سے فوج قاہرہ مسمار ہو گئی	جانوں کی لوٹ موت کو دشوار ہو گئی
لوچ	رر	۳۰۹	بواو مجہول۔ نرمی کی وجہ سے کسی چیز کا لچکنا۔ نزاکت۔	مذکر	شرف	ٹہنیاں ہمیر قفس کی شاخ گل سے کم نہیں	لوچ یہ دیکھا نہ دیکھیں ایسی تیلیاں
لوح[1]	ع	۳۰۴	وہ تختی جسپر دنیا کا ہر ایک واقعہ لکھا گیا ہے اسی کو لوح محفوظ بھی کہتے ہیں۔	مونث	امیر	کاتب صنع نے نام اسلئے پہلے لکھا	لوح راضی نہ کسیطرح قلم سے ہو گی
•	•	•	لوح قبر۔ لوح مزار۔ لوح مرقد فارسی ہیں وہ پتھر جو قبر کے سرہانے تاریخ یا آیات وغیرہ کندہ کرکے لگا دیتے ہیں۔	رر	رند	حسن گندم گون کی الفت سے اثر ہے بعد مرگ	لوح تربت تھی جو سنگ سرخ کی دھانی ہوئی
•	•	•	لکھنے کی تختی۔	رر	ناسخ	بہت اس سیمتن کی مدح کے مضموں سوجھے ہیں	مجھے درکار ہیں لوحیں پئے تحریر چاندی کی

[1] اردو میں ٹائیٹل پیج۔ کتاب کا اول صفحہ جسپر کچھ پھول بوٹے بنا کر کتاب کا نام لکھتے ہیں۔ لوح پیشانی پیشانی کا لوح سے استعارہ کرتے ہیں۔ رند نے خط نے مصحف کر دیا ردی کتابی کو ترے۔ پر تکلف لوح قرآن لوح پیشانی ہوئی۔ لوح جبیں۔ لوح پیشانی سے مراد ہے۔

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
لوز	ع	۴۳	بادام - ایک قسم کی مٹھائی بادام و پستہ کی -	مونث	بحر	جسدن سے یار بوسہ لیا تیرے ہونٹھ کا	پستے کی لوز تجکو بہت سب پہ مزا لگی
لونگ	ہ	۱۰۶	ایک خوشبودار شے ہے جو گرم مسالہ میں بھی پڑتی ہے - قرنفل -	"	انشا	ہے جگائی ہوئی دوالی کی	پھر ایک آسکے نہ دراں پہ لونگ
لوہا	"	۴۲	آہن - ایک دھات کا نام ہے -	مذکر	آتش	اک ترک تیغ زن کی دیوانی روح ہے	زنجیر میں ہماری جو لوہا ہے کاب کا
لوئی	"	۵۶	اونی چادر -	مونث	رند	طعنہ زن ہو نہ لباس فقرا پر منعم	پشم دونوں ہے تری شال ہماری لوئی
لہجہ	ع	۴۴	طرز ادا - طرز کلام - انداز گفتگو -	مذکر	محشر	زبان عشاق میں ہے مضمر عجیب تفسیر معنوی سا	میاں حلاوت جو باتیں چھیڑیں تو حرف صاف لہجہ [illegible]
لہر	ہ	۲۳۵	پانی کی موج - دریا کی موج -	مونث	ناسخ	شغل [illegible] دل کا ہے تیری عشق میں لیے بحر حسن	رات دن [illegible] لہریں آسمان کی
•	•	•	ترنگ - امنگ - جوش -	"	رند	رونی کی تجکو لہر جو اسے چشم تر آئی	کوسوں نظر آتا تھا دریا نظر آئی
•	•	•	کٹیارے کی دھاری -	"	الماس	ناگ جڑیا کی کبھی جو تلوار سے تھی لہر	گیا اٹھا لہر یہ کشتی تھی جلوہ گری
•	•	•	خیال - دھیان - یاد -	"	بحر	ہر بار نہ ٹھیگے اب ہو کے موتی	جسدن لہر آگئی وطن کی
•	•	•	پودوں اور سبزہ کا ہوا سے ہلنا	"	محسن	لہریں لیتا ہے جو بجلی کے مقابل سبزہ	چرخ پر بادلہ پھیلا ہے زمیں پر مخمل
•	•	•	کسی لچدار چیز کا ہلنا -	"	شوق	رخ پہ گیسو کی لہر آفت تھی	جو ادا اسکی تھی قیامت تھی
•	•	•	سانپ وغیرہ کے کاٹنے سے جو بیہوشی ہوتی ہے -	"	آتش	کالے کے کاٹے کی لہر آنے لگی بدن میں	سونگھنا ہو آپکے گیسوئے مشکیں کا مجکو سم ہوا
لہر بہر	ہ	۲۴۲	ہر دو لفظ بفتح اول ہے - چہل پہل - خوش اقبالی -	"	داغ	چہ سچ ہے منہ جہاں یہ شہر ایسی لہر بہر	داغ کلکتہ سی لاکھوں داغ دل پہ جلا
لہک	"	۵۵	حالت نمو و روئیدگی - ہریالی - سبزہ کا کثرت سے اگنا -	"	مونس	پھولو نہیں بو ہو فاطمہ کے گلعذار کی	رنگ حسن دکھا ہی لہک سبزہ زار کی
لہو[1]	"	۴۱	خون -	مذکر	انیس	اللہ دکھائے نہ الم نور نظر کا	بہ جاتا ہے آنکھوں سے لہو قلب جگر کا
لے	"	۴۰	راگ	مونث	غالب	فریاد کی کوئی لے نہیں ہے	نالہ پابند نے نہیں ہے
لیاقت	ع	۱۴۵	قابلیت - استعداد - خوبی - بہتری - شایستگی - تمیز -	"	صفدر	تمکو تو سب طرح کی لیاقت خدا نے دی	سچ ہے ہمیں میں کوئی لیاقت نہیں رہی
لیپ	ہ	۴۲	ضماد - وہ دوا جو پانی یا روغن میں ملاکر لگائی جاتی ہے - بیائے مجہول استعمل ہے -	مذکر			
لیت و لعل[2]	ع	۵۷۰	ٹال مٹول - حیلہ بہانہ - عذر وعید	مونث	جانفشاں	جان لے جان یہاں جاتی ہے	کسکو یہ لیت و لعل بھاتی ہے

[1] پہلے لوہو بھی بولتے تھے (سودا) شکوہ تو کیوں کریں ہم مژہ اشک سرخ کا - بیری کرآبیتیں مرے لوہو سے بھر گئی - اب لوہو متروک ہے اور فصحا لہو بولتے ہیں [2] لیت اُس آرزو کو کہتے ہیں جسکا حصول غیر ممکن ہو اور لعل اوس آرزو کو کہتے ہیں جسکا حصول ممکن ہو - اسی وجہ سے یاس و امید کی حالتیں رہنے کی جگہ اسکو استعمال کرتے ہیں - (آتش) حیلے سے کام لیتا ہے وہ ترک تیغ کا - کرتا ہے عشقباز کو لیت و لعل تمام -

لفظ	اصل	نمبر	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
لیزم[1]	ف	۸۷	ایک قسم کی نرم لچکدار کمان جسمیں بجائے تانت کے زنجیر او زنجیر میں جا بجا کٹوریاں جڑی ہوتی ہیں۔	مؤنث	جرأت	ہوتے پیدا نہ اگر ہمسے ہلانے والے	لیزم عشق نہ تھی تو کسی قابل بھاری
لیس	انگریزی	۱۰۰	کلابتوں کا فیتہ۔ جو طلائی و نقری ہوتا ہے۔	"	منیر	برق نظر سے جامۂ ہستی جلا گیا	میری قبا میں لیس ہے تیر نگاہ کی
لیک	ھ	۹۰	راہ۔ پگڈنڈی۔ ڈھری۔ گاڑی کے پہئے کا وہ نشان جو سڑک میں ہو جاتا ہے۔	"	اسیر	ہے وہی لکار جو آگے تھا لکار وصل	اُس صنم کی بات بھی پتھر کی گویا لیک ہے
				"	میر	سوال وصل آس من سے کیا لیکن یہ ڈرتا ہوں	بنے گی لیک پتھر کی اگر منہ سے نہیں نکلی
لیل	ع	۷۰	رات۔	"	[illegible]	جب مجھ سا نہیں گزرا تو دنیا ہے خاک	پہلے دن سے کردہ لیل وفات آ پہونچی
لیل و نہار	"	۳۳۲	رات۔ دن۔	مذکر	جرأت	کہیں دست اپنے تھے ہم گدا کر لیتے تھے بوسہ تم	شب قرب دن آب ہے در و غم کبھی کالی لیل و نہار

[1] بعض نے مذکر بھی لکھا ہے۔ ناسخ مجھے لڑاتا ہے اب لیزم جنوں زنجیر کا۔ اور کہو عشق کے کہتا ہے تو مگدر اٹھا۔

باب میم

م[1]	ع	۴۰	عربی کا چوبیسواں اور فارسی کا اٹھائیسواں حرف۔	مذکر	محسن	الٰہی کھیل جائے روشنائی میرے نامہ کی	بڑھا معلوم ہو لفظ احد بن میم احمد کا
مات[2]	ہ	۴۴۱	شطرنج کی ہار۔	مونث	ناظم	تنگ ہوں جینے سے اب مرنا کہاں	ضیق ہو جانے میں بچتی مات ہے
ماتم	ع	۴۸۱	مجمع جو مصیبت یا موت کے موقع پر ہو۔ نوحہ گری۔ رونا پیٹنا	مذکر	جلال	کس لئے دل مردہ کا یہاں غم نہیں ہوتا	کب آرزوئے کشتہ کا ماتم نہیں ہوتا
ماتھا	ہ	۴۴۷	پیشانی۔ سر کا اگلا حصہ۔ ماتھا ٹھنکنا کسی امر کو توقع سے پیشتر اسکے آثار نمایاں ہونا۔	″	رضا	یہ بے سبب کبھی ماتھا نہیں ٹھنکا	ضرور آج وہ مہماں ہوا ہو دشمن کا
ماٹ	″	۴۴۱	مٹی کا بڑا مٹکا۔ نیل کا حوض۔ کُنٹھی۔	″	اسیر	چرچا بہت دروغ کا ہے زیر آسماں	شاید کہ ماٹ نیل کا کوئی بگڑ گیا
ماجرا	ع	۱۴۵	فارسی والے بمعنی سرگذشت۔ واقعہ واردات۔ استعمال کرتے ہیں۔	″	جلیل	اشکباری نہیں یہ فرقت میں	آنکھ کہتی ہے ماجرا دل کا
ماجو / مازو	ف	۵/۴۴۹	ماجو پھل ایک دوا کا نام ہے۔ اسکو مازو بھی کہتے ہیں۔	″	حیا لکھنوی	مستی خراب ہوتی ہو کوکا تو ڈھونڈھ لا	سوسن کو طاق میں نہیں ماجو نظر پڑا
ماحصل[3]	ع	۱۶۶	خلاصہ۔ نتیجہ۔ ثمرہ۔	″	اوج	آپ سے صبر کا سرمایہ لاغر بت ہیں	ماحصل چار مہینوں کا ہے اک صورت میں
ماحضر	″	۱۰۴۹	جو کھانا موجود ہو۔ جو کچھ حاضر ہو۔ طعام غیر مکلف۔	″	منیر	آپکے غم پر دل و جان و جگر صدقے کئے	پیش مہماں ماحضر ایک بندہ پرور رکھدیا
مادہ	″	۵۰	ہیولا۔ ہر چیز کی اصل۔ وہ شے جس سے کوئی چیز بنائی جائے استعداد۔ بلکہ۔ قابلیت صلاحیت مواد۔	″	محشر	دم مسیحا سا نہیں روح اگر بخشیں نہ لاکو	عدم میں منہ سے بولی مادہ تصویر نیا اسکا
مار[4]	ہ	۴۴۱	چوٹ۔ ضرب۔ زد۔	مونث	رند	عشق ابرو نے مجھے ڈال دیا ہے غم میں	جس طرف دیکھتا ہوں مار ہے تلواروں کی
″	″	″	مار پیٹ ہونا۔ مار دھاڑ۔	″	انیس	غلبہ تھا دین کا کفر کی بستی اجاڑ تھی	میدان معرکہ میں عجب مار دھاڑ تھی
″	″	″	بددعا دینا۔ صبر ڈالنا۔ غضب۔ قہر	″	جلال	بے کوچے پہ اسکی ٹھوکر کیا کے جلال آکے	اے عشق صنم تجھپر خدا کی مار کیسی ہے

[1] اکثر شعرا نے دم) کو مونث بھی لکھا ہے۔ (رشک) خوشنویس ہیں وہ آنکھیں میم نافوطی کا جوڑ۔ گرہ سفاوالیسی اگر دو ایک نہیں لطف ہے۔ مگر تذکیر کو ترجیح ہے [2] عاجز۔ ہارا ہوا۔ بیت بازی میں ہرا دینا۔ زک دینا۔ ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ (حیا) دوزخ کو بھی مات کر دیا ہے۔ اے سوزش دل تیرا بھلا ہو۔ ماتا چیچک۔ ان الدہ مست جیسے نیند کا ماتا [3] غصب کر لینا غبن کر لینا۔ (قلق) مرا لقند دل مار بیٹھے حسیں۔ یہ دولت ادھر کی ادھر ہو گئی۔ مثلاً ہم نے اسکا حصہ مار لیا۔ یا میر اسو روپیہ مار لیا۔ فتح پالی جیت۔ جیسے ہم نے کشتی مار لی پالا مار لیا کبھی اسی معنی میں مستعمل ہے [4] دل بن گیا غیرت خورشید کا نقش سجود۔ ماحصل ہے یہ ترے در پہ جبیں سائی کا

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
ماہ	ف	۴۶	چاند۔ قمر۔ ماہتاب۔	مذکر	تعشق	نہاں جب ہوا ماہِ کامل ہمارا	تڑپتا رہا دیر تک دل ہمارا
•	•	•	مہینہ۔	”	ناسخ	جو ہوا چاند تری سبزۂ خط کو دیکھا	اس برس ماہ کوئی جز مہِ شعبان ہوا
ماہانہ	ف	۱۰۲	ماہواری۔	”	قدر	دیکر وہ بوسۂ مہِ رخسار کہتے ہیں	بس لیجئے یہ آپکا ماہانہ ہوگیا
ماہتاب	”	۴۴۹	چاند۔ قمر	”	صبا	یہ وہ فلک ہے کہ جسکے سبب سے عالم ہیں	نہ ایک حال پہ دور و ماہتاب رہا
ماہی	”	۵۶	مچھلی۔	مونث	انیس	ماہی بھی حرارت سے تہ آب نہاں تھی	ہونگی قیامت میں جو گرمی وہ عیاں تھی
ماہیت	ع	۴۵۶	کسی چیز کی حقیقت۔	”	مونس	جو چیز زیر آب نہاں ہو عیاں کریں	ماہیت اسکے لال کی جلدی بیاں کریں
مایہ	”	۵۶	پونجی۔ سرمایہ	مذکر	انیس	مایہ ہو تمہیں اسکا تمہیں اسکی بضاعت	چھوٹے نے یہ حضرت سے کہا تھام کے رقت
مُبادلہ	”	۶۲	بضم اول و فتح چہارم و پنجم بدلہ۔ عوض۔ ادل بدل۔	”	ناظم	نہ درد رشک رہیگا نہ رنج یاس وفا	عدو سے کیجئے ناظم مبادلہ دل کا
مبارزہ	”	۴۵۰	جنگی بہادر۔ مقابلہ پر چڑھکر لڑنے والا۔	”	ضمیر	پہلے بیان جرأت و حسب و نسب کیا	پھر معرکہ میں بڑھکے مبارزہ طلب کیا
مبارکباد	ف	۲۷۰	تہنیت۔ خوشخبری۔ بدھائی۔ مبارکی دینا۔	مونث	تسلیم	عدم کی راہ لی رنج و تعب نے	مبارکبادی عیش و طرب نے
مبارک سلامت	”	۴۲۴	مبارکباد دینا۔	”	صبا	خدا کی جو سب پر عنایت ہوئی	بہت سی مبارک سلامت ہوئی
مبالغہ	ع	۱۰۷۸	بہت زیادہ تعریف یا ہجو کرنا۔	مذکر	امیر	یہ وصف میں کیا شعرا نے مبالغہ	نقطہ وہاں تنگ کمر بال ہو گئی
مباہات	”	۴۴۹	فخر۔ شیخی۔	مونث	”	پہچانتے ہیں اہل سخن خوب سخن کو	خاموش امیر اتنی مباہات سے حاصل
مبدا	”	۴۷	جائے شروع۔ ظاہر ہونے کی جگہ۔	مذکر	انیس	توفیض کا مبدا ہے توجہ کوئی دم کر	گمنام کو اعجاز بیانوں میں رقم کر
مت	ھ	۴۴۰	عقل۔ سمجھ۔ دانائی۔	مونث	صبا	اُلٹی تقدیر مری قسمت اغیار پھری	ہائے کیسی تری مت اے بت عیار پھری
متاع	ع	۵۱۱	پونجی۔	”	امیر	یہ فوج غم آکر گری اکدم میں سارا لٹ گئی	جتنی متاع صبر تھی مجھ خستہ جاں کے دل کے پاس
				مذکر	نسیم	کی گھر ریزی ہماری آبلوں نے ٹوٹ کر	تھا متاع عمر جو وقف بیاباں ہوگیا
مٹکا	ھ	۴۶۱	بڑا گھڑا۔ مٹکی۔	”	انشا	اس مٹکے سے پن پہ بیٹھے کس قدر ہیں شیخ جی	تو نہ تم آنکی نہ سمجھو ہے یہ مٹکا راب کا
مٹی[1]	ھ	۴۵۰	خاک۔ دھول۔ غبار۔ ریت۔ زمین۔	مونث	اسیر	دماغ میں گل جنت کی بو رہے دم غش	سونگھا دو مجھکو در بو تراب کی مٹی
	ھ		خمیر۔ سرشت۔ مادہ	”	داغ	کعبے کی ہو ہوس کبھی کوئے بتاں کی ہے	مجھکو خبر نہیں مری مٹی کہاں کی ہے
مٹھائی[2]	ھ	۴۶۶	شیرینی۔ لڈو پیڑا وغیرہ۔ میٹھاپن۔	”	آتش	بوسہ کا اس لب شیریں کے زبان نام نہ لے	جان جاتی ہے مٹھائی نہیں کچھ بٹتی ہے
مٹھی	”	۴۵۵	مشت۔ چنگل۔	”	داغ	صبا بنکے جو ہوا دی چمن میں	کہ غنچے کی مٹھی جو زر سے بھری ہے
مثال	ع	۵۶۱	نظیر۔ مانند۔ تمثال۔ تشبیہ۔	”	برق	اُٹھا کے آئینہ دکھلا دیا اُسے میں نے	نہ سوجھی عارض گلگوں کی جب مثال مجھے

[1] مٹی (آتش) جلا رقیب سیہ رو حسد سے میں سمجھا۔ ہوئی ہے گبر کے مردے کی شعلہ زن مٹی۔ بیکار۔ بے رونق۔ (انیس) مٹی ہے سلطنت جو سلے کائنات کی۔ (جرات) وہ اس زمیں سے نکالوں دسواں اور کہ جسکے آگے مخالف کا ہو سخن مٹی۔ [2] مٹھاس مونث۔ میٹھاپن شیرینی۔ حلاوت۔ مصرع (صبا) ہر پھول میں مٹھاس ہے زنبور کے لئے۔

لفظ	اصل	نمبر	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
مثل	ع	۵۰۰	مانند۔ مشابہ	مذکر	ناسخ	شجاعت میں کرم میں کمال میں صورت میں سیرت میں	امام آخری ہو مثل اپنے جد امجد کا
مثلث	"	۱۰۷۰	تین کونے والی شئے۔ تین مصرعوں کا بند۔ تین مصرعوں والی نظم۔	"	اسیر	معمار ترے گھر کا تھا شاید کوئی شاعر	کیا خوب کیا نظم مثلث سہ دری کا
مثمن	"	۶۳۰	ہشت پہلو۔ آٹھ رکنی نظم۔ وہ بیت جسمیں آٹھ رکن ہوں۔	"	ناظر	نگین ہشت پہلو پر کیا نقش اسنے نام اپنا	ہوا موزوں وہ آخر جو کہ ناموزوں مثمن تھا
مثنوی	"	۶۰۷	وہ اشعار مختلفہ جنکے ہر دو مصرع ہمقافیہ اور حالات مسلسل ہوں	مونث	اسیر	اسیر نظم عناصر کو چشم غور سے دیکھ	یہ مثنوی بھی تو سحر حلال رکھتی ہے
مجاز	"	۵۱	ظاہرداری۔ جو حقیقت نہو	مذکر	جلال	جلال عشق حقیقی کا رہنما ہے مجاز	چڑھتے ہیں عاشق اسی نردبان سے اوپر
مجال	"	۷۴	قدرت۔ طاقت۔ بساط۔ حوصلہ۔ بس۔ مقدور۔	مونث	امیر	یہ طبیعت انکی بگڑ گئی جو گیا پیامی چلا ادھر	کوئی مرغ کیا کہ صبا کو بھی نہ مجال نامہ بری کی ہے
مجاور	"	۲۵۰	پڑوسی۔ ہمسایہ۔ درگاہوں اور متبرک مقامات کا خادم۔	مذکر	"	کہاں جائینگے اڑکر یہ پری رو میرے حالوں سے	مجاور ہیں بنونگا جاکی درگاہ سلیماں کا
مجذوب[ملہ]	"	۷۵۱	خدا کی محبت میں کھینچا گیا۔ اردو میں سڑی سودائی دیوانہ پاگل۔ مجذوب کی بڑ۔ بے سروپا باتیں۔	"	جرأت	بود و باش اپنی کہیں کیا کہ اب اس بن یہ ہے	جسطرح سے کوئی مجذوب کہیں بیٹھ رہا
مجرا	"	۲۵۴	سلام۔ رواں کیا گیا۔ جاری کیا گیا منہائی۔ اردو میں بہت ادب سے سلام کرنا۔ گانا۔ رقاصوں مطربوں کا بیٹھکر گانا۔	"	اسیر	آج دربار کی برخاست ہے ہر چند اسیر	کل وہ نکلیں گے تو مجرا مرا اول ہوگا
مجرم	"	۲۸۴	جرم کرنیوالا۔ قصور وار۔ گنہگار۔ خطاوار۔ ملزم۔	"	جلیل	جہاں مجرم کوئی پھنسکر ملا سایہ الٰہی کا	مروت آہ ہی باقی ہے اشارا ہو ہی جاتا ہے
مجلس	"	۱۳۳	محفل۔ انجمن۔ بزم۔ جلسہ۔ مجمع۔ وہ مقام جہاں آدمیوں کا گروہ جمع ہو	مونث	امیر	یہانتک مجکو ہنگام خوشی ہے آرزو غم کی	اٹھا رکھتا ہوں روز عید پر مجلس محرم کی
مجمر	"	۲۸۳	بکسر اول و بفتح سوم۔ انگیٹھی۔	مذکر	نوازش	سینے میں ہر داغ اخگر ہو گیا	دیکھ جسکو سر دمجمر ہو گیا
مجمع	"	۱۵۳	بھیڑ۔ ہنگامہ۔ ہجوم۔ انبوہ	"	امیر	موجیں دریا میں جو اٹھتی ہوئی دیکھیں سمجھا	یہ بھی مجمع ہے ترے چاک گریبانوں کا
مجموعہ	"	۱۶۴	کئی چیزیں ملی ہوئی۔ ذخیرہ۔ مخزن۔	"	اسیر	موشگافوں سے سُنی ہے یہ صفت جوڑے کی	خوب مجموعہ ہے اجزائے پریشانی کا
مجیرہ	ف	۲۵۰	چھوٹی جھانجھ۔	"	"	بھر گئی ایسی جو مجھ نالاں کی خاک	شیشۂ ساعت مجیرہ بن گیا

ملہ ایک قسم فقیر فرقہ کی ہے جنکی باتیں مجذوبانہ ہوتی ہیں جو دور سے آتے ہوے مجکو جو دیکھا ناسخ یہ اک دشت جنوں بولے وہ مجذوب آیا (داغ) کہتا ہے یہ کیا اپنا سمجھ میں نہیں آتا ناصح کی بھی جو بات ہے مجذوب کی بڑ ہے۔

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
مچان	ھ	۹۴	وہ اونچی جگہ جو شکار کھیلنے والے بیٹھنے کو بناتے ہیں۔ یا عورتیں گھروں میں ایندھن وغیرہ رکھنے کو بناتی ہیں۔	مذکر	صبا	خبردار نے شمشیر کی دی خبر	مچان اُن کے اوپر بندہے دیکھکر
مچلکہ	ت	۹۸	عہدنامہ۔ اقرارنامہ۔ مجرمونکا عہدنامہ۔	"	صبا	اے صبا یہ بھی لکھا تقدیر کا	ہنسے اور اُون سے مچلکہ ہوگیا
مچھر	ھ	۲۴۸	پشہ وہ چھوٹے پردار کیڑے جو ڈنک چبھوتے ہیں	"	افشا	کیونہ نوک قلم رہے ششدر	گھس گیا اُسکی ناک میں مچھر
مچھلی	"	۸۸	ماہی۔ عورتوں کے کان کا ایک زیور	مونث	مونس	دریا کی موج سرلب ساحل ٹپکتی تھی	مچھلی ہر اک اچھل کے زمیں پر پھڑکتی تھی
محاصل	ع	۱۶۹	پیداوار کا محصول۔ خراج۔	مذکر	اوج	اقلیم سرکشی کا محاصل غرور ہے	محصول کفر و شرک کا حاصل غرور ہے
محافہ	"	۱۳۴	بضم اول وہ پردہ دار سواری جسمیں عورتیں سوار ہوتی ہیں	"	انیس	ہو ساتھ سواری کے ہجوم اہل وطن کا	آگے میں ہوں اور پیچھے محافہ ہو دلہن کا
محاورہ	"	۲۶۰	کسی خاص گروہ کی بات چیت۔ عادت۔ مشق۔ روزمرہ کی عادت	"	تلق	روزمرے نے دی سخن کو جلا	شوخ و رنگیں محاورہ ایسا
محب	"	۵۰	یار۔ دوست۔ مشفق۔ شفیق۔ محبت والا۔	"	امیر	مجکو محب سمجھکے حسین شہید کا	کرتا ہے تنگ قافیہ تک بھی یزید کا
محبت	"	۲۵۰	دوستی۔ الفت۔ پیار۔ چاہ۔	مونث	آتش	کون سے دل میں محبت نہیں جانی تیری	جسکو سنتا ہوں وہ کہتا ہے کہانی تیری
محبوب	"	۵۸	پیارا۔ دوست۔	مذکر	تسلیم	شوق پابوس میں ہر موج ہوئی صد گرداب	کون محبوب نہانے لب دریا آیا
محتاج	"	۵۲	حاجتمند۔ غریب۔ مفلس۔	"	مصحفی	بندہ ہے ترا مصحفی خستہ کو یارب	محتاج طبیبوں کا نہ کر چارہ گری کا
محتسب	"	۵۱۰	حساب کرنیوالا۔ خلاف شرع باتونکی ممانعت کرنیوالا۔	"	ناسخ	توڑتا ہے جو کوئی جام بلانوشوں کا	محتسب آپ کے عوض کاسۂ سر ہوتا ہے
محراب	"	۲۵۱	بکسر وہ جھکاؤ جو مسجد وغیرہ میں بناتے ہیں۔ شعرا ابروئے یار سے تشبیہہ دیتے ہیں۔	مونث	منیر	ترک عصیاں سے ثواب حج کعبہ لگیا	باب توبہ سے عیاں محراب ابرو ہوگئی
محرم	"	۲۸۸	سنہ ہجری کا پہلا مہینہ۔	مذکر	آتش	اک سال میں دس دن بھی جسے غم نہیں ہوتا	وہ شہر ہے جسمیں کہ محرم نہیں ہوتا
محرم	"	"	ایسا قرابتی رشتہ دار جس سے نکاح جائز نہو۔ رازدار۔	"	"	جب یہ عقدہ کھلا جسکو وہ ان یار کا	ہوگیا وہ گنگ جو اس راز کا محرم ہوا
	"	"	انگیا۔	مونث	منیر	بدن نہو کسطرح معطر آج خدارا	مسکی ہوئی اے بت تری محرم نظر آئی
محشر	"	۵۴۸	حشر قیامت۔	مذکر	داغ	ہے واسطے ہر کام کے اک روز مقرر	ہوتا جو انصاف تو محشر بھی نہ ہوتا
محصل	"	۱۶۸	حاصل کرنیوالا محصول وصول کرنیوالا۔	"	اسیر	نقد جاں قرض تھا فرض اسکی ادا تھی مجکو	موت آئی تو میں سمجھا کہ محصل آیا

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
محصول	ع	۱۶۴	عکس۔ کرایہ۔ اجرت۔	مذکر	ظفر	دیکھو جان و دل کو بچاؤ نہیں ہو جائیگا ضبط	اتنا ہو دینا ظفر اس جنس کا محصول بڑا
محضر	"	۱۰۴۸	وہ کاغذ جو قاضی کی مہر سے مزین کیا گیا ہو قبالہ۔ دستاویز۔	"	صفدر	دل پر ثبوت پہلو میں نہیں کہ شافع محشر	بغل میں ہم گنہگاروں کے محضر ہو شفاعت کا
محفل	"	۱۵۸	مجلس۔ آدمیوں کے جمع ہو کر بیٹھنے کی جگہ۔	مونث	امیر	نظر بھر کے دیکھا یہ کس مست نے	کہ سرشار محفل کی محفل ہوئی
محک	"	۶۸	بفتح اول و دوم و نیز بکسر اول و بفتح دوم بولتے ہیں۔ کسوٹی وہ پتھر جس پر کھرا کھوٹا کس سونے کا دیکھتے ہیں۔	"	منیر	دیکھو نگاہ قہر سے کھلتا ہے حال عشق	آنکھوں میں پتلیاں ہیں محک امتحان کی
۰		۰		مذکر	ناسخ	نفاق اس سے نہاں کیا ہو جو ہو شہرت خوئے تکبر	محک ہے اس کا سنگ آستانہ نیک اور بد کا
محکمہ	ع	۱۱۳	بالفتح اول و دوم۔ حکم کرنے کی جگہ۔ عدالت۔ کچہری۔	"	امیر	ہو اگر مرحمت کا حسب محکمہ	مرے جرم کی فرد باطل ہوئی
محل[۵۱]	"	۶۸	بفتح اول و دوم و تشدید سوم ٹھہرنے کی جگہ۔ مکان شاہی۔ قصر۔ ایوان۔	"	تعشق	پہلے ادنیٰ مناک کیا دل کو جلا کر	تھا یہ محل اسے آہ شرربار کیسا
محل[۵۲]		۶۸	مقام۔ جگہ۔ ٹھکانا۔	"	جلال	اٹھانا لیتے وہ کیوں گھر کو میری دلبری کا ہاتھ	کبھی نہ درد نہاں کا محل بتانا تھا
	ت	۰	موقع۔	"	جلیل	کہنا وہ انکا ہائے مرے دلبر کو کے ہاتھ	ایسا کوئی محل نہ اضطراب کا
۰	"	۰	وقت۔	"	رضا	لے آج تجھکو وصل صنم ہو گیا نصیب	آہ و فغاں کا اے دل نالاں محل گیا
محلسرا	"	۲۲۹	بادشاہوں۔ نوابوں۔ راجاؤں کے زنانخانے۔ زنانہ مکان۔	مونث	گلزار نسیم	دلبر نام ایک بیسوا تھی	اس ماہ کی واں محلسرا تھی
محلہ	ع	۸۴	اترنے کی جگہ۔ ٹھکانا۔ کنارہ۔ شہر کا کونا۔ ٹکڑا۔ شہر کا ایک مقررہ حصہ جو کسی نام سے موسوم ہو	مذکر	جرأت	جس جگہ رہتے ہیں جرأت ہم مریض چشم یار	وہ محلہ شہر میں مشہور بیماروں کا ہے
محمل[۵۳]	"	۱۱۸	کجاوہ۔ ہودج۔	"	جرأت	زنگ ہو کر قیس کا دل کاروان رکار ...	نت یہ دیتا ہے صدا لیلیٰ کا محمل کیا ہوا
			اترنے کی جگہ (مختلف فیہ)	مونث	ناسر	قیس کا ہے یہ بگولے پہ گماں	میری لیلیٰ کی یہ محمل ہو گی
محن	"	۹۸	رنج۔ محنت۔ دکھ۔ تکلیف۔	مذکر	خواجہ وزیر	سختیاں جور بتاں کی نہ بیاں کر اختر	رنج فولاد سے زیادہ ہیں محن پتھر کے
محنت	"	۴۹۸	مشقت۔ ریاضت۔ کوشش	مونث	صبا	نہ سمجھا وہ بت خاک حق وفا	صبا منت برباد محنت ہوئی
محویت	"	۴۶۴	محو ہونا۔ استغراق۔	"	ذوق	کبھی ہمت تھی مری قاعدہ حسرت ...	کبھی تھی تجھ میں ہر تجھ مجھے محویت

۵۱ (اترنے کی جگہ۔ مقام۔ ٹھکانا۔ درخشاں کسی دن ہوں ہم بھی محل فوارش۔ بنا دُ کبھی عرش کو ٹھی ہمارا۔

۵۲ موقع۔ (رند) دارا اسکی سروہی کے رخ کے چہرہ پہ سد شکر۔ بابا نہ رقیبوں نے محل طعنہ زنی کا ۵۳ زیادہ تر زبانوں پر مذکر پایا جاتا ہے۔ لہذا مذکر کو ترجیح ہے۔

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
محیط	ع	۶۷	گھیرا۔ احاطہ کرنیوالا۔ فارسی والوں نے دریا کے معنی میں بھی استعمال کیا ہے	مذکر	اسیر	وصال میں بھی یہ آنکھیں ہیں دید سے محروم	محیط پردۂ چشم حباب رہتا ہے
مخالف	"	۱۵۱	خلاف کرنیوالا دشمن۔ مدعی۔ برعکس۔ اُلٹا۔	"	اکبرالہ آبادی	پردہ کا مخالف جو سنا بول اُٹھیں بیگم	اللہ کی مار اسپہ علیگڈھ کے حوالے
مخزن	"	۶۹۷	خزانہ۔ ذخیرہ۔	"	رشک	مرگِ ناسخ سے فصاحت کو لگا داغ ای رشک	مخزنِ دولتِ اردوئے معلّے نہ رہا
مخلوق	"	۷۷۶	دنیا میں جو پیدا کیا گیا ہے خلق خدا کائنات۔	مونث	داغ	وہ موسم میں میرے کب آئے کہ جب	بٹھکر مخلوق ساری اُٹھ گئی
مخمس	"	۷۴۰	پانچ گوشہ۔ وہ نظم جسمیں پانچ پانچ مصرع کے بند ہوں۔	مذکر	اسیر	نہر ہے ہر ایک مصرع بحر ہے ہر ایک شعر	جو مخمس ہے ہمارا کم نہیں پنجاب سے
مخمل [۱]	"	۷۱۰	ایک قسم کا نرم کپڑا روئیں دار	"	رشک	تم جو آئے طالع خوابیدہ جاگے کونچ کے	سوئے ہم تم جسکے کا مخمل دو خوابہ ہوگیا
مخمور	"	۸۸۶	صاحب خمار۔ نشہ میں چور۔ مست متوالا۔ بعض فصحا مست کے معنی میں متروک سمجھتے ہیں۔	"	مصحفی	تقصیر کم نگاہیِ ساقی ہے اور کیا	اس انجمن میں گر کوئی مخمور رہگیا
مدّ [۲]	"	۴۴	الف ممدودہ کو کھینچکر پڑھنے کی علامت وہ نشان جو الف ممدودہ پر دیتے ہیں اسطرح (ٓ)	"	اسیر	خط ہوا روشن جو لکھا عارضِ جاناں کا وصف	دایرہ مہتاب مثلِ کہکشاں مد ہوگیا
مدّ	"	"	حساب کی مد جیسے مد آمدنی مد خرچ وغیرہ وغیرہ۔	مونث	برق	ہر عضو فرد فرد کہیگا تمام حال	ہر رگ بدن میں مد ہے ہماری حنا کی
مداد	"	۴۹	روشنائی۔ دوات کی سیاہی	"	اختر شاہ اودھ	مداد فکر رہا تنگ بھری ہے سینے میں	شبیہ یار کھنچیں پانچ سات اتنی ہے
مدار	"	۲۴۵	ٹھہراؤ۔ انحصار۔ موقوف رکھا گیا۔ دورہ۔ حلقہ۔ قیام۔	مذکر	حالی	مدار اب فقط علم پر ہے شرف کا	کہ باقی ہے ترکہ یہی اک سلف کا
مدار [۳]	ہ	"	آکھ کا درخت جسکے پتوں سے دودھ نکلتا ہے۔	"	منیر	کہیں اُڑتا ہوا بگولا تھا	کسی جانب مدار پھولا تھا

[۱] (محسن) لعینہ افتتاح سورہ صاد آنکھ کو کہئے۔ جو ابروئے کشیدہ میں ہے نقشہ صاد کے مد کا۔

[۲] (ناسخ) قاصد یہ کہو غور سے عرضی کو دیکھئے مد ہے شبیہ آپ کے زار و نزار کی ۔ (صبا) بیاض صبح ہوا اپنا نامہ اعمال ۔ شعاع مہر درخشاں مد حساب ہوئی ۔ مد مقابل ۔ مخالف برابر کا دعویدار (داغ) آئینہ دیکھکر تمہیں مشتاق کیا ہوئے ۔ تمسے سوا ہے مد مقابل کی آرزو ۔ مد نظر ۔ مقصد دلی ۔ مرغوب محبوب دلپسند کیا ہوا ۔ (صبا) حیرت کی ہو جا دیں بت خود بیں ترا نقشہ ۔ مد نظر آئینہ کی صورت نہیں ہوتی ۔ (ذوق) کیا مد نظر تمکو ہی یاروں سے تو کہئے ۔ گر منہ سے نہیں کہتے اشاروں سے تو کہئے (جان صاحب) آنکھیں ہمارے آگے لڑاتے ہو غیر سے ۔ مد نظر ہے آپکو اے خوش خصال کیا ۔ جزر و مد ۔ جوار بھاٹا ۔ سمندر کے پانی کا چڑھاؤ اُتار ۔ مد اکساد بازاری ۔ کم قیمت سستا مونا ارزانی ۔

[۳] مدار صاحب ۔ ایک کامل فقیر کا نام جنکا مقبرہ مکن پور میں ہے ماہ جمادی الاول کو عورتیں مدار صاحب کا چاند کہتی ہیں ۔ مداری ۔ ہندی میں شعبدہ باز کو کہتے ہیں ۔ عربی میں بضم اول و فتح سیوم تھا اردو میں بفتح اول و سیوم مستعمل ہے ۔ اکثر شعرا نے ذکر لکھا ہے مگر بول چال میں تانیث بھی پایا جاتا ہے ؛ مخمل دو خوابہ ۔ اُس مخمل کو کہتے ہیں جسکے دونوں رخ یکساں نرمی و چکناہٹ ہوتی ہے اور مخمل کاشانی میں ایک رخ چکنا ۔ ایک رخ کھردرا ہوتا ہے ۔

مُدارا	ف	۲۲۶	بغیر تاے فارسی ہے۔ مُدارات کا مخفف خاطرداری تواضع۔	مونث	حالی	عداوت نہاں دوستی آشکارا	غرض کی تواضع غرض کی مُدارا
مدارات[1]	ع	۲۲۶	بضم اول۔ خاطرداری تواضع	"	مصحفی	یار آیا تو کیا پیشکش اسکے دل و دیں	یہ تواضع ہوئی جیسے یہ مدارات ہوئی
مدارالمہام[2]	"	۲۴۲	وزیر۔ وہ اعلیٰ حاکم جس سے سلطنت کا کاروبار متعلق ہو۔	مذکر	مونس	مختار خلق و شافعِ یوم القیام ہو	سرکار کبریا کا مدارالمہام ہو
مُداوا[3]	ف	۵۲	بضم اول بغیر تاے فارسی ہے۔ مُداوات کا مخفف تدبیر چارہ دوا۔ علاج۔ درماں۔	"	ذوق	چرخ پر بیٹھ رہا جان بچا کر عیسیٰ	ہو سکا جب نہ مداوا ترے بیماروں کا
مدت[4]	ع	۴۴۴	دیر۔ عرصہ۔ زمانہ	مونث	تعشق	ہم صفیران چمن کی خبر حالت ہو گئی	اسقدر اپنی گرفتاری کو مدت ہو گئی
	٠	٠	مہلت میعاد۔	"	جلیل	مرنے پہ بھی نہ بند ہوئی چشم منتظر	اب انتظار کی کوئی مدت نہیں رہی
مدح	ع	۵۲	تعریف۔ توصیف۔ ثنا ستایش	"	"	جلیل حکم ادب ہے یہ شاعروں کے لیے	لکھے نہ مدح کوئی بے وضو دہنے کی
مدحت	"	۴۵۲	تعریف۔ ستایش	"	قلق	آج دیکھیں تو ہم تری جودت	ہے یہ اُس شہر یار کی مدحت
مدد	"	۴۸	کمک۔ امداد۔ سہارا۔ اعانت حمایت۔	"	جلیل	مجھ ناتواں کی ہاے کسی نے مدد نہ کی	چھٹکر اجل بھی دامنِ قاتل میں رہ گئی
مدرسہ	"	۳۰۹	اسکول۔ جاے درس	مذکر	رند	مژدہ باد اے بادہ خوار و دورِ وعظ ہو چکا	مدرسے کھدوا دیے گئے۔ تعمیر میخانہ ہوا
مدعا	"	۱۱۵	دعویٰ کیا گیا۔ مقصد۔ غرض مطلب	مذکر	تسلیم	تکلیف گریہ دی انہیں فریاد نے تو کیا	مطلب مرا کچھ اور تھا یہ مدعا نہ تھا
مدعی	"	۱۴۴	نالش کرنیوالا۔ دعوے کرنیوالا۔ دشمن۔	"	داغ	دل لیکے اسکی بزم میں جایا نہ جائیگا	یہ مدعی بغل میں چھپایا نہ جائیگا
مدفن	"	۱۷۴	دفن کی جگہ۔ وہ گڑھا جسمیں مردہ دفن کرتے ہیں۔	"	تعشق	یوں گھر میں پھرو تا نہ دھمک پاؤں کی پہونچے	مدفن ہے مری جان پسِ دیوار کسیکا
مدک[5]	ہ	۴۴	ایک قسم کا نشہ جو حقے کی طرح چلم پر پیتے ہیں۔	مونث	منیر	شاید افیون آج کم کھائی	یا مدک پینے میں نہیں آئی
مدینہ	ع	۱۰۶	نام عرب کے ایک شہر کا جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مزار پُرانوار ہے۔	مذکر	ناسخ	ہے ہند بھلا کیا کہ تری ہنجر کو ناسخ	کہ نہیں اچھا کہ مدینہ نہیں اچھا

[1] (داغ) دل طلب کرتے ہو مہمان بلاکر ہمکو۔ یہ تواضع ہے نئی یہ ہے مدارات نئی ۔

[2] دوسرا مصرع) اقبال نکے گھر کا مدارالمہام ہے۔ [2] مُدبّر۔ ع۔ بکسر سیوم مشدد۔ تدبیر کرنیوالا۔ عاقل۔ دانشمند مشیر صلاح کار۔ مداوات کا مخفف مداوا بنالیا ہے۔ (داغ) مداوا ترک آشفتگاں ستم کا۔ خدایا نے عقبیٰ میں کیا ہو رہا ہے۔ مداومت۔ مونث ہے۔ بمعنی ہمیشگی۔ قیام۔ ثبات ۔

[4] مدت۔ عدت۔ طلاق کے بعد وہ زمانہ جسمیں عورت کو نکاح کرنا جائز نہیں ہے۔ مطلقہ کیلیے تین حیض یا تین ماہ اور بیوہ کے لیے چار ماہ دس روز حاملہ عورت کیلیے بہر دو صورت میں زمانہ وضع حمل تک نکاح ناجائز ہے [5] رنگسا صفت غنچہ دگل اہل سخن کرتے ہیں۔ ہم ہندی ہیں لفظ غنچہ دہن کرتے ہیں [5] پان تھیچکی کاٹ کر افیون مقطر میں ڈالکر بنالیتے ہیں اسکو ایک چنے کے برابر چلم میں رکھکر حقے کی طرح پیتے ہیں ۱۲

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع	مصرع
مذاق[1]	ع	۱۴۸	کسی بات کا چسکا۔ عادت۔ دلچسپی سلیقہ۔	مذکر	جلال	عاشقان باوفا کا اور ہی کچھ ہے مذاق	خو بتا دیتی ہیں جنکو جفا آتی نہیں
مذکور[2]	"	۹۶۶	ذکر کیا گیا۔ تذکرہ۔	"	جرات	جس جا سنا اُسیکا مذکور ہو رہا ہے	دیوانہ پن ہمارا مشہور ہو رہا ہے
مذلت	"	۱۱۷۰	ذلت و خواری۔	مونث	حالی	پر اس قوم غافل کی غفلت وہی ہے	مذلت پہ اپنی قناعت وہی ہے
مذمت	"	۱۱۸۰	ہجو۔ برائی۔ بدنامی۔ ذلت رسوائی۔	"	امیر	ڈرتے نہیں ہو ساقی کوثر سے واعظو	منبر پہ بیٹھکر یہ مذمت شراب کی
مذہب	"	۷۴۷	راستہ طریقہ دین۔ ایمان آئین۔	مذکر	اسیر	ایمان جو تمھارا ہے ہمارا ہے وہ ایمان	مذہب جو تمھارا ہے وہ مذہب ہے ہمارا
مر[3]	ھ	۲۴۰	مرنا۔	"	جلال	تم سلامت رہو اب یہ پھر کہنا	مر مٹے تجکو مر نہیں آتا
مراد[4]	ع	۲۴۵	مقصد۔ آرزو	مونث	امیر	بوسہ اُس لب کا ملا پائی مراد	منہ کی مانگی۔ آج ہاتھ آئی مراد
•	•	•	بالغ ہونا۔ کام کے لائق ہونا۔ قابل استعمال ہونا۔	"	آتش	آتش جکو مہ چار دہ کو بھول گیا	مراد پر جو ترا عالم شباب آیا
مراد	ع	۲۴۵	منت ماننا۔ آرزو پوری ہونے کے لیے دعا مانگنا۔	"	داغ	عدو کی التجا کرنی پڑی ہے	مرادیں مانگتا ہوں آسماں سے
				"	جان صاحب	شاد کیوں آج نہ ہو کل سے بوا پائی مراد	نامرادو کہیں تھی خالق نے یہ دکھلائی مراد
(مربیٰ)	ع	۲۴۳	وہ میوہ جو قند یا شکر میں پرورده کیا ہو۔ میوہ کو خاص ترکیب سے گلا کر شیرے میں رکھا گیا ہو۔	مذکر	رشک	خط سے شیرینی لب گھٹ گئی مشاطہ بھی جاے	اب مربی سے غرض کیا جو مربا نہ رہا
مرتبہ[5]	"	۷۴۷	درجہ قدر۔ عزت رتبہ	مذکر	جلیل	طریقت میں حقیقت میں ولایت میں کرامت میں	کسی نے مرتبہ ابتک نہ پایا غوث الاعظم کا
مرثیہ[6]	"	۷۵۵	مُردے کی تعریف۔ وہ نظم یا اشعار جسمیں کسی کی شہادت یا وفات کا حال اور اسکی مصیبتوں کا ذکر ہو۔	"	رشک	حال ایسا ہے کہ روئیگا زمانہ مجھپر	مرثیہ میری مصیبت کا کہا جائیگا
مرجان	ع	۲۹۴	مونگا۔ بالفتح صحیح ہے و بالکسر غلط ہے۔	"	جاہ	ہیں رو زباں ہر دم وصف اُس لب رنگیں کے	دریای طبیعت سے مرجان نکلتے ہیں
مرجع	"	۳۱۳	ٹھکانا۔ جاے پناہ۔	"	جلیل	اُنکو عمل و علم کا منبع دیکھا	اُنکو کرم و جود کا مرجع دیکھا
مرحبا	"	۲۵۱	کلمۂ تحسین و آفریں۔ شاباش۔ آفریں سبحان اللہ کی جگہ استعمال	مونث	تسلیم	وقت جانبازی زباں پہ مرحبا کسنے کہی	نقش و پر یار کے میری وفا کسنے کہی

[1] بمعنی ہنسی و دل‌لگی ظرافت بھی مستعمل ہے (جان صاحب) چل پرے مجھ سے مردوے سرک یاں سے۔ مجکو بھاتا نہیں مذاق ترا۔ [2] (ذوق) مذکور تری بزم میں کسکا نہیں آتا۔ پر ذکر ہمارا نہیں آتا نہیں آتا۔ اب مذکور نہیں بولتے فصحا اسجگہ ذکر استعمال کرتے ہیں۔ [3] (اسیر) جیتا ہوں تو کہتے ہیں یہ کس کام کا جینا۔ مرتا ہوں تو کہتے ہیں تجھے مر نہیں آتا۔ اب فصحا مر نہیں بولتے اس موقع پر مرنا بولتے ہیں (داغ) آیا ہوں تیرے دام میں صیاد باغ سے۔ اپنی مراد پہ گل و ریحاں کو چھوڑکر [4] مراد (ع)۔ مذکر بمعنی مترادف [5] مرتاض ع ریاضت کرنیوالا عبادت میں مشقت اٹھانیوالا ریشی زمرتاض۔ مرتاض و مرتبہ سے کوئی تعلق نہیں ہے مگر اس لفظ کا لکھنا مقصود تھا اسلئے یہاں لکھا گیا۔ مرتبہ (انیس) تھا میں منتظر صدا اسی امید کا۔ ذرہ کو بار مرتبہ خورشید کا آتا۔ [6] مربی سرپرست پرورش کرنیوالا مربی بیمار و مربا نجو ہر (داغ) زندہ درگور زمانہ میں نہونگے ایسے مرثیہ کہتے ہیں شاعر ترے بیمار دن کا۔

			کرتے ہیں ۔ (مختلف فیہ)	مذکر	ظفر	مرگئے ہم سے زبان سے اُنکی	دیکھیں کب مرحبا[1] نکلتا ہے
مرحلہ	ع	۲۸۳	منزل بارہ میل کی مسافت ۔ اہم کام ۔ بڑی مسافت ۔	؍؍	جلال	دم آخر وہ چلے آتے تو احسان ہوتا	مشکل نزع کا کیا مرحلہ آسان ہوتا
مرد	ف	۲۴۴	نر ۔ آدمی ۔ بشر ۔ شخص ۔	؍؍	امیر	خنجر کھنچا جو میان سے چمکا میان صف	جوہر کھلے جو مرد وطن سے نکل گیا
مردمک[عہ]	؍؍	۳۰۴	آنکھ کی پتلی ۔	مونث	صبا	ہوئی اسقدر مجکو منظور دید	رخ یار کا مردمک تل ہوئی
مردم گیا	؍؍	۳۱۵	ایک قسم کی گھاس ۔	؍؍	امیر	ہر ایک چیز ہے کیا خوشنما مدینے کی	پری کی شکل ہے مردم گیا مدینے کی
مردنگ	ہ	۳۱۴	ایک قسم کی ڈھولک ۔ جسے طبلے کی طرح بجاتے ہیں ۔ ایک قسم کا شیشے کا چھوٹا فانوس ۔ فرشی کنول	؍؍	اختر شاہ اودھ	مردنگیں جابجا نمودار	فرشی کنول اک طرف کار
مردنی	؍؍	۳۰۴	علامت موت کی جو کسیکے منہ پر ظاہر ہوتی ہے ۔	؍؍	داغ	اے داغ تیری صورت دیکھیں گے دوڑ کر	چھائی ہوئی جو منھ پہ یوں مردنی رہیگی
مردہ	ف	۲۴۹	میت ۔ مرا ہوا جسم ۔ لاش ۔	مذکر	رند	گلی میں اسکی ہوائے بہشت چلتی ہے	وہ زندہ ہو گیا مُردہ جو زیر بام آیا
مرزبوم	؍؍	۲۹۵	آباد و قابل زراعت زمین ۔ پیدائش کی جگہ ۔	؍؍	رشک	اب ہے تنگ عار جغد و بوم اپنا مرزبوم	ہجر جاناں میں یہ معمورہ خرابہ ہو گیا
مرض	ع	۱۰۴۰	بفتح اول و دوم ۔ آزار ۔ بیماری ۔	؍؍	رند	عشق میں رکھ نہ زندگی کی امید	یہ مرض گور ہی جھنکاتا ہے
مرضی[عہ]	؍؍	۱۰۵۰	رضا ۔ خوشی ۔ اجازت ۔ خواہش ۔ پسند مرضی رب ۔ مشیت ایزدی ۔	مونث	؍؍	جب تمہیں بشاش دیکھا آن بیٹھے کوئی دم	اُٹھ گئے صحبت سے جب مرضی پائی آپکی
مرغ[عہ]	ف	۱۲۴۰	خروس ۔ طایر ۔	مذکر	سودا	اوس مرغ ناتواں کی صیاد کچھ خبر ہے	جو چھوٹکر قفس سے گلزار تک نہ پہونچا
مرغابی	؍؍	۱۲۵۳	پانی میں رہنے والا ایک پرند ۔ قاز ۔	مونث	دبیر	مثل تنور گرم تھا پانی میں ہر حباب	ہوتی تھیں سیخ موج پہ مرغابیاں کباب
مرقد	ع	۱۳۴۴	قبر ۔ تربت ۔ سونیکی جگہ ۔ آرام گاہ ۔	مذکر	جلال	وہ جو آئے روح بالیدہ ہوئی	رکھتے ہی دو پھول مرقد کھل گیا
مُرقّع	؍؍	۳۱۰	تصویر ۔ تصویروں کی کتاب	؍؍	مونس	دکھلا رہیں قدرت باری کا مرقع	ہاں کھینچ شہ دیں کی سواری کا مرقع
مرکب	؍؍	۳۶۲	بفتح اول سواری کی چیز ۔ گھوڑا ۔ کشتی وغیرہ ۔	؍؍	امیر	میری الفت سے یہ لذت مل گئی	بیٹھی تیوری مرکب قاتل گیا

[عہ] برخلاف جمہور کے ظفر نے مذکر لکھا ہے ۔

[عہ] مرغ تمام پرندوں کو کہنا غلطی ہے ۔ مرغ صرف اُنہیں پرندوں کو کہنا چاہئے جو کچھ جثہ رکھتے ہوں مثلاً ۔ کبوتر ۔ کنجشک وغیرہ ۔ ورنہ جھینگا دریا بھونرے ۔ مکھی ۔ مچھر وغیرہ وغیرہ کو مرغ کہنا غلطی ہے ۔ فارسی والے مرغا اور مرغی کو خصوصیت کے ساتھ کہتے ہیں عہ (برق) ۔ طوطیا ہے چشم جانان مردمک ہی حور کی عہ ارنام چرخ شکر ہے شکوہ نہ کبھی آئے زبان پر ۔ انسان ہو باہر نہو تو مرضی رب سے ۔

لفظ			معنی				
مرکز[۱]	ع	۲۶۷	کسی چیز کے قائم کرنے کی جگہ	مذکر	امیر	نہ کیوں سوئے مقدم ہو رجوع دل مؤخر کی	کہ مرکز ہو ہر اک مسند الیہ اسناد مسند کا
مرگ[۲]	ف	۲۶۰	قضا۔ اجل۔ موت۔	مونث	جلال	بے مروت ہے پوری مرگ فراق	چھوڑ کر نیم جان جاتی ہے
مرگ چھالا[۳]	ہ	۲۰۰	ہرن کی بالوں سمیت کھال فقرا جسپر بیٹھکر عبادت کرتے ہیں۔	مذکر	ناسخ	غم ہوا سے جب مجنوں وحشی کی صورت دیکھکر	جو ہرن تھا خشک ہو کر مرگ چھالا ہو گیا
مرگھٹ	″	۶۶۵	وہ جگہ جہاں ہندوؤں کے مردے جلائے جاتے ہیں۔	″	امیر	رخ و گیسو پہ تری کتنے مسلماں ہندو	ہو گئے مقبرے تعمیر بھرے سب مرگھٹ
مروت[۴]	ع	۶۴۶	بضم اول و دوم و فتح واو مشدد۔ لحاظ۔ رعایت۔	مونث	ریاض	بس نہیں بھی لئے پی کے چھلکتے ہوئے جام	آج ساقی تری آنکھوں کی مروت دیکھی
مروحہ	″	۲۵۹	دستی پنکھا۔	مذکر	اسیر	کیا خاک ہوا امید کمینوں سے عیش کی	کب مروحہ بنا پر زاغ سیاہ کا
مرہم	″	۲۸۵	دوا جو زخم پر لگاتے ہیں۔ زخم کا علاج۔	″	آتش	پیدا کری گو موم کی وہ چشم گداز ی	زخم دل احباب کو مرہم نہیں ہوتا
مریخ	″	۸۵۰	نام ایک ستارہ کا۔ منگل جسکو جلاد فلک کہتے ہیں۔	″	″	لباس سرخ پہنکر جو وہ جواں نکلا	پناہ مانگتا مریخ آسماں نکلا
مرید	″	۲۵۴	دینی شاگرد۔ کسیکے ہاتھ پر بیعت کرنیوالا۔ چیلا۔	″	داغ	بظاہر ادب یوں حضرت ناصح سے ملتا ہوں	مرید خاص جیسے مرشد کامل سے ملتا ہے
مریض	″	۱۰۵۰	بیمار۔ علیل۔ روگی۔	″	جلیل	اب آپ شربت دیدار اپنا رکھ چھوڑیں	مریض ہجر تو بچتا نظر نہیں آتا
مزاج[۵]	″	۵۱	آمیزش طبیعت انداز سرشت کیفیت جو اربعہ عناصر کے ملنے سے پیدا ہو۔ خو۔ خصلت۔ غرور۔	″	جلیل	دامن جو چھو لیا ہے کسی گلعذار کا	ملتا نہیں مزاج نسیم بہار کا
مزار	″	۲۴۸	زیارت کی جگہ۔ درگاہ۔ آستانہ قبر	″	″	تڑپ رہا ہوں اسی آرزو میں سوتے سے	خدا دکھائے مزار ایکی سال احمد کا
مزاولت	″	۴۸۴	کسی کام کا روز مرہ کرنا۔ مشق۔ مہارت۔	مونث	بحر	چھپنے ہوئے ہیں جو دیوان کا انا تیس بحر	مزاولت میں ہماری وہ انتخاب رہا
مزدور	ف	۲۵۷	اُجرت پر کام کرنے والا۔	مذکر	امیر	وہ تو ہے چرخ چہارم پہ یہ تیغ مجلے پر	بیچ ہے عیسیٰ سے بھی بالاتر امزدور رہا
مژدہ	ف	۵۶	خوشخبری۔ بشارت مبارکباد۔	″	جلیل	وہ جو ملتے ہیں تو قسمت نہیں ملنے دیتی	مژدۂ وصل مری ہوش اُڑا دیتا ہے
مزرع	ع	۳۱۷	کھیتی۔ کھیت	″	امیر	جا رہے ہیں ان کی جدائی میں احوال ہوا	کہ مزرع دل مفت میں پامال ہوا

[۱] کسی چیز کے کھڑا کرنے کی جگہ۔ کسی چیز کا درمیانی حصہ قلب دائرہ کے بیچ کا وہ نقطہ جس سے اُسکے محیط تک کل خط برابر آئیں۔ جو نقطہ کہ دو کی وہ ٹیڑھی لکیریں جس سے وہ کاٹ دکھائے پڑھا جاتا ہے اُسکو بھی مرکز کہتے ہیں۔ [۲] مرگ انبوہ جشنے دارد۔ عام مصیبت کا رنج نہیں ہوتا۔ قاعدہ وخاصہ طبیعت کا ہے کہ کسیکو درد کا شریک پاکر انسان تسلی پاتا ہے۔ [۳] (تتمہ) سایۂ تاج گدایانہ ہماسے کم نہیں۔ مرگ چھالا اپنا تخت بادشاہ سے کم نہیں۔ [۴] (جلال) دیکھے دل تجھسے دل آزار کو جو اُف نہ کریں۔ مہر اُنکی ہے وفا اُنکی مروت اُنکی ہے [۵] حال پوچھنا (جلال) کبھی تمھیں چلے آؤ ادھر اجل کے عوض۔ مزاج پوچھ لو بیموت مرنیوالونکا۔

مزرع	ع	۳۱۷		مونث	رند	آبیاری ابر رحمت نے نہ کی اب کی برس	مزرع امید اپنی خشک ہے پانی ہوئی
مزہ	ف	۵۲	لذت ۔ ذائقہ ۔ سواد ۔ لطف ۔ حظ ۔ عادت ۔	مذکر	جلیل	وہ آئے یا نہ آئے کچھ اس سے غرض نہیں	آنکھوں کو پڑ گیا ہے مزہ انتظار کا
				″	دل	تری ناوک کو پیوست جگر کیونکر کوئی سمجھے	جگر میں کچھ خلش ہوتی خلش میں کچھ مزہ ہوتا
مژہ	″	۵۲	پلک ۔	مونث	جلال	اسکی مژہ پہ چشم سخن گو سے کہتی ہے	میں بھی زبان دراز ہوں نہیں تجھ سے کم نہیں
مژگان	″	۱۱۸	پلک مژہ کی جمع ہے مگر اردو اور فارسی میں بکسر اول و بطور مفرد مستعمل ہے ۔	″	جلیل	تری چبھتی ہوئی مژگاں کا پورا لطف جب ہے	کہ تھوڑی سی ہو دل میں اور دل کے پار تھوڑی سی
مس[1]	″	۱۰۰	تانبا ایک معدنی دھات ہے جس کے برتن وغیرہ بناتے ہیں ۔	مذکر	تسلیم	گر تمنا ہے شرف کی خاکساری کو نہ چھوڑ	مل کے مس اکسیر سے دم بھر میں کندن ہو گیا
مساحت	ع	۵۰۹	زمین کی ناپ زمین کی پیمائش ۔	مونث	اسیر	چکر ہمارے پاؤں کا پہیئے سے کم نہیں	سہل اے جنون ہمکو مساحت زمین کی
مساس	″	۱۶۱	بکسر اول اردو میں بفتح اول بمعنے ملنے کے مستعمل ہے ۔ عورت کے کسی حصۂ جسم کو چھونا ہاتھ سے ملنا ۔	مذکر	ناسخ	رہ گیا میں مسوس کر دل کو	کب میسر مجھے مساس ہوا
مسافر	″	۳۸۱	راہ چلنے والا ۔ سفر کرنیوالا ۔ جو مقیم نہو ۔	″	امیر	چھڑکتے ہیں وہ افشاں گیسوؤں پر جب ہو دل کی	مسافر چھاؤں میں تاروں کی گھر سے چل نکلتا ہے
مسافت[2]	ع	۵۸۱	بالفتح ۔ دوری بُعد ۔ فاصلہ ۔ مسافرت ۔ سفر ۔	مونث	عزیز	چلا ہی جاتا ہوں کچھ انتہا نہیں ملتی	ہر اک قدم کی مسافت ہے طول ارض و زمن
مسالا[3]	ہ	۱۳۲	ہر چیز کے تیار کرنے کے لوازم اور ضروریات ۔	مذکر	جان صاحب	اے جان ایسا چھاتی سے لپٹا یا بھینچ کر	انگیا کا میری سارا مسالا مسل گیا
مساوات	ع	۵۰۸	بضم اول صحیح ہے حالت کا یکساں ہونا برابری ہمسری ۔	مونث	اسیر	ہیں وہ مغرور بہت اپنی مسیحائی پر	کیوں نہو زندگی و مرگ مساوات مری
مستاجر	″	۷۰۴	ٹھیکہ دار ۔ کاشتکار زمیندار ۔ اسامی ۔	مذکر	اسیر	پھر جنوں پرگنہ عشق کا مستاجر ہے	جز لکے نصب کے دن آئے ہیں سال آخر ہے

[1] انگریزی میں کنواری لڑکی کو کہتے ہیں ۔ (اکبر الہ آبادی) قصۂ منصور سنکر بول اٹھی وہ شوخ مس ۔ کیسا احمق لوگ تھا پاگل کو پھانسی کیوں دیا ۔ (نقل کفر کفر نباشد) [2] عرب کے جنگلیوں کو جب ایک مقام سے دوسرے مقام کا فاصلہ دریافت کرنا ہوتا ہے تو چند قدم اس مقام کیطرف چلکر کسی جگہ کی مٹی اٹھا کر سونگھتے ہیں اور فاصلہ بتا دیتے ہیں ۔ یہ دستور صرف عرب میں ہے [3] مصالح ۔ عربی میں مصلحت کی جمع ہے ۔ مگر فارسی والوں نے بمعنی لوازم تیاری ہر چیز کے بھی استعمال کیا ہے چونکہ زبانوں پر مصالح نہیں ہے اسلئے میری رائے میں مناسب ہے اردو میں جو لفظ جسطرح بولا جائے اسیطرح لکھا بھی جائے جسطرح مسالا بولا جاتا ہے اسیطرح لکھا بھی جاوے ۔ لکھنؤ میں شعرا کی زبانوں پر بھی مسالا ہے رشک و جلال نے اپنے لغتوں میں بھی مسالا ہی لکھا ہے ۔ (رمنہ) نمک چھڑکنے کو مانگے جراحت دل پر ۔ جو دیکھے آپکے مو باف کا مسالا سانپ ۔ جان صاحب کے شعر سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ لکھنؤ کے محلات میں بھی یہی بول چال تھی سرخی دھونا وغیرہ جو حرارت کی ضروریات میں ہیں ۔ گوٹا پٹھا ۔ بنت کناری وغیرہ جو کپڑے پر ٹانکتے ہیں ۔ لونگ مرچ الائچی دھنیا وغیرہ جو کھانے کو لذیذ بناتا ہے ۔ محرم کا مسالا دینے میں ناریل وغیرہ ملا کر اسے پان کے کھاتے ہیں ۔

لفظ	اصل	نمبر	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
مستزاد	ع	۵۱۲	بڑھایا گیا - افزوں کیا گیا - اصطلاح شعرا میں وہ نظم جو ٹکڑا رکن بڑھا کر لگا دیں -	مذکر	اسیر	سرمگیں آنکھ کی تعریف میں مصرع لکھکر	مستزاد اور لگا دیتے ہیں دنبالہ کا
مستول	ر	۵۳۶	کشتی یا جہاز وغیرہ پر بادبان باندھنے کا ستون -	ر	برق	اے کماں ابرو مجھے دریائے غم سے پار کر	کشتیٔ تن میں لگا مستول اپنے تیر کا
مستک	س	۵۲۰	ہاتھی کا ماتھا -	مؤنث	ذوق	جیسے ہاتھی پہ بزرگوں کے ہو سجدہ کا نشاں	اسکی مستک پہ شہا جلوہ نما ہے یوں ڈھال
مستی	ف	۵۱۰	نشہ - وہ کیفیت جو نشہ والی چیز سے پیدا ہوتی ہے - مدہوشی شہوت کا جوش - خوشی کی حرکتیں -	ر	امیر	ہزار و منعم کو ہوشیں لاؤ نہیں سنتے	یہ سچ ہے ایک تو ڑی ہیں ہے مستی اینٹ کی
مسجد	ع	۱۰۷	نماز پڑھنے کی جگہ - عبادتخانہ - خانۂ خدا -	ر	اسیر	تیغ ابرو جھکے اسکے جو ہنگام نماز	کربلا ہو جائیگی مسجد حسین آباد کی
مسدس	ر	۱۶۴	چھہ ضلعوں کی شکل - وہ بیت جسمیں چھہ رکن ہوں یا وہ نظم جسمیں چھہ مصرع ہوں -	مذکر	امیر	فروغ دیں جو شش گانہ میں شایع ہال نہیں	مسدس آپکی فکر رسا میں مجدد کا
مسرت	ر	۷۰۰	بفتح اول صحیح ہے - خوشی - فرحت -	مؤنث	ریاض	بن سنور کر کبھی جانے کی مسرت دیکھی	آئینہ میں کوئی سو بار تو صورت دیکھی
مسطر	ر	۳۰۹	بالکسر اول و بفتح سوم - سطر کھینچنے کا آلہ - وہ دفتی جسپر سطریں بنانے کے لیے ڈورے لگا دیتے ہیں -	مذکر	رند	ساری رگیں ہوئی ہیں تن زار پر نمود	ناطاقتی نے جسم کو مسطر بنا دیا
مسکراہٹ	ھ	۷۲۶	ہونٹھوں میں ہنسنا - وہ ہنسی جسمیں دانت نہ نکلیں -	مؤنث	سرور	چھیڑ کرتی ہوئی جب باد صبا آتی ہے	مسکراہٹ لب غنچہ کی ستم ڈھاتی ہے
مسک	ر	۱۲۰	کپڑے کا اسطرح پھٹ جانا کہ تار الگ نہ ہو جائے - دھچکا - دبانا - بھینچنا -	ر	منیر	مری ضیق غم فرقت سے دریا تنگ آتے ہیں	شکنجہ ہوتی ہے مجکو مسک آغوش ساحل کی
مسکن	ع	۱۰۰	بفتح اول و سوم جائے سکونت رہنے کی جگہ - گھر - مکان ٹھکانا -	مذکر	فائز	ہے دل سوزاں ہی ہی دائم الم اے فلسفی	پھر نہ کہنا آگ میں مسکن سمندر کا نہیں

۵۱ (فائز) راست تحریر نہ جب بھی ہوتر ہمارے نگہی - ہو جو تار نگہ جور کا مسطر پیدا -

۵۲ (محشر) گرادی یادگار عشق بجلی کوہ سینا پر - ذرا سی مسکراہٹ بھی جو مشتاقوں پہ آئی ہے -

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
مسلک	ع	۱۵۰	راستہ۔ راہ۔ طریقہ۔ قاعدہ۔ دستور	مذکر	امیر	ہو کرتا ہے مثل چرخ زمانہ بھی پائمال	مسلک جو پیر کا وہ چلن ہے مرید کا
مسکہ	ف	۱۲۵	تازہ نکلا ہوا کچا گھی۔ مکھن۔				
			اردو میں وہ سیماب جو دواؤں سے منجمد کیا گیا ہو۔ بفتح اول وسوم م۔	″	بحر	دل ترے آنے سے ٹھہرا عاشق بیتاب کا	کان کے پتے سے مسکہ بنگیا سیماب کا
مسئلہ	ع	۱۳۵	پوچھی ہوئی بات۔ شرعی بات۔ مذہبی قانون۔	″	اسیر	ہوا کب فکر سے حل مسئلہ توصیف کاکل کا	نظر آیا ہمیں اس دور میں عالم تسلسل کا
مسند	″	۱۵۴	تکیہ لگا کر بیٹھنے کی جگہ۔ وہ فرش جس پر امرا بیٹھتے ہیں۔	مونث	امیر	رہے خود جلوہ آرا بوریا ہو فقیر پر حضرت	ہزاروں کو عطا کیں مسندیں سنجاب و قاقم کی
مسواک	″	۱۲۷	دتون	″	ناسخ	ہونٹھ دونوں صورت عناب آتے ہیں نظر	آپکی مسواک گویا شاخ ہے عناب کی
مسوّدہ	″	۱۱۵	وہ تحریر جو سرسری طور پر لکھی جائے اور جسکے پھر سے صاف کرنے کی ضرورت ہو۔	مذکر	منیر	پائی بیاض موسم پیری جو قید میں	صاف اندنوں مسودۂ موے سر ہوا
مسوّدہ	″	۱۱۵	کنایتہً منصوبہ۔ سوچی ہوئی بات	″	داغ	پورا ہوا نہ ایک بھی اس دل کا مسوّدہ	فرسودہ لاکھ بار قلم ہو کے رہ گیا
مسوڑھا	ھ	۳۱۲	دانتوں کی جڑ کا گوشت۔	″	انیس	آثار مرگ پھول سے رخ پر نمود تھے	ہچکی لگی ہوئی تھی مسوڑھے بے کو تھے
مسہری	″	۳۱۵	بفتح اول و دوم و نیز بکسر دوم۔ پردہ دار پلنگ	مونث	ناسخ	اجل کے آتے ہی سونا پڑا ہو خاک میں غافل	بس اکدم میں مسہری ہوگئی بیکار سونے کی
مسہل	ع	۱۲۵	دست۔ دست آور دوا۔	مذکر	غالب	سہل تھا مسہل و لے یہ سخت مشکل آ پڑی	مجھ پہ کیا گزرے گی اتنے روز بن حاضر ہوے
مسی	ھ	۱۱۰	دانتوں کے سیاہ کرنے کا منجن۔ جو عورتیں استعمال کرتی ہیں۔	مونث	امیر	یہاں تو ہے آنکھوں میں اندھیر دنیا	وہاں تمکو سرمہ مسی سوجھتی ہے
•	•	•	ایک رسم جو بازاری عورتوں میں ہوتی ہے	″	″	ملتا نہیں مزاج جو سوسن کا اے صبا	مسی ہے شاید آج عروس بہار کی
مسیں	ھ	۱۶۰	مونچھوں کا رواں نکلنا۔ جمع مونث مستعمل ہے۔	″	انیس	آغاز تھیں مسیں بھی ابھی لیسے سن تھے	بچے مرے۔ ابھی ترے مرنے کے دن نہ تھے
مسیح	ع	۱۱۸	لقب حضرت عیسیٰ علیہ السلام	مذکر	رند	دل و جگر کے تو ٹکڑے اڑا دیئے غم نے	مسیح آن کے ٹانکے کہاں کہاں دیگا
مسیحا[1]	″	۱۱۹	لقب حضرت عیسیٰ۔ مجازاً معشوق	″	ناسخ	ہیں وہ تیرے لب جاں بخش کی نظارگی کو	اے صنم چرخ چہارم سے مسیحا اترا
مسیحائی	ف	۱۴۹	مردونکو زندہ کرنے کا معجزہ۔ معجزے کی قوت۔ حیات بخشی	مونث	جلیل	مسیحائی نہ دیکھی ہوگی تو نے تیغ قاتل کی	ٹھہر جا ہم دوا تیری دل ناشاد کرتے ہیں
مشابہ	ع	۳۴۸	مانند۔ شکل سے شکل ملتی ہوئی۔	مذکر	سحر	مہینہ بھر اسی امید پہ مہتاب گھٹتا ہے	کہ شاید ایک دو دن ہو مشابہ تیرے ابرو کا
مشاطہ		۳۵۵	مشاطہ کنگھی۔ دائی سنگار کرنیوالی عورت	مونث	حیا	پہنا کے بالیاں انہیں از بسکہ ہی کیا	مشاطہ ابھی پردے میں کان انکے بھر گئی

نحوست	”	۵۴۴	بدنصیبی۔ کمبختی۔ منحوس ہونا۔ بدشگونی ناسزاواری۔	مونث	حالی	نحوست پس و پیش منڈلا رہی ہے	چپ و راست سے یہ صدا آرہی ہے
نخچیر	ف	۸۶۳	شکار۔ جنگلی جانور دنکا۔	مذکر	امیر	کمی گر تیر امیتر کر جائیگا	تڑپ کر یہ نخچیر مر جائیگا
نخرا	ہ	۸۵۱	معشوقوں کے وہ حرکات سکنات جو چالاکی مکر حیلے سے بھرے ہوں	”	سوز	پڑا ہوگا کسی کو نے میں جا بہچان کر لیجا	مرا دل دو۔ مرا دل دو۔ نیا نخرا نکالا ہے
نخل	ع	۶۸۰	کھجور کا درخت۔ ہر قسم کے درخت کو بھی کہتے ہیں۔	”	جلیل	پھل تجھے خنجر قاتل کا مبارک اے دل	بارور خوب ہوا نخل تمنا تیرا
					تسلیم	مر کے بھی حسرت دیدار وہی ہے باقی	نخل نرگس مری تربت سے اُگا کرتا ہے
نخوت	”	۱۰۵۶	بکسر اول وبضم سیوم۔ گھمنڈ۔ غرور خود بینی۔ اردو میں زبانوں پر بفتح اول وسیوم مستعمل ہے۔	مونث	غالب	دیکھئے لاتی ہے اُس شوخ کی نخوت کیا رنگ	اُسکی ہر بات پہ ہم نام خدا کہتے ہیں
ندا	”	۵۵	بکسر اول آواز۔ صدا۔	”	ناسخ	جو کعبے سے باہر میں آنے لگا	ندا مجکو اُسدم یہ ہاتف نے دی
ندامت	”	۴۹۵	بفتح اول صحیح ہے وبکسر اول غلط ہے۔ شرمندگی پشیمانی۔	”	جلیل	شدت جو ہو گی پیاس کی میدان حشر میں	کردیگی آب آب ندامت قصور کی
ندی	ہ	۶۴	چھوٹا دریا۔ نہر۔ نالہ جو برسات میں طغیانی پر ہوتا ہے۔	”	انیس	فوجوں سے تا بہ صبح وہیں رن کی بھر گئی	اک رات میں چڑھی ہوئی ندی اُتر گئی
ندیم	ع	۱۰۴	مصاحب۔ ہمنشین۔ ساتھی۔ دوست۔	مذکر	ناظم	عاشق ہوا اُس آفت جان پر مرا ندیم	جب خوب میرا محرم اسرار ہو چکا
نذر	”	۹۵۰	بالفتح عہد کرنا۔ اپنے اوپر کوئی چیز واجب کر لینا مجازاً پیشکش کرنا نیاز۔ فاتحہ۔	مونث	غالب	غالب اگر اس سفر میں مجھے ساتھ لے چلیں	حج کا ثواب نذر کرونگا حضور کی
				”	عزیز	حباب عشق جو اُسوقت تھے اک مرشد کامل	اشارہ حسن کا پا کر اُنہیں سے نذر لوائی
نذرانہ	ف	۲۰۶	بھینٹ۔ تحفہ۔ ہدیہ۔ جو چیز پیشکش کے طور پر دیجا سکے۔	مذکر	نیر	بوسہ بھی تو دو دکھا کے گزک لخت جگر کی	یوں ہضم نہ ہوگا کبھی نذرانہ ہمارا
نرخ	”	۸۵۰	بالکسر۔ بھاؤ۔ شرح۔ دَر۔	مذکر	امیر	بہا ہے تیغ براں نقد جان اہل جرأت ہے	بہت ہے تیز بازار اجل میں نرخ آہن کا

لفظ	اصل	نمبر	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
نرد	ف	۲۵۴	گوشت جو سر وغیرہ کی۔	مونث	انشا	مسیحا کا مگر اعجاز ہے یا فسوں ہیچ ہے سر کے	کہ رجاتی ہی ہو بہ نزدہ ہر اک نرد اٹھتی ہے
نردبان	″	۳۰۷	سیڑھی۔ زینہ۔	″	آتش	دکھلائی سیر آنکھوں کو بام مراد کی	ایسی کوئی کمند کوئی نردبان نہ تھی
			مختلف فیہ	مذکر	ظفر	مجازی عشق مجازی کے پاس بھی عاشق	جو یہ نہ بام حقیقت کا نردبان ہوتا
نرغہ	″	۱۲۵۵	چاروں طرف سے گھیر لینا۔ مصیبت میں پھنس جانا۔	″	آتش	گرچہ پیش طاق ابروئے صنم گیسو نہیں	کعبہ پر نرغہ ہوا ہے لشکر کفار کا
نرگس[1]	″	۳۴۰	ایک پھول کا نام ہے جسے شعرا معشوق کی آنکھ سے تشبیہ دیتے ہیں	مونث	جلیل	گرمیٔ نظارہ بازی کا ہے شوق	باغ سے نرگس نکالی جائیگی
نزاع	″	۱۲۸	جھگڑا۔ رنجش۔ تنازع۔ بکسر اول	″	اسیر	ایک مسجد ایک سجدہ ایک مسجود ایک خلق	کیوں نزاعیں تم میں اے گبر و مسلماں ہوگئیں
نزاکت	″	۴۷۸	نازکی۔ نازکین۔ بفتح اول	″	جلیل	بیچ سے پردہ جدائی کا اٹھایا نہ گیا	کچھ تو ہے ضعف مرا کچھ ہے نزاکت تیری
نزلہ	″	۹۲	بفتح زکام۔ ایک مرض کا نام۔ پانی اترنا۔	مذکر	داغ	بزم سے گلدستے سب اٹھوا دیے	داغ کا نزلہ گل تر پر گرا
نزول	ع	۹۴	بضم اول و دوم اترنا نازل ہونا۔	″	جلیل	جہاں اک بار ذکر احمد مختار ہوتا ہے	وہاں برسوں نزول رحمت غفار ہوتا ہے
نسب	″	۱۱۲	نسل۔ اصل۔ سلسلہ۔ خاندان۔	″	قلق	کیا بتائیں تمہیں نسب اپنا	اب تو ناشاد ہے لقب اپنا
نسبت	″	۵۱۴	کسی چیز کیطرف منسوب ہونا۔	مونث	غالب	گو واں نہیں تو واں کے نکالے ہوئے تو ہیں	کعبہ سے ان بتوں کو بھی نسبت ہے دور کی
″			لگاؤ۔ علاقہ۔ واسطہ۔ شادی کا پیام۔	″	قلق	ملکہ کی صلاح سے حضرت	کرتے ہیں میری آپ کی نسبت
″	″	″	تعلق۔	″	امیر	اپنی نسبت بھی کفایت ہے یہاں بخشش کو	کاش وہ اپنا گنہگار ہی جانے مجھکو
″	″	″	بابت۔	″	داغ	ہر اک سے پوچھتے ہیں میری نسبت وہ قیامت ہیں	ہوا سارا جہاں اسکی طرف تم بھی ادھر ہو کیا
نسخہ	ع	۷۱۵	وہ پرچہ جسپر حکیم دوا لکھکر مریض کو دیتا ہے	مذکر	دبیر	نسخہ لکھا مسیح نے یہ دل کے چین کا	پرہیز کر سرور سے غم کھا حسین کا
″	″	″	کتاب جلد۔ رسالہ۔	″	منیر	کرتا رہا لغات کی تحقیق عمر بھر	اعمال نامہ نسخۂ فرہنگ ہوگیا
نسر	ع	۳۱۰	گدھ ایک مردہ خوار پرند ہے جو قسم چیل سے ہوتا ہے۔	مذکر	رشک	صید مرغان چمن کا جب خیال آیا مجھے	نسر واقع[2] نسر طایر کے برابر ہوگیا
نسر طایر	ف	۵۳۰	ایک ستارہ کا نام ہے۔ لغوی معنے اڑتا ہوا گدھ	″	ناسخ	اور طایر سے یہ ہوتی عرش پروازی کہیں	نسر طایر خط مرا اُس ماہ کو لیکر گیا
نسرین[3]	″	۳۷۰	سیوتی کا پھول۔ ایک قسم کا سفید گلاب۔				
نسق	ع	۲۱۰	بفتح اول و دوم انتظام۔ بندوبست ترتیب۔ روش قاعدہ۔ دستور۔	مذکر	میر	دلمیں رہا نہ کچھ تو کیا ہمنے ضبط شوق	یہ شہر جب تمام لٹا تب نسق ہوا

[1] نرگسی کباب۔ انڈے اُبال کے چھلکا چھیلنے کے بعد باریک پارچۂ گوشت قیمہ میں ملاکر کباب پکاتے ہیں [2] نسر طائر۔ لفظی معنی اڑتا ہوا گدھ۔ ستاروں کے ایک گچھے کا نام جسکی شکل اُس گدھ سے مشابہ ہے جو پر پھیلائے ہوئے اوپر کیطرف اُڑتا ہو۔ نسر واقع۔ لفظی معنی اترتا ہوا گدھ۔ قطب جنوبی کیطرف ایک روشن ستارہ ہے دو ہمپہلو ستارے مگر اسکی شکل ایسی معلوم ہوتی ہے کہ گویا گدھ اوپر سے نیچے اتر رہا ہے۔ اُسکو نسر چرخ اور نسر فلک بھی کہتے ہیں [3] بالفتح و بالکسر دونوں طرح صحیح ہے مگر اردو میں بالفتح ہی بولتے ہیں اور دیکھو نسر طائر

لفظ	اصل	نمبر	معنی	جنس	شاعر	مصرع	مصرع
نسل	ع	۱۴۰	آل اولاد۔ خاندان قبیلہ۔	مؤنث	حالی	یہی ہیں وہ نسلیں مبارک ہماری	کہ بخشینگی جو دین کو استواری
نسیان	"	۱۰۱	بالکل بھول چوک۔	مذکر	منیر	ابرو کے یار دیکھ کے اب بھولنا محال	بالائے طاق آج سے نسیان رکھ گیا
نسیم	"	۱۶۰	بر وزن کریم۔ ٹھنڈی اور ہلکی ہوا آہستہ چلنے والی خوشبو دار ہوا۔	مؤنث	رند	باعث نہ کھلا رند پریشانی کا مجھپر	کیوں مضطرب الحال نسیم سحر آئی
نشاط	"	۳۲۰	خوشی۔ شادمانی۔ فرحت۔ عیش۔	"	نواز	باتیں جو تمنے آج بھی چھیڑیں ملال کی	پھر کیا رہی نشاط تمہاری وصال کی
نشان	ف	۱۰۱	جھنڈا فوج کا۔ علم۔	مذکر	تعشق	جھک گئی آخر لڑائی میں وہ شرمگیں نظر	سرنگوں گویا نشان فوج مژگاں ہو گیا
•	•	•	پتہ۔ سراغ۔	"	جلیل	جسکو دیکھا وہی ہے گرم تلاش	کہیں اسکا نشان ہے گویا
•	•	•	علامت۔ نشانی۔ یادگار۔ داغ دھبا۔ (۵)	"	ناسخ	عشق کا ہو درد اے ناسخ نہ کیونکر لادوا	زخمہائے تیر مژگاں کا نشاں ہوتا نہیں
نشانہ	ف	۴۰۶	تیر یا گولی مارنے کی جگہ۔ نشست۔ زد۔ وہ جگہ جو تیر یا گولی مارنے کے لیے بنا دیں۔	"	جلیل	وہ مست خواب تھے نہ کیا آہ نے اثر	ناوک کی کیا خطا ہو نشانہ ہی دور تھا
نشانی	ف	۱۱۴	یادگار۔	مؤنث	جلال	عداوت رہے دل میں جانی ہماری	یہی پاس رکھو نشانی ہماری
نشتر	ف	۹۵۰	فصد کھولنے یا زخم چیرنے کا اوزار۔	مذکر	دل	روح تازہ ہو گئی اللہ رے ذوق خلش	دل کا ٹکڑا بن گیا دل بن جو نشتر رہ گیا
نشست	"	۸۱۰	بیٹھک۔ (۵)	مؤنث	اکبر	اندنوں یار کے کچھ ذہن نشین اور بھی ہے	جانتا ہوں کہ نشست انکی کہیں اور بھی ہے
نشو و نما	ع	۳۵۳	نمو۔ بالیدگی۔ روئیدگی۔ بڑھنا۔	"	رند	لہلہانے لگے جنگل ہوئے سب کھیت ہرے	روپ کھلانے لگی نشو و نما ساون کی
تلفظیہ	"		پرورش پانا۔ رونق ظہور۔ ترقی۔		وزیر	آنسو بہا تو رشتہ بیا مرغ دل ہوا	دانہ نے کی جو نشو و نما دام ہو گیا
				مذکر	ناسخ	دانۂ باروت بنتے ہیں مرے تخم امید	تا نہ برق آن پڑے نشو و نما ہوتا نہیں
				"	"	خط کو روئے یار پر نشو و نما ہوتا نہیں	سبزہ بیگانہ گل سے آشنا ہوتا نہیں
نشہ	ع	۳۵۵	بد مستی۔ مدہوشی۔ خمار۔ متوالا پن۔ شراب یا اور مسکرات پینے سے جو حالت ہوتی ہے۔	"	جلیل	جوش مستی میں وہ لب تھے لب ساغر ہیں	لے لیئے لپٹا کے دو بوسے جو نشہ کم ہوا
نشیب و فراز	"	۶۵۶	اونچ نیچ۔ اتار چڑھاؤ۔	مذکر	امیر	آئی ہر گام جو در پیش رہ ناہموار	یہ بھی تھا ایک نشانی کا نشیب اور فراز
				"	داغ	نیا زمانہ دکھاتا ہے یہ نشیب فراز	زمین ہے زیر قدم آسمان ہے سر پر
نشیمن	"	۴۵۰	مسکن۔ مکان۔ پرندوں کا گھونسلا آشیانہ	"	تعشق	چھٹ گئی اپنے بھول سی پر باد پری پھرتے ہیں	ہم تو اب طائر نکہت ہیں نشیمن کیسا

(۵) دھبا۔ چشم سفاک میں سرمے کا نہیں دنبالہ۔ عاشقوں پر ہے نشان صف مژگاں نکلا۔ (۵) دھبا ابھی مزار پہ احباب فاتحہ پڑھ لیں۔ پھر اسقدر بھی ہمارا نشان رہے نہ رہے۔ داغ (۵) دھبا۔ مثلاً چوٹ کا نشان۔ ناسخ۔ نشان اسکے قدم کے پڑ گئے جو میری تربت پر۔ یہ سمجھا میں کہ میری خاک پر پھولوں کی چادر ہے۔ (۵) بیٹھنا بیٹھنی۔ رند۔ رستہ چھوڑ کے اس کوچہ سے بھاگیں گے خیر۔ جب نشست آٹھ پہر بیٹھنے لگی یاروں کی

لفظ	اصل	عدد	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
نصرت	ع	۷۴۰	بالفتح غلط ہے بضم اول یاری کرنا مدد دینا۔ فتح و ظفر۔	مونث	انیس	جھپٹے ہیں اُدھر فوج پہ۔ نصرت اِدھر آئی	بعد آپ کے پھر فتح کی پہلے خبر آئی
نصفت	″	۶۲۰	بفتح اوّل و دوم انصاف۔ عدل۔ داد۔ نیاؤ۔	″	تسلیم	کہہ دو چھوڑیں قصّہ گویانِ جہاں کا اعتبار	دیکھیں آنکھوں سے شہ جم رتبہ کی نصفت کا حال
نصیب[1]	″	۱۵۲	حصہ تقدیر۔ قسمت۔ خوش قسمتی	مذکر	جلیل	کیا ہزاروں کو سیدھا فلک کی گردش نے	مرا نصیب مگر راہ پر نہیں آتا
نصیحت	″	۵۵۸	پند۔ اچھی صلاح۔ نیک مشورہ۔	مونث	امیر	مجھی پر چھری تیز ہے ناصحا	کبھی اُسکو جا کر نصیحت نہ کی
نطفہ	″	۱۴۴	منی۔ وہ جوہر جس سے شکم مادر میں بچہ قرار پاتا ہے۔	مذکر	″	کہتا ہے سخت قلب رقیب سیاہ رو	نطفہ یہ شمر کا ہے کہ بچہ یزید کا
نطق	″	۱۵۹	گویائی۔ بولنے کی طاقت۔ بات۔ گفتگو۔	″	تسلیم	وصف میں اُنکے دہان و لب کے کیا کھولیں زباں	نطق کام آتا نہیں یاں پہ کسی منہ زور کا
نظارہ[2]	″	۱۱۵۶	دیکھنا۔ نظر بازی۔ دید بازی۔ دیدار سیر۔ دید۔ فارسی بہ تشدید ظا مستعمل ہے۔	″	مصحفی	نظّارہ کروں دہر کی کیا جلوہ گری کا	یاں عمر کو دنفہ ہے چراغِ سحری کا
نظر	″	۱۱۵۰	بفتح اول و دوم۔ بصارت دیکھنا۔ دکھائی دینا۔	مونث	امیر	کی نظر بھی تو نگاہِ غلط انداز سے کی	تیر بھی تم نے لگائے تو اُچٹتے والے
•	•	•	•	•	جلال	جب سے اوجھل وہ آنکھ سے ہے جلال	کچھ نظر کو نظر نہیں آتا
•	•	•	مہربانی۔	مونث	صفدر	ملتی نہیں ہے آنکھ بھی بوسے کا ذکر کیا	اگلی سی وہ حضور کی ہم پر نظر نہیں
•	•	•	تیور۔	″	مصحفی	چھپکر جو وہ گھر غیر کے مہمان گئے تھے	چوری کی نظر ہم وہیں پہچان گئے تھے
•	•	•	بے مروتی۔	″	رشک	نظر پھری کہ ہوئے لال لال غصے میں	غضب سے جھنے لگے آنکھ کے اشارے گال
•	•	•	چشم بد۔ ڈیٹھ۔	″	تسلیم	تری چشم فتاں ہے بیمار اب	مقرر کسیکی نظر ہو گئی
نظم	ع	۹۹۰	لڑی۔ سلک	″	رشک	جب پیرنے میں عکس پڑا تیرے دانتوں کا	دریا میں نظم گوہر شہوار گر پڑی
•	•	•	نثر کے برعکس۔ شعر۔ موزوں کلام۔	″	نسیم	یہ ہے فیض نعت حبیب خدا	مری نظم مقبولِ عالم ہوئی
نظم و نسق	ع	۱۲۰۶	بند و بست۔ اہتمام۔ حکمرانی کا قاعدہ۔	مونث	انیس	گردوں پہ رنگ چہرۂ مہتاب فق ہوا	سلطانِ غرب و شرق کا نظم و نسق ہوا
نظیر[3] مختلف فیہ	″	۱۱۶۰	مانند مثل۔	مونث	تسلیم	کریں مدح ربِّ قدیر آپ کی	کہاں دو جہاں میں نظیر آپ کی
				مذکر	قلق	ذائقہ میں نہ تھا نظیر اُسکا	سبب جنت سے تھا خمیر اُسکا
نعت	ع	۵۲۰	تعریف۔ مدح۔ یہ لفظ مخصوص ہے حضرت رسول اکرم صلی اللہ وعلیہ وسلم کی	مونث	امیر	غزل جو لکھتے ہیں ہم نعت ہیں رسول کی	ہمارے شعر نہیں ڈالیاں ہیں پھولوں کی

[1] تانیث کو ترجیح ہے۔ حال تشبیہ (داغ) جسکو نہیں نصیب بڑا بد نصیب ہے۔ سکھاتے ہیں تیرے عشق کا غم کس خوشی سے ہم قسمت تقدیر کے معنوں میں عوام کی زبانوں پر نصیبا بھی ہے (جلیل) اُلٹ پڑ نقاب دیکھ کے کہتی ہے چشم شوق۔ ملتا مجھی بھی کاش نصیبا نقاب کا [2] یہ لفظ بفتح اول و بہ تشدید دوم مستعمل ہے اکثر فصحا نے بغیر تشدید بھی لکھا ہے۔ (مصحفی) منقضو ہو آنکھوں سے ترے رخ کا نظارہ۔ جب تو ہی نہو پاس تو کس کام کی آنکھیں۔ عین مسجد میں میسر ہے نظارہ اُسکا۔ چشم بینا ہے کہ ہے داغ جبیں سائی کا [3] تانیث کو ترجیح ہے۔

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
			تعریف کے لیے۔				
نعرہ	ع	۳۲۵	بالفتح اول وسیوم۔ زور کی آواز۔ شور۔	مذکر	انیس	واں کے جاؤش بڑھانے لگے دل لشکر کا	فوج اسلام میں نعرہ ہوا یا حیدر کا
نعش	″	۴۲۰	بالفتح تابوت۔ لاش۔ جنازہ مردہ کا میت۔	مونث	امیر	تھا چار طرف آپ کا جلوہ	کیوں نعش ہماری قبلہ رو کی
نعل	″	۱۵۰	بفتح کفش۔ جوتا۔ فارسی میں اُس حلقۂ آہنی کو کہتے ہیں جو گھوڑے بیلوں وغیرہ کے پاؤں میں لگاتے ہیں	مذکر	امیر	فلک نے سر پہ رکھ کے اپنے ماہ نو بنایا ہے	گرا تھا جو زمیں پہ ٹوٹ کر نعل اُسکے توسن کا
نعلین	″	۲۱۰	جوتا۔ دونوں جوتیاں۔	مونث	دبیر	جھکنا قدم پہ شاہ کے معراج تھی انہیں	نعلین ابن فاطمہ سر تاج تھی انہیں
نعم البدل [۱]	″	۲۲۰	بکسر اول وبفتح سیوم۔ اچھا بدلا۔ نیک عوض	مذکر	رشک	دیا تھا سب کو آرام اُسکا اب نعم البدل پایا	نہیں ہائے کوئی رہتی ہیں ہم آغوش زمیں
				″	حالی	فناؤوں پہ بالکل مدارِ عمل ہے	ہر اک راستے قرآں کا نعم البدل ہے
نعمت	″	۵۷۰	بالکسر اول وبفتح سیوم۔ آسایش عطا۔ عمدہ برکت۔	مونث	آتش	یاد محبوب فراموش ہو اے دل	حسن نیت نے مجھے عشق سی نعمت دی ہے
نغمہ	″	۱۰۵	بالفتح راگ گیت۔ سریلی آواز	مذکر	رضا	سخت دل صیاد بھی سن سن کے جلتے ہیں ہم	پر اثر ایسا ہے نغمہ بلبل گلزار کا
نفاست	″	۵۹۱	پاکیزگی۔ ستھرائی۔ بفتح اول۔	مونث	قدر	کیسا ملا ہے ساقی رنگیں مزاج واہ	شیشو نہیں ہے دکان میں نفاست تو ہوئی
نفاق	″	۲۳۱	بالکسر پھوٹ۔ نااتفاقی۔ بظاہر دوستی بباطن دشمنی۔	مذکر	رند	موافقت میں عناصر کے گر نفاق ہوا	فراق روح کا قالب سے اتفاق ہوا
نفرت	″	۶۲۰	بالفتح اول ودوم گھن۔ بیزاری۔ کراہت۔ اکراہ۔	مونث	تعشق	ہم وہ بلبل تھے اٹھایا جب چمن سے آشیاں	باغباں کو باغ کی صورت سے نفرت ہوگئی
نفرین	ف	۳۶۰	بکسر اول۔ مگر اردو میں زبانوں پر بالفتح ہے۔ ملامت پھٹکار لعنت	″	مصحفی	بسکہ نازک ہوگئی حالت دل بیتاب کی	اب اٹھا سکتا نہیں نفریں یہ احباب کی
نفس	ع	۱۹۰	بفتح اول ودوم سانس۔ دم۔	مذکر	داغ	مریض غم سے چلو پیش کیا طبیبوں کی	بغیر حکم الٰہی نفس نہیں چلتا
نفس امارہ	″	۴۲۷	بفتح جان۔ روح۔ ذات۔ وجود۔ ہستی۔ امارہ۔ بڑا حکم کرنے والا۔ وہ خواہش جو برے کاموں کی طرف عود کرے۔	″	امیر	بت پندار کی کرتا ہے پرستش ہر روز	نفس امارہ ہمارا ابھی کجب کا فر ہے
نفع	″	۳۰۰	بفتح اول ودوم۔ فائدہ۔ حاصل نتیجہ۔ منافع۔ سود	″	میر	تدبیر تھی تسکیں کے لیے لوگوں کی ورنہ	معلوم تھا مدت سے ہمیں نفع دوا کا

[۱] دبیر اتابیل کو ہابیل نے جو قتل کیا ہے۔ نعم البدل آدم کو یہ خالق نے دیا ہے

۵ گھڑی۔ ساعت لمحہ۔ لحظہ۔ دقیقہ۔ (شرح) دنیا جو شہ میں چند نفس کے لیے لیا۔ بنت کا علاقہ ہری جاگیر میں ہوتا۔

نقاب[1]	ع	۱۵۳	وہ پردہ جو منہ پر ڈالتے ہیں	مؤنث	جلیل	فروغ رُخ سے کھلتا ہی نہیں کچھ	اُٹھی ہو یا نقاب ابتک پڑی ہے
	مختلف فیہ			مذکر	مصحفی	درمیاں میں نقاب کس دن تھا	میرے اُسکے حجاب کس دن تھا
نقّارہ	ع	۳۵۶	نوبت۔ طبل۔	”	ناسخ	ہجر ساقی میں نہیں ہے ایکسُو آواز بلد	نوحۂ غم میں ہر خُم مے برزخ نقارہ ہوا
نقّاش	ع	۴۵۱	نقش و نگار بنانے والا۔ مصوّر۔	”	جلیل	کھینچتا ہو نقش کیا کیا دل میں نقاش خیال	دیکھنے کی سیر ہے لیکن دکھا سکتا نہیں
نقاہت	”	۵۵۶	بفتح اول و چہارم۔ کمزوری۔ ناتوانی وہ ضعف جو بیماری سے صحت پانے کے بعد ہوجاتا ہے۔	مؤنث	اسیر	یہ اس سے سوا ہے وہ اُس سے سوا ہے	نزاکت تمہاری نقاہت ہماری
نقب	”	۱۵۲	بفتح اول۔ سیندھ۔ دیوار میں سوراخ۔	مؤنث	منیر	کیونکر نہ آئے قلعۂ دل میں سپاہ غم	چاک جگر ہے نقب حصار پناہ کی
نقد	”	۱۵۴	چاندی سونے کا سکہ۔ روپیہ پیسہ۔ وہ رقم جو فوراً ادا کیجائے ادھار نہ رکھی جائے۔ سرمایہ۔ پونجی۔	مذکر	جلیل	لے زلیخا۔ نقد جاں اسمیں گرہ سے جائیگا	حسن یوسف ہے یہ کچھ سودا نہیں بازار کا
نقدی	۔	۱۶۴	روپیہ پیسہ مال دولت۔ زر۔	مؤنث	داغ	سوال وصل پر وہ چھین لینگے	جو نقدی کیسۂ سائل میں ہوگی
نقرہ	ت	۳۵۵	چاندی کنایۃً ہر چیز جو سفید ہو۔ اردو میں سفید رنگ کا گھوڑا۔	مذکر	منیر	بسمل تڑپتے ہیں تری رفتار ناز کے	کشتہ تمام نقرۂ خلخال ہوگیا
نقش	ع	۴۵۰	بفتح۔ داغ دھبہ۔	”	انشا	منہ لگاتے ہی ہونٹھ پر تیرے	پڑ گیا نقش لعل بوسہ کا
۔	۔	۔	پھول پتی۔ گل بوٹے نقش و نگار	”	رند	دلچسپ مرقع ہی ہر اک نقش یہاں کا	نقشہ کسی اُستاد نے کھینچا ہی جہاں کا
۔	۔	۔	نام و نشان۔	”	داغ	مجبور میری دل کو بھی نفرت سی ہوگئی	نقش وفا جہان سے اسکا معدوم ہوا
۔	۔	۔	تعویذ جو عامل خانہ کھینچ کر ہندسہ یا اسمائے متبرکہ سے اُن خانوں کو بھرتا ہے۔	”	آتش	ہر شب آدینہ آتا ہے وہ طفل شمع رُو	اپنا تعویذ لحد بھی نقش ہے تسخیر کا
	۔	۔	رعب جمانا۔ رسوخ پیدا کرنا۔	”	”	دسترس انگشت تک اُس سیمتن کے پائیگا	نقش بٹھا خانۂ زریں نگیں بٹھلائیگا
نقشہ	ت	۴۵۵	تصویر[2]۔ شبیہ۔ فوٹو[3] کھینچنا۔ تصویر[4] اُتارنا۔	”	صفدر	یہ بھولی بھولی صورت یہ پیاری پیاری آنکھیں	پائیں کہاں سے نقشہ غلمان و حور تیرا
۔	۔	۔	حالت	”	جلیل	ان گلرخوں کا دور رہا جب سے اے جلیل	نقشہ بدل گیا چمن روزگار کا
۔	۔	۔	رعب جمنا۔ دھاک بیٹھنا۔	”	صفدر	وہ مستی لبوں پر جاتے ہیں صفدر	مگر آج نقشہ جما ہے کسیکا

[1] نقاب کا رواج زیادہ تر روم شام آرمینیا کی عورتوں میں اور شاذ و نادر فرنگیوں میں پایا جاتا ہے۔ ہندوستان میں برقع کا رواج ہے۔ شعرائے متقدمین نے مذکر بھی لکھا ہے مگر اب بالعموم تانیث کے ساتھ مستعمل ہے [2] تصویر۔ شکل۔ صورت۔ چہرہ۔ شبیہ۔ روپ۔ (ناسخ) اُس پری کے چہرے کو تشبیہ۔ کس سے دیجئے۔ جسکا ہر نقشہ تمام دکھلائے نقشہ حور کا۔ [3] (شعور) تیرے آگے دھیان پر چڑھتا نہیں کوئی حسین۔ فکر نے اپنی بہت نقشے اُتارے رات کو۔ [4] (داغ) نقشے ہیں یہ اب دیدۂ دیدار طلب کے رہجاتی ہے پلکو نہیں نظر ضعف سے دبکے۔

	.	.	طرز۔ انداز۔ وضع۔ قطع	مذکر	داغ	یہ نقشہ ہو گیا ہی داغ انکی محفل کا	کہ ہر دم آئینہ ہی سامنے اغیار پہلو میں
	.	.	نمونہ۔ مثال۔ چربہ۔ خاکہ۔	ر	ناسخ	عشق میں اللہ کی ہوں ہو گیا دیوانہ میں	کعبہ کے نقشہ کا مجکو ہی زندان چاہیے
	.	.	حال۔ کیفیت۔ عالم	ر	داغ	ہاتھ دل پر آہ لب پر آنکھ سے آنسو رواں	اسکو یہ نقشہ ہے تیرے عاشقِ ناشاد کا
نقص	ع	۲۴۰	بالفتح صحیح ہے بالضم غلط ہے کم کرنا۔ کم ہونا۔ کجی۔ کوتاہی مجازاً عیب برائی کھوٹ۔	ر	ناسخ	سیکڑوں آہیں کروں پر ذکر کیا آواز کا	تیر جو آواز دے۔ ہے نقص تیر انداز کا
نقصان	ر	۲۹۱	بضم۔ کمی۔ قباحت۔ ہرج۔ ضرر۔	ر	داغ	بوسہ لیکر دل دیا ہے اور پھر نالاں ہے داغ	کوئی جاتے مفت میں حضرت کا نقصاں ہو گیا
نقطہ	ر	۱۶۴	نقط کے مشہور ہے۔	ر	امیر	شگیا کا جل کا تل اصلاح میں	مصحفِ عارض کا نقطہ چھل گیا
نقل [۹]	ر	۱۸۰	کسی تحریر یا کتاب کی نقل بفتح اول	مونث	ر	نقشہ ہی اپنے روئے کتابی کا ہے جدو	ہے ہمکو نقل و اصل برابر کتاب کی
	.	.	تبدیلی۔	مذکر	جلیل	تصویر تری آنکھ سے کیا جائے نکل کر	نازک ہے بہت نقلِ مکاں ہو نہیں سکتا
نُقل	ع	۱۸۰	گزک۔ ایک قسم کی مٹھائی ہے بضم اول	ر	آتش	قُل ہو فراقِ یار میں کس کس کا دیکھئے	تاروں کے نقل سے ہے یہ خوانِ فلک بھرا
نقیب	ع	۱۶۲	چوبدار۔ شہرت کرنیوالا۔ بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے آواز لگانیوالا۔	مذکر	اسیر	فرشتہ نزع میں آیا نظر تو سمجھا میں	ہوئی حضور سے میری طلب نقیب آیا
نکاح	ر	۷۹	عقد شادی بیاہ	ر	محشر	وہاں پیغام سے فرما کے شرح معراج جسکو ہے	نکاح ہو جائے سیدہ سے امیر سلطان منیر کا
نکبت	ر	۴۷۳	افلاس۔ مفلسی فلاکت۔ بالکسر غلط ہے بفتح اول صحیح ہے۔	ر	حالی	تنزل سنے کی ہے بڑی گت ہماری	بہت دور پہونچی ہے نکبت ہماری
نکتہ [۲]	ر	۴۷۵	بضم اول و فتح سیوم۔ باریک بات باریکی تہ کی بات	مذکر	مونس	پرنور ورق اسکو لکھوں مصحف سبا کا	سر پیٹو جو انو کہ یہ نکتہ ہے غضب کا
نکس	ر	۱۳۰	عَود کرنا بیماری کا۔ یعنی مرض کا کمی کے بعد زیادہ ہو جانا	ر	ر	جرٹ ہیو کو مٹے ہے یہ نہ جب تک کہ نہ جائے بخار	نکس گر ہو گا تو ہو جائیگی صحت دُشوار
نکھار	ہ	۲۷۶	اوجلاپن صفائی۔ زیب و زینت۔	ر	مسرور	برستا ہے جب مینھ تو کہتے ہیں میکش	نکھار آج ہے دخت رز پر بلا کا
نکہت [۱۱]	ع	۴۷۵	خوشبو۔ مہک۔ بفتح اول و سیوم۔	مونث	داغ	گر باغ میں وہ خانہ برانداز نہ آتا	گھبرائی ہوئی نکہتِ برباد نہ آتی
نگ	ہ	۷۰	نگینہ۔ انگوٹھی میں جڑنے کا تراشا ہوا پتھر۔	مذکر	برق	دلچسپ ہے کیا نخل قد اس تمکنت کسی کا	دل نگ ہے تصور سے عقیق شجری کا
نگاہ [۱۰]	ف	۷۶	نگہ۔ نظر۔ چتون۔ جانچ۔ پرکھ۔ بصارت۔	مونث	امیر	ہوتا آتی روح جاتی ہے کوئی کون اہتمام	اک نگاہ واپسیں پھرتی ہے گھبرائی ہوئی
نگر	ہ	۲۷۰	بفتح اول و دوم شہر۔ بلدہ۔ قصبہ۔ بستی۔	مذکر	جرات	آ بسے ملکِ دل میں وہ تو کہوں	ایسا آباد ہے نگر کوئی

۸ (ذوق) جسطرح سے کہ ہنسا دینے کو بیدینوں سکے۔ نقل کرتا ہو مسلمان کی کافر نقّال ۹ فارسی میں جسکا الطیفہ۔ رخنہ عیب کے معنی میں بھی بولتے ہیں ۱۰ کاف تازی سے صحیح ہے عوام کاف عجمی سے بولتے ہیں ۱۱ نگہبانی یعنی حفاظت چوکیداری نگرانی جرات (دل) جوش وحشت کچھ سوا ہوتا گیا۔ کی گئی جتنی نگہبانی مری

نگہ	ف	۷۵	بکسر اول - نگاہ - نظر - چتون -	مونث	امیر	نظر اس شاہ خوباں پر پڑی ہے	نگہ تقدیر بن بن کر لڑی ہے
نگیں	"	۱۳۰	بفتح اول و کسر دوم - نگ جو انگوٹھی پر جڑتے ہیں -	مذکر	فایز	جگر بھی دل بھی اپنا کچھ سمجھکر چار پارہ ہے	نشانی کی انگوٹھی میں نگیں ہے آٹھ پہلو کا
				"	جاہ	تصور یار دل کے سویدا پہ نقش ہے	کندہ ازل سے ہے یہ نگینہ حدید کا
نلا	ھ	۸۱	پیٹرو کے دونوں جانب خصیۃ الرحم کو رحم سے ملانے والی نالی -	"	جان صاحب	بندی سے جب رہے مری کل کل بگڑ گئی	کل ناف ٹل گئی تھی - نلا آج ٹل گیا
نم	ف	۹۰	گیلا پن - تری - کنایۃً اشک -	"	سخن	مر تو دم بھی اسنے عاشق سے کیا اپنے فریب	رونی صورت تھی مگر آنکھوں میں اسکی نم نہ تھا
نماز [1]	"	۹۸	پرستش - بندگی - مسلمانوں کی عبادت کا نام - اللہ کو سجدہ کرنا -	مونث	داغ	میری شب فراق یہ کعبے میں شور رہے	یارب غضب ہوا کہ نماز سحر گئی
نمایش	"	۴۰۱	بضم اول و کسر چہارم - دکھاوا - وہ میلا جو عجیب عجیب چیزیں دکھانے کے لیے کیا جائے -	"	امیر	جامہ زیب و وہ نمایش بعد مردن کیا ہوئی	پیرہن میں تھی جو سج دھج وہ کفن میں کیوں نہیں
نمبر	انگریزی	۲۶۲	بفتح اول و سیوم تعداد - درجہ - باری گنتی - نشان -	مذکر	اسیر	بھیجا جو ہمنے لکھ کے فرنگی پسر کو خط	یہ بھی لکھا کہ ڈاک میں نمبر بدل گیا
نمدہ (نمک)	ف	۹۴	اون یا پشم کا ملایم بستر - بالوں کا بستر	"	مصحفی	کیا ہوا نکلا جو روئے یار پر خط سیاہ	صاف کرتا ہی نمد گرد و غبار آئینے سے
نمک	ف	۹۹ / ۱۱۰	نون -	"	آتش	حسن ملیح پر نکر و اسقدر گھمنڈ	کان نمک میں لاکھوں ہی من ہے نمک بھرا
	•	•	ملاحت - سانولا پن -	"	رند	کیں عاشقوں سے اپنے ترش رو یاں بس	شیریں لبوں کے چہرے سے آخر نمک گیا
نمکدان	ف	۱۶۵	وہ ظرف جسمیں پسا ہوا نمک رکھتے ہیں	"	امیر	جب کہا زخم نمک زخم پہ چھڑکے کوئی	بولی وہ مفت کا ہے ایسا نمکدان کسکا
نمگیرہ	ف	۳۲۵	چادر جو شبنم کو روکنے کے لئے تانی جاتی ہے	"	آتش	بسر ہو جائیگی کمبل کے سایہ میں فقیروں کی	مبارک اہل دولت کو ہو نمگیرہ تمامی کا
نمو	ع	۹۶	بضم اول و دوم - بڑھنا - بالیدگی - روئیدگی -	مونث	تسلیم	نمو خط کی ہوئی بوسہ لبوں کا کون پاتا ہے	اجاڑ میں خضر کے اب ہے چشمہ آبحیواں کا
نمود	ف	۱۰۰	بضمتین اول و دوم ظاہر ہونا - ظاہری خوبی - علامت - نشان - رونق -	"	اسیر	تازہ ہی جسم روح کی طاقت سے اسطرح	رہوار سے نمود ہے جیسے سوار کی
نمونہ	"	۱۵۱	وہ چیز جو دکھانے کے لیے آئے - بانگی -	مذکر	مونس	ظاہر تھا جلال شہ عالم کا نمونہ	آنچ اسکی دکھاتی تھی جہنم کا نمونہ
ننگ	"	۱۲۰	شرم عار - عیب -	مذکر	مصحفی	یا کبھی دم ہی نکلتا تھا پرزادوں کا	یا یہ نفرت ہے کہ اب نام سے ننگ آتا ہے
نوازش	"	۳۶۴	بفتح اول و کسر چہارم - مراد کو پہونچانا - عنایت - لطف - مہربانی -	مونث	نوح	مجکو احساس لطف جب نہ رہا	کی نوازش بھی اسنے تو کب کی

[1] (آتش) خواب غفلت میں کرو ہنگام سحری رائیگاں - چونکہ ہوتی ہے نماز صبح اے غافل قضا (سحر مصرع) زاہد پڑھ نماز کسوف و خسوف کی (آتش) اکلان حضور قلب سے ہوتی نہیں ادا - زاہد تری نماز کو میرا سلام ہے

نوالہ	ف	۹۲	لقمہ - کھانے کی چیز کی وہ مقدار جو ایک مرتبہ منہ میں رکھیں -	مذکر	مؤمن	ہاتھوں سے نوالہ بھی اُٹھایا نہیں جاتا	جب تک نہ کھلائے کوئی کھایا نہیں جاتا
نوبت	ع	۴۵۸	بفتح اول وسکون دوم - نقارہ کوس	مؤنث	امیر	پڑھتے ہیں پانچ وقت نماز ہیں جو اہل دیں	بجتی ہے پانچ وقت یہ نوبت رسول کی
•	•	•	حالت - کیفیت - درجہ - عالم -	”	”	غش آ گیا کبھی کبھی آنکھیں بدل گئیں	کیا کیا شب فراق میں نوبت گزر گئی
•	•	•	باری - کسی کام یا چیز کا وقت -	”	رند	باقی نہ رہا دل میں تو اک قطرۂ خوں بھی	ہشیار رہو نوبت تری اب او جگر آئی
نوٹ	انگریزی	۴۵۶	یادداشت - کاغذ کا سکہ -	مذکر	جان صاحب	اس جواری خصم کا تن پیٹیوں	ادھی پہ جھپکے پہ وہ ہارا نوٹ
نوحہ	ع	۶۹	بفتح اول ماتم مجازاً گریہ وزاری - رونا پیٹنا - بین کرنا - مردے پر چلا کر رونا -	”	میر	کہیں شیون ہے اہل ماتم کا	کہیں نوحہ ہے جان محرم غم کا
نور	”	۲۵۷	اُس کیفیت کو کہتے ہیں جو سورج یا چاند وغیرہ سے دیوار یا زمیں وغیرہ پر پیدا ہوتی ہے - روشنی چمک - دمک تجلی جلوہ اُجالا -	”	امیر	خورشید و ماہ سب ہیں جلوے ترے ہیں لیکن	ایسی کہاں ہیں آنکھیں دیکھیں جو نور تیرا
نورتن	ہ	۶۰۶	نام ایک زیور کا ہے جسمیں نو نگ جڑے ہوتے ہیں اور بازو پر پہنتے ہیں	مذکر	تسلیم	اہل دانش کی نظر میں لیے ہنر جچتے نہیں	جوہری کیا خاک دیکھے نورتن تصویر کا
نور نظر	ف	۱۳۰۶	بیٹا - فرزند -	”	امیر	اُسکے دامن پہ گرا اشک جو میرا تو کہا	واہ کیا شوخ ہے یہ نور نظر کس کا ہے
نوروز	ف	۲۶۹	سال کا پہلا روز - جس روز آفتاب برج حمل میں آوے -	”	اسیر	ستائیگی بہت ایکی برس ہمکو خزاں فصل	سنا ہے جڑھ کے پشت فیل پہ نوروز آتا ہے
نورہ	ع	۲۶۱	بال صفا - بال اُڑانے کا پوڈر وہ سفوف جسکے لگانے سے بال گر جاتے ہیں -	”	جان صاحب	بیگما اچھا نہیں بڑھنا تجھے بال کا	راکھ مل کر نوچ یا نورہ لگا ہر بال کا
نوش	ف	۳۵۶	پی - پینا - جیسے خورد و نوش - نوش مزہ - خوشگوار چیز - تریاق	”	نوازش	گالیاں دیکر وہ دیتے ہیں لبوں کا بوسہ	نیش کے ساتھ ہمیں نوش عطا ہوتا ہے
نوشتہ	ف	۶۵۶	بفتح اول وکسر دوم تحریر - کتابت لکھائی - عبارت -	مؤنث	ظفر	کوئی جاتی ہے اسمیں نہ تدبیر اور خردمندی	نوشتہ اپنی جو پیشانی میں ہے وہی پیش آئی
نوشتہ	ف	۶۶۱	لکھا ہوا - قلمی -	مذکر	رند	دکھاؤں میں کسے تقدیر کا لکھا جا کر	مرا نوشتہ کسی سے پڑھا نہیں جاتا
نوشدارو	-	۶۶۲	زہر کا اثر کھونے والی دوا - تریاق	مؤنث	سرور	جان لی اُسکے لب جان بخش نے	نوشدارو سم قاتل ہو گئی
نوک[1]	-	۶۷	ہر چیز کا تیز سرا کنارہ - جیسے تلوار کی نوک - چھری کی نوک -	”	امیر	کسطرح کرتے ہو ورنہ تیکے جگر میں سوراخ	نوک مژگاں تیغ مر کر دل میں گڑی رہتی ہے

[1] دل اپنے سکون وتسلی اد ہر پھیر ایک نگاہ - اد آشنا سوزن دل ہو نوک نشتر کی - نوک پلک ف - موزونیت - آنکھ ناک کی موزونیت - (داغ) دلمیں عاشق کے نصور سے کھٹک ہوتی ہے - ان حسینوں کی عجب نوک پلک ہوتی ہے

لفظ	اصل	عدد	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
نوک	.	.	عزت - آبرو -	مونث	داغ	ہر آبلے میں خار ہے ہر خار نیشتر	وحشت کی نوک خوب تباہی میں رہ گئی
نوکر	ت	۲۷۶	بفتح اول وسیوم - ملازم خادم خدمت گار -	مذکر	برات	پیچھے پیچھے مری چلنے سے کرامت صاحب	کوئی پوچھے تو یہ کہیو یہ ہے نوکر میرا
نوکری	″	۲۷۶	ملازمت - خدمتگاری - ملازمت -	مونث	اکبر	ہیں عمل اچھے مگر دروازہ جنت بند ہے	کر چکے ہیں پاس لیکن نوکری ملتی نہیں
نوید	ف	۷۰	بفتح اول وکسر دوم وسکون یائے مجہول خوشخبری مژدہ - بشارت	مونث	عزیز	حمل کے نقطہ اول پر آیا خسرو خاور	ربیع معتدل لیکر نوید نوبہار آئی
نہال	″	۹۶	بکسر اول - تازہ لگایا ہوا پودھا - درخت -	مذکر	امیر	ہائے بوٹا سا وہ قد - ہائے وہ رخ وہ جوبن	پھولا پھلا جسکی ہیں اچھی وہ نہال اچھا ہے
.	.	.	مجازاً مالامال - کامیاب بامراد - خوش وخرم -	″	صفدر	رونق فزائے باغ جو وہ گلبدن ہوا	بلبل تو کیا نہال چمن کا چمن ہوا
نہر	ع	۲۵۵	بفتح اول ودوم دریا کی شاخ - آبجو -	مونث	″	صفدر نہو خشک باغ الفت	جاری رہے نہر چشم تر کی
نہیں	س	۱۱۵	کلمہ نفی - انکار -	″	جلال	کوئی آخر نہ شکل وصل یار پر نکلی	نکلتی منہ سے ہاں کیونکر نہیں کی جب نہیں نکلی
نہایت	ع	۲۶۶	آخر - انتہا - انجام - حد - بکثرت بہت -	″	رشک	داغوں کی نہایت نہ تھی اجزائے بدن میں	کھدوا تو مری قبر تو زر خوب نکلتا
نہنگ	ف	۱۲۵	بفتح اول ودوم مگر زبانوں پر بکسر اول ہے - مگر ایک دریائی جانور ہے	مذکر	انیس	لڑنے کو ترائی میں پلنگ آتا ہے روکو	دریائے شجاعت کا نہنگ آتا ہے روکو
نے	ف	۶۰	بالفتح - نرکل - بانسری - حقہ کی نگالی -	مونث	وزیر	شعلہ آواز سے جھڑتی ہیں جو چنگاریاں	نے بنائی تو نے کیا منقار موسیقار کی
نیابت	ع	۴۶۴	بکسر اول وفتح چہارم قایم مقامی نایب ہونا - سفارت	″	دبیر	بو گل نے - رنگ لالہ نے سرعت ہوا نے دی	یہ مرتبہ کیا ہے اپنی نیابت قضا نے دی
نیاز	ف	۸۰	حاجت - احتیاج -	مذکر	داغ	عشق سے دل گداز ہوتا ہے	ناز میں بھی نیاز ہوتا ہے
.	.	.	فاتحہ - درود -	مونث	جلیل	نیاز ہوتی ہے قاضی کی صبح کو اکثر	مئے شبینہ جو رہ جاتی ہے پیالوں میں
.	.	.	صاحب سلامت - اظہار محبت - راہ ورسم - ملاقات	مذکر	آتش	نہو گا حسن کا مجھ سا بھی عاشق کوئی دنیا میں	نیاز اس سے کیا پیدا نظر جو ناز میں آیا
نیازمند	ف	۱۶۲	حاجتمند - خواہشمند - محتاج -	″	گویا	اٹھا جو بزم سے ساقی پکڑ لیا دامن	میں آج دست سبو کا نیازمند ہوا
نیام	″	۱۰۱	میان تلوار - چھری وغیرہ کا	″	دبیر	فی النور پیک فتح کا لبیک کہہ گیا	منہ کھول کر نیام تعجب سے رہ گیا
نیت[1]	ع	۲۶۰	بکسر اول وتشدید دوم مفتوح - جی - ارادہ - قصد منشا	مونث	داغ	صبح ہوئے تو دو چلے جانا	شب کی نیت حرام ہوتی ہے
				″	جلیل	خون دل کرکے ہمارا بھر گئی وہ مست آنکھ	ایک ہی چلو میں نیت بھر گئی میخوار کی

[1] نماز پڑھنے کا ارادہ ظاہر کرنے کے لئے کچھ الفاظ کہکر اللہ اکبر کہتے اور ہاتھ باندھ لیتے ہیں ان الفاظ کو نیت کہتے ہیں (ذوق) اسی ہر مسجد میں موذن نے اذان بہر نماز - باوضو ہو کے نمازی نے بھی باندھی نیت

لفظ	زبان	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع	مصرع
نیچہ	ف	۶۸	بالفتح حقے کی نے۔حقے کی نلیاں	مذکر	میرحسن	وہ شیشے کا حقہ مرصع کا کام	مغرق زری کا وہ نیچہ تمام
نیّر[۵۱]	"	۲۶۰	آفتاب۔سورج۔	"	اوج	جب نور صبح قتل سے روشن جہاں ہوا	پردے سے شب کے نیّر اعظم عیاں ہوا
نیرنگ	"	۳۳۰	طلسم۔شعبدہ۔جادو۔جادوگری۔ انقلاب۔بازی۔	"	صبا	ڈھیر دیکھے گلرخوں کی خاک کے	واہ کیا نیرنگ ہیں افلاک کے
نیزہ	"	۴۲	بالفتح۔برچھا۔برچھی۔بھالا۔	"	انیس	نیزے کو ہلانے میں جو رستم سے نہ کم تھا	اک ہاتھ میں بس ہاتھ بھی نیزہ بھی قلم تھا
نیساں	"	۱۷۱	بالفتح رومیوں کے ساتویں مہینے کا نام۔سواتی۔اس مہینے کی بارش جس سے موتی پیدا ہوتا ہے۔	"	رشک	رو چکے یادِ دُرِ دنداں میں جب ہم چاند بھر	ہنس کے فرمانے لگے نیساں پورا ہو گیا
نیستاں	"	۵۷۱	گھنا جنگل۔وہ جنگل جہاں سنے کے درخت بکثرت ہوں۔	"	اسیر	گرم آنسو سے نیستانِ مژہ جل جائیگا	آگ جنگل میں لگا دیتا ہے گولا رال کا
نیش	"	۳۶۰	کسی دھاردار چیز کی نوک۔ڈنک بچھو یا بھڑ وغیرہ کا۔	"	رند	سرد مہری سے جہاں کی ہو موذی بھی بری	نیش گر جاتا ہے سرما میں ہر اک زنبور کا
نیشتر	"	۹۶۰	نشتر۔فصد کھولنے کا آلہ۔	"	ناسخ	بلبلیں کیا گل بھی دیوانی ہیں تیرے عشق میں	خار ہے ہر رگِ گل نیشتر فصاد کا
نیشکر	"	۵۸۰	گنّا۔پونڈا۔اوکھ۔	"	نسیم	جس زمیں پر پڑ گیا عکسِ لبِ شیریں ترا	تخم جو دہقان نے بویا نیشکر پیدا ہوا
				مونث	رشک	تمہاری انگلیوں نے وصف پایا [illegible] ہو	نہیں تو عیب ہے ہو جائے جتنی نیشکر تیلی
نیفہ	"	۱۴۵	پائجامہ میں ازار بند ڈالنے کی جگہ۔	مذکر	بحر	چراغِ ناف کی بتی کمر ہے گر میاں دیکھو	بنا ہے شعلۂ جوالہ نیفہ سرخ جالی کا
نیل	ہ	۹۰	یہ لفظ فارسی و سنسکرت میں مشترک ہے	"	امیر	یہ کس نے ہیں رنگے دستِ نگاریں خواب میں چوما	کہ فریادی ہے اب تک نیل اُس نازک کلائی کا
•	•	•	نیل کا درخت اور پتی نیلا داغ۔ نیلا رنگ۔آنکھ کی سیاہی	"	نواب مرزا شوق	دونوں آنکھوں سے نیل ڈھلتا ہے	نبض ساقط ہے دم نکلتا ہے
نیلام	پرتگالی	۱۳۱	بیع۔فروخت۔بولی بولکر بیچنا۔	"	داغ	حورانِ خلد بولتی ہیں بڑھ کے بولیاں	نیلام ہو رہا ہے تمہارے شہید کا
نیلوفر	ف	۲۴۶	کوین کا پھول جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔کوکا بیلی	"	ظفر	خالِ مشکیں آتشِ رخسار پہ پیدا ہوا	چشمۂ خورشید میں بھی نیلوفر پیدا ہوا
نیمچہ	"	۱۰۸	چھوٹی تلوار۔	"	صبا	ابرو سے ایک طفلِ حسیں نے کیا ہلاک	کھایا وہ نیمچہ کہ جگر تک اتر گیا
نیند	ہ	۱۱۴	بالکسر خواب۔سو جانا۔سو جانے کی خواہش۔	مونث	تعشق	بے ترے رہتی ہے الجھن رات بھر	کروٹیں لیتے ہیں نیند آتی نہیں
نیو	ہ	۶۶	بنیاد۔جڑ۔دیوار کی۔	"	حالی	اگر شہر میں کوئی مسجد بنا دی	تو فردوس میں نیو اپنی جما دی

۵۱ (سالک) دنیا میں مہر و ماہ کی جب تک ہے روشنی۔ روشن رہے یہ نیّر بخت جواں ترا۔ [۵۲] مذکر کو ترجیح ہے بلکہ تمام شعرا نے مذکر ہی لکھا ہے (آتش) چاشنی دونوں کی چکھی ہے توحق حق پوچھئے۔ اس لب شیریں سے شیریں نیشکر کوئی نہ تھا۔ صرف رشک نے مونث لکھا ہے۔

باب واوٗ

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
وادی[1]	ع	۲۱	عربی میں۔ زمین نشیب و ہموار۔ اور دو پہاڑوں کے بیچ کی راہ فارسی والوں نے بمعنی صحرا جنگل میدان استعمال کیا ہے۔	مذکر	امیر	وادیٔ قسمت پاؤں اپنے رکھ گئی تھک کر امیر	وادیٔ مقصود جب دو چار منزل رہ گیا
وار[2]	ف	۲۰۷	ضرب حملہ۔	”	ناظم	ہے ناوکِ نگہ سے مقابل خدنگِ آہ	اب امیرؔ وار روک۔ ترا وار ہو چکا
۰	۰	۰	مہلت[3] فرصت۔	”	رشک	مشتاق شہادت ہیں بہت۔ یار اکیلا	تلوار لگانے کا کہاں وار ملیگا
وارا	ہ	۲۰۸	بچت کفایت	”	گویا	نقد دل دیجئے اور زلف کا بوسہ لیجئے	اے جنوں خوب ہے اس سودے میں وارا اپنا
۰	۰	۰	فائدہ نفع۔	”	امیر	وفا داری نے جی مارا ہمارا	اسی میں ہوگا کچھ وارا ہمارا
وارث	ع	۲۰۷	ورثہ پانیوالا۔ حقدار۔ مالک۔ میراث کا مستحق عورتیں خاوند و شوہر کو بھی وارث کہتی ہیں۔	”	”	مجھے موت آئی تو حسرت پکاری	کہ دنیا سے وارث اُٹھا بیکسی کا
واردات	”	۶۱۳	حال۔ سرگذشت وہ حال جو انسان پر گذرے۔ حادثہ وقوعہ۔	مؤنث	داغ	اے داغ کیا کہوں شبِ فرقت کی واردات	جو میرے ہاتھ سے مری اوپر گزر گئی
واسطہ	”	۸۱	بکسر سیوم و فتح چہارم۔ درمیانی شخص۔ ایلچی۔ ربط۔ علاقہ لگاؤ تعلق۔	مذکر	تسلیم	مدتیں گذریں کہ باہم آمد و شد ترک ہے	پھیر اُنکے اب وہ لگا واسطہ جاتا رہا
۰	۰	۰	ذریعہ۔ وسیلہ۔ موقع۔ رشتہ داری کا تعلق۔	”	امیر	ہنسا عکس ہنسنے پہ اُنکے تو بولے	کہ میرے ترے واسطہ کیا ہنسی کا
۰	۰	۰	سروکار۔ غرض۔ مطلب۔ کام۔	”	داغ	خدا جانے محبت کو سرِ حشر	پڑیگا واسطہ مجھسے کہ تمسے
۰	۰	۰	طفیل۔ صدقہ۔	”	ناسخ	جلد میرا پیاسا ہر نہ پھرا	واسطہ گو دیا پیمبر کا
واشد	ف	۳۱۱	شگفتگی۔ گرفتگی دور ہونا۔	مؤنث	صبا	ترے ہاتھ سے واشد دل نہوگی	کھلیگا نہ تجھسے معما ہمارا
واقعہ[4]	ع	۱۸۲	سانحہ۔ حادثہ۔ واردات۔ سرگذشت حال۔ ماجرا۔	مذکر	حالی	نہیں واقعہ کوئی پنہاں کہیں کا	ہے آئینہ احوال روے زمیں کا
واللہ	”	۷۲	قسم اللہ کی۔	مؤنث	اکبر	منطق بھی تو اک چیز ہے اے قبلہ و کعبہ	دے سکتی ہے کام آپکی ”واللہ“ کہاں تک

[1] وادیٔ ایمن۔ یہ اُس مقام کا نام ہے جہاں حضرت موسیٰ اپنی بی بی کو درد زہ میں مبتلا چھوڑ کر آگ کی تلاش میں آگے بڑھے تھے۔ یہ مقام کوہ طور سے داہنے جانب ہے۔ یہلے آپ کو تجلّی ربانی یہیں پر نظر آئی تھی۔ یہ لفظ فارسی اور مذکر ہے (نوازش شام دلکو سوقت خیال رخ روشن نہوا۔ جیسے وحشت میں جدا وادیٔ ایمن نہوا) [2] مہلت۔ [3] فرصت کے معنی پر اِنچ نے نانیث کے ساتھ لکھا ہے راوج مصرع قسمت نے پہ نہ دی آسے دم لینے کی بھی وار۔ [4] حادثہ سانحہ (مرثیہ) جانکاہ واقعہ ہے امام انام کا۔ کرتا ہوں ذکر قتل تشنہ کام کا۔

والی	ع	۴۷	مالک حاکم ۔حکمراں۔	مذکر	انیس	جب اسیر رفیقوں سے پرا ہوگیا خالی	بھرتا تھا دم سر دوہ کونین کا والی
وام	ف	۴۷	قرض ۔ اودھار	"	منیر	تیر ستم سے سکے اڑ ا جانب عدم	پر آپ کے خدنگ سے میں دام لے گیا
واہ	"	۱۲	خوب ۔کلمہ تعریف وتحسین کا ہے	مونث	میر	واہ رے عشق ۔ اس ستمگر نے	جانفشانی پہ میری واہ نہ کی
واہمہ[۱]	ع	۵۷	بکسر سوم و بفتح چہارم قوت وہم کی	مذکر	تسلیم	صنعت کو اسکی دیکھ کر دیوانوں کیطرح	چلتا ہی تنگ واہمہ کیا کیا کلیم کا
واہ وا	ھ	۱۹	سراہنا ۔ کلمۂ تحسین تعریف کرنا۔	مونث	جلال	وہ ہنسکے تیغ ادا کا جو وار کرتے ہیں	دہان زخم سے بھی واہ وا نکلتی ہے
وبا	ع	۹	عام موت جو بوجہ خراب ہونے آب وہوا کے ہوتی ہے۔	"	رند	مرتے ہیں سیکڑوں میخوار شرابیں پی کر	فصل گل کا ہیکو آتی ہو وبا آتی ہے
وبال	"	۳۹	بفتح اول عذاب ۔بوجھ ۔سختی مصیبت گرانی ۔	مذکر	داغ	تو نے آرام کچھ دیا اے موت	زندگی کیا رہی وبال رہا
وتیرہ	"	۴۲۱	شیوہ ۔دستور ۔عادت ۔	"	اسیر	روز کرتا میرے سینے کو ہدف	تیر کا تیرے وتیرہ ہوگیا
وجد	"	۱۳	وہ حالت جو بیخودی میں ہوتی ہے ۔ حالت ذوق وشوق میں بیخود ہوکر جھومنا یا اُچھل کود کرنا ۔ بالفتح ۔ لغوی معنی شیفتگی ۔	"	مصحفی	کل جو دل دو دو ہاتھ اُچھلتا تھا	وجد تھا یا وہ حال تھا کیا تھا
وجود	"	۱۹	بضم اول و دوم ظاہر ہونا نمایش ہستی خیالت جسم	مذکر	آتش	ساختہ پرداختہ تیرا ہے ساری کائنات	حکم حضرت سے وجود ارض و سما کا ہوگیا
وجہ	ع	۱۴	بفتح سبب باعث ۔موجب ۔	مونث	داغ	وہ میری قبر پہ کرتے ہیں خوب بن ٹھن کر	یہی تو وجہ ہے خلق خدا کے آنے کی
وحدانیت	"	۴۷۹	خدا کی یکتائی ۔ ایک ہونا ۔ بفتح اول وکسر پنجم وفتح ششم ۔	مونث	ارج	وحدانیت کا تیری میرا ایمان لائی ہوں	امیدوار فضل حضوری میں آئی ہوں
وحدت	"	۴۱۸	بفتح اول وسیوم ایک ہونا ۔یگانہ ہونا	"	اسیر	نخل ہستی سے نمودار ہے وحدت تیری	اصل وحدت ہے تیری فرع ہی کثرت تیری
وحشت	"	۱۴۴	رسیدگی ۔غیر مانوسی ۔نفرت ۔سودا ۔ خفقان ۔جنون دیوانگی ۔	"	جلال	پوچھتے ہیں کسنے کھوئے تیرے ہوش	اور دیوانے کو وحشت ہوگئی
وحی	"	۲۴	پیغام الٰہی ۔خدا کا حکم جو پیغمبروں پہ اترتا تھا ۔	"	نوح	بیان خلد کا مسلتب جانا ہیں نے اے زاہد	کوئی سمجھے فلک سے وحی ان پہ بھی اترتی ہے
وداع	"	۸۱	رخصت ۔روانگی ۔بفتح اول صحیح ہے لیکن فارسی اور اردو میں بکسر اول صحیح اور مستعمل ہے ۔	"	دبیر	غل پڑگیا محل میں ہے آمد حضور کی	اسباب سے ہے وداع امام غیور کی
ودیعت	"	۴۹۰	زمانت ۔ دھر وہر ۔ بفتح اول وکسر دوم بروزن فضیلت ۔	"	حالی	عقوبت کی حد تھی نہ پرسش خطا کی	پڑی لٹ رہی تھی ودیعت خدا کی

[۱] قوت واہمہ کا یہ کام ہے کہ دیکھے اور بے دیکھے سچے اور جھوٹے سب طرح کے نقوش اور صورتیں پیش کردے بخلاف اور قوتوں کے یہ قوت عقل کی تابع نہیں ہے ۔ مثلاً کوئی شخص اندھیرے [illegible] ہر چند عقل کہیگی کہ مردہ بے جان ہے اس سے خوف نہ کرنا چاہیئے ۔ مگر قوت واہمہ ضرور خوف دلائیگی ۔

ورثہ	ع	۱۱۷	بالفتح حق۔ میراث۔ ترکہ۔	مذکر	انیس	تقسیم صعوبات میں حصہ ہے تمہارا	بیٹی ہو ید اللہ کی ورثہ ہو تمہارا
وِرد	〃	۲۱۰	بکسر اول۔ معمول روز کا کام وظیفہ	مذکر	انیس	تعلیم ملک عرش پہ تھا ورد ہمارا	جبریل سا استاد ہے شاگرد ہمارا
وَرد	〃	۲۱۰	بفتح اول گلاب کا پھول۔	〃	آتش	باغ جہاں میں حق نصاف سے نہ گزرا	شربت بنایا پھر بلبل جو ورد پایا
وردی[1]	〃	۲۲۰	سپاہیوں کی درباری پوشاک	مؤنث	صبا	وہ رنگیں تلنگوں کی قمیص وردیاں	دکھایا تماشا نئے باغ رنداں
•	•	•	وہ باجا جو امرا کی ڈیوڑھی پر صبح و شام یا آمد برآمد کے وقت بجتا ہے۔	〃	انیس	بھولی ہوئی تھی جتنیوں کو شب گزری	تکبیر پہ تھیں لب کبھی تھی اس صبح کی وردی
ورطہ	ع	۲۲۰	بفتح ہلاکت کا مقام وہ زمین جہاں رستہ نہ ہو مجازاً بھنور گرداب پانی کا چکر۔	مذکر	امیر	غضب ہے یہ تباہی گردش ورطۂ غم	کہ کشتی میں ہے ہچکی کا عالم
ورق	〃	۲۰۶	بفتح اول و دوم۔ برگ۔ کاغذ کا ٹکڑا۔ کاغذ کا پرچہ۔ کاغذ کا ورق	〃	امیر	مرنے کے بعد کیسے پریشاں ہیں عضو تن	کیا کیا ورق کتاب سے اپنی جدا ہوا
				〃	دل	حال فرہاد و قصۂ مجنون	دو ورق ہیں مرے فسانے کے
ورم	〃	۲۴۶	بفتح اول و دوم۔ آماس۔ سوجن	〃	اسیر	ناتواں اور سکھا کر مجھے کرا دغم عشق	دست و پا میں ابھی باقی ہے ورم تھوڑا سا
ورود	〃	۲۱۶	بضم اول و دوم آنا اترنا۔ داخل ہونا نازل ہونا۔	〃	جلال	عدو نے آکے عیادت کو بے اجل مارا	ورود تھا ملک الموت کا کہ ٹل نہ سکا
وزارت	〃	۶۱۳	بکسر اول و بفتح اول دونوں طرح مستعمل ہے وزیر کا عہدہ۔ مدار المہام	مؤنث	غالب	آصف کو سلیماں کی وزارت کا شرف تھا	ہے فخر سلیماں جو کرے تیری وزارت
وزن	〃	۶۲	بالفتح صحیح ہے و بفتح اول و دوم غلط ہے تولنا بوجھ۔ اندازہ۔ بوجھل بھاری	مذکر	محسن	تلے اس نظم کا ہر حرف میزان قیامت میں	بطرز تازہ ہو وزن اپنے اشعار مجدد کا
وزیر	〃	۲۲۲	برون امیر۔ کام بٹانے والا سلطنت کا بار اٹھانے والا۔ شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔	〃	قلق	شاہ کا اک وزیر اعظم تھا	سب وزیروں میں وہ مکرم تھا
وسعت	〃	۵۳۶	پھیلاؤ۔ چوڑاپن۔ فراخی کشادگی	مؤنث	دل	آپ کے ناوک نے لے دل ایک عالم تنگ ہے	کیا ہوئی ہنگامہ محشر کی وسعت کیا ہوئی
وسمہ	ع	۱۱۱	بفتح نیل کی پتیوں کی بکنی جس کا خضاب لگاتے ہیں	مذکر	قدر	کھلا رنگ اور جب وسمہ لگا ابروئے جاناں پر	کمیں کے لئے یار یہ تو نے چڑھایا تیغ براں پر
وسواس	〃	۱۳۳	بالفتح۔ برا خیال جو دل میں آئے تردد۔ وہم۔ خوف	مذکر	انیس	وسواس مجھے آتا ہے باتوں سے تمہاری	کل آئیگی لینے مجھے بابا کی سواری
وسوسہ	〃	۱۳۷	اندیشہ۔ وہم۔ وسواس۔	〃	امیر	خیال دولت دنیا کبھی گر دل میں آ جائے	سمجھنا اسکو کہ ہے یہ وسوسہ شیطان مرتد کا
وسیلہ	ع	۱۱۱	بفتح اول و کسر دوم۔ سبب ذریعہ۔ سہارا طفیل حمایت۔ اعانت۔	〃	جلیل	جلیل اللہ کے دیدار احمد کی شفاعت ہے	ہمیں اچھا وسیلہ ہاتھ آیا غوث اعظم کا

[1] مولف نور اللغات نے لکھا ہے کہ فیلن صاحب کی رائے میں یہ لفظ انگریزی ہے مگر مولف مذکور نے اپنی رائے میں لاطینی بتلایا ہے۔

لفظ	اصل	عدد	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
وصال	ع	۱۲۷	ملنا ۔ ملاقات ہونا ۔ بکسر اول ۔	مذکر	اسیر	اسکا انجام فراق اُسکا ہوا انجام وصال	کون کہتا ہو کہ فرقت سے وصال اچھا ہی
۔	۔	۔	بکسر اول موت ۔ انتقال ۔ وفات ۔ بزرگان دین کا مرنا ۔ وحدت میں فنا ہو جانا ۔	″	رخترمینائی	منہ سبو کے ڈھکے ہیں کیوں ساقی	کیا کسی مست کا وصال ہوا
وصف	ع	۱۶۷	بالفتح تعریف بھلائی ۔ خوبی	″	ناسخ	خوب ہے زردن ہمسر وصف قد بالا ہوگیا	عالم بالا تک اپنا بول بالا ہوگیا
وصل	″	۱۲۶	بفتح اول ملنا ۔ ملاقات ۔	″	جلیل	قتل کی چاٹ جو دیتا ہو یہی مطلب ہے	کسی تدبیر سے ہو وصل میسر تیرا
وصلی	″	۱۲۶	دو ورق کا غذ جو ایک میں چپیاں ہو یا وہ موٹا کاغذ جسپر لڑکے یا خوشنویس حرف مشق کرتے یا قطعہ لکھتے ہیں ۔	مونث	اسیر	بد نظر جو خط رخ یار کی ہو مشق	وصلی بنایئے ورق مہر و ماہ کی
وصیت	″	۵۰۶	سفر کو جاتے ہوئے یا مرتے وقت جو کچھ نصیحت کیجائے کہ میرے بعد یہ کرنا اور یہ کرنا ۔	″	انیس	بخشی جو یہ خدمت علم خیر بشر کی	احسان مرا کیا تھا وصیت تھی پدر کی
وضع	″	۸۷۶	بفتح ۔ ترتیب ۔ بنانا ۔ ساخت ۔ بناوٹ ۔ طرز روش ۔ ڈھنگ ۔ طور ۔ طریق ۔ عادت ۔	″	صفدر	وہی نظر وہی چتون وہی سے ساری وضع	اڑائی قاف میں پریوں نے بھی تمہاری وضع
۔	۔	۔	چال چلن ۔ شکل صورت فیشن ۔	″	مومن	لطف میں سستی و آزار میں چالاکی ہے	کھو دیا آپ کو کیا وضع یہ پیدا کی ہے
وضو	ع	۸۱۲	بضم اول و دوم ۔ نماز کے لئے منہ ہاتھ دھونا ۔	مذکر	وزیر	نہائے خون سے ہم ۔ ہاتھ جان سے دھویا	یہ غسل آیا ہمیں اور یہ وضو آیا
وطن	″	۶۵	بفتح اول و دوم ۔ اپنا دیس ۔ پیدائش کی جگہ ۔	مذکر	آتش	آج ہی چھوٹے جو چھٹتا یہ خرابہ کل ہو	ہم غریبوں کو ہو کیا غم یہ وطن ہے کسکا
وظیفہ	″	۱۰۰۱	ورد روزمرہ کا ۔ روزانہ پڑھنے کی دعا ۔	″	جرات	بکنا ہم اپنا کیا کہیں اور آہیں کھینچنا	وہ ورد شام ہے یہ وظیفہ پگاہ کا
۔	۔	۔	روزینہ ۔ تنخواہ ۔ روزکار راتب ۔	″	جلیل	عتاب شاہ بھی خالی نہیں شان ترحم سے	ہوا جو برطرف اسکا وظیفہ ہو ہی جاتا ہے
وعدہ	″	۹۵	اقرار ۔ قول و اقرار ۔ عہد ۔	″	″	اسقدر سفبٹو کیوں باندھا گیا بند نقاب	دل شکستہ ہو نہ وعدہ آپ سے کے دیدار کا
وعظ	″	۹۷۶	بالفتح ۔ دل نرم کرنے والی باتیں ۔ مذہبی نصیحت ۔ مذہبی لکچر	″	تسلیم	ہوش ہی مجکو کب ہوا واعظ	وعظ سنتا ہیں کیا ترا واعظ

سلہ (دل) کیا ہاتھ میں اس شوخ کے خنجر نہیں ہوتا ۔ ہوتا ہے مگر وعدہ برابر نہیں ہوتا ۔

لفظ	اصل	نمبر	معنی	جنس	شاعر	مصرع	مصرع
وغا	ع	۱۰۷	بفتح اول صحیح ہے و بکسر اول غلط ہے۔ لڑائی۔ جنگ۔	مؤنث	انیس	تا تا کیطرح دونوں نواسوں نے وغا کی	پھولی کبھی نہ تھی جنگ سے قدرت تھی خدا کی
وفا	″	۸۷	قول و عہد کا پورا کرنا۔ نباہ۔ ساتھ دینا۔	مؤنث	جلیل	جاں بلب ہو کے چلا ہوں میں یار ترے لیے	دو گھڑی عمر کو اللہ وفا تھوڑی سی
•	•	•	دیانت۔ عقیدتمندی۔ خیر خواہی۔ دوستی۔ مروت۔	″	جلال	خوشا نصیب وہ جس سے کہیں ستم کر کے	مری جفا ہی کو بس جانے وفا میری
وفات	ع	۴۸۷	موت۔ مرجانا۔	″	میر	غم سے یہیں نے راہ نکالی نجات کی	سجدہ اس آستان پہ کیا پھر وفات کی
وفور	″	۲۹۲	زیادتی۔ کثرت۔ افراط۔ بضم اول و دوم۔	مذکر	مونس	واں تیرگی کا دور سپہر میں وفور تھا	لیکن ادھر سپہر کی بھی ظلمت میں نور تھا
وقار	″	۳۰۷	عزت۔ قدر۔ منزلت۔ جاہ و جلال	″	″	سلطاں سے جوہری کا نہ کچھ کم وقار تھا	تختہ زمیں کا تخت جواہر نگار تھا
وقت[۱]	ع	۵۰۷	زمانہ۔ ہنگام۔ عہد۔	″	امیر	دن جوانی کے گئے پیری سفر کا وقت ہے	رات گزری چونک اے غافل سحر کا وقت ہے
•	•	•	وقفہ۔ عرصہ	″	جلیل	پی ہی کر سے تیغ تو پھر دیکھتے ہو کیا	جلدی کرو کہ وقت اب اتنا نہیں رہا
•	•	•	موقع۔	″	رشک	ابر شب فرقت ہے بندھی آنسو کا تار	اسطرح کا وقت اے مژہ تر نہ ملے گا
•	•	•	مشکل[۲]۔ مصیبت	″	غالب	اے پرتو خورشید جہاں تاب ادھر بھی	سایہ کیطرح ہم پہ عجب وقت پڑا ہے
•	•	•	موت۔	″	جرات	مرتے ہیں جسکی خاطر دلخواہ وہ نہ آیا	وقت اپنا آن پہونچا پر آہ وہ نہ آیا
وقر	ع	۳۰۶	بالفتح گرانی۔ عظمت۔ بڑائی۔ قدر و منزلت عزت آبرو۔	″	میر	ہے کیمیا گران محبت میں قدر خاک	پر وقر کچھ نہیں ہے دل بے گداز کا
وقعت[۳]	″	۴۷۶	بفتح اول و سیوم۔ لڑائی کی سختی مجازاً اعتبار۔ عزت۔ ساکھ	مؤنث	نوح	کبھی دنیا میں وقعت آپکی تھی	یہ کسکی تھی یہ فصلت آپکی تھی
وقفہ	″	۱۹۱	بالفتح مہلت توقف۔ دیر۔ ڈھیل	مذکر	مصحفی	نظارہ کرو دو پہر کی کیا جلوہ گری کا	یاں عمر کو وقفہ ہے چراغ سحری کا
وقوع	″	۱۰۲	بضم اول و دوم۔ واقع ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صادر ہونا۔	″	تسلیم	کب یہ جھگڑا کہو شروع ہوا	کیونکر اس امر کا وقوع ہوا
وقوف	″	۱۹۲	بضم اول و دوم۔ شعور۔ سلیقہ۔ عقل۔ سمجھ۔ آگاہی۔	″	تلق	تمکو تو کچھ نہیں گیا ہے وقوف	دوستی گر اسی پہ ہے موقوف
وکالت	″	۴۵۷	بفتح اول و نیز بکسر اول جائز ہے۔ وکیل ہونا۔ دوسرے کا کام اپنے ذمہ لینا۔	مؤنث	اسیر	نکالا ہی دل نے نیا اب یہ قصہ	کہ کرنا ہی مجھ سے وکالت تمہاری
وکیل	″	۶۶	بفتح اول جسپر کام چھوڑا جائے۔ پلیڈر	مذکر	منیر	حکم نجات پائیگے ہم [illegible]	[illegible]

۵۱ اول الجھ کے گئی اُن کے سنگ در پہ جبیں۔ وقت ہو قسمت آزمائی کا ۵۲ (دبیر) گیا وقت [illegible]
۵۳ (جلیل) در پہ پھرنے میں وقت نہیں رہتی ایدل [illegible]

ولا	ع	۳۷	بکسر اول ۔ محبت ۔ دوستی ۔	مؤنث	انیس	ثابت ہوا کیسکو ہماری ولا نہیں	پانی بھی اب ندیں تو نہیں کچھ گلا نہیں
ولادت	”	۱۳۴	بکسر اول و فتح چہارم پیدائش	”	تسلیم	اول ہی ساری خلق سے خلقت رسول کی	آخر ہوئی اگرچہ ولادت رسول کی
ولولہ	ت	۷۷	جوش و خروش ۔ طبیعت کا ابھار ۔ اُمنگ ۔ بیقراری ۔	مذکر	جلیل	کیا مہتاب بنکے بیشتر یار بیٹھے ہیں جلیل	آج وہ جوش جنوں وہ ولولہ جاتا رہا
ولیمہ	ع	۹۱	بروزن ضمیمہ ۔ بیاہ کے بعد کی دعوت جو دولہا کی طرف سے ہو ۔	”	سرور	کھانے پینے کا بھی جھگڑا ہوگا	عقد کے بعد ولیمہ ہوگا
وہم	”	۱۱۵	بفتح اول گمان ۔ شک ۔ احتمال وسواس ۔ خیال ۔ شبہہ ۔ دماغ کی وہ باطنی قوت جو فاسد خیالات پیدا کرتی ہے ۔	”	درد	دنیا سے امید پائداری	یہ وہم ترا کدھر گیا ہے
ویرانہ	ت	۲۷۲	بکسر اول و یائے معروف ۔ غیر آباد جگہ ۔ اجڑا ہوا ۔ جہاں آبادی نہو ۔	”	رند	ٹوٹے بت ۔ مسجد بنی مسمار بتخانہ ہوا	جب تو اک صورت بھی تھی اب صاف ویرانہ ہوا
ویرانی	”	۲۷۷	بیائے معروف ۔ اُجاڑپن غیر آبادی ۔ تباہی ۔	مؤنث	امیر	دور گردوں میں کہاں ہے جائے آسائش امیر	سیر کو آتی ہے ویرانی ہر اک تعمیر میں

باب ہائے ہوز

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	جنس	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
ہاتف	ع	۴۸۶	غیب کی آواز دینے والا۔ فرشتہ۔ سروش۔	مذکر	انیس	دولت دیں سے نہ دامن خالی ہے نہ جیب	بارک اللہ کی دیتا ہے صدا ہاتفِ غیب
ہاتھ[1]	ھ	۱۱۴	دست۔ پنجہ	"	جلیل	صبح ہوتے ہی ہوا جامہ دری میں مصروف	ہائے وہ ہاتھ جو شب بھر مری گردن میں رہا
•	•	•	ضربہ[2]۔ حملہ۔ چوٹ۔ وار۔ تلوار یا لاٹھی وغیرہ کی ضرب۔	"	"	دہن زخم کیوں ہنسے نہ جلیل	ہاتھ اوچھا پڑا ہے قاتل کا
•	•	•	پاس۔ (محاورہ کے اعتبار سے)	"	داغ	کل چھوڑ لینگے یہ زاہد آج تو ساقی کو ہاتھ	رہن اک چلو پہ ہم نے حوضِ کوثر رکھدیا
ہاتھی	ھ	۱۲۴	فیل۔ پیل۔	"	صبا	وہ ہاتھی قدم بڑھ کے دہرتے چلے	درختوں کو مسمار کرتے چلے
ہار	ھ	۲۰۶	مالا وہ تاگا جسمیں پے در پے کوئی چیز گوندھی گئی ہو۔	"	جلیل	دیوانہ ناز کی کا ہوں ہلکا سا طوق ہو	اترا ہوا گلے کا ترے ہار کیا ہوا
•	•	•	بازی کی ہار۔ شکست۔ مات۔	مونث	جرأت	یا ہم اس سے ہرے ہمنے منت کئی ہو سے	ہاری بھی تو کیا ہار مزیدار نکالی
ہال	انگریزی	۳۶	گول کمرہ۔ بڑا کمرہ۔	مذکر	وجاہت	دیدۂ و دل میں حسین آ کے ٹھہر رہتے ہیں	انکے آرام کو یہ کمرہ یہ ہال اچھا ہے
ہالہ	ع	۴۱	وہ گھیرا جو بخارات ارضی کے باعث چاند کے گرد ظاہر ہوتا ہے۔ چاند کا کنڈل۔	"	ناسخ	تری رخسارِ تاباں کا کبھی جو عکس تاباں	فریم آئینہ کی بنتی ہے ہالہ ماہِ کامل کا
ہامون	"	۱۰۲	میدان۔ بیابان۔ صحرا۔ جنگل۔	"	وزیر	میں وہ مجنوں ہوں نہ اس سے طے مرا ہامون ہوا	پھرتے پھرتے صاف شکل آبلہ گردوں ہوا
ہاں[3]	ف	۵۶	اقرار۔ یہ ایک کلمہ ہے جو کسی امر کے اقرار و اقبال پر بولتے ہیں۔ ضرور ٹھیک۔	مونث	جلیل	جلیل انسے سوال وصل تم کرتے تو ہو لیکن	وہاں تنگ کہتا ہے کہ ہاں نکلیگی مشکل سے
ہانڈی	ھ	۶۰	مٹی کی دیگچی۔ لمپ کا گلوب۔	"	اسیر	پھونکی جو کو تواں نے بھٹی شراب کی	ہانڈی چڑھیگی زاہد خانہ خراب کی
ہاں ہاں	"	۱۱۳	روکنا۔ منع کرنا۔	"	امیر	بوسہ لپٹ کے لے ہی لیا ہمنے بزم میں	ہاں ہاں سنی کسیکی نہ انکی نہیں نہیں
ہاون دستہ	ف	۵۴۳	بفتح سیوم او کھلی۔ ایک ظرف ہے جسمیں دوائیں کوٹتے ہیں عوام اسکو ہامام دستہ کہتے ہیں۔	مذکر	مسرور	نسخے کا جو دھیان دلمیں آیا	ہاون دستہ وہیں منگایا

[1] کاریگری، دستکاری کی تعریف میں (قدم) لوٹی پڑتی ہے خلایق یار کی تصویر پر۔ ہاتھ آنکھوں سے لگایا چاہیے بہزاد کا۔ نیلبانوں کی اصطلاح میں ہاتھی کی سونڈ کو ہاتھ کہتے ہیں اکثر فصحا نے ہاتھ کو بات رات کے قافیہ میں استعمال کیا ہے۔ (داغ) تمکو صحبت غیر سے دن رات ہے۔ دیکھو اپنی بات اپنے ہاتھ ہے۔ یعنی بس قبضہ۔ قابو۔ باعث طفیل۔ وسیلہ۔ حفاظت حمایت غرضکہ جملہ معنی میں مذکر ہے۔

[2] (اسیر) فراق یار میں رکھا جو پاؤں دریا میں۔ لگا یا دوڑ کے موجوں نے ہاتھ پالنے کا۔

[3] اس جگہ تعظیماً جی بھی بولتے ہیں۔

ہائے	ف	۱۶	آواز ماتم ۔ بحالت رنج وغم و افسوس اسکو استعمال کرتے ہیں ۔	مونث	جرات	دم ہی سر راہ کہ دہر سے بس کوچ کر گیا	جانے کی اسکی سکے یہ جرات نہ ہائے کی
ہتک	ع	۴۳۵	رسوائی ۔ بے آبروئی ۔	”	سخن	تو نے بڑھائی آبرو مجھ سے ذلیل و خوار کی	حشر میں سب کے سامنے ہتو کیس کی ہتک
ہتھکڑی	ہ	۶۳۵	وہ آہنی کڑا یا زنجیر جو مجرم کے ہاتھ میں پہناتے ہیں ۔	”	ناسخ	ہاتھ میں جو ہاتھ اُسکا لیلیا حرم میں	ہتھکڑی پہنی ہے میں نے ایک ساتھ میں
ہتھکنڈہ	”	۴۸۶	چالاکی ۔ عیاری ۔ بدی کی عادت ۔ داؤں پیچ ۔ گھات ۔	”	غالب	خستگی کا تمسے کیا شکوہ کہ اب	ہتھکنڈے ہیں چرخ نیلی فام کے
ہتھیار	”	۶۲۱	حربہ اوزار لڑائی کا ساماں	مذکر	الشا	اللہ یہ دشمن ہے اے شوخ تو میرا اب	جب مجکو تو پاتا ہے ہتھیار نہیں پاتا
ہتھیلی	”	۴۶۰	ہاتھ کا اندرونی حصہ ۔	مونث	منیر	تمھاری دولت دیدار شاید ہاتھ آئیگی	ہتھیلی شام سے کھجلا رہی ہے ماہ کامل کی
ہتیا	”	۴۱۶	بفتح اول وودوم و بہ تشدید دکسر دوم قتل وخون کا پاپ قتل کرنے مارڈالنیکا گناہ	”	نوازش	جان عاشق اگر فنا ہوگی	آپ کے سر یہ ہتیا ہوگی
ہٹ	ہ	۴۰۵	بالفتح ۔ ضد ۔ اصرار ۔	”	امیر	اُنکی ہیہٹ کہ نہیں آج نہ دونگا بوسہ	دل کی یہ ضد کہ بہلتا نہیں بہلانے سے
ہٹ دھرمی	”	۶۶۴	بدمعاملگی ۔ بے ایمانی بے انصافی سخن پروری ۔	”	قلق	ہم کہیں گے ہوا مند الگتی	ہمکو آتی نہیں ہے ہٹ دھرمی
ہجر	ع	۲۰۸	جدائی ۔ مفارقت ۔ عربی میں بفتح اول ہے مگر فارسی اور اردو میں بکسر اول مستعمل ہے ۔	مذکر	مونس	پتلی کا نور کھوتا ہے نور نظر کا ہجر	پوچھو جگر سے باپ کے لخت جگر کا ہجر
ہجرت	”	۶۰۸	وطن ۔ جنم بھوم کو ہمیشہ کے لیے چھوڑ دینا ۔	مونث	انیس	ہجرت زمین کعبہ سے جب مصطفےٰ نے کی	اُس دن مصطفےٰ کی مدد مرتضےٰ نے کی
ہجمہ	”	۵۲	قطار ۔ گلہ اونٹوں کا گلہ جو چالیس سے کم نہو ۔	مذکر	تسلیم	ہجمۂ اشتران لغد ادی	مثل ریگ رواں رواں دیکھا
ہجو	”	۱۴	مذمت ۔ برائی ۔ بدگوئی ۔ بحرکت جیم غلط ہے ۔	مونث	صریر	ہجو کی واعظ نے مے کی ای صریر	کیا کہیں کیا سوچکر ہم پی گئے
ہجوم	”	۵۴	بھیڑ بھاڑ ۔ انبوہ کثیر ۔ مجمع جماد	مذکر	جلال	دم کو گھبرا کے شب ہجر نکل جاتا تھا	لاکھ سینے میں سا ہجوم غم ہجراں ہوتا

۵۱ امیر ۔ چودہویں کا بھی چاند صدقے تھا ۔ اے عالم تری جوانی کا ۔

۵۲ بفتح اول صحیح ہو بفتح اول و دوم غلط ہے لیکن اُردو ... زبانوں پر بفتح اول و دوم ہی مستعمل ہے ۔ ... ہتک ... اُٹھائی ۔ (قلق) ... لکھا ہے ۔

۵۳ دکھ ۔ عذاب جان ... عاشق ۔ بیکار ... دشمنوں کو ۔ ہندو ہتیا اسکو کہتے ہیں کہ جس ہندو کے ہاتھ سے گائے کا خون ہو جائے ۔ ضمیر مرثیہ گو کا بھی یہی شعر ہے ۔

لفظ	اصل	صفحہ	معنی	تذکیر و تانیث	شاعر	مصرع اول	مصرع ثانی
ہچکی	ہ	۳۸	بالکسرہ وہ ہوا جو آواز کے ساتھ گلے سے رُک رُک کر نکلتی ہے۔	مونث	جلال	کیا یاد کسنے ہمیں لے جلال	یہ ہچکی کدھر بھول کر آ گئی
ہدایت	ع	۴۴	بکسر اول و بفتح چہارم رہنمائی۔ راہ دکھانا۔ نہایش حکم۔ ارشاد۔ سمجھانا۔	"	اختر مینائی	پڑھا کلمہ بتوں نے بھی رسالت ایسی ہوتی ہے	عدو بھی راہ پر آئے ہدایت ایسی ہوتی ہے
ہدف	"	۸۹	بفتح اول و دوم نشانہ۔	مذکر	رشک	تیر جو ایک اسطرف مارا	تم نے گویا بڑا ہدف مارا
ہُدہُد	"	۱۸	ایک مشہور خوبصورت پرند کا نام جسکے سر پر تاج ہوتا ہے۔	"	اسیر	ہوئی تکرار لیجانے میں کیا کیا جب لکھا نامہ	صبا سے نامہ بر بگڑا۔ لڑا ہدہد کبوتر سے
ہدیہ[1]	"	۲۴	بفتح اول و کسر ثالث و تشدید سیوم بروزن عطیہ۔ مگر اردو میں تخفیف یا مستعمل ہے تحفہ۔ نذرانہ۔ نذر۔ انعام۔ فروخت۔ قیمت۔	" "	منیر دل	لایا ہو آفتاب پے نذر اشرفی آج پیراہن ہستی بھی کیا نذر جنون	کشتی نو سپہر میں ہدیہ ہے عید کا آخری تھا یہی ہدیہ ترے سودائی کا
ہڈی	ہ	۱۹	استخوان۔ گاجر کی گٹھلی۔ اصل نسل۔	مونث	امیر	مار کھا کر نہ در یار سے سرکا عاشق	کوئی ہڈی بھی جو سرکی تو وہیں بیٹھ گئی
ہراس	ف	۲۶۶	دہشت۔ ناامیدی۔ خوف۔ ڈر۔ ہول۔ بکسر اول۔ دہلی میں مونث لکھنؤ میں مذکر بولتے ہیں۔	مذکر مونث	شوق داغ[5]	ہو گیا دل کو اسطرح کا ہراس بنا دیا غم فرقت نے سنگدل ایسا	آئے سو سو طرح کے وسواس کہ موت سے نہیں آتی کبھی ہراس مجھے
